اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر اللہ تعالیٰ نے ہر آدمی کیساتھ دو حفاظتی فرشتے مقرر نا کر رکھے ہوں تو ابلیس تمہیں قتل کر ڈالے_ ابلیس کو کوئی فرق نہیں پڑتا آپ کا تعلق کس مسلک، گروہ، فرقے یاں مذہب سے ہے وہ بس تمام انسانوں کا دشمن ہے_

ہر دور میں اس کا نشانہ وہ لوگ رہے ہیں جو ابلیس اور اس کے کام کرنے کے طریقہ سے سب سے زیادہ واقف تھے_ تمام انبیاء کا دین بدلا گیا ہے وقت کیساتھ ساتھ ان میں بگاڑ آتا گیا اور یہ سب انسانوں کا کیا دھرا نہیں تھا بلکہ اس میں ابلیس کا ہاتھ تھا_

اللہ کہتا ہے ابلیس کے دوست ہیں جنوں اور انسانوں میں_ آج جب ہالی ووڈ کا کوئی ایکٹر وینس فلم فیسٹیول یاں آسکر ایوارڈ کی تقریب میں کہتا ہے کہ Thank you Davil تو وہ اسی ابلیس کا شکریہ ادا کر رہا ہوتا ہے جس نے اسے لوگوں کے درمیان اتنا مقبول بنایا، انٹرٹینمنٹ انڈسٹری کسی انسان کی ایجاد نہیں ہے یہ ابلیس کا کارنامہ ہے پہلے شاعری، ناول، افسانوں اور لکھے گئے ڈراموں سے بعد میں ٹی وی لے آنے کے بعد فلموں اور ڈراموں سے انہوں نے ابلیسیت کا ہی پرچار کیا ہے ابلیس خود ڈائریکٹریاں پروڈیوسر نہیں بن سکتا بلکہ وہ یہ کام انسانوں میں اپنے دوستوں سے ہی لیتا ہے جیسا کہ اللہ قرآن میں کہتا ہے ابلیس کے دوست ہیں جنوں اور انسانوں میں_

اس دور کے سب سے بڑے ایکٹر وہ نہیں ہیں جو آپ کو ڈراموں اور فلموں میں دکھتے ہیں، یہ تو ایکٹنگ کا سرفس ویب ہے ڈیپ ویب وہ ہے جو آپ کو سیاستدانوں کی صورت میں نظر آتا ہے نواز، عمران وزرداری سمیت تمام ایکٹرز فری میسن کی نرسریوں میں تیار کیئے جاتے فضل الرحمان، مولوی خادم اور حافظ نعیم کو بھی فری میسن کے ہاں تربیت دی گئی ہے_

ابلیس کے لائے گئے دھوکے کے سیاسی نظام کی کامیابی نے اسکا پوری دنیا پر قبضہ مضبوط کر دیا ہے یہ فتنہ کا عروج ہے اور اس کے بعد وہ فتنہ آئے گا جس کے متعلق اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سمیت تمام انبیاء نے اپنی امتوں کو ڈرایا ہے_ مگر یہ ابلیس کے چیلے علا نہیں ڈراتے کیونکہ یہ سب ابلیس کے چیلے چانٹے ہیں انہوں نے آپ کے سامنے دین کا دجالی ورژن پیش کیا ہے_ علم اٹھائے جانے والی روایات قیامت کی علاماتِ صغریٰ کے ذیل میں آئی ہیں اگر باقی علامات پوری ہو چکی تو یہ علامت پوری کیوں نہیں ہوئی_

اب انہوں نے کیا، کیا ہے بالخصوص وطنی قومی ریاستوں کے بعد انہوں نے میڈیا کے ذریعے بہت سے علماء کو مشہور بنایا ہے اور لوگوں کو ان کے پیچھے لگا دیا ہے، کرکٹ تو مکمل سٹیج پلے ہے اگر آپ کو جاننا ہے ایک ایک بال اور کونسے منٹ میں فٹبال میں کونسا کھلاڑی گول کرے گا تو میں آپ کو ٹوئٹر اکاؤنٹس کے لنک دے دیتا ہوں وہاں جو لوگ تاریخی انسانی کے موجودہ کھیلوں کے ورژن کو بے نقاب کر رہے ہیں وہ مومنین نہیں ہیں شاید ان کا تعلق کسی مذہب سے بھی نا ہو مگر انہوں نے دجالیت میں پی ایچ ڈی کے برابر کی سوڈگریاں لے رکھی ہیں_

اگر فضل الرحمان، عمران خان، نواز شریف ٹی وی پر نا آتے تو انہیں کون جانتا اور کون پوجتا، وہ چاہتے ہیں لوگ خانوں میں بٹے رہے ہیں اس لیئے وہ ایک ہی وقت میں عمران خان اور نواز شریف دونوں کی ہیرو وشپ کو زندہ رکھنے کیلئے کوشاں رہتے ہیں مگر چونکہ دجال کو ویلکم کرنے کیلئے انہیں ہر ملک میں

پوری سیاسی تاریخ کی مضبوط ترین اور مقبول ترین حکومت درکار ہے اس لیئے ن، پی پی، جمعیت علمائے اسلام سمیت تمام پارٹیاں اور میڈیا اس نفسیاتی حربے آزمارہا ہے جس سے پی ٹی آئی کی مقبولیت بڑھتی جائے_

میڈیا شعور و آگاہی پھیلانے کیلئے نہیں بلکہ جاہلیت پھیلانے کیلئے لایا گیا ہے، انسان باشعور اس وقت ہوا کرتے تھے جب وہ کتب پڑھ کر علم کے کسی بھی شعبہ میں پوری معلومات کشید کرتے تھے ایک کتاب سے وہ دوسری کتاب کی طرف بڑھتے ہوئے شعور کی ارتقائی منازل طے کرتے جاتے تھے، بعد میں انہوں نے شاعری، ناول اور افسانوں کو بھی بہترین کتب کا درجہِ قرار دے دیا حالانکہ پوری انسانی تاریخ میں مذہب سے متعلق کتب یاں تاریخی کتب ہی حقیقت کا اصل رخ سامنے لانے کیلئے پڑھی جاتی تھی_

اگر امام غزالی نے پانچ سو کتب لکھی ہیں تو انہوں نے کم از کم دس ہزار کتب تو پڑھی تھی اور اگر اس دور میں ایک سو ٹی وی چینل ہوتے ان پر شام سات سے بارہ تک ایک ہزار ٹاک شو چلتے یوٹیوب پر پانچ سو سیاسی وی لاگرز ہوتے، فیس بک پر میرے جیسے ایک ہزار بقراط ہوتے کیا تب بھی وہ اتنا مطالعہ کر پاتے ؟؟؟؟؟

بار بار دہرا کر یاد کرانے کا عمل ہزاروں سالوں سے چلا آرہا ہے انہوں نے اسی عمل کے ذریعے دجالیت کا قلعہ فتح کیا ہے جب ٹی وی پر رانا ثنااللہ بار بار کہتا ہے عمران خان کو رہائی نہیں ملے گی، جب روز خبر آتی ہے عمران خان نے بیٹوں سے ملنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے، جب ہمیں دن میں سو بار خبر دی جاتی ہے آج پی ٹی آئی کے ارکان عمران خان سے جیل میں ملنے گئے تھے، جب ہمیں بتایا جاتا ہے آج وکلاء نے عمران خان سے ملاقات کی_

تب ہمارے ذہن میں اس بار بار کے دہرائے جانے والے عمل سے یہ سبق پیوست کر دیا جاتا ہے کہ عمران خان جیل میں ہے کیونکہ اگر وہ جیل میں نا ہوتا تو رانا ثنااللہ تو ایسا نا کہتا_

مگر یہ فری میسن کی نفسیاتی جنگ ہے اس جنگ کا سٹیج نیوز سٹوڈیو ہے اور اس جنگ کے ہتھیار دن میں سو بار کی ہیڈلائنز ہیں میں ہر روز پانچ سے چھ اخبار پڑھتا ہوں ہر اخبار میں آپ کو ایک جیسی خبریں دیکھنے کو ملیں گی_ لکھ کر اور بول کر دہرائی کا یہ عمل حقیقت کا دجالی تصور مضبوط کرنے کا وہ ہزاروں سال پرانا طریقہ ہے جس کو کبھی اصل علم یاد کرانے کیلئے استعمال کیا جاتا تھا_

دنیا کے موجودہ سٹیج میں تمام مہرے ابلیس کے ہاتھ میں ہیں دجالی ورلڈ آرڈر اسی وقت نافذ ہو چکا تھا جب ہزاروں سالوں سے چلے آنے والے معاشی و معاشرتی و سیاسی نظاموں کو ایک دم سے اکھاڑ پھینکا گیا وہ خود تسلیم کرتے ہیں کہ یہ تاریخ کا وہ واحد دور ہے جس میں تمام دنیا کی دولت چند ہاتھوں میں مرکوز ہو گئی ہے کیا دنیا کے دس امیر ترین افراد ایک ہی کلب کا حصہ ہیں کیا یہ سب فری میسن ہیں کیا ان سب کے مفادات ایک جیسے ہیں_

کیا آئی ایم ایف کو آپ کو ڈالر دینے کیلئے سونے کے پہاڑ کو توڑنا پڑتا یاں ڈالر چھاپنے کیلئے صرف درحت کافی ہیں، جب تک دنیا میں درحت ہیں آئی ایم ایف تو کمزور نہیں ہو گا_ آپ کو بتایا جاتا ہے ساری دنیا کے ممالک آئی ایم ایف کے فنڈ میں پیسہ دیتے ہیں اور امریکہ سب سے بڑا ڈونر ہے دوسرے نمبر پر چین ہے اگر امریکہ اتنا امیر ملک ہے تو وہ دنیا کا سب سے زیادہ مقروض ملک کیوں ہے آپ نے کبھی تحقیق کی جس ادارے کے پاس امریکی کرنسی چھاپنے کا اختیار ہے وہ ایک پرائیویٹ ادارہ ہے، یہ معلومات آپ کو گوگل سے نہیں ملیں گی بلکہ بیسویں صدی کے پہلے دو عشروں کی تاریخ پڑھ کر معلوم ہو نگی بالخصوص اس وقت جو کتب امریکہ میں لکھی گئی_

1944 میں پوری دنیا کی کرنسیوں کو ڈالر کیساتھ کیوں منسلک کیا گیا اور دنیا کو یہ کیوں بتایا گیا کہ امریکہ جتنے ڈالر چھاپے گا اسی قدر سونا بینک کے پاس موجود ہو گا

ڈالر یعنی کاغذی کرنسی کیلئے سونے کی ضمانت کیوں درکار تھی

اصل زر سونا ہے یاں کاغذی کرنسی، دنیا کے معاشی مسائل کا حل کیا ہے،

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیوں فرمایا دجال حزانوں کا مالک بن جائے گا

کیا وہ جادو کے ذریعے آئی ایم ایف کی تجوریوں کو اپنے قبضہ میں لے لے گا یاں آئی ایم ایف کی بنیاد ہی اس نے رکھی_

کیا دنیا کی تاریخ میں کاغذی کرنسی سے بڑھ کر بھی دھوکہ دیا گیا ہے،؟

آپ کیلئے یہ اہم نہیں ہے کہ عمران خان یاں نواز میں سے کس کی حمایت کی جائے آپ کیلئے یہ اہم ہے کہ انسان کو روٹی کیسے ملے گی پرسوں ایک باپ نے بھوک سے بلکتے بچے کو قتل کیوں کر دیا، غریب کیوں اپنے بچوں کو روٹی نہیں دے پار ہا جتنی غزا یورپ اور امریکہ میں ہر سال ضائع کر دی جاتی ہے اگر اس کا ایک تہائی بھی میسر آجائے تو دنیا کی بھوک کا خاتمہ ہو سکتا ہے اگر دنیا گلوبل ویلج ہے تو یہ کیسا گاؤں ہے جس کے لوگ اتنے بے حس ہیں کیا ابلیس نے ہمارے وجود سے احساس ختم کر دیا ہے جب ایک غریب بچہ جس کے تن پر کپڑے کے چند ہی حصے ہیں وہ کچرے میں سے گندے پھل چن کر کھا رہا ہو تا ہے تو آپ کی روح نہیں کانپتی جب ایک باپ اپنے بچے کو جو تا تک خرید کے نہیں دے سکتا تو کیا آپ روز حشر اللہ کے حضور میں عذر پیش کر سکیں گے کہ میں نے نواز یاں عمران کو ووٹ اس وجہ سے دیا تھا_

اللہ پوچھے گا تم نے ووٹ تقریروں، ٹوئیٹس یاں بیانات سے متاثر ہو کر دیا تھا یاں اس شخص کے کردار کی مکمل تحقیق کر کے دیا تھا اور کیا تمہیں ووٹ اور جمہوری نظام کی شرعی حیثیت کا علم تھا کیا تمہیں قومیت اسلام اور قومیت پاکستان کا بنیادی فرق معلوم تھا تم ہر جگہ سوشل میڈیا پر اپنے محبوب بتوں کی ذات پر طعن سن کر دوسرے پر بد اخلاقی کے مہلک ہتھیاروں سے حملہ آور ہو جاتے تھے کیا کبھی تم نے اپنے لیڈر کو قرآن وسنت کی میزان میں تولا تھا میں نے قرآن تمہاری ہدایت کیلئے نازل کیا تھا تم نے زندگی میں کتنی بار اسے شروع سے آخر تک ہدایت کیلئے پڑھا تھا تم نے رسول اللہ کی تفسیر پڑھیں تھی یا بیسویں اور اکیسویں صدی کے مولویوں کی_

https://www.facebook.com/share/p/GBeUCb6LLXZPUPjH/?mibextid=oFDknk

اسلاموفوبیا

اصل چیز یہ ہے کہ سب سے زیادہ مسلمان اسلاموفوبیا کا شکار ہیں اگر ہم اسلام پر عامل ہوتے اس کو اپنی زندگیوں میں شامل کرتے تو کوئی وجہ نا تھی کہ اسلام کے اثرات ہماری زندگیوں میں نادکھتے اور دوسری اقوام اللہ کی اس رحمت کے اثرات کو قبول نا کرتی_ ہم خود اسلام سے دور ہوتے چلے گئے پہلے ہمارے سامنے اسلام کا جاہلی تصور پیش کیا گیا اپنی عیاشیوں کے باعث ہم نے وہ بھی قبول کر لیا میڈیا کی آمد کے بعد اسلام کا دجالی ورژن ہی ہمارے لیئے اصلی اسلام ہے_

یعنی ہر طرح سے اسلام کے تن آور درخت پر آرا چلا کر ہمیں بتایا جاتا ہے کہ اسلاموفوبیا پھیل رہا ہے_ لوگوں کو جاہل بنانے کیلئے کسی لمبے چوڑے کورس کی ضرورت نہیں ہے یاں کسی جادو منتر کی بھی ضرورت نہیں ہے صرف پراپوگنڈا کی ضرورت ہے_ آدھی دنیا کو تو اسلاموفوبیا کا لفظی معنی بھی معلوم نہیں ہو گا اور لوگ سمجھتے میں کافر ہمارے اسلام سے ڈرتے ہیں_

آپ کے اسلام کا سیاسی نظام یعنی خلافت 1923

میں ختم ہو چکی تھی 47 میں آپ کو دھوکہ دیا گیا اور اللہ تعالیٰ کے احکامات کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بجائے یہ کیا قومیت اسلام کے تصور کو زندہ کیا جاتا آپ نے قومیت پاکستان کو لفظ کو زندہ کیا جبکہ اسلام میں قومیت ہے ہی نہیں_

اگر آپ سمجھتے ہیں باہر سے کہیں اسلاموفوبیا نام نہاد ہے اس بچوں کو دیکھیں معمولی سے سیاسی اختلاف پر یہ ایسے ایسے گھٹیا جملے منہ سے نکالتے ہیں کہ شرعی سزا کے طور پر زبان کھینچ لی جاتی، اسلام میں سب سے اہم چیز اخلاقیات ہیں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آدمی کو جو سب سے بہترین چیز دی گئی ہے وہ عمدہ اخلاق ہیں، آپ باطل نظریہ یاں باطل عقیدہ کا صرف ایک پیمانہ مقرر کر لیں جو شخص اخلاقیات میں برا ہے لازما اس کا نظریہ بھی غلط ہو گا کیونکہ اس کے لیڈر اور رہنما نے اس کو اخلاقیات کی تعلیم ہی نہیں دی_

ٹی وی سکرین سے مسلسل اسلاموفوبیا کا پراپوگنڈا کیا جاتی ہے، میرے عزیزوں کون سے اسلام سے بھلا کفر کو خطرہ ہے ہم سب تاریخ اسلام کے بدترین مسلمان ہیں جن کا اسلام کے عملی پہلو پر عمل نا ہونے کے برابر ہے، اللہ کی قسم ان کو آپ کی نمازوں سے کوئی خطرہ نہیں ہے، وہاں خطرے کی گھنٹیاں تب بجیں گے جب دنیا میں اسلام کا معاشی و معاشرتی و سیاسی نظام لوٹ آئے گا_

آپ کو بتایا جاتا ہے افغانوں نے نام نہاد جنگ جیت لی اور اب امریکہ و روس کو ان سے خطرہ پیدا ہو جانا چاہیے اور ایسے ہی ملحد چین بھی تو آپ خاطر جمع رکھیے_ ایک طرف ملحد کمیونسٹ چین پوری طرح سے افغانوں کی مدد کر رہا ہے اور دوسری طرف ورلڈ بینک، امریکی حکومت اور آئی ایم ایف بھی طالبان کو قرضہ دے رہا ہے_ اگر کسی نے کمیونزم پڑھا ہے یاں وہ کمیونسٹ نظام حکومت کو جانتا ہے تو مذہب کے معاملہ میں سب سے زیادہ سخت وہ ہیں سویت یونین میں کمیونسٹ انقلاب کے بعد وہاں انہوں نے جو پہلا کام کیا وہ مذہب پر پابندی لگائی تھی_ چین میں بھی مذہب پر پابندی ہے کھلے عام آپ کسی بھی مذہبی عقیدے کا یاں کسی قسم کی عبادت سرانجام نہیں دے سکتے کھلے عام آپ صرف وہیں اعمال کریں گے جو صرف کفر کو راضی کرنے والے ہیں_

اب یہیں ملحد چین اگر افغانوں کی فوج تعمیر کر رہا ہے تو مطلب صاف ہے ان کو اسلام کے طالبان ورژن سے کوئی خطرہ نہیں ہے اور ناہی طالبان نے وقت کی کسی سپر پاور کو شکست دی ہے _ یہ سب اسی دجالی دھوکہ کا حصہ ہے جو دنیا کو پچھلے تین سو سال سے دیا جارہا ہے اور اسلاموفوبیا کا تصور بھی اسی دھوکے کا تسلسل ہے _

یہ دنیا عظیم ترین منصوبے کے مطابق اصل سے نقل کی جانب بڑھ رہی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا دجال کی آمد سے پہلے پوری دنیا پر دھوکے کے چند سال آئیں گے ،اس حدیث کی شرح کوئی مشکل نہیں ہے جمہوریت، کاغذی کرنسی، بینکاری، بینکنگ ان تمام چیزوں کو پوری دنیا مانتی ہے اقوام متحدہ کو ساری دنیا مانتی ہے _

آپ کے کھانے، آپ کے مشروبات مصنوعی اور بے دائدہ بلکہ اکثر اوقات مضر صحت، آپ کا سیاسی نظام مصنوعی، بینکاری نظام مصنوعی جس کو فری میسن کبھی بھی گر آسکتے ہیں اور لوگوں کا سرمایہ ڈبو سکتے ہیں _ پھر انہوں نے مصنوعی کرنسی کی اگلی شکل یعنی ڈیجیٹل کرنسی لانی ہے _

فرد واحد یعنی میں یاں کوئی اور پراپوگنڈا کی مدد سے آپ کے نظریات بدلنے پر قادر نہیں ہے مگر میڈیا اس بات کی پوری قوت رکھتا ہے _ وہ اس کام میں ناصرف طاق ہے اس کو اسی کام کیلئے بنایا گیا ہے اور وہ نظریہ سازی میں کامیاب ہو چکا ہے _

اگر میں کہوں ہم دجال کے لائے ہوئے معاشی و معاشرتی وسیاسی نظام میں جی رہے ہیں تو شاید آپ یہ بات نامانیں مگر ان نظاموں کے تھپیڑے ناصرف آہستہ آہستہ آپ کو معاشی و معاشرتی طور پر کمزور بناتے جارہے ہیں بلکہ ایک وقت میں بالکل کمزور کر دیں گے اور یہ ان کا منصوبہ ہے، اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ایک شخص قبر کے پاس سے گزرے گا اور تمنا کرے گا کاش اس قبر والے کی جگہ میں ہوتا _

میرے کہنے سے آپ ان نظاموں کا مصنوعی پن برداشت نہیں کریں گے کیونکہ میں فیس بک پر بیٹھ کر گمنامی کی حالت میں یہ بات عرض کر رہا ہوں ہاں اگر میں حامد میر یاں اوریا مقبول جان ہوتا تو تب میری بات ضرور سنی جاتی مگر جب میں کہتا ہوں ان دونوں دانشوروں کی طرح ان کی پوری ٹولی فری میسن ہے تو لوگ پتا نہیں بھڑک کیوں جاتے ہیں _ خیر جب ایک بینک دیوالیہ ہو جاتا ہے تو سارے لوگوں کا روپیہ ڈوب جاتا ہے، سیاستدان جتنے مرضی واعدے وعید کرے جب وہ اقتدار میں آتا ہے تو اپنے وعدہ سے پھر جاتا ہے اور کہتا ہے میں مجبور ہوں ہاں مجھے کام نہیں کرنے دیا جارہا یاں وعدے قرآن وسنت نہیں ہوتے وغیرہ _

اسلاموفوبیا کا شور مچا کر آپ کو یقین دلایا جاتا ہے کہ اسلام ناصرف ابتک موجود ہے بلکہ ابلیس اس اسلام سے خطرہ بھی محسوس کرتا ہے، میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں ابلیسیت کو اب آپ والے اسلام سے کوئی خطرہ نہیں ہے کیونکہ اس نے مکمل طور پر آپ کو اسلام سے ہٹا دیا ہے اور یہ کام اس نے آپ کی مذہبی اشرافیہ سے لیا ہے جنہوں نے اصل اسلام کی جگہ دجالی اسلام کو آپ کی زندگیوں میں داحل کر دیا ہے _ اور جس بڑے خطرے کا اسے سامنا کرنا پڑ سکتا ہے یعنی امام مہدی تو ان کے سدباب کیلئے اس نے سینکڑوں مذہبی وسیاسی جماعتوں پر لوگوں کا یقین مضبوط کرایا ہے

یعنی جب ایک ساتھ عمران، نواز، فضل الرحمان، ساحل عدیم، طارق جمیل، مرزا، غامدی، مفتی طارق مسعود، سعد رضوی وغیرہ سب میڈیا کیساتھ مل کر امام مہدی کو دہشت گرد کہہ دیں گے تو کون ان کو مہدی مانے گا _ گویا اب ابلیس اس طرف سے بھی مطمئن نہیں ہے _

اسلاموفوبیا کا چورن انہوں نے صرف سیاست چمکانے کیلئے رکھا ہوا ہے اور اس کے علاوٰہ انہوں نے سیاست چمکانے کیلئے کون کونسے ڈرامے کیئے ہیں اگر ان سب کا ذکر کروں تو آپ میرے کپڑے نوچ ڈالیں کیونکہ ان باتوں کی آپ کو سمجھ نہیں آئے گی اور آپ صبر نا کر سکیں گے _

دجالیت کی پچھلے تین سو سال کی تاریخ اور ایک ایک عمل پر میں یورپی و امریکی ماہرین کی آرا و ہاں کی ڈاکومینٹری ان اپنے چیٹ گروپ میں ارسال کرتا رہتا ہوں میرے چیٹ گروپ میں آپ کو حقیقت کا دوسرا رخ دیکھنے کو ملے گا_ آئیں میرا گروپ جوائن کریں_

https://www.facebook.com/share/p/7j63kQD9VE4Vnkwj/?mibextid=oFDknk

علم والوں سے سیکھنا

محدثین جب اپنے استاذہ سے روایت کرتے ہیں تو وہ پورے یقین اور تحقیق کیساتھ روایت کرتے ہیں وہ نا اندھے مقلد تھے نا ہی شخصیت پرستی کا شکار تھے امام مسلم امام بخاری کے مشہور شاگرد ہیں مگر روایت قبول کرنے کیلئے جو شرائط امام بخاری نے لگائی ہیں وہ شرائط امام مسلم نے نہیں لگائی اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ ناتو اندھے مقلد تھے اور ناہی شخصیت پرستی کا شکار تھے وہ محقق تھے اور ان کی تحقیق کا شاہکار صحیح مسلم کو امت آج تک قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے ایسے ہی امام بخاری بھی اپنے اساتذہ کی قدر کرتے تھے یہ عزت واحترام شخصیت پرستی کی بنیاد پر نا تھا بلکہ حق گوئی کی بنیاد پر تھا ایسی ہزاروں مثالیں ہیں جب شاگردوں نے اپنے اساتذہ سے اختلاف کیا یہ فہم دین کا اختلاف تھا_

اگر استاد کسی راوی کو قابل اعتبار کہہ رہے ہیں تو شاگرد اس کو ضعیف کہہ رہے ہیں یہ محدثین، سلف صالحین اور ان سے پہلے خیر القرون کا وہ دور تھا جہاں منشا دین سیکھنا تھا نا کہ کسی قسم کی اندھی تقلید یاں شخصیت پرستی وہ کسی بھی شخص کی شاگردی یاں اسے استاد اس لئیے نہیں مانتے تھے کہ استاد کی بات پر آنکھیں بند کر کے اعتبار کیا جائے بلکہ وہ دیکھتے تھے جہاں استاد کی بات خلاف اسلام جاتی تھی فوراً اس پر نقد کرتے تھے اور وہ یہ سب کچھ خدا سے ڈرتے ہوئے کرتے تھے

آج کے دور میں جب علامات قیامت کا پہلا حصہ مکمل ہو چکا ہے اور ہمیں کسی سے بھی دین لیتے ہوئے محتاط رہنا چاہیے مجھے کوئی ایک مائی کا لال بتائیں جو خادم رضوی، ڈاکٹر اسرار، ساحل عدیم، غامدی، ذاکر نائیک، طارق جمیل یاں کسی دوسرے مولوی سے ذرا سا بھی اختلاف کرتا ہو،

خاک اختلاف کرنا ہے، دین پڑھا ہو یاں مطالعہ کیا تو اسکی بات کو قرآن وسنت پر پیش کر کے کھرے کھوٹے کو علیحدہ کر کے بات کی توثیق یاں تکذیب کریں مگر یہاں تو اندھوں، بہروں کیطرح سنی سنائی باتوں پر شخصیت پرستی کے شرک میں گرفتار ہو کر اعتبار کر لینا ہی دین میں ثابت قدمی کی دلیل ہے۔

کہتے ہیں علما دین کے وارث ہیں ارے بھیا علما کونسے دین کے وارث ہیں آپ جانتے ہیں دین کیا ہے ؟؟؟

یاں آپ نے کیسے جانا جس دین کے آپ پیروکار ہیں وہیں اصل دین ہے_

علماء کی ذات کا کیا اعتبار ہے، کوئی یہودی، نصرانی یاں ہندو بھی خود کو عالم کہہ کر تبلیغ شروع کر دے تو کیا آپ بس اس کے نام کیساتھ جڑا عالم کا لفظ دیکھتے رہیں گے یاں اس کی باتوں کو قرآن وسنت پر پیش کر کے بھی دیکھنا ہے پھر وہیں بات آجاتی ہے قرآن وسنت پڑھا ہو تب بات پرکھنے کی صلاحیت ہو_

مجھے کہتے ہیں تم جاہل نے دو چار کتابیں پڑھ لی ہیں اور علماء پر بھوکتے ہو، یہ ہمارے اخلاق کا حال ہے_

اگر اللہ آپ کو حق بولنے اور لکھنے کی توفیق دے تو حق اندھی تقلید یاں شخصیت پرستی میں مضمر نہیں ہے بالخصوص اس وقت جب آپ دجالیت کے چھا جانے کی بات کر رہے ہوں_

میں ایک سادہ سا سوال پوچھتا ہوں ٹی وی دیکھنا قرآن وسنت کی رو سے جائز ہے یاں نہیں ؟؟

پھر اسی کیساتھ دوسرا سوال ملحق کر دیتا ہوں نامحرم کا چہرہ دیکھنا قرآن وسنت کی رو سے جائز ہے یاں نہیں ؟؟؟

کوئی ایک شخص مجھے بتائے اس کے محبوب مولوی یاں سیاستدان نے اسلام کے مکمل معاشی و معاشرتی وسیاسی نظام کی یہ تصریح فرمائی ہے اور میں نے اس کی بات کو قرآن وسنت کو پڑھ کر پرکھا ہے اور درست پایا ہے اب تم جو اس پر تنقید کرتے ہو تو قرآن وسنت سے میرا جواب یہ یہ ہے_

اگر اسلام کی رو سے ٹی وی کو خرام کہہ دیں تو جن جن لوگوں کی ابتک مجھ سے بحث ہوئی ہے ان کی سو فیصد محبوب شخصیات قابل اعتراض ٹھہرتی ہیں، مجھے کہتے ہیں تم میڈیا سے حوالے دیتے ہو جبکہ تم اسے مانتے نہیں عرض کی آپ جس چیز کو مانتے ہو میں اس سے حوالہ دیتا ہوں اور میں جس چیز کو مستند مانتا ہوں یعنی قرآن وسنت اس سے بھی حوالہ دیتا ہوں_

ایک صاحب سے پالا پڑا کہہ رہے تھے جمہوریت کے بغیر دین تخت پر کیسے آئے گا ان سے تو نہیں مگر اب عرض کر رہا ہوں کیا جمہوریت سے پہلے دین تخت سے گرا ہوا تھا مگر خرام ہے جو کسی نے تاریخ پڑھی ہو اور کچھ نہیں تو حالیہ مغل اور عثمانی سلطنت کی بھی تاریخ نہیں پڑھی ہوئی ان کو معلوم ہی نہیں جمہوریت کب کن حالات میں کس نظام کا کس انداز میں خاتمہ کر کے لائی گئی اور اسکے آنے کے بعد فورا کیا کیا ظلم وستم ہوا اور آج تک لوگوں کو کتنا فایدہ مل رہا ہے_

جب قائداعظم نے سٹیٹ بینک آف پاکستان کی بنیاد رکھ کر اللہ اور اسکے رسول سے جنگ کا اعلان کیا تو اس وقت وہ کسی جن کے قبضہ میں نہیں تھا بلکہ اس نے پورے حوش وحواس میں اللہ اور رسول سے جنگ کا اعلان کیا مگر مجال ہے جو تمہارے محبوب قائدین میں سے کوئی ایک بھی اللہ کا دشمن ایسا ہو جو قاید اعظم کے اس اقدام کو برا کہتا تو دور شک کی نگاہ سے بھی دیکھتا ہوں کیونکہ اگر وہ ایسا کریں تو فری میسن کا وطنی قومی ریاستوں کا پورا گرینڈ منصوبہ اور ون ورلڈ گورنمنٹ کیطرف اقدام پوری طرح سے بے نقاب ہو جائے_

ہمارے ہاں کسی بھی بات کا بہترین جواب گالی یاں بداخلاقی ہے قرآن وسنت سے تو وہ جواب دے جس نے قرآن وسنت پڑھا ہو دنیا کے بکھیڑوں سے آزاد ہونے تو فیس بک کھول لی یاں ٹک ٹاک ورنہ اپنا مولوی اور سینکڑوں چوچلے ہیں مگر خرام ہے جو کوئی دن میں کسی کتاب کے دو چار صفحات پڑھ لے

_

ہم تک پورا دین سند سے آیا ہے اور سند ہی قابل قبول ہے_ کوئی ایک بتادے میں اپنے محبوب قاید کو متصل سند کیساتھ جانتا ہوں چلیں قرآن وسنت پر پیش کر کے تو اس کو قبول نہیں کرنا مگر اس کی امانت ودیانت کی گارنٹی ہی ثقہ لوگوں سے لے لیں_

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کسی بھی شخص کے جھوٹا ہونے کیلیئے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات آگے بیان کر دے_ (مسلم)

https://www.facebook.com/share/p/pnFLZbuSYo1QDXvX/?mibextid=oFDknk

ابلیس کی جماعت فری میسن

مین سٹریم میڈیا کے ذریعے فری میسن کے ذکر کو کانسپریسی مشہور کیا گیا ہے حالانکہ ہالی ووڈ کی درجنوں فلموں میں ناصرف فری میسن کا ذکر کیا جا چکا ہے بلکہ ان کی پہلے درجے میں شمولیت کی تقریب تک باقائدگی سے دکھائی گئی ہے

امریکہ میں وائٹ ہاؤس کے سامنے واشنگٹن میں فری میسن کا مشہور گرینڈ لاج ہے جہاں پہلے امریکی صدر جارج واشنگٹن کی وہ مشہور پینٹنگ بھی آویزاں ہے جس میں وہ فری میسن کا گاؤن پہنے کھڑا ہے دنیا بھر میں جہاں جہاں فری میسن لاجز ہیں ان کی مکمل تفصیل انٹرنیٹ پر موجود ہے آپ تھوڑی سی سرچ کریں بھٹو کے دور میں پاکستان میں فری میسن کو آزادانہ سرگرمیاں معطل کرنے کا حکم ملا تھا اور اس جماعت پر یہاں پابندی لگ گئی تھی_

مگر کیا وہ زیر زمین موجود رہے تو ہاں بالکل وہ زیر زمین موجود ہیں اور ان کے لاجز اب بھی کام کر رہے ہیں ساری مذہبی و سیاسی اشرافیہ کے فرامین ان کی تصاویر اور میڈیا پر جو بھی نیا موضوع آتا ہے ان تمام چیزوں کے سکرپٹ انہی لاجز سے ماسٹر میسن مہیا کرتے ہیں پاکستان کے سو نیوز چینل ایک ہی سکرپٹ کے مطابق نیوز چلاتے ہیں اس کی تازہ ترین مثال کرووونا اور ویکسین کا سکرپٹ تھا_ یہاں پر انہوں نے لوگوں کو اور انداز میں تقسیم کیا ہے مگر یورپ وامریکہ میں سب سے بڑے کانسپریسی تھیورسٹ وہاں کے ملحدین ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ مذہبی اشرافیہ کو فری میسن کنٹرول کرتے ہیں وہاں بھی اور یہاں بھی_

پوری دنیا کا میڈیا بشمول ہمارے سو نیوز چینل یہ فری میسن کی فکر کا مین سٹریم ورژن پیش کرتے ہیں یعنی ان کی یعنی دجال کی ون ورلڈ گورنمنٹ کے حوالے سے ذہن سازی کرتے ہیں موجودہ معاشرتی و معاشی و سیاسی نظاموں کو انسانی فکر کی معراج ثابت کرتے ہیں، لوگوں کو ہر چیز کے متعلق مکمل مباحث کا علم نہیں ہوتا اس لیئے وہ دھوکہ کھا جاتے ہیں_

مجھ پر بھی بیٹھے بٹھائے کسی وجدان یاں کسی کی نظر سے فری میسن کے سارے راز منکشف نہیں ہوگئے سب کچھ مطالعہ و تحقیق کی مدد سے ہی سمجھا ہوں جب میں نے پانچویں کلاس سے اخبار کا مطالعہ شروع کیا تب جاوید چوہدری میرا محبوب کالم نگار تھا اور اسکی تصویر میں جیب میں لے کر گھومتا تھا اور جب ٹی وی پر ایکسپریس نیوز پر اس کا چہرہ پہلی دفع دیکھا تو ایسا محسوس ہوا جیسے پیروں کا دیدار ہو گیا ہے مگر بعد میں دین کے مطالعہ سے میں جوں جوں مذہب کی جانب بڑھتا گیا میرا رجحان اوریا مقبول جان کی جانب ہوا یہ بہت بعد کی بات ہے جب مجھ پر کھلا کہ ان دونوں سمیت مین سٹریم میڈیا سے جڑے تمام کالم نگار اور دانشور فری میسن ہیں_

میں اندھا مقلد نہیں ہوں دنیا کی پہلی تاریخی دستاویز یعنی ہومر کی ایلیڈ اور اوڈیسی جس میں اس نے 1600 قبل مسیح میں ٹرائے کی مشہور جنگ کا نقشہ کھینچا ہے اس سے لیکر ہیروڈوٹس تک اور اس وقت سے لیکر آج تک دنیا بھر کی سلطنتوں کے متعلق جتنی بھی تاریخی کتب لکھی گئی ہیں میں نے وہ سب پڑھی ہیں اللہ کا کرم ہوا فکشن سے جلد ہی میری جان چھوٹ گئی ورنہ میں اتنی تاریخ نا پڑھ پاتا_ میں نے ہر جگہ فری میسن یعنی ابلیس کی جماعت کا نقش موجود پایا ہے اور اس ضمن میں میری سب سے زیادہ رہنمائی اللہ کے کلام نے کی یعنی دین کے دونوں سورسز قرآن اور سنت_

مشترکین کے ہاں ان دونوں سورسز کا ذکر ملتا ہے یعنی جب وہ مسلمانوں کی تاریخ کا ذکر کرتے ہیں تو یعقوبی و مسعودی سے لیکر امام ابن جریر طبری کی تاریخ رسل والملوک تک جس کا مشہور نام تاریخ طبری ہے (میں نے یہ مکمل نو جلدیں موبائل پر پڑھی تھی اور حوالوں کیلئے کوئی پانچ سو فولڈر بنائے تھے) اس کے بعد ابن کثیر کی البدایہ والنہایہ، الکامل اور دوسری کتب پڑھی_ ہر صدی میں لکھی گئی مسلمانوں کی کتب سے میں اسلام کی سند تلاش کرتا

آرہا تھا یہاں تک کہ اب میں 2024 میں موجود ہوں اور مجھے معلوم ہے آج کے جدید معاشی و معاشرتی و سیاسی نظاموں پر اسلام کا کتنا نقش ہے اور یہ نظام انسانیت کیلئے کس قدر مضریاں مفید ہیں اور ان نظاموں کی تشکیل میں فری میسن کا کتنا ہاتھ ہے ۔

طویل مباحث سے بچتے ہوئے میں اس تحریر کو رقم کرنے کی وجہ بیان کر دیتا ہوں، میرے چیٹ گروپ میں کسی بھائی نے فیصل وڑائچ یوٹیوبر کی ایک ویڈیو بھیجی ہے جس میں وہ فری میسن کو ہوا قرار دے رہا ہے اس سے قبل آج سے سال ڈیڑھ سال قبل مجھے کسی نے فیصل وڑائچ کی ایک اور ویڈیو بھیجی تھی جس میں وہ ہیکل کے قرآن میں ہونے کا انکار کر رہا تھا اب جس شخص نے ہیکل کا ذکر خود قرآن میں نا پڑھا ہو وہ تو فری میسن فیصل وڑائچ کو درست مان لے مگر میں نے تو قرآن میں دو بار ہیکل سلیمانی کا ذکر پڑھا تھا میں نے ان بھائی کو بتایا مگر وہ پھر بھی نا مانے کیونکہ قرآن انہوں نے پڑھا نہیں تھا اور فیصل وڑائچ فری میسن پر وہ قرآن سے زیادہ اعتبار کرتے تھے کیونکہ ان کی ذہن سازی ہو چکی تھی ۔ وہ عموما اپنے چینل پر جس کو فری میسن بڑھنے پھولنے دے رہے ہیں (میرے اکاؤنٹ کو بڑھنے نہیں دیتے) تاریخ بیان کرتا ہے اور مجال ہے جو کسی کتاب کا حوالہ دے یعنی اس وقت کی لکھی کتب کا میں نے انقلاب فرانس کے متعلق اس وقت کی لکھی کتب فرنچ زبان سے اردو میں ٹرانسلیشن کر کے پڑھی ہیں تاکہ حق جان سکوں اور میں وہاں فری میسن کے نقش پاتا ہوں روس کے سوشلسٹ انقلاب کے پیچھے تو یہودیوں کے اثرات کے ہزاروں دلائل ہیں یہ جب نام نہاد پوٹن نے سوشلزم سے برآت کا اظہار کیا اور چین سے یاری بھی لگالی یہیں اس بات کا کافی ثبوت تھا کہ سویت انقلاب یہودی زائنسٹ یعنی فری میسن لائے اور اسکی جو وجہ تھی وہ بھی ظاہر ہے یورپ میں روس کی تنہا بادشاہت بچی تھی عثمانیوں کو پہلے ہی انہوں نے قرضوں سے ڈھیر کر لیا تھا ۔ یہیں وجہ ہے زار کے دور میں پہلے پروٹوکولز روس میں چھپے بعد میں یورپ میں گئے (یہ کتاب فری میسن کو سمجھنے کیلئے سب سے اہم ہے)

اگر آپ نے میڈیا کا اعتبار کر کے فری میسن کا انکار کرنا ہے تو میں کہتا ہوں میڈیا سارا فری میسن کا ہے اگر وہ نواز شریف کو مقبول بنا رہا ہے تو فری میسن کے حکم سے کر رہا ہے اور اگر عمران خان کی مقبولیت ظاہر ہو رہی ہے تو فری میسن کے پروگرام کے تحت ہو رہی ہے ۔

اب حق جاننے کیلئے آپ کو دوسری طرف کی آراء جاننی ہوگی تبھی آپ تحقیق کے اصولوں کی پیروی کریں گے ایک طرف کی آراء کی بنیاد پر کسی بات پر حکم لگانا تحقیقی روش نہیں کہلاتا اگر ایسا ہوتو دنیا میں تقابل ادیان کا مضمون ہی نا رہے ۔ یاں جمہوریت و کمیونزم کی بحث ہی نا ہو ۔

انٹرٹیمنٹ انڈسٹری کی آمد کے بعد پہلی بار ترکی نے اسلامی انٹرٹیمنٹ کا تڑکہ لگایا (تھا یہ بھی فری میسن سٹیج) اخباروں میں خبریں چھپتی تھی کہ اردگان خود ارتغرل اور پایہ تحت سلطان عبد الحمید کے سیٹ پر جاتا ہے جب انہوں نے پایہ تحت والے ڈرامے میں پہلی بار فری میسن کا ذکر کیا تو پاکستان کے بڑے بڑے اسلامی لوگ تڑپ اٹھے اور کہتے پائے جاتے تھے ہم نا کہتے تھے فری میسن کا وجود ہے مگر ان جاہلوں کو یہ نہیں معلوم تھا مذکورہ ڈرامہ بھی فری میسن کی ہیں پروڈکشن ہے جیسے ڈیڑھ سو سال قبل سرسید کی زندگی پر الطاف حسین حالی کی کتاب بھی فری میسن کی پروڈکشن تھی ۔

اگر آپ پاکستان کا ذکر کریں تو تاریخ میں اس تحریک کا پہلا موجد سرسید کو قرار دیا جاتا ہے حالانکہ اس اللہ کے دشمن نے تمام معجزات، فرشتوں، جنت و دوزخ حتی کہ آخرت تک کا انکار کر دیا مگر مسلمانوں کا اکثریتی طبقہ ان باتوں کو نہیں جانتا جیسے ہم دنیا کی تاریخ سے واقف نہیں ہیں ہمارا حقیقت کا تصور روز کی بریکنگ نیوز سے تشکیل پاتا ہے ۔

الطاف حسین حالی کی سرسید کی زندگی پر کتاب حیات جاوید سب سے مشہور کتاب ہے جس میں فری میسن کو خفیہ تنظیم کے نام سے موسوم کیا گیا ہے کیونکہ فری میسن سچ بتاتے ہیں مگر کبھی کبھار اس لیئے الطاف حسین حالی فری میسن نے سرسید فری میسن کی زندگی پر مشتمل کتاب میں فری میسن کا تذکرہ چھیڑ کر ابلیس کے کرما کے عقیدے کا اظہار کر دیا جیسے سیمپسن نے ابراہیم رئیسی کی ہیلی کاپٹر حادثے میں پہلے ہی موت دکھا کر اسی کرما کے

عقیدے کا اظہار کیا تھا یاں جیسے انہوں نے پہلے ہی 9/11 اور کرووونا دکھا دیا تھا یاں جیسے اکانومسٹ نے 2012 میں ہی حماس کے اکتوبر 2023 والے سٹیج شو یعنی پیراشوٹ سے کودنے کو 2012 کے شمارے میں رکھا دیا تھا مگر لوگ چونکہ ان باتوں کو نہیں جانتے اس لیئے وہ سٹیج شو کو اصل جنگ سمجھ لیتے ہیں_ افغان جنگ کا تھیٹر بھی ایسا ہی تھا_

روزانہ کی خبروں سے فری میسن موجودہ سیاسی سٹیج شو کو کس طرح سے حقیقت کے طور پر دکھاتے ہیں اس کو وہ لوگ سمجھ نہیں پاتے جو یہ سمجھتے ہیں کہ عمران خان واقع ہی جیل میں ہے اور نواز شریف و عمران واقع ہی دشمن ہیں_ میں اپنے چیٹ گروپ میں روزانہ کی خبروں میں چھپی وہ فری میسن نفسیات واضح کرتا رہتا ہوں جس سے وہ انسانی ذہن کی پروگرامنگ کرتے ہیں_ ٹرمپ کو وہیں لائے مگر جب وہاں بڑے بڑے صیہونی مفکر کہتے پائے جاتے ہیں کہ ہم سے غلطی ہوئی تو وہاں کا جاہل طبقہ یہیں سمجھتا ہے کہ ٹرمپ ڈیپ سٹیٹ کے خلاف کھڑا ہے جیسا کہ ٹرمپ کی Q مومنٹ یاں میگا مومنٹ ظاہر کرتی ہے_ اسی وجہ سے ٹرمپ نے کرونا کو دھوکہ کہا کیونکہ مغربی اقوام کو معلوم ہے وبائیں اور ان کی ویکسین ڈیپ سٹیٹ یعنی فری میسن ہی لاتے ہیں اس لیئے انہوں نے ٹرمپ کو کنٹرولڈ آپوزیشن کے طور پر ہیرو بنایا جیسے اب انہوں نے اچانک ساحل عدیم کو میڈیا یعنی اپنے ہی میڈیم کے ذریعے ہیرو بنایا ہے اور دوسری طرف اس سیکولر اشرافیہ کو بھی مواد فراہم کیا ہے جو شروع دن سے کہتے چلے آرہے ہیں کہ اسلام میں عورتوں کے حقوق نہیں ہے ساحل عدیم کا 95 فیصد عورتوں کو جاہل کہنا اسی سکرپٹ کا حصہ تھا جس میں عورتوں کو مشتعل کرنا مقصود تھا_

جب اسمبلی میں کھڑے ہو کر زرتاج گل ہنس مسکرا کر سپیکر کو کہتی ہے میری آنکھوں میں آنکھیں ڈالیں یاں جب مریم بچیوں کو ستائس ہزار الیکٹرک موٹریں دیتی ہے تو وہ یہیں فطرت کے اصولوں کو بدل کر عورتوں کو گھروں سے نکال کر معاشرے کی ہر فیلڈ میں شامل کرنے کا دجالی پروگرام ہے یہ مردوں کا معاشرہ ہے میری بہنوں آپ وہ رپورٹس پڑھیں جس میں مغربی معاشرے میں ہوئے 90 فیصد ریپ کے کیسسز میں شک کا فایدہ ریپسٹ کو دیا جاتا ہے اور عورتوں کی کوئی بات نہیں سنی جاتی اللہ کرے آپ روزانہ کی بنیاد پر مغربی اخبارات پڑھیں_

ہم نے قرآن پڑھا نہیں ہے صرف سنا ہے

مرد عورتوں کے نگران ہیں کیونکہ اللہ نے ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے اور اس لیئے کہ مرد اپنا مال حرچ کرتے ہیں پس نیک عورتیں فرمابردار اور حاوند کے پیچھے حفاظت رکھتی ہیں، جس طرح اللہ نے حفاظت کا حکم دیا ہے (النسا،34)

اس آیت میں اللہ نے فطرت بیان کی ہے اور ابلیس نے اسی فطرت کو بدلنے کا چیلنج قبول کیا تھا جب عورت بھی کمانے کیلئے گھر سے باہر نکل آئی تو وہ پیچھے حفاظت کرنے والی نا رہی بلکہ مرد سے آگے نکل گئی اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب مرد کی غیر موجودگی میں کوئی اس کا پوچھنے آئے تو دروازوں کے پیچھے سے کرخت آواز اور سحت لہجے میں بات کیا کروں یہ ناہو تمہاری نرم آواز اس نامحرم کے دل میں شکوک وشبہات پیدا کرے_ مگر اب تو عورتوں گھروں سے باہر نامحرموں کے درمیان اڑی پھرتی ہیں یہ دجالی معاشرت ہے جس پر دجالی علماء خاموش ہیں بلکہ اسی دجالی معاشرت میں وہ عورتوں کو سامنے بٹھا کر دجالی دین بیان کرتے ہیں_ اب ابلیس نے وہ فطرت بدل دی جس میں صرف مرد عورتوں پر اپنا مال صرف کرتا تھا اور نگران بھی اسی سبب تھا اب عورتوں کو نگران بنانے کا مشن ہے اسی وجہ سے آپ سنتے ہیں تاریخ میں پہلی بار فلاں محکمے میں عورت بنیادی عہدے پر براجمان ہوئی ہے یہ دجالی فطرت کا مظہر ہے اللہ کی فطرت میں عورت کا مقام اس کا گھر ہے_

کیا آپ نے لوگوں کو نہیں دیکھا جو دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو آپ کیطرف نازل کی گئی اور اس کتاب پر بھی جو آپ سے پہلے نازل کی گئی اپنے مقدمے شیطان کے پاس لے جانا چاہتے ہیں حالانکہ ان کو یہ حکم ہوا ہے کہ اس کو نا مانیں اور شیطان ان کو بہکا کر بہت دور لے جانا چاہتا ہے(النسا،60)

https://www.facebook.com/share/p/5LrZT7ZPfSvXaXwf/?mibextid=oFDknk

پراپوگنڈا ہی دجالیت کا ہتھیار ہے

آج بھی کروڑوں پاکستانی یہیں سمجھتے ہیں کہ کروووونا قدرتی وبا تھی اور اسکا علاج ویکسین تھا یہ سب اس وجہ سے ہے کہ ہم میڈیا کو ٹھیک خبریں دینے والی مشین سمجھتے ہیں اور میڈیا ہی ہمارے عقائد کی تعمیر کر رہا ہے

یورپیئن پارلیمنٹ میں کروووونا کے حوالے سے کیس کی ہیئرنگ کے دوران فائزر کمپنی کی ڈائریکٹر نے اعتراف کیا کہ ویکسین میں کبھی بھی ایک شخص سے دوسرے شخص تک بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے کی قوت نا تھی، یہ وہ جھوٹ تھا جس کا اعتراف کیا گیا ہے ایسے اور ہزاروں جھوٹ ہیں جن کے ویڈیو ثبوت میرے پاس پڑے ہیں مذکورہ ویڈیو بھی اپنے چیٹ گروپ میں بھیج دوں گا کروووونا کے درمیان دنیا بھر کے ہزاروں فری میسن ٹی وی چینلز سے اور ہزاروں گورنمنٹ آفشلز کے ذریعے اعلانات کرائے گئے کہ ویکسین محفوظ ہے بیماری کو روکنے والی ہے

یہ دنیا کا امیر ترین شخص ایلون مسک ہے (اور یہ سارا سچ وہ ابلیس کے کرما کے عقیدے کے تحت بتاتے ہیں)

اسکی 21/1/2023 کی ٹویٹ ہے

مجھے دوسری بوسٹر شوٹ کے بعد بڑے سائیڈ ایفیکٹ ہوئے_ مجھے محسوس ہوا میں کچھ دن بعد مر جاؤں گا

یہ 16/1/23 کی ٹویٹ ہے اس نے لکھا میں عموماً ویکسین کے حق میں ہوں (کیونکہ یورپ وامریکہ کا بڑا طبقہ ویکسین کے خلاف ہے) مگر ایک نقطہ ایک آتا ہے جہاں علاج (ویکسین) بدترین ہے اگر اس ویکسین کو پوری آبادی کو لگا دیا جائے تو یہ علاج خود بیماری بن جاتا ہے۔

21/1/23 اور میرا کزن جو کہ نوجوان اور تگڑا ہے اس کو مائیکرو کارڈائٹس ہوا اور وہ ہسپتال گیا (کروووونا ویکسین والوں میں یہ بیماری عام ہے)

pm6:5323/1/21

اس نے لکھا دوسری بوسٹر ڈوز نے مجھے تباہ کر ڈالا

وڈیو گروپ میں_

اب ایلون نے یہ سب کیوں کہا کیونکہ اس کے حوالے سے دائیں بازو کا آدمی ہونے کا پراپوگنڈا کیا جاتا ہے اس نے ایک دفع کہا تھا تمام کانسپریسی تھیوریز صحیح ہوتی ہیں (ویڈیو میرے پاس موجود ہے)

ٹرمپ نے کرونا کو دھوکہ کہا اور ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے فنڈز روک دیئے جس کے بعد اسکا ٹوئٹر اکاؤنٹ بھی بند ہو گیا (سب سکرپٹ کے مطابق ہوا) ایلون نے آکر ٹرمپ کا اکاؤنٹ بحال کیا_

ٹرمپ کا دماغ خراب نہیں تھا جو اس نے کروووونا کو دھوکہ کہا یہ فری میسن کا سکرپٹ تھا کیونکہ امریکیوں کی اکثریت کرونا کو فری میسن کا دھوکہ ہی سمجھتی تھی جیسے یہاں کے اندھوں بہروں کو رام کرنے کیلئے عمران خان ریاست مدینہ کا نعرہ لگاتا ہے ویسے ہی وہاں ٹرمپ مذہب کی بات کرتا ہے_

برطانیہ میں سکائی نیوز اور امریکہ میں فاکس نیوز مسلسل کرونا ویکسین کی تباہیوں پر رپورٹس چلاتے ہیں مگر ہمیں کیا ہمارے ہاں تو جو کچھ یہاں کے میڈیا پر چلتا ہے وہیں ساری دنیا کا سچ ہے باہر کیا ہو رہا ہے کچھ معلوم نہیں_

2014 میں ٹیڈ ٹاک کے پروگرام کے دوران بل گیٹس نے کہا تھا دنیا کی آبادی کم کرنی ہے اور اسکے ویکسین پروگرام ضروری ہے (ویڈیو میرے پاس موجود ہے)

امریکہ کے دو میں سٹریم نیوز پیپر کے تراشے میرے پاس موجود ہیں جن میں خبر چھپی ہے کہ ارب پتی دنیا کی آبادی کم کرنا چاہتے ہیں، ورلڈ اکنامک فورم کی نمائندہ کی ویڈیو موجود ہے میرے پاس جس میں وہ کہہ رہی ہے مہنگائی کی وجہ درمیانے طبقہ میں اضافہ ہے اس طبقہ کی آبادی گھٹانا ہوگی، کرونا کے درمیان بورس جانسن برطانوی وزیر اعظم کی وہ ویڈیو لیک ہوگی جس میں اس نے بوڑھوں کو قتل کرنے کی بات کی تھی اس پر پورے چھ ماہ پورے برطانیہ کے نیوز نیٹ ورک سے عدالت میں چلنے والا کیس اور وہاں کی سنیٹ کی کمیٹی کی تحقیقات لائیو نشر ہوتی رہی_ تمام ویڈیوز میرے پاس موجود ہیں۔

لوئس پاسچر کی جرم تھیوری یعنی بیماری ایک سے دوسرے کو لگتی ہے اس جھوٹ کو ثابت کرنے کیلئے میں ایک درجن کتب فراہم کر سکتا ہوں اور سب کے مصنف یورپیئن امریکی حتیٰ کے ملحدین حالانکہ وہاں پر ویکسین کا مخالف بڑا طبقہ مذہبی لوگوں کا ہے یہ بات اوریا مقبول جان فری میسن (جواب عمران خان کا سپورٹر ہے سکرپٹ کے مطابق) اس نے نیو نیوز میں لائیو کی تھی_

ساری دنیا کا میڈیا دجال کا ترجمان ہے مگر ان کو تھوڑا بہت سچ دکھانا پڑتا ہے

اٹلی کے ہیلتھ منسٹر پر اب بھی مقدمہ چل رہا ہے کہ کرونا ویکسین کا اس کو پہلے سے علم تھا اس کے ذریعے اموات ہونگی مگر اس کے باوجود اس نے یہ ویکسین لوگوں کو لگوائی، میرے پاس تمام ویڈوز ہیں وہاں کی اخباروں کے تراشے ہیں اٹیلین اور انگلش زبانوں میں

آپ کو ویڈیوز درکار ہیں اس ویزر کیساتھ مستقل پولیس کا پہرا ہے وہ جہاں جاتے ہے لوگ اسے مارنے کو دوڑتے ہیں

اٹلی نے بل گیٹس کی تمام پروڈکٹس پر پابندی لگادی ہے (ویڈیو رپورٹ موجود ہے)

یو کے کے ممبر پارلیمنٹ کی ویڈیو پارلیمینٹ کے دوران تقریر کرتے ہوئے ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن پر تنقید (ویڈیو موجود ہے)

دنیا بھر سے ہزاروں ڈاکٹرز کے انٹرویو، ڈاکومینٹری، کتب، اخباری تراشے اور ویڈیوز میرے پاس موجود ہیں جو یہ ثابت کرتے ہیں کرونا وائرس امریکہ، چین ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن نے مل کر تیار کیا اور اس سازش میں پوری دنیا کی حکومتیں پھر سنیں پوری دنیا کی حکومتیں ان کیساتھ تھی_

ایک سادہ سی بات سن لیں جو حکومت لوگوں کو روٹی اور جان لیوا بیماریوں کا علاج نہیں دے سکتی وہ پولیو اور کرونا ویکسین بندوق کے زور پر کیوں لگاتی ہے_

جاری ہے

https://www.facebook.com/share/p/3wP3PtrRdQjJcGVa/?mibextid=oFDknk

وقت اللہ کی امانت ہے

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ روز حشر بندے کو اس وقت تک اپنی جگہ سے ہلنے نہیں دے گا جب تک وہ یہ نا بتادے کہ اس نے اپنا وقت کہاں، کس حال میں کیا کرتے گزارا_

اگر آپ کسی بیہودہ شعر کو لائک کرتے ہیں تو اسکی بھی پوچھ ہو گی، اگر آپ کسی بے ہودہ وڈیو کو دیکھتے ہیں تو اسکے متعلق بھی پوچھا جائے گا یہ دنیا قید خانہ ہے اس میں انٹر ٹیںمنٹ کا کیسا تصور اور اگر آپ زندگی کو انجوائے ہی کر رہے ہیں تو یہ مسلمانوں کا طریقہ نہیں ہے ہر دور میں گمراہی رہی ہے اور گمراہی کا سدباب ہی مسلمان کا مشن ہونا چاہیے

اللہ تعالیٰ قرآن میں کہتا ہے

تم وہ امت ہو جو لوگوں کی بھلائی کیلئے کھڑی کی گئی ہو نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو_

ہمارا کام ہے دین میں سمجھ پیدا کریں اور دین کو آگے پھیلائیں_ فیس بک یوٹیوب یاں ٹی وی سکرین سے دین کی سمجھ پیدا نہیں ہو سکتی دین کی سمجھ صرف مطالعہ کتب سے ہی ہاتھ آئے گی انٹرنیٹ پر دنیا جہاں کے علوم کے متعلق کتب موجود ہیں ان کو پڑھیں اور ان سے دین و تاریخ کو جاننے کی کوشش کریں تاکہ آپ سمجھ سکیں آج کے معاشی و معاشرتی و سیاسی نظام کیوں دنیا کے مسائل حل نہیں کر پا رہے اور کمی کہاں ہے کہیں ایسا تو نہیں کہ پوری دنیا کی حکومتیں مل کر اپنی عوام کے خلاف سازش میں شریک ہیں_

اگر آپ نے فیس بک چلانی ہی ہے تو اپنی بڑائی مقصود نہیں ہونی چاہیے بلکہ اللہ کا ڈر دل میں رکھتے ہوئے ساری دنیا کی بھلائی کا خیال رکھیں اگر فیس بک پر کچھ لکھنا ہے تو قرآن و سنت کے آئینہ میں لکھیں، بے ہودہ شاعری آپ کیلئے جنت نہیں دوزخ کی راہیں آسان کرے گی، اگر معاشرہ دجالیت زدہ ہو چکا ہے اور بے ہودہ شاعری پر واہ واہ ملتی ہے تو فیس بک کے لائکس اور کمنٹس کا اندراج دائیں کندھے والا فرشتہ نا کرے گا بلکہ بے ہودہ شاعری پر آنے والا ایک ایک کمنٹ اور لائک بائیں کندھے والا فرشتہ نوٹ کرے گا جس سے معلوم ہو گا آپ نے کتنے لوگوں کو بے ہودگی کی داد دینے پر مجبور کیا اور کتنے لوگ آپ سے متاثر ہو کر بے ہودگی کا شکار بنے_

وقت کا بہترین استعمال اللہ کے دین کو سیکھنا اور پھر اس علم کو آگے پھیلانا ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تر و تازہ رکھے اس شخص کو جو میری بات سنے اور اسے آگے پھیلائے_ اس شخص کے حق میں اندھیرا ہی آئے گا جو کسی ناول کا اقتباس یاں کوئی شعر آگے پھیلا رہا ہے ہدایت کیلئے قرآن کی چھ ہزار سے اوپر آیات اور حدیث کی پچاس کتب کافی ہیں ان کے علاوہ اور کسی دانشور کی بات بھاری اور بیش بہا عقل و خرد کا نمونہ نہیں ہو سکتی۔

قرآن و سنت کے بعد صحابہ و تابعین کے اقوال ہی بہترین فقری سرمایہ ہیں جن سے آپ کسی کی ہدایت کا سامان کر سکتے ہیں_ یہ اہم نہیں آپ کو کسی کی بات کتنی پسند آئی ہے بلکہ اہم یہ ہے آپ نے اللہ اور اسکے حبیب کا کلام پیش کرنا ہے اسکو زندگی کا مقصد بنانا ہے چاہے وہ کسی کو پسند آئے یاں نا آئے

ٹی وی سے جو کچھ دکھایا جا رہا ہے یہ سب دجالیت ہے پہلے دن سے ٹی وی کا مقصد بے حیائی کا فروغ تھا کوئی انسان ایسا نہیں ہے جس کو بیٹھے بیٹھے خیال آئے کہ میں ٹی وی کے ذریعے لوگوں کو بے حیا بناتا ہوں یہ صرف ابلیس کا کام ہے وہ ٹی وی لایا پہلے انہوں نے بے حیائی کو فروغ دیا لوگوں کی عقلیں جاتی رہی کیونکہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تم میں حیا نا رہے پھر جو چاہے کرو عقلیں چھیننے کے بعد انہوں نے ٹی وی سے سیاسی مباحث

چھیڑ دیئے ہم سمجھتے ہیں نواز اور عمران جانی دشمن ہیں مگر وہ تو پکے دوست ہیں ہم سمجھتے ہیں بھٹو اور بے نظیر قتل ہوئے مگر وہ تو ان کو ہیرو بنانے کیلئے کیا گیا تھا ہم سمجھتے ہیں ارشد شریف قتل ہوا مگر وہ پی ٹی آئی کو مقبول کرنے کیلئے کیا گیا تھا جیسے 2022 میں عمران خان پر قاتلانہ حملے کا ڈرامہ،

عمران خان کے قتل کا ڈرامہ مجموعی طور پر پاکستان میں چوتھے وزیر اعظم کے قتل کا ڈرامہ ہوگا تاکہ پی ٹی آئی کو پاکستانی تاریخ کی مقبول ترین جماعت بنایا جا سکے، پاکستان سمیت تمام وطنی قومی ریاستوں کی بنیاد ابلیس نے نیو ورلڈ آرڈر کے تحت رکھی آج کل سوشل میڈیا پر ٹرینڈ ہے کہ ہمیں غلط تاریخ پڑھائی گئی ہے تو اپنی تاریخ درست کریں اس جمہوری نظام کی بنیاد بھی فری میسن نے رکھی اور اس جمہوری نظام سے لوگوں کی امیدیں وابسطہ رکھنے کیلئے انہوں نے اپنے اپنے وقتوں میں علامہ اقبال، قائد اعظم، بھٹو، بے نظیر، نواز شریف اور عمران خان کو ہیرو بنایا ہے لوگ کیڑے مکوڑوں کی طرح کچھ بھوک اور بے روزگاری سے مرتے رہے کچھ آپس میں لڑ کے اشرافیہ کا طرز زندگی ایک جیسا ہے

جب ہم اپنا دماغ تاریخ کے مطالعے پر لگائیں گے تب ہم وقت کا درست استعمال کرنے کے قابل ہونگے _ اور اللہ تعالیٰ نے ہم پر جو ذمہ داری عائد کی ہے اس کو نبھانے کے قابل ہونگے _

ٹی وی کی ہر خبر پر تنقیدی نگاہ ڈالنا ہی دجالیت کو سمجھنے کا نسخا کیمیا ہے غور کریں پچھلے دو سال سے ٹی وی سکرین سے جو کچھ دکھایا جارہا ہے اس سے کیا ظاہر ہوتا ہے کس جماعت پر ظلم ہو رہا ہے؟؟؟؟

ایک طرف آپ سمجھتے ہیں ٹی وی کو کوئی قوت کنٹرول کر رہی ہے دوسری طرف وہیں ٹی وی ایسا تاثر کیوں دے رہا ہے کہ صرف ایک جماعت کو ظلم و تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے، اس کا مطلب ہے جان بوجھ کر ایسا تاثر پیدا کیا جارہا ہے تاکہ وہ جماعت مقبول ہو اور لوگ سیاستدانوں جو آپس میں متحد ہیں ان کی اندھی تقلید پر باضد رہیں اور کبھی بھی سیاستدانوں کے آپسی گٹھ جوڑ کو سمجھ کر ان کے خلاف اٹھ کھڑے نا ہوں یہ نظام اور سیاستدانوں کے یہ ٹھاٹھ باٹھ مزید میڈیا کا دھوکہ اگر یوں ہی چلتا رہا تو عوام کے حالات اگلے پانچ کروڑ سال تک درست نا ہونگے

https://www.facebook.com/share/p/uyqFx4SZBZYnRr82/?mibextid=oFDknk

ٹرمپ پر حملے کا دھوکہ (حصہ اول)

ایکشن، کیمرہ، پلے یہ ٹرمپ کو شوٹ کرنے کا سٹیج شو ہے
سو ملین لوگوں کے مسیحا کو دو سو ملین کیلئے مسیحا بنانے کا اس سے بہتر طریقہ نہیں ہے
گولیاں چلتی رہی اور پیچھے بیٹھا کراوڈ کہیں بھاگا نہیں وہ بیٹھے رہے شو کا مزا لیتے رہے، ٹرمپ نیچے جھکا، اسی دوران سارا رنگ ڈالا گیا جب وہ اٹھا تو اس کے کان اور چہرے پر خون تھا عین گولیاں چلنے کے وقت ٹرمپ کے کے پیچھے کھڑے سپورٹر نے کارڈ اٹھار کھا تھا جس پر لکھا تھاYou're Fired مطلب صاف تھا سبھی کو جو کچھ ہونے والا تھا سب معلوم تھا_
آپ اطمینان سے زخمی ٹرمپ کی تصاویر کو زوم کر کے دیکھیں اور زخم کا نشان تلاش کرنے کی کوشش کریں وہ کہیں نا دکھے گا صرف خون (نقلی) نظر آئے گا یہ پرانے ریسلنگ مقابلوں کی ٹرک ہے جو ہزار بار استعمال کی گئی ہے اور دنیا جانتی ہے ٹرمپ ریسلنگ کا بھی ماسٹر ہے_
جس جگہ سے شوٹر نے گولیاں چلائی وہاں پر عموماً سیکیورٹی اہلکار تعینات ہوتے ہیں مگر اب ایسا کیوں نا ہوا؟؟؟
ویڈیوز اور تمام دوسرے ثبوت میں اپنے بندہ خاکی والے اکاؤنٹ پر اس پوسٹ کے کمنٹس میں پوسٹ کر دوں
جہاں سے شوٹر نے گولیاں چلائی اسکے بالکل سامنے سیکیورٹی اہلکار نشانہ لیئے بیٹھے تھے انکی شوٹر پر صاف نظر تھی مگر انہوں نے اسے شوٹ نہیں کیا جوں ہی اس نے گولیاں فائر کی اوپر سے سیکیورٹی اہلکاروں نے فوراً فائز کھول دیا اور مبینہ شوٹر مارا گیا_
حملے کے بعد انٹرویوز میں عینی شاہدین نے بی بی سی کو بتایا ہم نے شوٹر کو اوپر حملے والی جگہ رائفل کیساتھ رینگتے ہوئے جاتے دیکھا ہم نے پولیس کو بتایا مگر پولیس نے ہماری بات نہیں سنی_
تین ماہ پہلے کی ویڈیو ہے جس میں ایک عیسائی مبلغ بتا رہا ہے کہ میں نے دیکھا ہے ٹرمپ کے کان کو گولی چھو کر گزر گئی اس کا سر بچ گیا اور وہ خدا کی طرح اٹھ کھڑا ہوا_ یہ ویڈیو میرے پاس موجود ہے اور ٹوئٹر کے جس اکاؤنٹ سے تین ماہ قبل پوسٹ کی گئی تھی اس کا لنک بھی میں اپنے بندہ خاکی والے اکاؤنٹ سے اس پوسٹ کے نیچے دے دوں گا
عیسائی دنیا میں جو اشخاص پیشن گوئی کرتے ہیں انہیں پیغمبر کہا جاتا ہے پوری تاریخ میں ایسا ہی ہوا ہے ناسٹر آڈیمس ہو یاں کوئی دوسرا جیسے مدر شپ ہو سبھی کو پرافٹ کہا گیا ہے اب عیسائی دنیا کو یقین دلانے کیلئے تو یہ پیشن گوئی کام آسکتی ہے کہ ٹرمپ ہی مسیحا ہے (اس پر میرے آخر الزماں والے اکاؤنٹ پر علم الاعداد کی روشنی میں ٹرمپ پر پورا مضمون پن ہے) مگر اگر ہم اسلام کی بات کریں تو ہمارا عقیدہ اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ کوئی شخص تین ماہ قبل بالکل ٹھیک ٹھیک پیشن گوئی کر دے کے ٹرمپ کے کان میں گولی لگے گی ہمیں تو یہیں سمجھنا چاہیے اس شخص کو تین ماہ قبل سے اس سکرپٹ کا علم تھا اور اس سے یہ پیشن گوئی اسی لیئے کروائی گئی کہ عیسائیوں کے نزدیک ٹرمپ کو مسیحا ثابت کیا جا سکے_
1995 کی الیومیناٹی کارڈ گیم میںEnough is enough کے عنوان والے کارڈ کی ابتدائی لائنز تھی ہمارے سنائپر تمہیں کبھی بھی کسی بھی وقت گرا سکتے ہیں_
ٹرمپ کو امریکہ میں الیومیناٹی، فری میسن اور ڈیپ سٹیٹ سے لڑنے والا مشہور کیا گیا ہے، اب ٹرمپ کو لوگوں کا پیغمبر بنا دیا گیا ہے بالکل صلیبی جنگوں کے پادریوں کیطرح یہ امریکہ اور یورپی عیسائیوں کی آخری صلیبی جنگ میں قیادت کرے گا جو مسلمانوں کے خلاف لڑی جائے گی اور پوری مسلم دنیا کی

قیادت، روس و چین کی قیادت اس فری میسن منصوبے کا حصہ ہے میں نے آج سے پورا ایک سال قبل اپنے آخر الزماں والے اکاؤنٹ نے بائیو میں فری میسن کے اس تین سو سال منصوبے کے متعلق لکھ دیا تھا_

انڈیپینڈنٹ اخبار میں خبر دی گئی تھی ٹرمپ کی Q موومنٹ کے سپورٹر کا کیوں خیال ہے کہ جان ایف کینڈی کا بھائی زندہ ہے اور اس خبر کیساتھ جس شخص کی تصویر دی گئی تھی وہ شخص موجودہ حملے کے دوران عین ٹرمپ کے پیچھے بیٹھا تھا_ یہ شخص اور اسکے ساتھ والے لوگ عین گولیاں چلنے کے دوران اپنی جگہ پر ساکت بیٹھے رہے ان کے چہروں سے کسی قسم کے خوف کے آثار نہیں دکھ رہے تھے حالانکہ کچھ لوگ چیخ چلا بھی رہے تھے جن لوگوں کو سکرپٹ کا علم ہے انہوں نے ایکٹنگ کرنے کی ضرورت بھی محسوس نہیں کی_ ویڈیو پوسٹ کر دوں گا

سالوں پہلے کی ویڈیو ہے جس میں اینکر نے ٹرمپ کو کہا تھا مجھے معلوم ہے تم صدر بنوں گے

مگر میں قاتلانہ حملے.............

اس جملے کو اس نے ادھورا چھوڑ کر کہا میرا مطلب ہے حلف برداری کا انتظار نہیں کر سکتا_

یہ مائنڈ پروگرامنگ کی تکنیکس ہوتی ہیں جن کے ذریعے لوگوں کو پہلے سے ذہنی طور پر تیار کیا جاتا ہے حالانکہ ان لوگوں کو سارے سکرپٹ کا پہلا سے علم ہوتا ہے ویڈیو میں پوسٹ کے نیچے پوسٹ کر دوں گا_

اس فلم کے سینکڑوں پہلوں ہیں یہ دنیا ایک سٹیج ہے جس پر سارے سیاستدان نا صرف اصل ایکٹر ہیں بلکہ بہترین ایکٹرز ہیں اس موضوع کو میں ایک مضمون میں مکمل نہیں کر سکتا اس کیلئے درجنوں مضمون درکار ہوں گے کیونکہ عمران خان کا ایونٹ قریب ہے جس کی پیشن گوئی میں دو سال سے کر رہا ہوں میرے علم الاعداد کے فیس بک گروپ میں سینکڑوں مضامین کا انبار ہے جن میں اعداد کی بہترین الائنمنٹ دکھائی گئی ہے

ٹرمپ پر حملے کا وقت 6:13 تھا مگر سیکرٹ سروس نے یہ وقت 6:15 بتایا اس کی کیا وجہ تھی

2016 میں ٹرمپ کی سپورٹر Q موومنٹ کے پیج پر 6:15 منٹ پر پوسٹ ہوئی تھی جس میں false flag اور assassination جیسے درجنوں الفاظ استعمال کیئے گئے تھے یعنی انہوں نے اسی وقت سکرپٹ ظاہر کر دیا تھا تاکہ اس سکرپٹ پر عمل درآمد کے بعد جو اندھا بہرا اور گونگا نہیں ہے میڈیا کے پراپوگنڈا کا شکار نہیں ہے وہ جان لے دنیا میں سب کچھ سکرپٹ کے مطابق ہو رہا ہے ساری دنیا سارے ممالک میں ہیرو اور ولن سکرپٹ کے مطابق بنائے جاتے ہیں تمام نیوز میڈیا سکرپٹ کے مطابق ہی کام کرتا ہے_

اس چیز کا ثبوت ویڈیو بھی میں پوسٹ کے نیچے کمنٹ کر دوں گا

یہ ویڈیو بھی پوسٹ کر دوں گا عین جب ٹرمپ پر حملہ ہوا اس کے پیچھے ایک عورت بیٹھی تھی وہ ذرا بھی اپنی جگہ سے نہیں ہلی نا ہی اس نے دائیں بائیں دیکھا اس نے اپنا موبائل اٹھایا اور ٹرمپ کی ویڈیو بنانی شروع کر دی، حالانکہ دائیں بائیں کچھ لوگ بھاگے دوڑتے بھی مگر اس سے ظاہر ہوتا ہے سٹیج پر موجود اکثر لوگوں کو سٹیج پلے کا علم تھا اور یہ بھی علم تھا کہ ٹرمپ کو کچھ نہیں ہو گا یہ سارا ڈرامہ اس کی مقبولیت میں مزید اضافے اور مسیحا کے تصور کو مضبوط کرنے کیلئے رچایا گیا ہے

2022 میں بالکل اسی طرح سابقہ جاپانی وزیر اعظم پر بھی گولیاں چلی اور بتایا گیا وہ مارا گیا جبکہ وہ بھی مکمل سٹیج پلے تھا تین دن کی تحقیق کے بعد تمام ویڈیو ثبوتوں کیساتھ میں نے شاید اس وقت تین مضامین لکھے تھے جو میرے آخر الزمان والے اکاؤنٹ پر موجود ہیں کوشش کرتا ہوں ان کے بھی لنک دے دوں جب 2022 میں عمران خان پر حملہ ہوا تھا وہ بھی ایسا ہی سٹیج پلے تھا اس سے قبل بے نظیر والا معاملہ تو صاف دیکھا جا سکتا ہے کہ اسے کوئی گولی

نہیں لگی تھی یہ سب فری میسن کی ٹیکٹکس ہیں تا کہ اس استحصالی جمہوری نظام میں سیاستدانوں کو ہیرو بنایا جائے اور ظاہر کیا جائے کہ سیاستدان عوام کے حقوق کیلئے لڑتے لڑتے اپنی جان تک دے دیتے ہیں

اور عوام جاہل کسی بھی خبر پر تنقیدی نگاہ رکھنے کی صلاحیت کھو چکی ہے کیونکہ انہوں نے سینکڑوں قسم کی ادوایات اور طریقوں سے ہمارے دماغ کو سکیڑ دیا ہے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت محدود کر دی ہے یہ موبائل بھی خود یہیں کام کر رہا ہے کچھ ہی دن قبل بی بی سی نے آرٹیکل شائع کیا تھا جس میں بتایا گیا تھا موبائل کے استعمال سے یاداشت کمزور پڑ رہی ہے ٹیسلا نے بھی کہا تھا جوں جوں معاشرے میں بجلی سے چلنے والے ذرات زیادہ ہوتے جائیں گے توں توں لوگوں کے سوچنے کی صلاحیت کم ہوتی جائے گی_

ٹرمپ کو امریکی کٹر عیسائیوں اور اسرائیل دونوں کیلئے میسحا بنایا گیا ہے کیونکہ ٹرمپ تاریخ میں وہ پہلا امریکی صدر ہے جس نے سفارتخانہ تل ابیب سے یروشلم منتقل کیا ہے_ یہودیوں کیلئے نا یروشلم کی کوئی اہمیت ہے اور نا ہی ہیکل کی وہ صرف ابلیس کیساتھ مل کر اصل مسیحا کو لانا چاہتے ہیں جو دنیا کے مسائل حل کرے اور سیدنا مہدی و عیسی علیہ السلام کو اس میڈیا کے ذریعے جس کے حوالے سے خدا جیسا تصور مضبوط کیا گیا ہے دہشت گرد ظاہر کیا جائے گا کیونکہ لوگ میڈیا کی ہر خبر کو درست سمجھتے ہیں سب ٹرمپ پر حملے کے متعلق جو کچھ میڈیا بتائے گا مجال ہے جو اس سے ہٹ کر کوئی شخص کچھ اور سوچنا بھی گوارا کرے_

https://www.facebook.com/share/p/ACBnmmyBHG5CtMkY/?mibextid=oFDknk

ٹرمپ پر حملہ کا دھوکہ (حصہ دوم)

ہیرو کا کردار دونوں صورتوں میں نکھرتا ہے

حصہ دوم

پہلے مضمون سے بعض بھائیوں کو شبہ ہوا کہ میں کوئی پٹواری ہوں تو دست بدستہ عرض ہے نواز شریف نے عمران خان سے کہیں پہلے ابلیس کی بیعت کی تھی اور یہ سبھی ایک ہیں اگر آپ کو معلوم ہو جائے کہ فضل الرحمان، عمران، نواز، بلاول، سعد رضوی، حافظ نعیم سبھی دجال کی بیعت ہیں تو آپ ان کے کپڑے نوچ ڈالیں اس لیئے سکرپٹ کے مطابق یہ ہمیشہ ہیرو اور ولن کے کردار میں رہ کر لوگوں کو تقسیم رکھتے ہیں

قاتل نے بلڈنگ پر چڑھنے کیلیئے سیڑھی لگائی اس کو سیڑھی لے کر جاتے ہوئے کسی نے نہیں دیکھا، عینی شاہدین نے بتایا ہم نے قاتل کو رائفل کیساتھ رینگتے دیکھا پولیس کو بتایا مگر پولیس نے کوئی حرکت نہیں کی، چاک و چوبند سنائپر 42 سیکنڈ تک شوٹر کو دیکھتے رہے مگر انہوں نے کوئی حرکت نہیں کی عین جب اس نے گولیاں چلا دی تب انہوں نے اس کو شوٹ کیا_

آپ نے فلموں نے دیکھا ہوگا جس شوٹر کو کسی کو قتل کرنے کیلیئے ہائر کیا جاتا ہے قتل کر چکنے کے بعد اسکو بھی قتل کر دیا جاتا ہے لیکن اگر وہ عین موقع پر قتل نا بھی کرے تب بھی دوسرا، تیسرا آپشن موجود ہوتا ہے

اب زیادہ تر لوگوں کے تصور حقیقت کے مطابق تو ٹرمپ والا واقعہ حقیقت ہی تھی فلم نا تھی جبکہ معاملہ تو اس کے برعکس ہے مگر تجزیہ جاری رکھتے ہیں_

فلموں میں اکثر ہیرو عین موقع پر تمام سینکڑوں دشمنوں پر بھاری پڑتے ہوئے اہم شخصیت کو بھی بچا لیتا ہے اور تمام دشمنوں کا بھی صفایا کر دیتا ہے مگر یہ تو بہر حال فلم نا تھی_

ہم اس واقع کو میڈیا کی نظر سے دیکھ رہے ہیں امریکی لوگوں کی نظر سے نہیں دیکھ رہے، سکرپٹ ساری دنیا میں ایک ہی انداز میں فلمایا جاتا ہے_

حکومت اپوزیشن، میڈیا سبھی سکرپٹ کا حصہ ہوتے ہیں مگر سیاسی میدان میں لوگوں کی امیدیں نظام سے وابستہ رکھنے کیلیئے بعض لوگوں کو ہیرو اور بعض کو ولن کے روپ میں دکھایا جاتا ہے_

امریکہ میں جن لوگوں کے سامنے انہوں نے بائیڈن کا چہرہ بطور ولن پیش کیا ہے وہ اس ساری سیکورٹی کی خامیوں کو بائیڈن کے پلڑے میں ڈال رہے ہیں یوں جس قدر سیکورٹی کی خامیوں کو اجاگر کیا جائے گا اسی قدر ٹرمپ کی مسیحائی میں اضافہ ہوگا، یہیں اصل سکرپٹ ہے_

اصل سکرپٹ ایک ہی ہے مگر امریکی عوام کے نزدیک (جیسے ان کی میڈیا کے ذریعے ذہن سازی کی گئی ہے)

ایک سکرپٹ وہ ہے جس کے مطابق ٹرمپ تن تنہا ڈیپ سٹیٹ (فری میسن وغیرہ) کے خلاف کھڑا ہے، آپ امریکہ کے ٹوئٹر پر ٹاپ ٹرینڈ دیکھ لیں آپ کو بار بار ڈیپ سٹیٹ کا تذکرہ ملے گا اور وہ ڈیپ سٹیٹ کے زمہ کن کن چیزوں کو ڈالتے ہیں وہ بچوں کو اغوا کرتے ہیں وہ ویکسین اور مین میڈ وباؤں سے لوگوں کو قتل کرتے ہیں وہ امریکہ کے فیڈرل ریزرو اور ان کا تمام دنیا کی کرنسی پر بینکوں کے ذریعے کنٹرول ہے وہ ون ورلڈ گورنمنٹ لانا چاہتے ہیں وہ ابلیس کے کارندے ہیں وہ سی آئی اے ہے وغیرہ وغیرہ یہ تمام چیزیں آپ کو امریکی سوشل میڈیا پر دیکھنے کو ملیں گی

اب ہمارے اور ان کے مذہبی تصورات میں زمین و آسمان کا فرق ہے اور اس فرق کی روشنی میں، میں آپ کو پوری دنیا کی سیاست میں فری میسن کا ہاتھ دکھانا چاہتا ہوں شاید آپ کے پلے کچھ بات پڑے_

آج سے تین ماہ قبل ایک عیسائی پرافٹ نے پیشن گوئی کی تھی کہ ٹرمپ کے کان کے پاس گولی ماری جائے گی اس کا سر محفوظ رہے گا وہ گرے گا اور پھر جب اٹھ کر کھڑا ہوگا تو وہ خدا ہوگا۔ یہ موضوع اتنا گہرا ہے اگر اس پر کتب بھی لکھی جائیں تو وہ بھی سمجھانے کیلئے کم ہونگی بالخصوص پاکستانی قارئین کیلئے

۔

اب اس عیسائی پادری کی پیشن گوئی حرف با حرف پوری ہوئی گویا وہ دنیا کا سب سے بڑا راز دان ہے، مسلمانوں کیلئے سوال یہ ہے اس عیسائی کو اس سارے وقوعہ کا تین ماہ قبل علم کیسے ہوا (ایک ماہ قبل ٹوئٹر پر پوسٹ کی گئی اسکی ویڈیو کا لنک میں فراہم کر سکتا ہوں)

گویا ہم کہہ سکتے ہیں عیسائیت میں ضرور کچھ نا کچھ سچائی ہے۔

اب اسکا دوسرا رخ دیکھئیے اس شخص کو پورے سکرپٹ کا تین ماہ قبل علم تھا اور انہوں نے اس سے یہ پیشن گوئی صرف کرائی اسی لیئے تھی تا کہ اگر کوئی سر پھرا اس قاتلانہ حملے کو سکرپٹ یاں پہلے سے طے شدہ ثابت کرنے کی کوشش کرے تو جاہل امریکی عیسائیوں کے سامنے یہ ویڈیو رکھ دی جائے ایک طرف وہ سارا پراپوگنڈا جس میں ثابت کرنے کی کوشش کی جا رہی بلکہ وہ کامیاب ہیں کہ ٹرمپ کے قتل میں سی آئی اے کا ہاتھ ہے دوسری طرف یہ پیشن گوئی ان کڑیوں کو ملا کر وہ عام ذہن کو قابوں کرتے ہیں اور کسی کو دھیان دوسری طرف کی آراء کو جانے نہیں پاتا

تیسرا رخ دیکھیں

امریکی تاریخ میں ٹرمپ پہلا صدر ہے جس نے سفارتخانہ تل ابیب سے یروشلم منتقل کیا ہے جو یہودی چاہتے تھے اسی وجہ سے یہودیوں نے سائرس کیساتھ ٹرمپ کی تصویر نئے سکے پر چھاپی ہے سائرس نے بھی ہیکل کی تعمیر کی تھی۔

اگر چرچ نے باقاعدہ طور پر یہودیوں کو عیسی علیہ السلام کا خون معاف کر دیا ہے مگر پھر بھی کٹر عیسائی یہودیوں سے نفرت کرتے ہیں اس کا بہترین اظہار آپ کو وہاں فلسطین کے حق میں ریلیوں کی صورت دیکھنے کو ملے گا۔

چوتھا رخ

جس طرح ٹرمپ وہاں مقبول ہے عمران خان یہاں مقبول ہے

دونوں کی مقبولیت کیلئے ایک جیسا سکرپٹ استعمال کیا گیا ہے وہاں جاننے والے امریکی پیٹ پیٹ کر مر گئے ہیں اللہ کے بندوں آج تک امریکہ کرسی صدارت پر کوئی بھی شخص ڈیپ سٹیٹ کی مرضی کے بغیر نہیں آیا ٹرمپ جیسے ارب پتی کو تم کیوں استثنا دیتے ہوں اور وہ بتاتے ہیں ٹرمپ بھی انہی میں سے ایک ہے مگر فری میسن کے نفسیاتی حربے جادو کیطرح کام کرتے ہیں لوگوں کو سمجھانا مشکل ہے کہ تمام سیاسی اشرافیہ ایک ہے

اب آپ عمران خان کے ٹوئٹر اکاؤنٹ سے ٹرمپ پر حملے کی مزمت والی ٹویٹ کے کمنٹ سیکشن میں آجائیں وہاں پر پاکستانیوں کے جوش سے بھرے تبصرے دیکھیں

ٹرمپ اور عمران دونوں ہیرو ہیں

دونوں باطل کے سامنے ڈٹے رہے

دونوں مشکلات پر قابوں پا کر مزید طاقتور ہوئے

دونوں بہادر لیڈر رہیں

میں عرض کرتا ہوں آپ کے قبلہ اول کی جگہ ہیکل تعمیر کرنے کیلئے تاریخ میں سب سے بڑا کردار ٹرمپ کا ہے

اللہ قرآن میں کہتا ہے تحقیق کر لیا کرو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دجال کی آمد سے قبل پوری دنیا پر دھوکے کے چند سال آئیں گے

دوستوں یہ دنیا ویسی ہر گز نہیں ہے جیسی میڈیا دکھاتا ہے

آپ مانیں یاں نا مانیں آپ کے ذہن میں ہیرو اور ولن دونوں کا تصور میڈیا نے بٹھایا ہے

تاریخ میں قتل کی تمام کوششیں یاں تمام قتل دیکھ لیں ہزاروں لاکھوں کے مجمعہ میں یہ سکرپٹ فلمایا جاتا ہے ہزاروں لوگوں کے سامنے دھوکہ دینا سب سے آسان ہوتا ہے اسی کو جادو کی اعلی ترین صنف کہتے ہیں

اس حوالے سے مزید ثبوت میں اپنے چیٹ گروپ میں ارسال کرتا رہوں گا

یہ مولوی تمہیں سبق دیتے ہیں کہ برگر اور مشروبات کا بائیکاٹ کر کے اسرائیل کو قدموں پر لے آئیں گے ان مولویوں سے پوچھیں اسرائیل کا تیسرا بڑا تجارتی پارٹنر چین تمہیں ایسا کرنے دے گا_ اور ان مولویوں سے پوچھوں آئی ایم ایف کا کاہے کیا تمہارے ملک میں چھپنے والی کرنسی کا اختیار ان کے پاس نہیں ہے وہ چاہیں تو بیٹھے بٹھائے تمہاری کرنسی کی قیمت کو پتوں اور کنکروں کے برابر کر دیں اور تم کہتے ہو بائیکاٹ کرتے ہیں_

آخر یہ کس طرح ممکن ہے دنیا میں مذہب کی سب سے بڑی دشمن قوت چین، تمہارے گمان میں پوری امت کیطرف سے نام نہاد جہاد کا فریضہ ادا کرنے والی قوت حماس اور الفتح کی حامی اور مددگار بن جائے_

مسلمان کیسے باطل گمانوں کے پیچھے چلتے ہیں_ پہلے جب گوگل پر اسرائیل اور چین سرچ کیا جاتا تھا تو ہمیشہ آگے ٹریڈ لکھا آتا تھا اب کل کی خبر کے بعد وار لکھا آتا ہے اور حقیقت کو یہ رنگ مسلمانوں کے گمان نے دیا ہے_ وہ تمہاری خواہش پوری کریں گے فری میسن کا تین سو سالہ منصوبہ روبہ عمل آئے گا آخری صلیبی جنگ ہو گی

مگر جنگ کے دونوں فریقین باطل کے غلبہ کیلئے لڑیں گے_

اسرائیل و حماس جنگ کا آنکھوں دیکھا حال صیہونی جیو اور اے آر وائی میڈیا اور صیہونی یوٹیوب اور فیس بک ورژن دیکھنے والوں قرآن و سنت بھی پڑھ لو تاکہ تمہیں فتنہ کا علم ہو_

https://www.facebook.com/share/p/CdkKFWhkvg7GGmrm/?mibextid=oFDknk

چین حماس دوستی، چین اسرائیل دشمنی (حصہ دوم)

چین کی دوستی و دشمنی کے معیار اور انسانی تاریخ

ہمارا ایمان و عقیدہ، معاشی و معاشرتی و سیاسی و سماجی نظریہ و بیانیہ سب کچھ میڈیا کی ذہن سازی کی بدولت ہے، میڈیا پر خبر چل گئی کہ چین نے فلسطینی گروہوں میں مفاہمت کرادی اور ہم نے ریت میں سر دے کر خبر پر تنقید نگاہ ڈالے بغیر، تاریخ کو ایک طرف رکھتے ہیں، قوموں اور ملکوں کے مفادات سے آنکھ چراتے ہوئے میڈیا کی خبر کو وحی مان کر اس بات کو قبول کرلیا_

میں جب پوچھتا ہوں دشمنی تو وہ ہوتی ہے جس میں دشمنوں کے قافلے پر حملہ کر دیا جاتا ہے میں سیرت رسول کی مثال دیتا ہوں جو قیامت تک کیلئے ہمارے لیئے وہ آئینہ ہے جس میں سے ہم حقیقت کا اصل رخ دیکھ سکتے ہیں تب لوگ کہتے ہیں تم عقل سے پیدل ہو آج کی دنیا ویسی نہیں ہے آج دشمنی بھی ہوتی ہے اور امریکہ و چین سب سے بڑے تجارتی پارٹنر بھی ہوتے ہیں یعنی دشمنی ان جاہلوں کو دکھانے کیلئے ہوتی ہے جن کو علم نہیں ہے کہ پوری دنیا کی حکومتیں ایک ہی ایجنڈے پر کام کر رہی ہیں اور ان کی دشمنی کمیونزم و جمہوریت، سرد اور گرم جنگ سب دھوکہ ہے وہ ایک ساتھ دنیا کے نظاموں کو معاشرت اور معیشت کو بدلتے جارہے ہیں اب چین کا سوشل کریڈٹ سسٹم آہستہ آہستہ پوری دنیا میں پھیل رہا ہے ایران اور برطانیہ میں اس کا نفاذ ہو رہا ہے باقی دنیا میں بھی پھیلے گا اور تم سمجھتے ہو دنیا میں دو بلاک ہیں_

چلیں امریکہ سے تو چین کے تجارتی مفادات ہیں مگر حماس اور الفتح سے کونسے تجارتی مفادات ہیں اور کیا چین اسرائیل کا دشمن ہے؟؟؟

اگر ایسا ہے تو کوئی ادنٰی سی مثال دیں؟؟؟

اللہ کے بندوں لازمی نہیں جو کچھ میڈیا بتارہا ہو وہ سب کچھ درست ہو_

مجھے بتائیں چین حماس سے اس معاہدے کے بدلے کیا لے رہا آپ ہی کہتے ہیں چین صرف اپنے مفادات دیکھتا ہے اسی لیئے وہ دشمنی کے باوجود امریکہ سے تجارت کرتا ہے_

ورلڈ اکنامک فورم کی بنیاد کس نے رکھی اور اس ادارے کے پیچھے کون ہیں جو ساری دنیا کیلئے پالیسیاں وضع کرتا ہے جس ادارے کا فکری محاذ اسرائیلی مصنف یول نوح ہراری نے سنبھال رکھا ہے اس ورلڈ اکنامک فورم کا اجلاس اب چین میں کیوں ہوا ہے یعنی وہ ادارہ جس کو واضح طور پر صیہونی کنٹرول کر رہے ہیں 2024 میں اس کا اجلاس چین میں ہو رہا ہے اور آپ مجھے کہتے ہیں چین اور اسرائیل کی دشمنی ہے اللہ کے بندوں وہ دنیا کو ون ورلڈ گورنمنٹ کی جانب ون ورلڈ سسٹم اور ون ورلڈ کرنسی کی جانب لے کر جارہے ہیں اور اس ڈیجیٹل کرنسی کا سارا انتظام ایک ہی جگہ سے کیا جائے گا_

مجھے بتائیں ان متحدہ نظاموں اور دجال کی حکومت کا آپس میں کوئی میل ہے_

میڈیا کی تاروں کو اپنے دماغ سے کاٹ کر جواب دو! کیا دنیا میں مذہب کی سب سے بڑی چین چینی ریاست مسلمانوں کی دوست ہو سکتی ہے یاں پھر یہ ہے کہ مسلمان نام کے مسلمان ہیں انہیں ہم میں کسی قسم کی مسلمانی نہیں دکھی اس لیئے وہ ہماری مدد کر رہے ہیں اور مذہبی و سیاسی اشرافیہ میں تمہارا ہر مسیحا پس پردہ چین کی ہدایت پر یہاں مادہ پرستی اور الحاد کو فروغ دے رہا ہے یونیورسٹیوں میں جاکر دیکھوں اسرائیل، چین اور امریکہ کی معاشرت میں اور پاکستان کی معاشرت میں کتنا فرق رہ گیا ہے_

فری میسن کے دنیا پر قبضے سے پہلے اور دھوکے کی دشمنیوں کے دور سے پہلے آج سے دو سو سال پیچھے چلے جائیں اور مجھے بتائیں کون سے دو دشمن ہیں جن میں تجارت بھی چل رہی ہو اور امریکہ چین کا سب سے بڑا دشمن بھی ہو اور چین کا سب سے بڑا مقروض بھی ہو اور مجھے یہ بھی بتائیں کیا چین کی ترقی کے پیچھے صیہونیوں کا پیسہ نہیں ہے کیا چین کا بینکاری نظام صیہونی بینکاری سے نہیں جڑا ہو تا تمہیں میڈیا کی سکرین سے جو خبر بھی بتائی جاتی ہے تم کیوں آنکھیں بند کر کے اس کا اعتبار کر لیتے ہیں

مجھے بتائیں ابلیس کو سب سے زیادہ کس چیز کی چاہ ہے کیا اسرائیل، امریکہ اور چین کی حکومتیں مذہب کے خاتمے اور مادہ پرستی والحاد کے فروغ کیلئے ایک پیج پر نہیں ہیں یاں چین خلیفہ تالمسلمین ہے اور حماس والفتح کی مدد پر تلا بیٹھا ہے مجھے بتائیں چین کو اسرائیل کو تباہ کر کے کیا ملے گا_ کیا چین میں اسرائیلی کمپنیاں کام نہیں کر رہی اور مجھے بتائیں آج سے دو تین سو سال پہلے سے بینکاری پر کس کی اجارہ داری ہے اصل زر یعنی سونا کس کے پاس ہے کیا تم نے پروٹوکولز پڑھے ہیں تمہارا پورا منہ سونے سے بھر بھی دیا جائے اور تمہارے دماغ سے خدا کا تصور نکال دیا جائے تو تمہارے گھر تک سونے سے بھر دینے سے تم فایدہ میں رہو گے یاں نقصان میں مگر مسئلہ یہ ہے خواہشات نفسانی ہمارا دین ہے اور اللہ کی کتاب کی بجائے میڈیا ہمارے لئیے نئی وحی الہی ہے_

مجھے قرآن وسنت کی ہدایات میں سے کوئی ادنی سی بات بتائیں جس پر میڈیا چل رہا ہو جس میڈیا کی ہر ہر خبر کو تم بلا چوں چرا اں مان لیتے ہو_

ہمیں بتایا گیا ہے کہ امریکہ مسلمانوں کا دشمن ہے اور چین مسلمانوں کا دوست ہے چلیں ٹھیک ہے اس بیانیہ کو لیکر تجزیہ کرتے ہیں آپ نے صرف عقل کا استعمال کرنا ہے اپنے دماغ سے ٹی وی کی تاریں کاٹ دیں اور صرف خالص دماغ کا استعمال کر کے میری بات پر غور کریں اور اسکا جواب دیں

فرض کریں اس وقت جس قدر امریکہ کا دنیا پر اختیار ہے اتنا ہی اختیار چین کو حاصل ہو جاتا ہے تو وہ کیا کرے گا_ کیا آپ نے تاریخ پڑھی ہے کیا آپ جانتے ہیں ہمیشہ حکمران طاقتیں اور برتر قوت محکوم قوموں پر اپنا مذہب اور ثقافت نافذ کرتی ہے آپ کو تو بھولنا نہیں چاہیے نصاب تعلیم میں آپ سلطنت برطانیہ کا احوال پڑھتے ہیں جب وہ یہاں تھے

اگر چین کو اتنا ہی اختیار مل گیا تو کیا وہ آپ کے مذہب، عقائد اور نظریات سے کسی قسم کا تعرض نہیں کرے گا اور کیا وہ دنیا پر اپنا الحادی نظریہ نافذ نہیں کرے گا یاں آپ کے مولویوں میں اتنا دم خم ہے کہ وہ امت کو تو اسلام سے نکال رہے ہیں ایک دوسرے کے ک ف ر کے فتوئے دے رہے ہیں اور سارے چین کو مشرف با اسلام کر لیں گے_

ابلیس کا مقصد الحاد کا فروغ ہے یہ کام وہ امریکہ اور یورپ سے لے یاں چین سے لے اس نے اپنا مقصد نکالنا ہے_ مگر چونکہ میڈیا یاں مذہبی وسیاسی اشرافیہ یہ بات نہیں بتا رہی اس لئیے آپ نے میری بات نہیں ماننی_

چلیں میری بات نا مانیں صرف اتنا بتا دیں کیا چین اسلام کا دوست ہے اور اگر دوست ہے تو چین کی دوستی سے اسلام کے معاشی ومعاشرتی وسیاسی وسماجی نظاموں کو کتنی قوت ملی ہے ان کی پرانی شکل وصورت کس طرح واپس عود آئی ہے

کیا چین میں فری میسن لاجز نہیں ہیں کیا چین میں پورن انڈسٹری نہیں ہے وہاں کی خواتین تو پاکستان میں آکر اپنا جسم بیچتی ہیں اگر نہیں یقین تو پنڈی اسلام آباد میں کام کرنے والے کسی دوست سے پوچھیں_ یاں گلگت شہر کے کسی دوست سے پوچھیں_

اگر آپ تھوڑے سے بھی مسلمان ہیں یاں اللہ کا ڈر ہے تو مجھے بتائیں آپ کو معیشت عزیز ہے یاں تصور خدا؟؟؟؟

دجال لوگوں کو کیسے اپنی بیعت پر مجبور کرے گا وہ یہیں روٹی کا لالچ دے گا_ اور یہ روٹی کھانے پینے کی اشیا سمیت ہر چیز مہنگی کیوں ہوتی جارہی ہے کیا اس میں عوام کی کوتاہی ہے یاں عالمی اشرافیہ کی نظام سرمایہ داری کی یاں مجھے یہ بتائیں امریکہ میں تو سرمایہ داری ہے اور چین میں اسلام کا معاشی نظام سود سے پاک نظام کام کررہاہے_

اگر کوئی شخص آپ کو ایک کروڑ ڈالر دے تو کیا آپ اپنا مذہب چھوڑ دیں گے ؟؟؟؟

حقیقت یہیں ہے آپ مذہب چھوڑ دیں گے_

https://www.facebook.com/share/p/bsH9cVMKadB1QaG7/?mibextid=oFDknk

چین حماس دوستی، چین اسرائیل دشمنی (حصہ سوم)

ہم 1948 کی بات کرتے ہیں
بات صرف بیت المقدس چھننے کی نہیں ہے بات آپ کی پہچان چھن جانے کی ہے اسلام چھن جانے کی ہے اور بات دین کے نام پر دھوکے کی ہے نصاب تعلیم اور میڈیا کے نام پر جھوٹ کی ہے بات یہ ہے کہ جو کچھ بتایا جارہا ہے وہ جھوٹ ہے بات یہ ہے کہ بتانے والے یاں لکھنے والے کے سچا ہونے کی آپ نے کس قدر تصدیق کی ہے_
قرآن وسنت کا بیان سازش نہیں ہے سازش تب ہوتی ہے جب قرآن وسنت کو اپنے معنی پہنائے جائیں آپ اپنی عقل استعمال کر کے اصل و نقل میں پہچان کر سکتے ہیں_
ہم مسند احمد بن حنبل کی حدیث نمبر 18596 کی بات کرتے ہیں اس روایت میں پانچ ادوار کا ذکر ہے اور اب ہم جبر کی حکومت کے دور میں ہیں سب سے زیادہ جبر کا نظام چین میں رائج ہے جس کو انہوں نے پوری دنیا میں رائج کرنا ہے اب جو کچھ حماس اور الفتح کے معاملے پر سٹیج شور چایا گیا ہے میرے خیال میں سب سے پہلے چین کا ملحدانہ کمیونسٹ خدا کا دشمن نظام اسلامی ممالک میں رائج ہو گا اور ہم اس نظام کو نسحہ کیمیا جان کر قبول کریں گے جیسے باطل کی معیشت و معاشرت وسیاست وسماج کو قبول کر لیا_
کسی اللہ کے دشمن نے آپ کو ٹی وی سکرین سے بتا دیا ہے اس پر نا جائیں مجھے اپنی عقل استعمال کر کے بتائیں یہ کیسے ممکن ہے چین اور امریکہ آپس میں دشمن بھی ہوں اور باہمی تجارت کے ذریعے ایک دوسرے کو فایدہ بھی پہنچائیں_ سینکڑوں کتب موجود ہیں مجھے کسی ایک کتاب سے ایک سطر نکال کر دکھائیں مسلمانوں اور یورپ میں ہونے والی سو سال کی صلیبی جنگوں کے دوران کسی ایک مرچ یاں اس کے چھلکے کی بھی تجارت ہوئی ہو؟؟؟؟
دجال، دجالیت اور دھوکہ کیا
وہ یہ ٹی وی ہے، تصویر کا حلال کرنا ہے وہ اقوام متحدہ ہے اور اس سے منسلک پوری دنیا، وہ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن ہے جس کی سربراہی کمیونسٹ ملحد خدا کی ذات کا انکاری شخص ہے اور اس ادارے کے حکم پر دنیا بند کر دی جاتی ہے لاکھوں لوگ بے روزگار ہو جاتے ہیں ملینز خط غربت سے نیچے چلے جاتے ہیں اور پھر جو کچھ انہوں نے ویکسین سے کیا اس کیلئے میرے پاس پانچ سو ویڈیو ثبوت ہیں_
چلیں آپ امریکہ و چین کی دشمنی کو حقیقت کا رنگ دینے پر باضد ہیں تو میں مان لیتا ہوں کیا آپ میری بات مانیں گے، چین اور اسرائیل کے درمیان دشمنی کا سراغ آپ تاریخ میں کتنی دور جا کر پاتے ہیں آپ کو معلوم ہے چین کو پہلے اسرائیل نے تسلیم کیا یاں پاکستان نے حالانکہ اس سے کچھ نہیں ہوتا سب کچھ سکرپٹ کے مطابق ہوتا ہے_
کیا آخری مسلم خلیفہ نے چین کی سرزمین پر دم دیا تھا؟؟
چین فلسطینی مزاحمتی گروہوں (اگرچہ وہ ہیں نہیں) میں صلح کیوں کرا رہا ہے
مشرق سے لیکر مغرب تک دنیا کے ہر نیوز پیپر نے یہ خبر چھاپی ہے ہر ٹی وی چینل نے یہ خبر دی ہے_ ہم ذہنی جنگ کے دور میں ہیں جنگ میڈیا کی سکرین سے لڑی جارہی ہے جس کی ہر خبر ہم پر وحی بن کر اترتی ہے چاہے ہم سالوں قرآن نا کھولیں مگر میڈیا کی وحی کو ہم روز پڑھتے، سنتے اور اس پر

قرآن سے زیادہ ایمان لاتے ہیں اب چین نے فلسطینی مزاحمتی گروہوں کی صلح کرادی ہے اس خبر کا درجہ ہمارے نزدیک وحی الٰہی کا ہے اور اس خبر کی بنیاد پر ہم اپنا نظریہ وعقیدہ تشکیل دیں گے

جب پوری دنیا کا میڈیا کسی خبر کو مشرق سے مغرب تک بغیر کسی خرف کے نشر کرتا ہے تو اس کا مقصد ذہن سازی ہوتا ہے، احادیث رسول سے ہدایت لینا تو ہم نے اپنے اوپر حرام کرر کھا ہے جب میڈیا بے حیائی کو فروغ دے رہا ہوتا ہے کیا اس وقت وہ بے حیائی بھی ہم وحی کیطرح قبول کرتے ہیں؟

سچ ہے ہم قبول کرتے ہیں اپنے کالج اور یونیورسٹیاں دیکھیں بڑے شہروں میں گلیاں اور بازار دیکھیں، سوشل میڈیا دیکھیں یہ اسلامی معاشرہ ہے

صحابیِ رسول کی بیوی بھی اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دونوں جہان کے آقا سے پردے کے پیچھے سے سوال کرتی تھی یہ بات میڈیا کی وحی کے ذریعے مجھے تک نہیں پہنچی آسمانوں سے نازل اللہ کی وحی کے ذریعے متصل سند کیساتھ مجھ تک پہنچی ہے میں اس خبر کا پورا تاریخی ثبوت رکھتا ہوں_ اور جو فاسق میڈیا آپ کو ملحد خدا کی ادیان کی دشمنی چینی حکومت اور حماس والفتح کی محبت کے قصے سنا رہا ہے اس میڈیا کے کسی ایک نیوز اینکر کی امانت ودیانت کا کوئی ادنی سا ثبوت نا میرے پاس ہے ناہی آپ کے پاس_

فلسطینی جنگ کا سٹیج شو میڈیا نے دن رات کے پراپوگنڈا سے آپ کے دماغ میں اتار دیا ہے اب یہ جنگ دماغوں کی جنگ ہے جس میں خطوں سے زیادہ دماغوں پر قبضہ جمانا اہم ہے دماغی جنگ کا سب سے بڑا ہتھیار میڈیا ہے جس کو دجال لایا ہے

قرآن کس طرح سے خبر کی تحقیق کا حکم دیا کرتا ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کیسے خبر کی تحقیق کیا کرتے تھے پانچ لاکھ راویان حدیث کی امانت وصداقت کیسے تسلیم کی گئی یاں رد کی گئی ہے

چینی حکومت اور اسرائیلی حکومت کے مذہبی حیالات میں رتی برابر بھی فرق ہے؟؟؟؟؟

آپ نے کتنا جاننے کی کوشش کی ہے

کیا اسرائیل میں موسوی شریعت نافذ ہے؟؟؟؟ کبھی آرتھوڈوکس یہودیوں کو سنیں جنھوں نے پہلے دن سے اسرائیل کی ملحد حکومت کی مخالفت کی تھی _ کیا یہودیوں کو کسی مسیحا کی ضرورت ہے زر پر ان کا کنٹرول آج سے آٹھ سو سال پہلے کا ہے پہلے اس زر سے انہوں نے یورپی بادشاہتوں کو مقروض کیا پھر عثمانی سلطنت کو اور اب ان کے بینکوں کا جال پوری دنیا میں پھیلا ہے آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک انہی ملحد یہودیوں کا ہے جو اسرائیل کے حکمران ہے ناصرف آپ بلکہ ساری دنیا کی پالیسیاں آئی ایم ایف بناتا ہے اور چین آئی ایم ایف کا دوسرا سب سے بڑا مالی سپورٹر ہے_

اسرائیلی ریاست کے قیام کا مقصد یہودیوں کیلئے زمین کا حصول نہیں تھا زمین پر ان کا پہلے سے ہی قبضہ تھا دنیا کے معاشی ومعاشرتی وسیاسی نظاموں کی تشکیل انہی کے ہاتھوں ہوئی ہے چین میں جو نظام حکومت رائج ہے اس کا موجد بھی یہودی کارل مارکس ہے _ جیسی موسوی شریعت ہے اس شریعت پر عمل کرنے والا کوئی بھی یہودی موجودہ اسرائیلی حکومت کا حامی نہیں ہے جس طرح چین کی حکومت ملحد ہے ویسے ہی اسرائیل کی حکومت بھی ملحد ہے اور آپ کہتے ہیں چین کی حکومت نام نہاد اسلام کے ترجمان حماس والفتح سے اتحاد کر رہی ہے

اللہ کے دشمن اور اللہ کے دوست کا اتحاد کیسا_

چین، اسرائیل، یورپ اور امریکہ میں سے وہ کونسی حکومت ہے جو الحاد وبے دینی کے فروغ کیلئے کوشاں نہیں ہے کیا چین کی ایپ ٹک ٹاک سے دین پھیل رہا ہے میڈیا کی بدولت آپ اس بات پر ایمان لاچکے ہیں کہ دنیا کی سب سے بڑی ملحد حکومت نے دنیا کے سب سے بڑے نام نہاد جہادی گروہوں سے صلح کرلی ہے اور ان میں صلح کرادی ہے جیسے چین ملحد ریاست ناہو مسلمان خلافت کا پایہ تحت ہو_

اللہ کے بندوں سے جیسے پہلے دن سے یہودی امریکہ و یورپ کو کنٹرول کر رہے ہیں ویسے ہیں وہ چین کو بھی کنٹرول کر رہے ہیں مسیحا کی آمد سے قبل وہ ایک بڑی جنگ چاہتے ہیں جس کے بعد وہ ایک بار پھر سے 1944 کیطرح عالمی نظام بدل سکیں اور اس جنگ میں انہوں نے خود دونوں فریق چننے ہیں ایک طرف امریکہ و یورپ ہو گا دوسری طرف اسلامی ممالک، چین اور روس ہونگے_ یہ قبلہ وال کی جنگ نہیں ہو گی بلکہ دجالی عالمی نظام کے قیام کی جنگ ہو گی کیونکہ بڑی تباہی کے بغیر لوگ ایک دم سے بڑی تبدیلیوں کو قبول نہیں کریں گے نیا نظام وہ یہ کہہ کر لائیں گے کہ اس سے ہم جنگیں روکیں گے امن و امان قائم کریں گے مجھے بتائیں کیا اقوام متحدہ کے قیام کے بعد جنگیں رک چکی ہیں_ اگر امریکہ کی بجائے چین دنیا کا حاکم بن جائے تو کیا وہ شرعی قانون نافذ کر دے گا اللہ کے بندوں وہ انسانی تاریخ کا سخت ترین نظام اپنا سوشل کریڈٹ سسٹم نافذ کرے گا اور کمیونسٹ کا بانی ابلیس ہے جیسے وہ جمہوریت کو لایا_

اس نظام کی خصوصیات بظاہر حقوق دینا جان لیں بظاہر اور لوگوں سے عقیدہ خدا کے وجود کا تصور چھین لینا ہے_

چین سپر پاور نہیں بن رہا امریکہ اور یہودی اسے سپر پاور بنا رہے ہیں تا کہ چین کا نظام حکومت پوری دنیا پر رائج کیا جا سکے_ وہ نظام حکومت جس میں مذہب پر پابندی ہے امریکہ اور یورپ میں جیسے بھی ہے بچی کھچی عیسائیت کے آثار باقی ہے وہ خود سے ملحدانہ نظام حکومت رائج نہیں کر سکتے اس لیئے چین اور امریکہ کی دشمنی ظاہر کی جارہی ہے اسی لیئے چین کو افغان حکومت کا مدد گار دکھایا جاتا ہے اور اب یہ فلسطینی گروہوں کا معاملہ_

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مشرکوں سے مدد مانگنے سے منع کیا ہے چین کی حکومت کا سرے سے کوئی دین ہی نہیں ہے کیا آپ فرامین رسول سے ہدایت لینا پسند کریں گے_

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دجال کی آمد سے پہلے پوری دنیا پر دھوکے کے چند سال آئیں گے_

یہ دھوکہ میڈیا دے رہا ہے مشرق سے مغرب تک بغیر کسی خرف کی تبدیلی کے گردش کرنے والی خبر اسی دھوکے کے دور کا خاصہ ہے جس کی خبر حدیث میں دی گئی ہے_

خدارا میڈیا کی سکرین کے بجائے اللہ کے قرآن اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت سے ہدایت لیں!

فتنہ کی بات کرتے ہوئے عبد اللہ ابن مسعود نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان نقل کیا جب انسان اپنے ہم مجلس سے محفوظ نا ہو میڈیا نفرتوں کا نقیب ہے اور مذہبی و سیاسی اشرافیہ خالص قرآن و سنت کا مطالعہ تو آپ کو محبت سکھاتا ہے چیزوں پر تنقیدی نگاہ ڈالنا اور حق کی تلاش کیلئے تحقیق کرنا سکھاتا ہے

https://www.facebook.com/share/p/cnXJzPk23nkbmKAA/?mibextid=oFDknk

اسماعیل ہانیہ کا قتل

میڈیا حماس اسرائیل جنگ کا فاتح ہے
سب سے پہلے تو جان لیں کے میڈیا نام نہاد مذہبی جماعتوں کو کم کوریج کیوں دیتا ہے ؟؟؟؟
اس کو ہم سوال مان لیتے ہیں شاید کچھ مسائل کا حل نکل آئے
پہلا اور حتمی جواب: میڈیا خلاف اسلام ہے
چلیں مان لیا اور یہ بھی مان لیا کہ پاکستان کا میڈیا تو خلاف اسلام ہے ہی مگر اسرائیل کا میڈیا زیادہ خلاف اسلام ہے_
دو باتیں واضح ہو جانے کے بعد ہم تیسری بات کی جانب بڑھتے ہیں ایک اور سوال
کیا دنیا بھر کا میڈیا فلسطینیوں کا غم گسار ہے یاں اسرائیل کا حمایتی ؟؟؟
اس سوال کا جواب ہم پہلے بھی تلاش کر چکے ہیں مگر کچھ مزید کھودتے ہیں، ہم یہاں پاکستانی و مسلم و غیر مسلم میڈیا میں تقسیم کرتے ہیں اور جانتے ہیں کیا یہ تقسیم واقع ہی میں ہے بھی یاں پوری دنیا کا میڈیا ایک ہی مقصد کیلئے کام کرتا ہے
اسماعیل ہانیہ کی موت ہوئی ؟؟؟
سارا پاکستانی سوشل میڈیائی طبقہ اس بات کو سچ مان کر آنسو بہا رہا ہے_ ہم کبھی بھی اسلام کے معاشی و معاشرتی و سیاسی نظام کی موت پر آنسو نہیں بہاتے جس کے سبب ہزاروں اسماعیل ہانیہ مرتے ہیں، مکہ میں عثمان رضی اللہ عنہ جاتے یاں کوئی ادنٰی صحابی بیعت رضوان ہر دو کیل ہے ہوتی یہ سنت کا سبق ہے مگر میڈیائی وحی پر ایمان رکھنے والوں کو سنت کا سبق کم ہی یاد رہتا ہے۔
میڈیا کو کسی بھی کیٹاگری میں تقسیم کیئے بغیر غور فرمائیں کہ اسماعیل ہانیہ کی موت کی اطلاع مشرق سے مغرب تک پوری دنیا کے میڈیا نے دی_ کیا ہم فرض کرسکتے ہیں کہ میڈیا کے دو طبقات میں سے کسی ایک طبقہ کو یہ خبر چھپانی چاہیے تھی یاں اسے مبینہ کہنا چاہیے تھا_ یہاں پوری دنیا میں لہر کیطرح یہ خبر چلی اور چار سو پھیل گئی دنیا بھر کے مسلمان
میڈیا کی وحی پر ایمان لے آئے جیسے وہ پہلے کرتے آئے ہیں_
کیا ساری دنیا کے میڈیا نے بقیہ خبروں کی طرح اس خبر کو بھی سکرپٹ کے مطابق چلایا، اسرائیل کا میڈیا بھی اس میں شامل ہے_
سکرپٹ رائٹر کون ہے ؟؟؟؟
میرے حیال میں ان سوالات پر غور کرنے کیلئے ہم اپنے دماغ کو کام میں لگانے کی کوفت نہیں اٹھانا چاہتے چلیں آگے بڑھتے ہیں_
اس خبر سے فایدہ کس کو ہوا ؟؟؟؟؟؟؟
یہ بڑا سوال ہے مگر تھوڑا دین جان لینا چاہیے_
کچھ لوگ فرقہ ورانہ فتنوں کو زندہ رکھنے کیلیئے کتوں کی طرح لڑ رہے ہیں اور ایک دوسرے کو اسلام سے باہر نکالنے پر تلے ہیں ان سے سوال ہے تم مانتے ہو نا اسماعیل ہانیہ ایران میں مرا ہے ؟؟؟؟

اگر چہ میں اس بات کو نہیں مانتا، اور اگر وہ ایران میں مرا ہے تو ایران حماس کا دشمن تو نا ہوا، میڈیا کی وحی پر ایمان لانے کا مطلب ہے آپ سب باتوں کو مانیں_

اگر میں کہوں اسرائیل سے نفرت کو خود اسرائیلی میڈیا فروغ دیتا ہے آپ برا تو نا مانیں گے (آپ کو اسرائیلی اخبارات دیکھنے چاہیے) اسماعیل ہانیہ کی موت پوری دنیا کے میڈیا پر چلنے سے اسرائیل کے خلاف نفرت میں اضافہ ہوا ہے مگر وہ یہ نفرت کیوں بڑھانا چاہتے ہیں کیا وہ عالمی جنگ چاہتے ہیں جس میں ایک طرف عیسائی ہوں اور دوسری طرف مسلمان ہر بڑی جنگ کے بعد عالمی نظام بدلتا ہے اور اس جنگ کے سکرپٹ رائٹر عالمی اشرافیہ (فری میسن + ابلیس) اس جنگ سے اپنے ہی مقاصد حاصل کرتے ہیں کرائے کے سپاہی یعنی کیڑے مکوڑوں کا کام صرف مرنا ہوتا ہے_ کل شائد آپ نے کمالا ہیرس کے خاوند کے متعلق نہیں پڑھا وہ یہودی اور نازی نظریات کا حامل ہے جو شخص تاریخ کے درست تصور سے واقف ہے اس کیلئے یہ خبر معمہ نہیں ہے میں نے اس خبر پر اپنے چیٹ گروپ میں وضاحتی نوٹ لکھا ہے_

جو مسلم حکمران پچھتر سالوں سے فلسطینوں کا خون بہتا دیکھ رہے ہیں ایک دم سے ان کی غیرت جاگ جائے اور وہ میدان جنگ میں کود پڑیں تو کیا آپ اسے غیرت کا جاگنا کہیں گے یا اں سکرپٹ پر عمل درآمد_

سننے میں آیا ہے اسماعیل ہانیہ کو قطر میں دفنایا جائے گا مگر صحابہ تو دشمن کے علاقہ میں تدفین کو پسند کرتے تھے؟؟؟

کیا اس معمہ کا کوئی حل ہے_

میڈیائی وحی کے مطابق ایران بظاہر اسرائیل کا سب سے بڑا دشمن ہے اور اب تہران میں ہانیہ کی موت کے بعد ثابت ہو گیا کہ حماس کی پیٹھ پر ایران کا ہاتھ ہے گویا میڈیا جو کچھ دکھارہا اور ظاہر کر رہا ہے وہ درست ہی ہے_ (بعض احباب سمجھتے ہیں جو کچھ ٹوئٹر سے ملے وہ میڈیا سے بڑی وحی ہے اور اسے بغیر تصدیق کے قبول کر لینا چاہیے)

چودہ سو سال بعد ایران اور سعودی عرب کی صلح جنگ کے تھیٹر کو عالمی بنانے کیلئے رچائی گئی ہے اور اس صلح میں بھی عالمی اشرافیہ کا پورا پورا ہاتھ ہے ہم اب بھی فرقوں کی کچھار میں نفرتوں کے بیج بو رہے ہیں اور ہمارے بڑے صلح کے ترانے گا رہے ہیں

بڑے تضادات ہیں اقوام متحدہ کے پانچ سو سے اوپر قوانین پاکستان، ایران و سعودی عرب و اسرائیل پر یکساں نافذ ہیں اور اسرائیل کے قیام کا پروانہ بھی اقوام متحدہ سے جاری ہوا تھا کیا ہم ہانیہ کی موت کا ماتم اقوام متحدہ کے بائیکاٹ کا ٹرینڈ بنا کر نا کریں_

مگر میڈیا کی وحی ایسی ہدایت سے حالی ہے_

جس ٹی وی پر ہر دس منٹ کے بعد نیم عریاں خاتون کسی ایڈ میں ناچتی دکھتی ہے ہم سمجھتے ہیں وہ میڈیا اسماعیل ہانیہ کی موت کے متعلق درست خبر دے رہا ہے (اس کا فایدہ یقینا اسرائیل کے خلاف غم و غصہ سے اضافہ کی شکل میں نکلے گا) ہم سمجھتے ہیں وہ میڈیا پرو اسلام یا ں پرو حماس ہے_

کیا ہم جانتے ہیں بے حیائی کا فروغ کندہ کون ہے اور تاریخ کے کس دور میں کس انداز سے بے حیائی نے کوہ ہمالیہ سر کیا_ یہ میڈیا کی آمد کا دور تھا یہ وہ دور ہے جس میں مجرا پیش کیئے جانے کے بعد ڈاکٹر اسرار اسلام کا سیاسی نظام بیان کرتا ہے اور ہم سمجھتے ہیں میڈیا ایک ساتھ پرو اسلام بھی ہے اور پرو شیطانیت بھی کیا کبھی ایسا ممکن تھا کعبہ میں 360 بت بھی پڑے رہتے اور مسلمان طواف بھی جاری رکھتے_

اگر ہم پچھلے دو سو سال کو چھوڑ کر اس سے بھی پیچھے نکل جائیں تو عثمانی سلطنت سے لیکر سپین، بنو امیہ، بنو عباس، مغل اور باقی مسلم سلطنتوں میں مختصر لشکروں نے کم ساز و سامان اور کم تجربہ کیساتھ اپنے سے کئی گنا بڑے لشکروں کو شکست دی ہے مگر حماس ابتک اسرائیل سے ایک انچ بھی نہیں چھڑا پائی

بلکہ اسرائیل آگے ہی بڑھتا جارہا ہے کیا اللہ حماس کا مددگار نہیں یاں پھر حماس بھی اسرائیل کی ہی جنگ لڑ رہی ہے اور میڈیا دھوکے کے بڑے جنگ سٹیج شو کو ٹیلی کاسٹ کرتا ہے تاکہ دنیا کو حق و باطل کے معرکہ کا دھوکہ دیا جاسکے اسلاموفوبیا کو ثابت کیا جاسکے اور مسلمانوں پر ظاہر نا ہونے پائے کہ اسلام کا وجود اس کے سیاسی و سماجی و معاشی و معاشرتی نظام کیساتھ باقی ہوتا ہے نا کہ مساجد میں اللہ ہو کہنے سے _

https://www.facebook.com/share/p/Lnm7Rm1Mzr9hQiu3/?mibextid=oFDknk

ختم نبوت کا فاتح

آج کے دن اس دور میں تمام آسمانی کتابیں منسوخ ہوچکی ہیں اور صرف ایک وحی کے پیروکار پائے جاتے ہیں اس وحی کا نام ہے میڈیا، ٹی وی سکرین ہزاروں نیوز چینلز کے واسطے سے ایک خبر پوری دنیا میں مشرق سے مغرب کا سفر کرتی ہے اور وحی قرار پاتی ہے عقل انسانی اس خبر کی سچائی کے متعلق کسی قسم کے شک و شبہ کا شکار نہیں ہوتی فلسطین و حماس جنگ کا جو منظر نامہ میڈیا دکھارہا ہے وہ ہمارے لیئے وحی ہے ہانیہ حماس لیڈر کی موت کی خبر ہمارے لیئے وحی ہے لبیک لیڈر کی گرفتاری وحی ہے اور ٹی وی جماعت کے احتجاج کے متعلق ہر خبر وحی ہے_

اگر قدیم وحی کی بات کریں جس پر آج سے دوسو سال پہلے کے مسلمان عمل پیرا تھے تو اس میں بچے کی تعلیم کی بنیاد حفظ قرآن سے رکھی جاتی تھی باقی علوم کی تحصیل بعد میں ہوتی تھی_ اور آج کا بچہ ٹک ٹاک دیکھتا ہے اس کے سامنے اردگرد بے حیائی پھیلانے والے سارے اوزار موجود ہیں ہر گھر میں تصویر ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس گھر میں کتا اور تصویر ہو وہاں رحمت کے فرشتے داخل نہیں ہوتے_ ہم سرے سے تصویر کو حرام ماننے کو ہی تیار نہیں تو اس دجالی معاشرت کی بیخ کنی کی کوششیں کیسے ہونگی_

آج کی دنیا میں ختم نبوت کا فاتح کوئی نہیں ہے_ کیونکہ ہم نے نبوت کے ایک حکم کو بھی مان کر موجودہ معاشی و معاشرتی و سیاسی نظاموں کی بنیاد نہیں رکھی اور مزے کی بات یہ ہے کروڑوں مسلمانوں کو اس بات کا علم تک نہیں کہ ہمارے نظام غیر اسلامی ہیں ہاں میڈیا کی وحی کی بدولت انہیں اس بات کا ضرور علم ہے کہ عدالت عالیہ سے کسی قسم کی ختم نبوت پر حملہ ہوا، ان جاہلوں کو کوئی بتائے جب اس عدالت میں کفر کا قانون نافذ ہو رہا تھا تب تمہیں ختم نبوت پر حملہ نظر نہیں آیا، ان ججوں کی تعلیم میں اسلام کے شرعی علوم کو کتنا دخل ہے کیا یہ بات جان کر تمہیں ختم نبوت خطرے میں محسوس نہیں ہوئی ان ججوں کے پروٹوکول اور فرعون وہامان کے پروٹوکول میں کتنا فرق ہے کیا اس فرق کو دیکھ کر تمہیں ختم نبوت پر حملہ ہوتا ہوا محسوس نہیں ہوا اگر کیا کریں تمہارے اپنے نام نہاد سیاسی و مذہبی لیڈروں کا پروٹوکول ایسا ہی ہے وہ تو عمر بن خطاب تھے جن کو بھرے بازار میں قتل کی دھمکی ملی تب بھی انہوں نے ایک پہریدار تک مقرر نہیں کیا اس شخص کی جاسوسی تک نہیں کرائی اور ان کو موت کا خوف ہے یہ لوگ عمر نہیں شیطان کے پیروکار ہیں

ہم فلحال دو خبروں کو لیتے ہیں

میڈیا نامی وحی کے ذریعے تمہیں معلوم ہو چکا کہ ختم نبوت کا فاتح لبیک کا لیڈر فتوی دینے پر گرفتار ہو چکا اور اسی وحی کے سبب آپ کو یہ بھی معلوم ہو چکا کہ اسماعیل ہانیہ مر چکا_

اگر میں پوچھوں آپ قرآن کو وحی مانتے ہیں؟؟؟؟

یقیناً آپ پورے سینے کے زور کیساتھ کہیں گے ہاں

میں پھر دست سوال دراز کروں گا کیا اللہ قرآن میں نہیں فرماتا جب کوئی فاسق تمہارے پاس خبر لیکر آئے تو تحقیق کر لیا کروں؟؟؟

قرآن میں یہ حکم موجود ہے نا؟؟؟

اگلا سوال کیا میڈیا فسق کی تعریف پر پورا نہیں اترتا؟؟؟؟

آپ نے ان دو خبروں کی کتنی تحقیق کی ہے؟؟؟؟

دوسری بات قرآن نے کس کو فاسق کہا ہے، کیا وہ صحابی رسول واقع ہی فاسق تھے_ ایسا تو نا تھا، پھر اتنا سخت انداز کیوں؟؟؟

وجہ زور تحقیق پر دینا مقصود تھا اور اسی تحقیق کے سبب آج اسلام راویان حدیث کے سبب ہمارے پاس محفوظ ترین حالت میں پہنچا ہے مگر میڈیا نامی وحی کے نزول کے بعد سے اسلام مسلسل تنزل کا شکار ہے_

اگلی باتوں کی تصدیق کیلئے قرآن وسنت کی جانب رجوع کیجیے یاں اگر اللہ کا ڈر ہے تو مولویوں سے ان چیزوں کے متعلق پوچھیں

جس سرزمین پر آپ تشریف فرما ہیں اس کی پہلی اینٹ ختم نبوت پر حملہ تھی، نبوت کوئی عہدہ نہیں ہے ختم نبوت پر ایمان کا مطلب ہے ان کے احکامات پر عمل پیرا ہونا، اول مجھے ختم نبوت کی تعلیمات سے جمہوریت دکھائیں، پھر وطنی قومی ریاستوں کا وجود دکھائیں، اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تو یہ فرمایا کہ جب ایک امیر کے مقابل دوسرا کھڑا ہو جائے تو اس کو قتل کر دوں مگر یہاں چھپن امیر ہیں، اکثر لوگوں کو ان باتوں کی سمجھ نہیں آرہی ہو گی کیونکہ میں قرآن وسنت کے احکام بیان کر رہا ہوں یہ مولوی کے اسلام کا دجالی ورژن نہیں ہے_ پھر مجھے بتائیں 1948 میں قائد اعظم نے قرآن وسنت کے کس حکم کے تحت سودی بینکاری کی بنیاد رکھی ؟؟؟؟؟

پہلے ان معاملات کو نبٹالیں پھر 2024 میں ختم نبوت پر حملے کی بات کریں گے

مسلمانوں کے معاشی ومعاشرتی وسیاسی نظاموں کے نا ہوتے ہیں اور پریس کی صورت میں پراپوگنڈا مشینری کی موجودگی میں ق ادی ان ی ت کا ڈرامہ اسی وجہ سے رچایا گیا کہ امام مہدی کے آکر دھوکے کی مولویت کو طشت از بام کرتے تک مولوی ق ادای ان ی ت کو کیش کراتے رہے جیسے یہ توہین رسالت کے واقعات کو کیش کراتے ہیں حیر اس معاملہ میں تو وہ بھی بازی لے گئے جن کی زبان پر کلمہ توحید کا درست تلفظ بھی نہیں چڑھتا یہیں دجالیت ہے اسی دور کو دجال کی آمد سے پہلے کے دھوکے کے چند سال کہا گیا ہے اور اسی دور کے متعلق فرمایا گیا ہے کہ آدمی صبح کو مومن شام کو کافر ہو گا

https://www.facebook.com/share/p/EQHP3jYmp76HDiAU/?mibextid=oFDknk

اسلام کا تصور جہاد

جس طرح اسلام میں اسلامی ریاست کا قیام فرض ہے ایسے ہی جہاد بھی فرض ہے اور اسلام کے معاشی و معاشرتی نظام کا قیام بھی فرض ہے_
مسلم و بخاری کی متفق علیہ حدیث ہے حذیفہ بن یمان روایت کرتے ہیں کہ میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا جب مسلمانوں کی جماعت اور انکا امیر نا ہو تو تب میرے لئیے کیا حکم ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تمام جماعتوں (فرقوں، گرہوں) سے علیحدہ ہو جانا، حتیٰ کہ تمہیں درختوں کی جڑیں چبانی پڑیں_
پورے ذخیرہ حدیث پر نظر نا ہونے کے سبب مذہبی و سیاسی اشرافیہ اور میڈیا ہمیں گمراہ کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے اور حقیقت کا دجالی تصور پروان چڑھاتا ہے_
حدیث میں جس جماعت اور امیر کا ذکر ہوا ہے وہ کون سی جماعت ہے، اس حدیث کو سمجھ کر ہم اسلام کا تصور جماعت بھی سمجھ سکتے ہیں، کتب احادیث میں جہاں امارت کے ابواب ہیں وہاں آپ کو اس مضمون کی روایات ملیں گی جن میں ہے کہ جو جماعت سے بالشت برابر الگ ہوا وہ جاہلیت کی موت مرا اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر ایک امیر کے مقابل دوسرا امیر کھڑا ہو جائے تو اسے قتل کر ڈالوں_ ان تمام اور ابواب الفتن اور ابواب امارت وسیاست کی تمام احادیث کا مطالعہ کر کے ہمارا جو بھی تصور حقیقت پروان چڑھے گا وہ موجودہ اکثریت کے تصور حقیقت سے الگ تھلگ ہو گا، فتنہ کے دور میں جب قیامت کی علاماتِ صغریٰ کا پہلا حصہ تقریباً مکمل ہو چکا ہو ہمیں ہر چیز کو اس کے ظاہری پہلو کی بنیاد پر نہیں دیکھنا چاہیے مثلاً آج کا تصور جہاد_
آپ کتب حدیث پڑھیں اور ان کی شروخ کا مطالعہ کریں اس حدیث کا جہاں بھی تذکرہ ہوا ہے اس میں جماعت اور امیر سے مراد مسلمانوں کی اجتماعی حکومت اور خلیفہ ہے اور ہم جانتے ہیں اس جماعت کا وجود 1922 میں خلافت عثمانیہ کے انہدام کیساتھ ختم ہو گیا تھا تب مسلمانوں کا امیر بھی نہیں رہا اور بیعت کا سلسلہ منقطع ہو گیا اس کے بعد سے مسلمان امیر اور جماعت کے بغیر ہیں_
اس نکتہ پر اگر کسی شخص کو اعتراض ہے تو وہ قرآن وسنت کی روشنی میں مجھ سے بحث کر سکتا ہے کیونکہ بنیادی چیز ہی یہ ہے جس کو سمجھے بغیر آج کے تصور جہاد جس کی تشکیل میں میڈیا کا بنیادی کردار ہے ہم اسے سمجھ نہیں سکتے_
ایلون مسک اور مارک زکربرگ مجدد وقت نہیں ہیں جو وہ سوشل میڈیا کو درست تصور جہاد کیلئے استعمال کرنے دیں گے دوسرا آپ کے مین سٹریم میڈیا میڈیا میں ایسے نام نہاد اسلامی دانشور پائے جاتے ہیں جو اقرار کرتے ہیں کہ دنیا کا 97 فیصد میڈیا صیہونی کنٹرول کرتے ہیں_ اس بات کو جان کر ہمیں سمجھ لینا چاہیے میڈیا پر جو کچھ بھی بیان کیا جاتا ہے اس مقصد حق واضح کرنا نہیں گمراہی پھیلانا ہوتا ہے_
مجھے بتائیں جب مسلمانوں کی جماعت اور امیر ہی نہیں ہے پھر جہاد کیسا؟؟
کیا امیر کے بغیر بھی کبھی جہاد ہوا ہے_
انسانیت کی ساڑھے پانچ ہزار سالہ تاریخ میں ہمیشہ شخصی حکومت رہی ہے آپ تاریخ یعقوبی و مسعودی، تاریخ طبری، البدایہ والنہایہ، الکامل ابن اثیر، تاریخ ابن خلدون وغیرہ کا مطالعہ کریں آدم علیہ السلام سے لیکر بنی اسرائیل کے تمام انبیا تک حکومت واقتدار ہمیشہ شخصی سطح پر ہی نیچے منتقل ہوتا رہا ہے اور اسلام کی آمد کے بعد قیام پاکستان اور دوسری وطنی قومی ریاستوں کی تشکیل سے پہلے تک قائم ہونے والی 47 مسلم ریاستوں میں ہمیشہ شخصی

حکومت ہی رہی ہے جمہوریت کا کہیں نام ونشان تک ناتھا، سیاسی نظام کا یہ تصور دجال لایا ہے اور ابلیس لایا ہے انہوں نے آج سے تین سو سال پہلے پوری دنیا کے معاشی و معاشرتی وسیاسی نظام بدلنے شروع کیئے اور اسی وقت وہ پراپوگنڈا کیلئے میڈیا کو لائے جب پوری دنیا کا میڈیا مشرق سے مغرب تک ایک نکتہ کے اختلاف سے اسماعیل ہانیہ کی موت کی خبر دیتا ہے اور اس سے مسلمانوں میں غم وغصہ پھیلتا ہے تو آپ کو سمجھنا چاہیے صیہونیوں کا کنٹرول کردہ میڈیا کیوں مسلمانوں میں اشتعال پیدا کر رہا ہے یاں دنیا کی سب سے بڑی ملحد حکومت چین اسلامی گروہوں میں کیوں صلح کرا رہی ہے کیا یہ اسلامی گروہ ہیں بھی یاں نہیں اور کیا یہ اصل جہاد ہے یاں صرف مسلمانوں کو مطمئن رکھنے کیلئے کہ کوئی قوت دنیا میں جہاد کر رہی ہے اس دھوکے کے جہاد کو معروف بنایا گیا ہے اللہ کے بندوں اسلامی تاریخ میں ایسا کب ہوا ہے کہ چار دہائیوں سے بر سرپیکار کوئی قوت جس کے پیچھے ساری امت مسلمہ کی دعائیں ہوں وہ دشمن کا ایک انچ علاقہ بھی فتح نا کر سکی ہو ظلم و ستم کا خاتمہ نا کر سکی ہو_

آپ کو المعجم الکبیر للطبرانی کی وہ حدیث سمجھنی چاہیے جس میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دجال کی آمد سے قبل پوری دنیا پر دھوکے کے چند سال آئیں گے جن میں سچے کو جھوٹا اور جھوٹے کو سچا کہا جائے گا، امانت دار کو بد دیانت اور بد دیانت کو امانت دار کہا جائے گا اور رویبضہ لوگوں کے عام معاملات میں بات کریں گے_

اگر آپ اس حدیث کو سمجھنے کی کوشش کریں تو پوری دنیا کو دھوکہ میں مبتلاء کرنے والی قوت صرف میڈیا ہے کیونکہ اس سے قبل کوئی بھی قوت یوں پوری دنیا میں ایک جیسا بیانیہ تشکیل دینے میں کامیاب نہیں ہوئی یہ میڈیا ہی ہے نا جس کی دولت ہم سمجھتے ہیں کہ روس اور یوکرائن میدان جنگ میں ہیں حالانکہ عیسائیت میں اسلام کے قریب ترین فرقہ آرتھوڈوکس عیسائی ان کا سب سے بڑا طبقہ یوکرائن اور روس میں آباد ہے پھر یہ کیسے ممکن ہے یہ دونوں ممالک آپس میں بر سرپیکار ہو جائیں یہ وہ واحد فرقہ ہے جو اب بھی یہودیوں کو عیسیٰ علیہ السلام کے قتل کا ذمہ دار ٹھہراتا ہے اور یوکرائن کا صدر ایک یہودی ہے پوٹن خود دیوار گریہ پر ماتھا ٹیک کر آیا ہے وہ یہودیوں کا وفادار ہے اس بات کے میرے پاس ویڈیو ثبوت موجود ہیں جنہیں میں اپنے چیٹ گروپ میں ارسال کرتا رہتا ہوں، وہاں پر میں نے اس حدیث کی شرح بھی بیان کی ہے_

یہ میڈیا ہی ہے جس کی بدولت ہم سمجھتے ہیں کہ چین اور امریکہ دشمن ہیں_ حالانکہ اگر آپ کرونا کو سمجھیں تو بعض لوگ جانتے ہیں یہ سازش تھی اور اسی سازش کی بدولت سخت ترین کرفیوں اور لاک ڈاؤن چین نے نافذ کیا جتنی سختی سے وہاں لوگوں کو ویکسین لگائی گئی ہے اتنی سختی شاید اور کہیں نہیں برتی گئی کرونا لاک ڈاؤن اور ویکسین کے خلاف احتجاج میں یورپ کے آدھے درجن ملکوں کے دارالحکومت بند کر دیئے گئے تھے اور کینیڈا میں جسٹن ٹروڈو ملک تک چھوڑ کر بھاگ گیا تھا دوماہ تک وہاں احتجاج کرنے والوں نے امریکہ جانے والا راستہ بند کیئے رکھا یہ تمام باتیں عالمی میڈیا بھی رپورٹ کرنے سے رک نہیں سکا مغربی ممالک کی عوام جانتی ہے یہ دھوکہ تھا مگر ہم نہیں جانتے ہمیں صرف جہاد کے دجالی تصور میں الجھا کر رام کیا گیا ہے اس دھوکے کو واضح کرنے کیلئے میں اپنے چیٹ گروپ میں سینکڑوں ویڈیوز ارسال کر چکا ہوں اور روز نئی ویڈیوز بھیجتا ہوں جن کا تعلق دنیا کے ہزاروں ڈاکٹروں سے ہے مین سٹریم میڈیا کی رپورٹس ہیں کتب ہیں_ آپ میں سے کسی کو بھی اس کے متعلق اور 11/9 کے دھوکے کے متعلق ویڈیوز ارسال کر سکتا ہوں_

بعض لوگوں کے لاشعور میں یہ بات موجود ہے میڈیا دھوکہ دیتا ہے مگر پھر بھی وہ میڈیا کی ہر بات پر کیوں ایمان لے آتے ہیں

اب آتے ہیں جہاد قیامت تک جاری رہنے والی روایات کیطرف

جہاد قیامت تک جاری رہنے سے مراد ہے امام مہدی اور عیسیٰ علیہ السلام آخری جہاد کریں گے اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جب مسلمانوں کی جماعت اور انکا امیر بھی نہیں رہے گا تب بھی جہاد جاری رہے گا، اس درمیان والی مدت کو دھوکے سے تعبیر کیا گیا ہے اوپر میں نے جس حدیث کا تذکرہ کیا وہ اسی دور کے بیان کے متعلق ہے

ایک اور حدیث ہے جس کے نعیم بن حماد کی کتاب الفتن میں مجھے آٹھ نو کے قریب طریق ملے ہیں اس حدیث میں پانچ ادوار کا ذکر ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دور سے لیکر قیامت تک پانچ ادوار گنوائے مختلف اسناد سے اور راویوں سے مختلف الفاظ مروی ہیں یعنی متون کا فرق ہے_ اس روایت کے حساب سے اب ہم کاٹ کھانے والی غلامی کے دور میں ہیں اور اوپر بیان کردہ حدیث سے واضح ہو گیا کہ اس وقت مسلمانوں کی جماعت اور ان کا امیر دونوں نہیں جب حالات یہ ہیں تو تمام تر جہاد بھی دھوکے کا جہاد ہے مگر میڈیا پر ایمان کی بدولت ہم اس جہاد کو اصلی سمجھتے ہیں 1947 اس سے پہلے اور بعد میں عالمی صیہونی اشرافیہ نے پوری دنیا اور مسلمانوں کو وطنی قومی ریاستوں کی حدود میں قید کر دیا اور ہمارے لیئے اقوام متحدہ کے قوانین کی صورت میں ایک قانون ترتیب دیا اس قانون میں کوئی ایک بھی اسلامی شق نہیں ہے اور یہ پانچ سو سے اوپر قوانین پوری دنیا پر یکساں نافذ ہیں جیسے وہ قانون اسرائیل پر نافذ ہیں اور وہ ان کی پاسداری کرتا ہے ویسے ہی ایران، پاکستان، ترکی اور سعودی عرب پر نافذ ہیں_

جب مسلمانوں کا امیر اور جماعت نہیں ہے تب جہاد بھی نہیں ہے اور ناہی کوئی اسلامی حکومت ہے اگر دنیا میں کوئی اسلامی حکومت ہوتی اور مسلمانوں کا معاشی و معاشرتی و سیاسی نظام ہوتا تو پوری امت کی دعاؤں کے باوجود فلسطین مقبوضہ ناہوتا، اقوام متحدہ کی قراردادوں سے ان مسائل کا حل وہ دجالی دھوکہ ہے جس پر پوری امت کا ایمان ہے مجھے بتائیں اقوام متحدہ کی بنیاد کس نے رکھی کیا آپ نے تاریخ پڑھی ہے کمیونسٹوں نے اس ادارے کی بنیاد رکھی وہ کمیونسٹ جن کو صیہونیوں نے بڑے فخر سے اپنایا ہے صیہونی مسودہ پروٹوکولز آف دی ایلڈرز آف زائن میں بڑے فخر سے کارل مارکس اور ڈارون کی کامیابیوں کا بیان کیا گیا ہے سوڈیڑھ سو صفحے سے اوپر کی کتاب کا ترجمہ ہو چکا ہے اگر کسی کے پاس نہیں ہے تو میں پی ڈی ایف ارسال کر دیتا ہے خدارا آپ اس کو پڑھیں تا کہ آپ کو اس دھوکے کی سائنس، معاشی و معاشرتی و سیاسی و تعلیمی نظاموں کا علم ہو اور آپ جان پائیں یہ سب کچھ پوری دنیا کو غلام بنانے کیلئے ترتیب دیا گیا ہے میں نے اپنی وال پر سینکڑوں مضامین اور ویڈیوز میں ان باتوں کی وضاحت کی ہے_

خدارا قرآن وسنت کا ذاتی مطالعہ کریں کریں تا کہ آپ فتنہ، دجالیت اور دھوکے کا اصل تصور جان پائیں دنیا کے معاشی و معاشرتی و سیاسی نظاموں کا مطالعہ کریں اس موجودہ اولمپکس کی ٹارچ آخر میں ایک ٹرانس جینڈر کو دی گئی ہے یہ ابلیس کا وہ ہزاروں سال پرانا منصوبہ ہے جس کے تحت وہ انسانی فطرت کو بدلنا چاہتا ہے فری میسن کا خدا بیفومٹ ٹرانس جینڈر ہے اور وہ پوری دنیا کو اسی پر لگانا چاہتے ہیں اولمپکس کی افتتاحی تقریب میں عیسائیت کی توہین کرنے پر انہوں نے یوٹیوب سے اس تقریب کی ویڈیو ہٹادی ہے یہیں میڈیا اولمپکس کی پوری قوت سے کوریج کر رہا ہے اور یہیں میڈیا آپ کو حماس و اسرائیل جنگ کی خبریں دے رہا ہے کیا آپ سمجھتے ہیں وہ آپ کو سچ بتائیں گے_

جب امام مہدی آئیں گے وہ پھر سے جہاد کو جاری کریں گے اسلامی ریاست کا قیام عمل میں لائیں گے تب امیر ہوگا، جماعت ہوگی مسلمان اقوام متحدہ کی بجائے قرآن وسنت کے قوانین کے پابند ہونگے اسلام کی معیشت و معاشرت و سیاست ہوگی

https://www.facebook.com/share/p/sjjcwsHH1jZTb89X/?mibextid=oFDknk

آسمانوں کی بناوٹ اور قرآن کا بیان

اللہ تعالیٰ قرآن میں واضح طور پر کہتا ہے کہ ہم نے آسمان کو چھت اور زمین کو فرش بنایا!
قرآن میں چونکہ ہر چیز کا بیان ہے اس لیئے یہ ایک آیت ہی سب کچھ واضح کرتی ہے_
کیا ہم جانتے ہیں چھت کس مقصد کیلیئے ڈالی جاتی ہے ؟
پہلا مقصد ہوتا ہے دھوپ، گرمی اور موسم کی شدتوں سے بچاؤں کیلیئے سادہ زبان میں حفاظت کیلیئے یعنی اللہ تعالیٰ نے آسمان کو چھت کی صورت میں ہم پر تان کے ہماری حفاظت کا سامان کیا ہے_
عموما مسلمان نہیں جانتے کہ سائنس سرے سے آسمانوں کے وجود کا انکار کرتی ہے اور آسمانوں کو چند گیسوں کا مجموعہ یاں لامحدود خلا کہتی ہے_ اب مسلمان چونکہ سائنس کے اس عقیدہ سے گمراہ ہیں اور اپنے گمان میں سائنس کو قرآن پر چسپاں کرنے کیلیئے عذر تراشتے ہیں کہ سائنس تو ابتک آسمانوں کے قریب بھی نہیں پھٹکی، اس لیئے ہم نے دوسرے دلائل سے مدعا کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے
امام ابن حزیمہ نے کتاب التوحید میں عبد اللہ ابن مسعود کا حسن سند کیساتھ اثر نقل کیا ہے جس میں وہ کہتے ہیں زمین سے آسمان تک فاصلہ پانچ سو سال کا ہے
ہم اس حدیث کی شرح بیان کرتے ہیں_ اللہ نے قرآن میں کہا ہے ہم نے اس کتاب میں ہر چیز کا بیان کر دیا ہے اور قرآن میں ہی فرمایا ہے کہ رسول کی اطاعت کروں یعنی جس بات کا ذکر قرآن میں رہ گیا ہے وہ رسول سے ملے گی_ اب اس روایت کی جانب آتے ہیں جو یقیناً عبد اللہ ابن مسعود نے رسول رحمت سے سنی تھی اور وہ روایت میں بہت زیادہ احتیاط کرنے والے تھے آپ اندازہ لگائیں اس وقت کی سواریوں کے حساب سے اونٹ یاں گھوڑا پانچ سو سال میں کتنا فاصلہ طے کرلے گا_
ہمارے پاؤں کے نیچے بچھی ہوئی پوری زمین فرش ہی ہے اور اگر ہم عقل استعمال کریں تو کوئی بھی فرش گول نہیں ہوا کرتا ہمیشہ بچھا ہوا فلیٹ ہی ہوتا ہے، قرآن ہدایت کی کتاب ہے سائنس کی کتاب نہیں ہے قرآن کی ایک ایک آیت ہدایت ہے اگر قرآن کی تمام آیات ہمارے ذہنوں میں سما جائیں تو خارج میں زمین و آسمان کی بناوٹ کے متعلق جو بھی تھیوریز یاں حقایق بیان کیئے جارہے ہیں ہم ان پر لازما تحقیق کریں اب چونکہ اللہ کے احکامات زمین و آسمان کی بناوٹ کے متعلق معلوم نہیں ہیں اس لیئے ہم جدید سائنسی نظریات سے دھوکہ کھا جاتے ہیں اور جب پوری مذہبی اشرافیہ بھی اس دھوکے میں شریک ہو تب عام انسان کا اس دھوکے سے بچ پانا بہت مشکل ہو جاتا ہے مذہبی اشرافیہ ہر سائنسی تحقیق کی تائید کیوں کرتی ہے ؟ اس بات کی حقیقت تب سمجھ آتی ہے جب ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ علم اٹھالیا گیا ہے اور علم اٹھایا گیا ہے علما کو اٹھانے سے اب دنیا علماء حق کے وجود سے حالی ہے اس لیئے لازما ان جہلا نے سائنسی نظریات کی تائید کرنی ہی ہے
اگر آسمان چھت ہے تو لازماً است ٹھوس ہونا چاہیے جس سے کوئی چیز آر پار نا جاسکے_ اس بات کی وضاحت بھی قرآن مجید میں آگئی ہے معراج والی احادیث کے ضمن میں بھی ہم جانتے ہیں کہ جب جبریل اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلے آسمان پر لے کر پہنچے تو پہلے آسمان کا دروازہ کھولا گیا کیونکہ ٹھوس آسمان میں دروازہ ہے اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ کہتا ہے تم بغیر طاقت کے زمین و آسمان کے کناروں سے نہیں نکل سکتے_
اللہ قرآن میں فرماتا ہے

اگر ہم ان کیلئے آسمان میں کوئی دروازہ کھول دیں کہ دن کو اس میں چڑھتے (الحجر،14)
یہاں واضح طور پر اللہ نے اس بات کا ذکر کیا ہے کہ آسمان میں دروازے ہیں
پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے
وہ جنہوں نے ہماری آیات جھٹلائی اور ان کے مقابل تکبر کیا ان کیلئے آسمان کے دروازے نا کھولے جائیں گے (الاعراف 40)
جنت چونکہ اوپر ہے اس لیئے جنت میں جانے کیلئے ہمیں اوپر جانا ہو گا اس لیئے لازم ہے ٹھوس آسمان کے دروازے کھلنے چاہیے یہاں اللہ ان لوگوں کا ذکر کر رہا ہے جن کیلئے آسمان کے دروازے نا کھولے جائیں گے
اور اللہ جس نے آسمانوں کو بلند کیا بے ستونوں کے (الرعد،2)
بار بار قرآن کو پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ آسمانوں کا حقیقی وجود ہے نا کہ کوئی لامتناہی خلا جس طرح شیطانی سائنس نے روحانی تعلیمات کے خلاف لوگوں کو نظریات دیئے ہیں_
جس نے زمین کو پھیلایا (الرعد،3)
اس آیت کو سمجھنے کیلئے کامن سینس اور اپنی آنکھوں پر اعتبار کی ضرورت ہے نا سائنس کی ضرورت ہے اور نا ہی مذہبی و سائنسی اشرافیہ کے پراپوگنڈا کی ضرورت ہے اپنی عقل استعمال کریں پھیلنے سے کوئی چیز کس شکل میں بدل جاتے ہے وہیں جو شکل زمین کی ہمارے پیروں کے نیچے ہے یہ پوری زمین اسی طرح لیٹی ہوئی ہے اور کسی جگہ سے گول نہیں ہوتی_ اگر دجال کے قریب کے زمانہ میں معاشی، معاشرتی و سیاسی نظاموں سمیت ہر چیز میں دھوکے کے نظریات پروان چڑھائے گئے ہیں تو اسکا مطلب یہ نہیں ہم سرے سے قرآن پر غور ہی نا کریں کیونکہ اکثریت اب بھی قرآن کے کم از کم اللہ کا کلام ہونے پر یقین رکھتی ہے_
اس نے زمین میں لنگر ڈالے کہ کہیں تمہیں لے کر نا کانپے اور ندیاں اور رستے کہ تم راہ پاؤ (النحل،15)
اور سائنس کہتی ہے پتہ نہیں زمین کتنے ہزار میل کی رفتار سے اپنے مدار میں گردش کر رہی ہے مجھے بتائیں زمین کی حرکت اور کانپنے میں کیا فرق ہے حرکت تو دور اللہ کہہ رہا ہے زمین کانپتی تک نہیں کیونکہ یہ پانی پر ہے جب جہاز سے لنگر پھینکا جاتا ہے ممکن ہے جہاز پھر بھی کانپے مگر اللہ نے زمین کا ایسا بندوبست کیا ہے کہ یہ کانپتی تک نہیں_ اور سائنس کہتی ہے زمین کی حرکت تین قسم کی ہے_ اب بتائیں اللہ کی ماننی ہے یاں سائنس کی ماننی ہے یاد رکھیں حق و باطل واضح ہیں جب آپ کو حق معلوم ہو جائے پھر باطل پر ڈٹ جانا اللہ سے بغاوت کا اعلان ہے_
اب اس آیت کو دیکھیں
قریب تھا کہ آسمان اس پر پھٹ پڑیں (مریم،90)
کونسی لامتناہی خلا ہے جو پھٹ پڑے گی پھٹنے گا وہیں آسمان کو ٹھوس ہے جس کو اللہ نے زمین پر تانا ہے بغیر ستونوں کے بلند کیا ہے_
اور زمین میں ہم نے لنگر ڈالے کہ انہیں لے کر نا کانپے (الانبیاء 31)
بار بار اللہ یاد دلا رہا ہے کہ زمین ساکن ہے
وہ روکے ہوئے ہے آسمان کو کہ زمین پر نا گر پڑے مگر اس کے حکم سے (الحج 65)
کس چیز کا حوف ہے گر پڑے کی کیا لامتناہی خلا؟

خلا کے گرنے سے کیا ہو گا اللہ کے بندوں یہ ٹھوس آسمان ہے جس کے متعلق اللہ کہہ رہا ہم نے اسے روک رکھا ہے تھام رکھا ہے اور آسمان ٹوٹ کر گرے گا جب قیامت برپا ہو گی۔

اور بے شک ہم نے تمہارے اوپر سات راہیں بنائیں (المؤمنون 17)

کیا یہ سات راہیں ٹھوس ہیں یاں گیس یہ اللہ مالک زمیں و آسمان کا بیان ہے سائنس نہیں ہے کیا اس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش ہے

اور اسی نے آسمانوں کو جیسا کہ تم دیکھتے ہو بغیر ستونوں کے پیدا کیا ہے اور زمین میں پہاڑ ڈال دیئے کہ وہ تم پر ہلتی نا رہے (لقمان 10)

ہم کیا دیکھتے ہیں آسمان دیکھتے ہیں یاں کھلی خلا دیکھتے اگر خلا دیکھتے ہیں تو اللہ کو بار بار کہتے کی کیا ضرورت ہے بغیر ستونوں کے پیدا کیا بھلا خلا کیلئے ستونوں کی کیا ضرورت ہے کیا اللہ کے متعلق گمان کیا جا سکتا ہے کہ وہ اتنی غیر منطقی بات کر سکتا ہے اللہ کہتا ہے تم دیکھتے اب ہمیں دیکھے پر اعتبار نہیں سائنس نے جو بیان کیا ہے اسکے سنے پر زیادہ اعتبار ہے وجہ ہم قرآن پڑھتے نہیں اور پراپوگنڈا میں آجاتے ہیں جھوٹ ایک شخص بولے یاں کروڑوں جھوٹ جھوٹ ہی ہوتا ہے۔ اور یہاں آیت میں آگے بالکل واضح آگیا کہ زمین ساکت ہے۔

بے شک اللہ روکے ہوئے ہے آسمانوں اور زمین کو جنبش نا کرے اور اگر وہ ہٹ جائیں تو کون انہیں روکے اللہ کے سوا (فاطر 40)

جنبش کا کیا معنی ہے اردو لغت میں دیکھ لیں اور جب ان کو ہٹنا ہے ہٹیں گے روز قیامت کے دن

بے شک ہم نے نیچے کے آسمان کو تاروں کے سنگھار سے آراستہ کیا ہے (الصفت 6)

بالکل واضح آیت ہے جیسے اوپر کے آسمان حقیقت میں وجود رکھتے ہیں کوئی گیس یاں خلا نہیں ایسے ہی نیچے کا آسمان ٹھوس ہے اور آگے اللہ فرماتا ہے نیچے کے آسمان میں ستاروں کو ٹانکا ہے۔ ٹھوس آسمان میں ٹانکا ہے اس سے ہمیں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ تاروں کی حیثیت کیا ہے اور سائنس کیا بیان کرتی ہے۔ تاروں کے متعلق میں علیحدہ سے مضمون لکھوں گا کہ اللہ نے تاروں کا کیا مصرف بیان کیا ہے اور سورج و چاند کیا ہیں۔

اور فرعون بولا اے ہامان میرے لیئے اونچا محل بنا شاید میں پہنچ جاؤں راستوں تک کاہے کے راستے آسمانوں کے تو موسی کے خدا کو جھانک کر دیکھوں (المومن 37)

وہ کافر بھی جانتا تھا ٹھوس آسمان تک جانے کیلئے محل اونچا محل بنانے کی ضرورت ہے اگر محض کھلی خلا ہے تو اسکے لیئے کونسے محل کی ضرورت ہو گی بھلا پچھلے لوگ یہ باتیں جانتے تھے کہ زمین و آسمان کی بناوٹ کیسی ہے مگر جب فری میسن ابلیس کے گروہ نے ٹیک اوور کیا تو سارے عقائد و نظریات بدل ڈالے گئے فطرت انسانی بدل ڈالی گئی لوگ یہ تک نہیں دیکھتے یہ تمام نظریات اس وقت میں رواج پا رہے ہیں جب قیامت کی تمام علاماتِ صغری پوری ہو چکی ہیں زمانہ اپنی بدتر حالت پر جا پہنچا ہے ہر طرف افراتفری ہے۔

اس میں اس کے اوپر لنگر ڈالے (حم السجدہ 10)

نیچے والے آسمان کو چراغوں سے آراستہ کیا

تو ہم نے آسمان کے دروازے کھول دیئے زور کے بہتے پانی سے (القمر 11)

یہاں تیسری بار آسمان میں دروازوں کا ذکر آیا ہے

پھر جب آسمان پھٹ جائے گا (الرحمن 37)

کونسا آسمان پھٹے گا کیا آپ نے کبھی گیس پھٹتی دیکھی ہے یاں لامحدود خلا ظاہر ہے ٹھوس شے ہی پھٹے گی جس کو اللہ آسمان کہتا ہے جو ہم پر تنا ہوا ہے اونچا بغیر ستونوں کے_

زمین کانپتی نہیں اور جب یہ ہو گا تب کیا ہو گا اللہ کا فرمان سنیں

پھر جب زمین کانپے گی تھر تھرا کر اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں گے (الواقعہ 4ء5)

یہ پہاڑ ہیں جنہوں نے زمین کو کانپنے، حرکت سے روک رکھا ہے مگر جب اللہ قیامت میں چاہے گا زمین و آسمان ٹوٹ جائیں گے تباہی آئے گی پھر اللہ تعالیٰ نئے زمین و آسمان بنائے گا_

اور جب آسمان میں رخنیں پڑیں (المرسلت 9)

اب بتائیں اگر خلایاں گیسوں میں رخنیں پڑیں تو وہ آپ کو نظر آئیں گے ظاہر ہے ٹھوس آسمان میں رخنیں پڑیں گے تب وہ ٹوٹے گا_

اور ہم نے اس میں اونچے اونچے لنگر ڈالے (المرسلت 27)

یہ اللہ کا قرآن ہے جس کی آیتیں روشن اور واضح ہیں اگر کوئی ان سے ہدایت لینا چاہتا ہے تو وہ موجود ہے اور اگر آپ اس دھوکے کی دنیا اور موجودہ دور کی ہر چیز کے دھوکہ کو سمجھنا چاہتے ہیں جو فری میسن پوری دنیا کی حکومتوں سے مل کر دے رہے ہیں تو کتب احادیث سے رجوع کریں جن میں ان تمام دھوکوں کی خبر دی گئی ہے جب اللہ قرآن میں بار بار کہتا ہے کہ زمین و آسمان میں غور کروں تو اسکا مقصد یہیں ہے کہ آپ آخری دور میں ناسا کے دھوکے سے بچ سکیں لفظ ناسا کا مطلب ہی عبرانی زبان میں دھوکہ دینا ہے جب اس لفظ کو حاص عبرانی لہجے میں ادا کیا جائے_ یہ ملحد لادین سائنس خدا کے قرآن کے مقابل تب آئی اور انہوں نے دھوکے کے نظریات تب منوائے جب لوگوں کو قرآن سے دور لے جایا گیا علوم دین سے دور لے جایا گیا یہ سب تب ہوا جب دینی اور دنیاوی نظام تعلیم میں تفریق پیدا کی گئی مدرسوں میں صرف فرقہ واریت اور سکولوں میں صرف لادینیت پڑھائی جاتی ہے یعنی دونوں اطراف سے ہمیں جکڑا گیا ہے مسلمانوں کو تقسیم کرنے کا بندوبست بھی ہے اور علوم کے نام پر جاہل بنانے کا بندوبست بھی ہے

سارا فساد ذاکر نائیک فری میسن کیوجہ سے پھیلا ہوا ہے جو زمین کو متحرک مانتا ہے اور قرآن کی ایک آیت کا حوالہ دیتا ہے اس کے مطابق زمین شتر مرغ کے انڈے کی طرح ہے کیس معصوم مسلمان کو عربی لغت دیکھنے کی حاجت نہیں ہوئی وہ جس لفظ کو شتر مرغ سے تعبیر دیتا ہے یعنی لفظ دھاھا اس کا مطلب ہے وہ جگہ جہاں شتر مرغ انڈا دیتا ہے اور وہ جگہ بچھی ہوئی فلیٹ ہی ہوتی ہے_

https://www.facebook.com/share/p/KXMiw22gTXQq7VEM/?mibextid=oFDknk

برطانیہ کا احتجاج اور سٹیج شو

یہ برطانیہ میں حالیہ احتجاجی سٹیج شو ہے سٹیج شو ہے جس کی کچھ اصلیت نہیں
تین سو سال قبل فری میسن نے پوری دنیا کی سیاست کو سٹیج شو میں بدل دیا تھا اور وہ میڈیا کو لائے تو سٹیج ڈرامے کو حقیقت کا لباس پہنا تا ہے
اس ویڈیو پر غور فرمائیں اور زیادہ غور فرمائیں
نا پولیس والے مظاہرین کی طرف بڑھ رہے ہیں اور نا ہی مظاہرین پولیس والوں کی طرف بڑھ رہے ہیں کیونکہ دونوں فریق Paid actors ہیں اور آخر میں پولیس آفیسر کے زخمی ہونے کا گرینڈ ڈرامہ کیا آپ کو لگتا ہے یہ زخمی ہوا ہے

https://www.facebook.com/share/v/WdPJssFm7QNNStFh/?mibextid=oFDknk

آخری جنگوں کی ٹائم لائن (حصہ اول)

اقوام متحدہ (دجال کے ہیڈ کوارٹر) کے پانچ سو سے اوپر قوانین کے تابع پوری دنیا کے ممالک دجالی نظام کے قیام کیلئے ہی کوشاں ہیں اور ان کی آپسی جنگیں اور اختلافات وہ بڑا اسٹیج شو ہے جس سے آپ کو دھوکہ دیا جاتا ہے تاکہ آپ یہ سمجھیں کہ ممالک میں آپس میں دشمنیاں ہیں اور دنیا میں دو بلاک موجود ہیں حالانکہ کہیں دو بلاکوں کا وجود نہیں ہے دنیا کا مالیاتی و بینکاری نظام ایک ہے
آپ صرف لفظ اقوام متحدہ پر غور کریں، اقوام متحدہ یعنی اکھٹی اقوام جو آپس میں متحد ہیں، متحد کون ہے ان کی اشرافیہ متحد ہے اور کس کام کیلئے متحد ہیں دجالی ریاست کے قیام کیلئے۔ یہ قیامت کی علاماتِ صغریٰ کے پورے ہونے کے آغاز کا دور تھا جب اقوام متحدہ کا وجود عمل میں آیا اس سے پہلے تو پوری تاریخ میں کبھی دنیا کی اقوام متحدہ نہیں ہوئی اور اگر آپ کہتے ہیں کہ کبھی متحد ہوئی تو مجھے اس بات کا ثبوت دیں۔ یہ اقوام کسی شرعی اصول کے تحت متحد نہیں ہوئی نا ہی عیسوی نا ہی یہودی شریعت کے تحت متحد ہوئی ان کے اتحاد کی وجہ سیکولر اور لادین قانون بنا۔ اور لادینیت کا خدا ابلیس ہے اب اگر آپ کہیں گے اقوام متحدہ کے بانیوں میں جو ہم جیسے انسان تھے ابلیس نے پہلی میٹنگ کی قیادت نہیں کی تو میں عرض کروں گا پھر یہ سب کیسے ممکن ہوا۔ پہلے کیا ہوتا تھا خود مسلمانوں کے فرقے باقاعدہ ریاستوں کی شکل میں ایک دوسرے سے برسرپیکار تھے صفوی اور عثمانی سلطنت کی مثال بالکل حالیہ ہے اور اب سعودی عرب و ایران اقوام متحدہ کے کسی ایک قانون سے بھی انحراف نہیں کرتے۔ عیسائیوں کے دو بڑے فرقوں پروٹسٹنٹ اور کیتھولک میں صدیوں تک لڑائیاں چلی اور اب پوری عیسائیت اقوام متحدہ کے قوانین کی پابند ہے
کیا اب ہی انسانیت کی چھ ہزار سالہ تاریخ کے بعد یہ مثالی اتحاد وجود میں آنا تھا، اگر کوئی شخص احادیث کی اسنادی حیثیت کا انکاری بھی ہے تب بھی وہ اتنا بینا تو ہے کہ جس قدر اخلاقی زوال کا شکار آج کی دنیا ہے ایسا قحط تاریخ کے کسی سابقہ دور میں نہیں پڑھا دین بھی زوال پذیر ہے ہر گزرتے دن کیساتھ صرف ایک چیز ترقی پا رہی ہے اور وہ الحاد و بے دینی ہے۔
اقوام متحدہ یاد رہے اقوام متحدہ یعنی متحد قوموں کے ہوتے ہوئے بھی لڑائیوں کا مقصد (جو سکرپٹ کے مطابق لڑی جاتی ہیں) یہ ظاہر کرنا مقصود ہوتا ہے کہ اقوام اس طرح متحد نہیں ہیں جس طرح میرے جیسے بعض خبطی اس کو پوری دنیا کا دجال کے ہاتھ پر بیعت ہو جانا تصور کرتے ہیں۔ غیر انسانی قوانین کی موجودگی یعنی اقوام متحدہ کے قوانین، ان جنگوں سے ان قوانین میں کوئی فرق نہیں آتا اور اقوام متحدہ کے کسی قانون سے مذہب کا تعلق نہیں ہے۔ یہ انسانی تاریخ میں پہلا موقع ہے کہ پوری انسانیت خدا کے نازل کردہ قوانین کے برعکس انسانی قوانین کے سہارے جی رہی ہے اور اس عمل کو اقوام متحدہ کا نام دیا جاتا ہے۔
مگر لوگوں کو ان باتوں کا علم نہیں ہے کیونکہ ان کو نصاب تعلیم میں یہ باتیں نہیں پڑھائی جاتی مذہبی و سیاسی اشرافیہ میں لوگوں کے ہیرو یہ باتیں نہیں بتاتے میڈیا ان باتوں پر روشنی نہیں ڈالتا۔ جب آپ اخبارات میں اقوام متحدہ کے صدر کے فلسطینیوں کی شہادت پر تعزیتی بیان پڑھتے ہیں تو آپ سمجھتے ہیں اقوام متحدہ فلسطینیوں کے حق میں ہے مگر وہ ایسے بیانات دھوکہ دینے کو جاری کرتے، عوام سادہ لوح ہوتے ہیں وہ آسانی سے دھوکے کا شکار ہو جاتے ہیں۔
ورلڈ اکنامک فورم جن کا بنیادی نعرہ ہے آپ کی کوئی ذاتی جائیداد نہیں ہوگی اور آپ خوش ہونگے، ورلڈ اکنامک فورم کی ویب سائٹ پر اب بھی اس کے سربراہ کلاس شواب کا یہ ویڈیو بیان موجود ہے۔ یہاں بات کو سمجھیں اٹھارہویں صدی عیسوی سے دنیا پر آہستہ آہستہ کارپوریشنوں نے قبضہ کرنا شروع

کیا انہوں نے وسائل ہتھیانے شروع کیئے اور ساتھ ہی وہ سرمایہ دارانہ نظام لائے دولت آہستہ آہستہ تمام انسانوں میں سے نکل کر چند ہاتھوں میں سمٹنے لگی اگر آپ نے احادیث میں سے دجال کے متعلق پڑھا ہو تو یہ سارا وہیں منصوبہ ہے مگر وہ اس منصوبے کو اس انداز میں انجام دے رہے ہیں کہ عام فرد جس کا اعتماد میڈیا کی خبر پر ہے اسے بھنک تک نا پڑے لوگو کا دھیان ہٹانے کیلئے فلمیں، ڈرامے اور سپورٹس ایونٹس کافی ہیں ویسے بھی سوشل میڈیا نے لوگوں کو کتاب سے دور کر دیا ہے ابھی اولمپکس کی افتتاحی تقریب میں عیسی علیہ السلام کی جو توہین کی گئی ہے اور اس کے بعد انہوں نے افتتاحی تقریب کی ویڈیو یوٹیوب سے ہٹائی اس سے آپ کو بہت کچھ سمجھ جانا چاہیے_

دولت کو ہتھیانے کیلئے سب سے بڑا ہتھیار کاغذی کرنسی تھا، آج سلامتی کونسل کے پانچ مستقل ممالک کے پاس دنیا کا سب سے زیادہ سونا ہے اور اس سونے کی ملکیت حکومتیں ہیں، یہ لوگوں کی بھول ہے کہ ن یاں پی ٹی آئی میں کوئی فرق ہے پالیساں وہیں رہتی ہیں بس میڈیا پراپوگنڈا کے ذریعے اپنے ادوار میں بھٹو، بے نظیر، نواز شریف اور عمران خان کو ہیرو بناتا ہے جب کہ یہ سارے فری میسن کے مہرے ہوتے ہیں ساری دنیا میں یہیں کھیل جاری ہے اور میڈیا تقسیم کی اس سیاست کو بڑی کامیابی سے پرڈیوس کر رہا ہے_

پروٹوکولز آف دی ایلڈرز آف زائن میں فری میسن نے لکھا ہے مارکس ہمارا بندا تھا اقوام متحدہ کی بنیاد کمیونسٹوں نے رکھی اور کمیونزم کا پہلا سبق ہے مذہب افیون ہے آج دنیا کی سب سے بڑی کمیونسٹ ریاست چین میں مذہب پر پابندی ہے اب اسی چینی کمیونسٹ نظام کو وہ دنیا میں پھیلا رہے ہیں جو انسانی تاریخ کا سحت ترین غلامی میں جکڑنے والا نظام ہے میڈیا تو دوسری قسم کا پراپوگنڈا کرتا ہے فری میسن انسانی تاریخ کے سب سے بڑے نفسیات دان ہیں اور میڈیا کی سکرینیں ان کے پراپوگنڈا کے ہتھیار، چینی عوام اس نظام سے کتنے حوش ہیں اس حوالے سے میں ویڈیوز اپنے چیٹ گروپ میں ارسال کرتا رہتا ہوں، آخری جنگ دجال کو مسیحا ثابت کرنے کی جنگ ہے_

اس سے پہلے وہ آخری صلیبی جنگ کرائیں گے برطانیہ میں موجودہ مظاہرے اسی سکرپٹ کا حصہ ہے_ مذہب کے نام پر دنیا کو لڑا کر وہ مذہبی پر پختہ وار کریں گے اور اس کے بعد مذہبی شکل میں آحری دھوکہ دجال ہوگا جو عیسی علیہ السلام ہونے کا دعویٰ کرے گا اصلی عیسیٰ علیہ السلام کو وہ جو کچھ دکھائیں گے میڈیا پر ایمان لانے والے اس تصور سے واقف نہیں ہیں وہ جس طرح دکھائیں گے لوگ اسی طرح مانیں گے جیسے اس وقت عالمی اسلامی جہاد کی اصلیت لوگ میڈیائی پراپوگنڈا کی بنیاد پر تسلیم کرتے ہیں_

آپ صرف دولت عثمانیہ کی تاریخ پڑھنے کی زحمت اٹھالیں آپ کو معلوم ہو جائے گا یورپی سلطنتوں نے کیسے عثمانیوں کی تجارت اور عثمانیوں نے کیسے یورپیوں کی تجارت تباہ کرنے کی کوشش کی یہ محاسبت صدیوں تک جاری رہی مگر اس وقت میڈیا نہیں تھا جو بتاتا کہ چین اور امریکہ سب سے بڑے تجارتی پارٹنر ہونے کے باوجود بھی دشمن ہیں اللہ کے بندوں یہ صرف دجالی حکومت کے قیام کیلئے کوشش کر رہے ہیں_ پوری انسانی تاریخ میں حقیقی دشمنوں کے درمیان کبھی تجارت نہیں رہی جبتک کہ فری میسن نے دنیا پر قبضہ جما کر وطنی قومی ریاستوں کو وجود نہیں بخش دیا اور ان کو اقوام متحدہ کی لڑی میں نہیں پرو دیا_

جاری ہے

https://www.facebook.com/share/p/CLrr2jR22q7gDsnw/?mibextid=oFDknk

آخری جنگوں کی ٹائم لائن (حصہ دوم)

لوگوں کو اس بات کی سمجھ نہیں آتی امریکی حکومت اپنے لوگوں کو کیسے قتل کرے گی تو میرا ایک مضمون ہے پانی کو کیسے زہر آلود کیا جاتا ہے اس کے خلاف امریکی عدالتوں میں چلنے والا مقدمہ اور عوام کی جیت پہلے اس مضمون کو پڑھ لیں لنک مانگنے پر دے دوں گا۔
ہم لاس اینجلس میں لگنے والی آگ پر بات کریں گے کہ کس نے کیوں لگائی۔
جو حکومت دوسروں کیلئے بری ہو وہ اپنوں کیلئے کیسی اچھی ہو سکتی ہے یہ کیسے ممکن ہے یہودی اپنے سکے پر سائرس اعظم کیساتھ ٹرمپ کی تصویر بھی چھاپیں اور ٹرمپ دنیا کیلئے بھی مسیحا کہلائے آپ سائرس اعظم کو بھی جانیں اور تالمود کو بھی پڑھیں کیونکہ حالات کی مناسبت سے ناکوئی یوٹیوبی مئورخ آپ کو یہ بتائے گا نا آپ کو محبوب سیاستدان نامذہبی نمائندہ۔
عیسائیت میں The Jesuit order سب سے پرانی حفیہ تنظیم ہے جس کی علامات میں جدید تنظیم فری میسن کی علامات جھلکتی ہیں اور اگر آپ حشاشین کو جانتے ہیں تو نائٹ ٹیمپلرز سے بھی انکا تعلق تلاش کریں تاریخ میں ہر جگہ ہر مذہب میں حفیہ تحریکوں کا وجود ملتا ہے اور اس سب کا محرک اول ابلیس ہے

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا اگر اللہ نے ہر شخص کیساتھ دو حفاظتی فرشتے مقرر نا کر رکھے ہوں تو ابلیس ہر انسان کو قتل کر ڈالے اس ہر شخص میں لاس اینجلس کا وہ غریب بھی شامل ہے جس نے ساری عمر مارگیج گھر کی قسطیں حکومت کو ادا کرنی ہیں اور وہ فلسطینی بھی (مقبول بیانیہ کے مطابق) جس کا گھر ہی نہیں رہا۔یہ دونوں ظالم کے ستائے ہوئے۔اگر وہ امریکی ایک پر آگ برساتے ہیں تو آپ دوسرے کے زخموں کو آگ سے نا جلائیں۔ستیاناس ہو اس نظام تعلیم کا جس میں تعلیم ہے نا مذہب نا تاریخ۔آپ نے اگر تاریخ پڑھی ہو تو کوئی دور ایسا نہیں گزرا جس میں مجاہدین اٹھے ہوں ستر سال لڑے ہوں اور مظلوم کو ظالم سے نجات نا دلا سکے ہوں یہ انہونی تبھی ممکن ہوئی جب تصویر حلال ہوئی میڈیا آیا وہ آپ کو خبر دیتا ہے اور آپ اس پر ایمان لاتے ہو جبکہ اللہ تو خبر کی تحقیق کا حکم دیتا ہے
وہ لوگ یعنی فری میسن پہلے دن سے دنیا کو آگ میں جھونکنے کے مشن پر کاربند ہیں ان سیاسی و معاشی و معاشرتی نظاموں کے ذریعے انہوں نے دنیا کا امن و چین تباہ کیا ہے مگر انسانی جان کا قتل ابلیس کا سب سے بڑا منصوبہ ہے۔
مگر اللہ کی قسم ہم اللہ کو ایسے ہی مانتے ہیں جیسے ملحد اللہ کا انکار کرتے ہیں سب ٹرینڈ کے پیچھے چلتے ہیں اور میں عرض کر دوں آخری مذہبی جنگ کے بعد مذہب کا ٹرینڈ ختم ہونے والا ہے امام مہدی کیساتھ وہ ہو گا جو اللہ کو ایسے مانتا ہے جیسے صحابہ مانتے تھے۔

ہر شخص پر صرف وہیں چیز گراں گزرتی ہے جو اسکے علم میں نہیں ہے، میڈیا خبر نہیں دے رہا بلکہ آپ کو بے خبر رکھ رہا ہے، آسمانی خبروں قرآن اور حدیث کی پچاس کتب تمام کو پڑھنے والا اگر ایک شخص بھی آپ نے دیکھا ہے مجھے اس کا پتہ دیں میں ساری عمر سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر اس کے قدموں میں گزار دوں گا مگر ہم آسمانی خبروں سے زیادہ ڈیجیٹل خبروں پر ایمان لاتے ہیں آسمانی خبریں تو مذہب کا پتہ دیتی ہیں اور مذاہب در جنوں ہیں ہم نے کوئی تیر نہیں مارا ہم بھی وہیں مانتے ہیں جو دوسرے مانتے ہیں فرق صرف یہ ہے جیسے ہم اپنے عقیدے کو بغیر تحقیق کے درست خیال کرتے ہیں وہ بھی ایسا ہی سمجھتے ہیں آپ جو ہیں نہیں ہیں آپ کے علاوہ ساڑھے چھ بلین انسانوں کے پاس بھی اپنے عقیدے کی دلیل ہے مگر دلیل کا تعلق انسان سے ہے ہم بلا مقصد میڈیا اور مذہبی وسیاسی اشرافیہ کی ڈگڈگی پر ناچنے والے کہاں کے انسان۔

میں خود سے کچھ نہیں کہوں گا سارے مین سٹریم میڈیا کے حوالے دوں گا اور تمام خبروں کے سکرین شارٹ اپنی وال پر موجود اس پوسٹ کے نیچے دے دونگا آپ غور سے دیکھ لینا

کل کے روزنامہ امت نے خبر لگائی تھی کہ کیسے انشورنس کمپنیوں نے مہینوں پہلے لاس اینجلس کے مکینوں کے مکانوں کی انشورنس منسوخ کر دی، امریکی تاریخ میں پہلے تو کبھی ایسا نہیں ہوا حالانکہ وہاں مقبول بیانیہ کے مطابق پہلے بھی آگ لگتی رہتی ہے اس بار ایسا کیا ہوا تو اگر آپ باخبر ہیں تمام مین سٹریم میڈیا نے اسے تاریخ کی سب سے بڑی آگ اور تاریخ کا سب سے بڑا نقصان بتایا بطور حوالے میں نیوز میڈیا کے سکرین شارٹ دوں گا۔ گویا انشورنس کمپنیوں کو پہلے سے اس آگ کا علم تھا کیا انکو اللہ نے بتایا؟؟؟؟

اللہ اپنے منصوبے کافروں کو کیوں بتائے گا

آپ کے نزدیک میڈیا قابل ایمان ہے مگر میں ان عام افراد کے بیان پر زیادہ اعتبار کرتا ہوں جن کا سو فیصد کوئی ایجنڈا نہیں ہے اس آگ کے دوران مغربی نیوز میڈیا چینلز کے فیس بک پیجز پر میں نے ان ہزاروں امریکیوں کے کومنٹس پڑھے جو وہاں کے مقامی تھے انہوں نے ہزاروں بار لکھا اور دعوؤں کیساتھ لکھا کہ عمارتیں تو جل رہی تھی مگر ان کے ساتھ کھڑے درخت محفوظ تھے گویا آگ لگانے والا مواد عمارت پر تو پھینکا گیا مگر جلدی میں درختوں پر پھینکنا بھول گئے یاں ان کو معلوم تھا اس پر کس کا دھیان جاسکتا ہے اگر دھیان جائے بھی تو مین سٹریم میڈیا تو اپنا ہے

میں نے ایک مقامی فرد کا تبصرہ پڑھا اس نے لکھا میڈیا تیز ہواؤں کا بتا رہا ہے میں وہیں سے آیا ہوں وہاں کوئی تیز ہوا نہیں ہے۔اب یہ آپ پر ہے آپ نے اس میڈیا نیوز اینکر کی ماننی ہے جس کی کروڑوں میں تنخواہ ہے یاں اس عام شخص کی جس کا گھر بھی جل گیا۔اور ہمارے ہاں ایسے جاہل ہیں کہتے رہے ہوائیں اللہ بھیج رہا ہے ارے جاہلوں اس سے آج تک (میڈیائی بیانیہ کے مطابق) اسرائیل فلسطینیوں کو قتل کر رہا ہے اللہ بجائے غریب امریکیوں کے جن کے گھر جلے ظالموں پر اپنا حصہ کیوں نہیں نکالتا۔

کہتے ہیں موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث آگے لگی کل روزنامہ جسارت نے بڑی سی شہ سرخی لگائی کہ سینکڑوں امریکیوں کو گرفتار کیا گیا ہے جنہوں نے آگ لگائی اور آگ کے درمیان پورے امریکی میڈیا پر ایسی خبریں آتی رہی۔اب یہ آپ پر ہے آپ نے میڈیا کی کس خبر پر ایمان لانا ہے موسمیاتی تبدیلیوں کے جھوٹ پر یاں لوگوں کے آگ لگانے کے جھوٹ پر۔حقیقت کیا ہے پہلے بھی آگ لگتی رہی ہے اس وقت کوئی شخص کیوں نا پکڑا گیا اگر تب نہیں تھا تو اب کیسے آگئے اس کی وجہ تھی اب اتنے بڑے پیمانے پر آگ لگی تھی جب دوسری جانب آدھا امریکہ منجمد تھا تو صرف موسمیاتی تبدیلیوں پر الزام دھرنا کچھ بھرپائی نا کرپاتا اس لیئے انہوں نے لوگوں پر بھی الزام دھرا اور محفوظ کون رہا ابلیس کے وہ ساتھی جو لوگوں کو قتل کرنے میں اسکے مدد گار ہیں

مجھے نیرو یاد آتا ہے روم چھ دن تک جلتا رہا شہر کا بیشتر حصہ جل گیا اور اس نے الزام عیسائیوں کو دے دیا ایسے ہی اب عیسائیوں کے گھر جلے ہیں وہ عیسائی حکومت کو الزام دے رہے ہیں اور مسلمان اللہ کو۔ہم بطور مسلمان انسانیت کیساتھ نہیں میڈیا نامی دجال کیساتھ کھڑے ہیں۔

آگ کے وقت وہاں محکمہ جنگلات کا عملہ ہی غائب تھا یہ سینکڑوں امریکیوں کی گواہیاں ہیں جن کے میں نے سکرین شارٹ بنائے ہیں اب مجھے بتائیں اس عملے کو کس نے چھٹیاں دی یاں وہاں سے نکال لیا اور ایک بڑا شاندار تبصرہ بائیں بازوں والوں کے نزدیک ہوائیں موسمیاتی تبدیلیوں کا ثمر تھی۔انہوں نے اس آگ سے پہلے فائر بجھانے والے محکمے کے بجٹ سے 17 ملین ڈالر کم کر دیئے۔

وہاں گھروں کیساتھ پمپ لگے ہوتے ہیں جن سے واٹر سپلائی کا پانی آتا ہے آگ سے پہلے پورے علاقے میں اکثر جگہوں پر وہ نل سوکھ گئے کسی میں پانی ہی نہیں تھا جب پورے امریکہ میں شور اٹھا تو بائیڈن نے کہا بجلی بند کر دی گئی جس سے پانی نہیں گیا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ کہیں بجلی کی تاریں مزید آگ کا سبب نا بنیں، اب مجھے بتائیں اس بات کو عقل تسلیم کرتی ہے اگر حکومت کو لوگوں کی اتنی ہی فکر تھی تو ان باقی اسباب کو کیوں نا روکا گیا جن کا میں نے ذکر کیا۔وہاں کے دو ارب پتیوں کے پاس پانی کے ذخیروں کا اکثریتی حصہ تھا جو ان کی ملکیت تھا اب اگر اس کو آگ بجھانے کیلئے استعمال کیا جاتا تو ان کے ہاتھ کیا آتا کچھ نہیں۔

آگ لگنے سے تھوڑے دن پہلے وہاں کی حکومت نے ایک قانون پاس کیا اگر آپ کا گھر جلتا ہے اور آپ اسے دو سال میں تعمیر نہیں کرتے (جو وہاں ناممکن ہے) تو آپ اپنے ٹیکسوں کی بنیاد کھو دوگے یعنی وہاں جو گھر حکومت سے قرضے پر لیئے جاتے ہیں ان کی جتنی بھی قسطیں ادا کی ہیں وہ دوبارہ ادا کرنی پڑیں گی۔اب مجھے بتائیں آگ سے پہلے اس قانون اور ظالمانہ قانون کو نافذ کرنے کی کیا ضرورت تھی۔

وہاں نے میڈیا میں تمام خبریں رپورٹ ہوئی کیلیفورنیا کے فائر ڈیپارٹمنٹ کے چیف نے کہا ہم بجٹ کٹ جانے کی وجہ سے آگ بجھانے کی تیاری نا کر سکے۔

وہاں فائر فائٹرز کی کمی کا بھی رونا رویا گیا کیونکہ جنہوں نے کرووونا کے درمیان ویکسین لگوانے سے انکار کر دیا تھا ان کو نوکری سے نکال دیا گیا اور نئے لوگ بھرتی نا ہوئے گویا ایک بار پھر الزام لوگوں پر ڈالا گیا۔

کینیڈا سے آگ بجھانے کیلئے جہاز بلائے گئے گویا امریکہ اتنا غریب ہو گیا کہ دو دن قبل ٹرمپ جس کینیڈا کو اپنا 51 واں صوبہ بنانے کا اعلان کر رہا تھا اب وہاں سے مدد لینی پڑ گئی۔اس سے انہوں نے یہ ظاہر کیا کہ حکومت آگ بجھانے میں اپنی پوری قوت صرف کر رہی ہے۔امریکہ نے یوکرائن کو لاکھوں بلین دیئے مگر اپنے لیئے آگ بجھانے کیلئے جہاز نا خرید سکا۔

ایک آدمی نے لکھا اگر لیہانا کی پولیس روڈ بند نا کرتی اور لوگوں کو واپس آگ میں نا بھیجتی تو مجھے کبھی بھی پیٹرن نظر نا آتا۔ہر ریاست کے امریکی نے لکھا حکومت لوگوں کو بچانا نہیں چاہتی بلکہ تباہی چاہتی ہے سینکڑوں کومنٹس تھے میں نے سکرین شارٹ بنائے ہوئے ہیں۔

ایک اور شخص نے لکھا میل گبسن کا گھر جل گیا جس نے کینسر کے علاج کی بات کی تھی اور اسکے ساتھ والا گھر بالکل محفوظ رہا، یعنی اس شخص نے کینسر کا علاج دریافت کیا تھا اور وہ امریکہ میں مشہور ہے مگر ملٹی نیشنل فارماسیوٹیکل کمپنیوں کے ہوتے جو علاج کے بجائے بیماری بیچتی ہیں کسی عام آدمی کا طریقہ علاج کیسے چلنے دیا جائے گا جیسے کرووونا کے درمیان لوگ کہتے رہے نیچرل امیونٹی کافی ہے مگر ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن مسلسل انکار کرتی رہی بعد میں جب ساری آبادی کو ویکسین لگ چکی تو پہلے برطانوی ادارہ صحت نے نیچرل امیونٹی کے کارگر ہونے بعد میں امریکی محکمہ صحت نے پھر ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن نے اقرار کیا تاکہ لوگوں کو یقین دلایا جاسکے کہ یہ ادارے اصل سائنس کو مانتے ہیں۔

امریکہ کے سب سے مشہور اخبار نیویارک ٹائمز کا کالم نگار نکولس کرسٹوف آپ ٹویٹر پر اسکا اکاؤنٹ دیکھ سکتے ہیں اس نے ٹویٹ کی جب فائر فائٹرز کی گاڑیاں تیزی سے آگ بجھانے کیلئے جارہی تھی تو پولیس نے کاغذات چیک کرنے کے بہانے انہیں روک لیا کالم نگار نے مزید لکھا زندگی اور موت کے ہنگامے میں ایسے تکلفات سمجھ سے باہر ہیں-

ایک پوری کتاب ہے smartLA2028 میں آپ کو اسکا پی ڈی ایف بھی بھیج سکتا ہوں فری ڈاؤن لوڈ کرنے کی کوشش کررہا ہوں اس کتاب میں لاس اینجلس کے 2028 میں بطور سمارٹ سٹی ہونے کا پورا نقشہ موجود ہے اب ہزاروں امریکیوں کے غریب امریکیوں کے جنہیں وہ useless eater's کہتے ہیں ان کے گھر ان نقشہ کو کہاں تکمیل کے مراحل سے گزرنے دیتے وہ لوگ کہنے سے تو نا نکلتے چلیں سو دو سو خاندان ہوں تب تو ٹھیک ہے ہزاروں خاندانوں کو آپ کیسے نکال سکتے ہیں جبتک کہ کوئی نام نہاد قدرتی آفت نا آجائے (مین میڈ، شیطان میڈ) وہاں 2028 میں اولمپکس بھی ہیں جن کیلئے عظیم سٹیڈیمز، ہوٹلوں اور انفراسٹرکچر کی ضرورت تھی اور کھیل تماشے انسانی زندگی سے کہیں ضروری ہیں اگر آپ نے تاریخ پڑھی ہو تو یہ رومن دور سے عوام کا اصل مسائل سے دھیان ہٹانے کیلئے جاری ہیں-

میٹ گبسن ہالی ووڈ کا مشہور اداکار ہے آپ نے فلموں میں دیکھا ہوگا اس نے لائیو انٹرویو میں بتایا کہ کس طرح سے حکومت نے اس آگ کی سازش رچائی اور مقاصد کیا تھے اسکا انٹرویو اب بھی یوٹیوب پر موجود ہے ہر نیوز چینل نے کلپ چلائے اس نے کہا on purpose آگ لگائی گئی وہ شہر کو خالی کرنا چاہتے تھے-اب یہ انٹرویو اس نے دیا نہیں دلوایا گیا ہے وہاں کے فری میسن اور ملحد طبقے کو جو کانسپریسی کو جھوٹ سمجھتے ہیں اور میڈیا نے اس بیان کو کانسپریسی قرار دیا یعنی دونوں طرف سے انہوں نے پورا انتظام کیا کہ سچ باہر نا آئے-اصل میں گبسن نے بات درست کی ہے مگر جب اس بات کو ایک شخصیت کے منہ سے ادا کرایا گیا پھر یہ کانسپریسی بنی، اس کے دو فائدے ہوئے ہیں ایک تو انہوں نے ملحدین کو گمراہ کیا اور دوسرا مذہبی لوگوں کی نظر میں گبسن کو ہیرو بنا دیا جو حق بات کرتا ہے یہ بالکل ایسے ہی ہے جیسے کرووونا کے دوران عالمی نمبر ایک ٹینس کھلاڑی نواک جوکووچ نے ویکسین لگوانے سے انکار کیا اور راتوں رات ہیرو بن گیا حالانکہ ویکسین کسی بھی مشہور شخصیت نے نہیں لگوائی کیونکہ انکو معلوم ہے یہ زہر ہے میرے پاس ٹرمپ کی بیٹی کی ویڈیو ہے جس میں صاف دیکھا جاسکتا ہے کہ اسے انجیکشن نہیں لگایا گیا-

جیو نیوز نے بھی خبر لگائی

متن تھا

لاس اینجلس میں لگنے والی آگ کے بارے میں مہینوں قبل خبردار کرنے والے پوڈکاسٹر کی ویڈیو وائرل

اور یہ پوڈکاسٹر وہیں ہے جس کو ٹرمپ نے الیکشن سے چار دن قبل انٹرویو دیا مشہور جو ئے روگن جس کو بعد میں ایلون مسک نے انٹرویو دیا پھر آیا مارک زکربرگ اور امریکہ میڈیا نے شہ سرخی جمائی کہ مارک بھی میگا مومنٹ میں شامل ہو گیا یعنی پہلے جو لیفٹسٹ تھا اب راتوں رات رائٹسٹ بن گیا اور سارا کس کا کمال تھا ٹرمپ کی کرشماتی شخصیت کا المعروف عالمی مسیحا، اس پر میں ان شاء اللہ علیحدہ مضمون لکھوں گا-

آگ کے اصل سبب پر پردہ ڈالنے کیلئے مغربی اور پوری دنیا کے میڈیا نے کئی قسم کی کہانیاں مشہور کی مگر عوامی ذہن پر چونکہ پہلے سے موسمیاتی تبدیلیوں کا ٹھپہ لگا چکا تھا اس لیئے وہ اپنے عقیدے پر مضبوط رہے اور میڈیا پر ایمان لا کر بھی نالانے کا ثبوت دیتے رہے-

عرب مسلمان مغربی نیوز چینلز پر جہاں ان کے زخموں پر نمک پاشی کرتے رہے وہیں ایسے بھی تھے جو لڑکیاں تلاش کر رہے تھے مسلمانوں کے ہنسنے والے ایموجی کو دیکھ کر کئی لوگوں نے اسے دہشت گردانہ کاروائی قرار دیا میری نظر میں اس آگ سے جو دوسب سے بڑے مقاصد حاصل کیئے گئے وہ یہ تھے

اول مغربی اور امریکی عوام کو مسلمانوں کی بداخلاقی اور بے مروتی کا اصل چہرہ دکھانا، اور مسلمانوں نے فری میسن کو بالکل بھی ناامید نہیں کیا اپنی جاہلیت کے گل بوٹے ہر جگہ کھلائے ہم جن لوگوں کو دجالیت کا ماہر گردانتے ہیں یعنی مذہبی علما اللہ کی قسم انہوں نے ہمیں دجالیت کا اصل چہرہ دکھایا ہی نہیں دجالیت ہے لوگوں میں سے احساس کا مرجانا۔یہ ابلیس کا مشن ہے احساس کو ختم کرنا، اسی مشن کی تکمیل کیلیئے حماس اسرائیل جنگ کا سٹیج شو سجایا گیا اور اسی کیلیئے آگ لگائی گئی

دوسرا جو سب سے بڑا مقصد حاصل ہوا وہ یہ کہ آگ سے دو دن قبل مارک زکربرگ نے اپنی فیس بک پوسٹ میں کمیونٹی سٹینڈرڈ ختم کرنے کا اعلان کیا، لوگوں نے کہا چونکہ اب ٹوئٹر کو ہمارا مسیحا ایلون مسک کنٹرول کر رہا ہے اور وہاں ہماری مذہبی طبقے کی چلتی ہے اس لیئے اب فیس بک بھی ہماری طرف آگیا ہے مارک میگا ہو گیا۔ مگر میں جانتا ہوں سینسر شپ کیا چیز ہے اور آپ میں سے بھی کچھ جانتے ہونگے۔اب مسلمانوں کے تبصرے دیکھ کر بعض لوگوں نے مارک کو کونسا شروع کیا کہ تم نے کمیونٹی سٹینڈرڈ ختم کیئے اور اب یہ مسلمانوں نمک پاشی بھی کر رہے ہیں اور انکو کمیونٹی نوٹس بھی نہیں مل رہے گویا مسلمان ہم جیسے لوگوں کیلیئے فیس بک پر کھل کر دجالیت کو بے نقاب کرنے کے امکانات ختم کرنے کا سبب بنے مگر کسی کو کیا پرواہ ہے ہم تو ڈگڈگی پر ناچنے والے بندر ہیں۔

لوگوں نے دیکھا جن ہالی ووڈ شخصیات کے گھروں کے چھت نیلے تھے وہ نہیں جلے یہاں سے لوگوں نے پیٹرن تلاش کرنے شروع کیئے لاس اینجلس سے پہلے وہاں کی ریاست موائی میں آگ لگی تھی وہاں کے لوگوں کی بھی گواہیاں آئی کہ وہاں بھی نیلی چھتوں والے گھر گاڑیاں اور دوسری چیزیں محفوظ رہی۔پھر جوئے بائیڈن کا بیان بھی آگیا جس میں اس نے کہا کہ تمہیں صحیح چھت رکھنا چاہیے تھا یعنی نیلا چھت اگر وہ ہوتا تو گھر بچ جاتا لوگوں نے اس بیان کو بھی پیٹرن سے ملایا کڑیاں جوڑی اور وجہ تلاش کرنے لگے پھر معلوم پڑا چلی میں لگنے والی آگ کے دوران بھی ایسی ہزاروں چیزیں محفوظ رہیں جو نیلی تھی۔ گوگل پر تو نہیں وہاں پابندیاں ہیں ایک براؤزر ہے yendex آپ وہاں سرچ کریں آپ کو سینکڑوں تحقیقی مضمون مل جائیں گے۔لوگوں نے پتا چلایا یہ سب ڈائریکٹ انرجی ویپن DEW کا کمال ہے جس سے آگ لگائی گئی اور میرے پاس وہ ویڈیوز بھی ہیں جس میں لیزر سے آگ لگا کر ثبوت دیئے گئے ہیں کہ وہ نیلے رنگ پر اثر انداز نہیں ہوتا۔اب جو لوگ میڈیا پر ایمان لاتے ہیں ان کیلیئے انہوں نے نرا یہ کیا کہ اس حقیقت کو کانسپریسی ڈکلئیر کر دیا اور دنیا مان گئی مگر کیا کیا خیز کانسپریسی ہو گی۔

آگ سے کوئی دو تین ماہ قبل پورے امریکہ پر جگہ جگہ ڈرونز کے جھنڈ کے جھنڈ دیکھے گئے شور پڑا میڈیا رپورٹنگ ہوئی لوگوں نے حکومت سے جواب مانگا اور وہ حکومت جو چاند تک ہو آئی ہے اس نے کہا ہمیں کچھ معلوم نہیں۔لوگوں نے اپنے ڈرون خریدے اور اڑانے شروع کر دیئے اب جب آگ لگی تو کیا ہوا لوگوں نے ان جگہوں پر ڈرون بھیجنے شروع کر دیئے جہاں آگ لگی تھی تاکہ حقیقت کا پتہ چلایا جائے ٹی وی پر حکومتی نمائندوں کے بیان چلے ڈرون ناڑائیں لوگو نے حیرت سے پوچھا کیوں ؟؟؟؟؟؟

جواب نہیں تھا

پھر جواب گھڑا گیا

پورے میڈیا پر بریکنگ نیوز چلی ایک ڈرون آگ بجھانے والے جہاز سے ٹکرا گیا ہے اور وہ جہاز گر گیا ہے اب کیا تھا جاہلوں نے جواب دینا شروع کر دیا یہ وجہ تھی حکومت کے منع کرنے کی حالانکہ ہر اندھے کو بھی معلوم ہے یہ کہانی صرف لوگوں کو وہاں کے حالات سے ناواقف رکھنے اور ڈروان اڑانے سے روکنے کیلئے گھڑی گئی۔

2025 ائیر آف دی سنیک ہے یعنی چینی کیلنڈر میں سانپ کا سال ٹرمپ سانپ کے متعلق مشہور نظم پڑھنے کے حوالے سے مشہور ہے اس نے کافی بار یہ نظم عوامی اجتماعات میں پڑھی اور 2025 میں ہی اس نے حلف اٹھایا آگ سے پہلے اس نے کہا میں مشرق وسطی کو آگ میں جھونک دو گا اور مسلمان جاہلوں نے اس بیان کو اٹھا کر لاس اینجلس کی آگ کو اللہ پر تھونپ دیا حالانکہ ٹرمپ نے جان بوجھ کر یہ بیان دیا تھا جیسے آگ سے دو دن قبل گولڈن گلوب ایوارڈ میں جان بوجھ کر مذہب کی توہین کی گئی اور عیسائیوں نے کہا چونکہ خدا کی توہین ہوئی اس لیئے خدا نے ہالی ووڈ کے مرکز کو جلا دیا، پاکستانی میڈیا میں خبریں اڑی ایک گھر بچ گیا پھر عوامی سطح پر مشہور ہوا وہاں قرآن تھا اور امریکی میڈیا پر خبریں چلی وہاں پر تو مریم علیہ السلام کا بت تھا مذہبی طبقہ، اندھا مذہبی طبقہ یہاں ہو یاں وہاں ہو سب سے زیادہ جاہل ہے۔

جاری ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

https://www.facebook.com/share/p/18fjWrYZ9H/

یہ کہ تم غلام ہو نیو

وطنی قومی ریاستوں، اس سودی مالیاتی نظام اور جب سے کاغذی کرنسی آئی ہے کیا اس سب سے پہلے بھی جب سونے چاندی کے سکے ہوا کرتے تھے جب جمہوریت نہیں تھی جب بادشاہی نظام نافذ تھا کیا تب بھی دنیا پر اتنے ہی ٹیکس نافذ تھے جتنے اب ہیں کیا تب بھی مہنگائی ہمیشہ اوپر ہی جاتی تھی
اللہ کے بندوں پوری دنیا میں اس وقت ظالم ترین معاشی نظام نافذ ہے تمہیں دھوکے میں رکھا گیا ہے پوری انسانی تاریخ میں ساڑھے پانچ ہزار سال تک ایسا نہیں ہوا کہ ضرورت کی ایک ایک چیز پر ٹیکس لگایا گیا ہو اور پھر بھی حکومتوں کے پیٹ نا بھرے گئے ہوں سونے اور چاندی کے سکے ہر سال نہیں ڈھالے جاتے تھے خدارا تم غور تو کروں یہ ظلم کا نظام کس نے اور کیوں بنایا ہے کون ہے پوری انسانیت کا دشمن کیا تم قرآن نہیں پڑھتے کیا مذہبی صحیفے جھوٹ بولتے ہیں تم تاریخ پڑھوں بادشاہتوں کے پاس اتنا سونا نہیں تھا کہ وہ ہر سال سونے اور چاندی کے نئے سکے ڈھالتے رہتے جس سے طلب ورسد کا فطری نظام متاثر ہوتا اور لوگوں کی قوت خرید کا امتحان لیا جاتا۔
میڈیا خدا نہیں ہے یاں انسانی تاریخ کی سب سے ایماندار ی قوت نہیں ہے وہ تمہیں جو بتاتا ہے اس کو بغیر تنقیدی نگاہ ڈالتے قبول کر لینا تمہیں انسانیت کی تمام بہترین صفات سے گرا دے گا تمہیں خود سے غور کرنا چاہیے اپنے دماغ کا ٹیسٹ کرنا چاہیے کیا تمہیں سمجھ آتی ہے انسانی مسائل کا سبب کیا ہے اگر تو تم حارج میں پیش کیئے جانے والے تمام نظریات کو قبول کر لیتے ہو تب تو تمہارا دماغ بے کار ہے اگر تم ایسا کرتے جاؤ گے تو اس دماغ کی صلاحیتوں کو زنگ لگتا جائے گا ایک وقت آئے گا نا تم کوئی دلیل جٹا پاؤ گے نا قبول کر سکوں کو صرف اسے ہی سچ مانوں کے جسے حارجی دنیا پراپوگنڈا کے زور سے تم سے منوائے گی۔
اگر دجال وجال سب مذہبی کہانیاں ہیں تو کچھ تو غور کروں تم بطور انسانی جان کن مشکلات کا شکار ہو ارد گرد دیکھوں کیا دھوکہ کھا کر تم جانور سے برتر بننا چاہتے ہو سارے فلاسفہ نے اعلی اور برتر اخلاقیات کا سبق دیا ہے نا تم غور تو کرو اپنی جیب میں پڑے نوٹ کو غور سے دیکھوں تو سہی اس پر نظر ڈالوں کیا یہ اصل کرنسی ہے کیا یہ تمہیں لین دین کا احتیار دیتی ہے تم دیکھتے کیوں نہیں تمہارا احتیار دن بدن گھٹتا کیوں جارہا ہے تمہاری اور تمہاری بیوی کی سارے دن کی دوردھوپ کے باوجود تمہاری آسائشات پوری کیوں نہیں ہو رہی زندگی خوشیوں سے دور کیوں ہے۔
دجال دجل سے نکلا ہے جس کا معنی دھوکہ ہے کیا اکیلا تمہاری جیب میں پڑا نوٹ اس دھوکے کا ثبوت نہیں ہے۔اسے دیکھوں اور اس پر لکھے سارے الفاظ اور جملے پڑھوں تم خود فیصلہ کر سکتے ہو دھوکہ کیا ہے تمہیں کسی دانشور، کسی غلام احمد پرویز، کسی غامدی، کسی ماسٹر میسن، الیسٹر کراؤلی، البرٹ پائیک یاں خود شیطان کی ضرورت نہیں ہے نا ہی ٹی وی یاں یوٹیوبر پر بیٹھا کوئی ماہر معیشت یاں نام نہاد مئورخ تمہیں بتائے گا تم اس نوٹ پر ایک عبارت پڑھتے ہو حامل ھذا کو مطالبہ پر ادا کرے گا۔تم حامل ھذا ہو کیا بینک تمہیں وہ ادا کرے گا جس کا وعدہ کیا گیا ہے تم ابھی دس روپے کا نوٹ لیکر سٹیٹ بینک پہنچوں اور انہیں کہوں یہ کرنسی مجھے مطمئن نہیں کر رہی مجھے اس کے بدلے میں وہ اصل زر دیں جس کو بطور ضمانت رکھ کر آپ کاغذی کرنسی کے نوٹ جاری کرتے ہیں تمہیں اسی وقت انسانی تاریخ کے سب سے بڑے دھوکے کا علم ہو جائے گا اور اگر پچیس کروڑ لوگ ایک ساتھ اپنے نوٹ لیکر بینک پہنچ جائیں پھر کیا ہو گا بینکوں کے پاس ان نوٹوں کے بدلے دینے کیلئے .00005 فیصد سونا بھی نہیں ہو گا۔
جب یہ حالات ہیں پھر ہر ملک میں (جو انسانوں کو قید رکھنے کیلئے بیر کیں ہیں) کیونکہ ہم آزاد انسان نہیں ہم غلام ہیں
The matrix کیا ہے

نیو: میں جانتا ہوں میرا میری زندگی پر کنٹرول نہیں ہے

مارفئیس: چلو میں تمہیں بتاتا ہوں تم یہاں کیوں ہوں، تم یہاں ہو کیونکہ تم کچھ جانتے ہو، تم کیا جانتے ہو جو تم بیان نہیں کر سکتے، مگر تم اسے محسوس کرتے ہو، تم اپنی پوری زندگی کو محسوس کر سکتے ہو کہ دنیا کیساتھ کچھ تو غلط ہے، تم نہیں جانتے وہ کیا ہے مگر وہ موجود ہے جیسے تمہارے دماغ میں کوئی پھانس۔ تمہیں پاگل پن کی جانب لے جارہا ہے یہ وہ احساس ہے جو تمہیں میرے پاس لایا ہے۔

کیا تم جانتے ہو میں کس چیز کے متعلق گفتگو کر رہا ہوں

نیو: میٹرکس

مارفئیس: Do you want to know what it is

میٹرکس ہر کہیں ہے یہ ہم سب کے گرد ہے حتی کہ اس کمرے میں بھی تم اسے دیکھ سکتے ہو جب تم اپنی کھڑکی کے باہر دیکھتے ہو یاں جب تم ٹی وی آن کرتے ہو تم اسے محسوس کر سکتے ہو جب تم کام پر جاتے ہو، جب تم چرچ جاتے ہو، جب تم ٹیکس ادا کرتے ہو، یہ وہ دنیا ہے جو تمہاری آنکھوں کے سامنے پھینک دی گئی ہے تمہیں سچ سے اندھا رکھنے کیلئے۔

نیو: کونسا سچ ؟؟؟؟

مارفئیس: یہ کہ تم غلام ہو نیو (یہ وہ جملہ ہے وہ سچ ہے جسے سمجھنے کیلئے ہمیں میٹرکس دیکھنے کی ضرورت نہیں صرف اپنے گرد و پیش کی دنیا کو اپنی آنکھوں، اپنے دماغ، اپنے حواس سے محسوس کرنے، دیکھنے اور تنقیدی نگاہ ڈالنے کی ضرورت ہے واحد صرف اور صرف واحد دلیل وہ چیز ہے جو کسی چیز کے سچ یاں جھوٹ ہونے کا فیصلہ کرتی ہے کسی چیز کو بار بار دہرایا جائے اور آپ کو اس کا مشاہدہ نا کرایا جائے تو وہ چیز واقع ہی موجود ثابت نہیں ہو جاتی یاں آپ نے علم سے اس چیز کا مشاہدہ کرنا ہے یاں آنکھوں سے یاں حواس سے محض پراپوگنڈا کی بنیاد پر کسی چیز کو حقیقت مان لینا ہی آپ کو سسٹم کا غلام بناتا ہے جب آپ یہ چیز سمجھ جاتے ہیں پھر آپ کو دجال کی حقیقت سمجھنے کیلئے کسی مذہبی تعلیم یاں بیان کی ضرورت نہیں پڑتی)

مارفیئس: تم غلامی میں پیدا ہوئے ہو جس کو نا تم محسوس کر سکتے ہو نا سونگھ سکتے ہو نا چھو سکتے ہو، غلامی تمہارے دماغ کیلئے، بدقسمتی سے کوئی بھی نہیں بتاتا میٹرکس کیا ہے (اس میں ہر وہ شخص شامل ہے جو ٹی وی پر بیٹھا ہے جو آپ کی نظر میں دجالیت کا ماہر ہے جس نے نصاب تعلیم ترتیب دیا ہے یاں جس کی بات آپ کو عقلی معلوم ہوتی ہے) تمہیں اسے اپنی ذات سے دیکھنا ہو گا

اپنے گرد و پیش کی دنیا کے متعلق واجبی سا علم نا صرف آپ کو غلام بناتا ہے بلکہ یہ غلامی ہی آپ کو آزادی معلوم ہوتی ہے، ہر نظام کے متعلق پورا علم حاصل کرنا آپ پر اس دنیا اس کے نظاموں کے متلعق یہ دنیا کیسے کام کرتی ہے اس کی اور انسان کی حقیقت کیا ہے ہر چیز کے راز کھولے گا

موجودہ کرنسی نظام انسانی تاریخ کے بڑے دھوکوں میں سے ایک ہے اور دنیا کا ہر ہر ملک اس کی قیادتیں میٹرکس کا جال بن کر آپ کو اس دھوکے میں مبتلا رکھے ہوئے ہیں آپ اس نظام کے نگرانوں کے خیر خواہ کیوں بنتے آپ کا سچ دلیل سے کیوں محروم ہے آپ دلیل کیوں طلب نہیں کرتے آپ یہ کیوں نہیں جانتے کہ اصل زر کیا ہے آپ اصطلاحات کے معنی معلوم کیوں نہیں کرتے۔ اگر آپ فیس بک پر ہیں تو اس چیز کو ثابت کرنے میں کیوں زندگیاں صرف کر دیتے ہیں جس کو آپ درست مانتے ہیں آپ دوسروں کے نظریات انکے سچ کا تنقیدی جائزہ کیوں نہیں لیتے ان کے دلائل کی میزان میں نا کہ اپنے سچ کی بنیاد پر اگر کوئی سچ آپ کے سچ کے ورژن سے ٹکرا رہا ہے تو یہ ہزیمت یاں شکست کی بات نہیں ہے یہ آپ کو موقع دیتا ہے کہ آپ اپنے سچ کو پرکھ سکیں اس کی خامیاں تلاش کر سکیں اگر آپ کو ہر کوئی مدح سرائی کرنے والا ملے گا تو وہ آپ کا دوست نہیں دشمن ہو گا۔

دنیاکے دھوکے کے سٹیج پر کمیونزم یا اس کی ماڈریٹ شکل سوشلزم کنٹرولڈ اپوزیشن کے طور پر سرمایہ داری کے خلاف لیفٹ ونگ استعمال کرتا ہے۔ پرسوں میں نے مضمون میں مین سٹریم میڈیا کی اس خبر کا حوالہ دیا تھا جس میں مغرب اور چین کو ٹرمپ کے مقابل اتحادی بتایا گیا ہے یہ اتنی سادہ چیز نہیں ہے اصلا یہ سب اتحادی ہیں مگر دنیا میں دو بلاک ظاہر کرنا اس بڑے منصوبے کا حصہ ہے جس میں غلاموں کو آزادی کا احساس دلایا جاتا ہے اور حکومتیں لوگوں پر یہ ظاہر کرتی ہیں کہ بطور قوم یا وطن تمہارا کوئی دشمن ہے اور ہم تمہارے محافظ ہیں اگر وطنی قومی ریاستوں کا کوئی دشمن نا بھی ہو تو دشمن پیدا کیئے جاتے ہیں اس لیئے آپ پوری دنیا پر نظر ڈالیں ہر ملک میں علیحدگی کی تحریکیں رکھی گئی ہیں جن کے لیڈران حکومتی نمائندوں کیساتھ بیٹھ کر منصوبے بناتے ہیں اور اگر آپ عالمی سیاست کو سمجھتے ہیں تو آج تک ایسی کوئی بھی تحریک ہاں گروہ مکمل طور پر نہیں کچلا جاسکا کیونکہ اگر ان کو ختم کر دیا جائے پھر وطن کا اور ریاست کا بطور ماں کے تصور ختم ہو جائے گا اس لیئے بجائے یہ کہ نئے دشمن گھڑے جائیں اور کہیں عوام اس دھوکے کو سمجھ لیں پرانے دشمن اور ان کے متعلق عوامی ذہن کے تشکیلی نظریات کو ہی کام میں لایا جاتا ہے۔

ایسے ہی عالمی سطح پر دو بلاک تشکیل دیئے گئے کمیونسٹ بلاک اور سرمایہ دارانہ بلاک۔ تاکہ انسانوں کو یقین دلایا جاسکے کہ طاقت کا توازن بگڑا نہیں ہے یعنی اگر روس، یوکرائن اور حماس واسرائیل کی فکشنل جنگیں موجود ہیں تو ان کو کاؤنٹر کرنے کیلیئے امریکہ کے مقابل چین اور روس کا کردار بھی موجود ہے ایک ہی قوم کو دو مختلف سپر طاقتوں کا اتحادی دکھانے کا مقصد ابلیس کا وہ عقیدہ ہے جسے وہ کرما سے تعبیر کرتا ہے ورنہ پراپوگنڈا سے پاک دنیا میں کون مانے گا کہ شمالی اور جنوبی کوریا میں دشمنی ہو گی کون مانے گا یہودیت کا سب سے بڑا مخالف سیکٹ یعنی آر تھوڈوکس عیسائی ان کا ملک یوکرائن اسرائیل کا حمایتی ہو گا کون مانے گا کہ KGB کا ایجنٹ پوٹن جس نے افغانستان پر مظالم ڈھائے مسلم دنیا کا سب سے بڑا حمایتی ہو گا، ایسی ہزاروں مثالیں ہیں جو غلاموں کی نظروں سے اوجھل رہتی ہیں کیونکہ ان کو تاریخ کا غلامانہ ورژن پڑھایا جاتا ہے وہ ارسطو کی کہانی کے مطابق صرف سایوں کو ہی کل کائناتی حقیقت مانتے ہیں اور جو باہر سے ہو آیا ہے اس کی مین سٹریم میڈیا پر کوئی جگہ نہیں۔

اگر آپ عالمی حالات سے آگاہ ہیں اور خبریں جیسی بھی ہوں اگر آپ باخبر ہیں تو آپ جانتے ہوں اس وقت جمہوریت پوری دنیا میں شکست زدہ ہے لوگ اس نظام سے نالاں ہیں اور اگر آپ کو سوشلزم کامیاب ہوتا دکھائی دے رہا ہے تو چین کے مقامی سوشل میڈیا ایپس پر کبھی ٹرانسلیٹر کا استعمال کر کے وہاں کے باشندوں سے بات کر کے دیکھئیے گا حالانکہ ہر فکر کنٹرولڈ ہے پھر بھی ٹرمپ نے آتے ہی وہیں سرویلنس کا نظام قائم کیا ہے جو چین میں موجود ہے اور جس پر ساری مغربی میڈیا اور امریکی عوام سراپا احتجاج تھی لیکن اب چونکہ ٹرمپ کو عیسائی میڈیا کے طور پر قبول کیا گیا ہے اس لیئے وہ جو کچھ کرے گا اسے عوامی مفاد کی بہترین ترجمانی سمجھ کر قبول کیا جائے گا

لوگ صرف انہی خبروں پر یقین کرتے ہیں جس پر انکی نظر میں بہترین دانشور، یوٹیوبریاں عالم وغیرہ تبصرہ کرتا ہے اور حقیقت کی تصویر بیان کرتا ہے ورنہ اگر خبروں اور پوری خبروں کا ذاتی طور پر تنقیدی مطالعہ کریں تو آپ کو غلامی کا جال خود سے دکھائی دینے لگے اور معلوم ہو جائے یہ دنیا ویسی ہرگز نہیں ہے جیسی میڈیا دکھاتا ہے۔ کل میں نے حالات حاضرہ پر جو تبصرہ کیا تھا وہ عالمی خبروں اور کڑیاں ملانے کیلیئے کیا گیا تھا۔ کوئی بھی مختصر مضمون حقیقت کا مکمل بیان نہیں ہو سکتا جب تک آپ اس مضمون پر تنقیدی سوالوں کی صورت میں سچ کھرچ کھرچ کر برآمد نہیں کرتے کسی بھی انسان کی معلومات مکمل نہیں ہوتی ناہی وہ مکمل باخبر ہوتا ہے اور تاریخ وہ تو ویسے ہی ہماری نظروں سے اوجھل رہتی ہے

آپ ہر روز کی مقامی اور عالمی خبروں کی پوری معلومات لیں ہر روز کی خبروں سے غلامی کے اس جال کو سمجھا جا سکتا ہے اگر آپ اپنی نظروں سے گرد و پیش کو دیکھیں نا کہ کسی اور کی نگاہ استعمال کریں اپنا فہم دین یاں دنیا یاں آپ فہم الحاد بھی مان لیں مگر ہر چیز میں اپنا ذاتی فہم پیدا کرنا خود داری کا تقاضا ہے بہترین انسانی صفت ہے

https://www.facebook.com/share/p/1YYsVnAgLw/

فوسل فیولز

ٹرمپ 248 سالہ امریکی تاریخ میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والا دوسرا صدر ہے اور اسکو یہ ووٹ اس وجہ سے ملے کہ امریکی موسمیاتی تبدیلیوں کو دجال کا دھوکہ سمجھتے ہیں وہاں فری میسن کیلئے ایک عام اصطلاح استعمال کی جاتی ہے جسے Deep state کہتے ہیں یہاں پاکستان کے جو لوگ عمران خان کی حمایت کے سبب ٹرمپ کو پسند کرتے ہیں انہیں اس بات کی کانوں کان خبر نہیں کہ امریکی سیاست میں کیا ہو رہا ہے انکا یوٹیوب کے تبصرہ نگاروں اور میڈیا پر ایمان ہے

نیچے دو خبریں ہیں دونوں خبریں فوسل فیولز کے متعلق ہیں پہلی خبر پرسوں الجزیرہ (میں نے الجزیرہ کو اس لیئے چنا ہے کیونکہ مسلمان یہ سمجھتے ہیں کہ یہ اسلامی نیوز چینل ہے اور نام نہاد اسلامی جہاد کا حامی ہے ورنہ پوری دنیا کے نیوز چینلز تسلسل سے ٹرمپ کے بیانیہ کو نشر کرتے رہتے ہیں) نے اپنی ویب سائٹ پر شائع کی شاید آج بھی موجود ہو میں نے وہاں سے سکرین شارٹ بنایا ہے

دنیا بھر کے سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ فوسل فیولز کے جلنے سے موسمیاتی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں جو زمین کیلئے نقصان دہ ہیں اس لیئے انرجی سورسز کیلئے فوسل فیولز کا استعمال کم کرنا چاہیے اور دوسرے سورسز پر منتقل ہونا چاہیے جبکہ یہ سارا دجال کا دھوکہ اور فراڈ ہے سمیت ان چیز کے جو آپ کو باقی شعبوں کے متعلق سائنس اور میڈیا بتاتا ہے آپ مسلمان ہیں یاں عیسائی، فری میسن، ملحد، منکر حدیث یاں کوئی بھی ہیں ٹرمپ امریکی تاریخ میں سب سے زیادہ ووٹ لینے والا دوسرا بڑا صدر ہے (یہ سیاست اور سیاسی نظام فری میسن کا سٹیج شو ہے یہاں سینکڑوں سال پہلے طے کر لیا جاتا ہے کون کب حکمران بنے گا لیکن آپ جس بھی نظریہ کو مانتے ہیں قابل قبول ہے میرا کام آگاہ کرنا ہے ہر حوالے سے) اور اس کو اتنے ووٹ ملنے کا سبب یہ ہے کہ امریکی سائنس کے فوسل فیولز کے متعلق دعوے کو دھوکہ سمجھتے ہیں (اور دھوکے کا تعلق معنوی لحاظ سے دجال سے ہے) آپ کو پی ٹی آئی کے کسی رہنما نے اس دھوکے کی خبر نہیں دی۔

ناہی دجال کے ہاتھ پر بیعت فضل الرحمان، نواز شریف، زرداری، حافظ نعیم اور سعد رضوی نے اس دھوکے کی خبر دی ہے آپ کوئی بھی ہیں آپ کو سوچنا چاہیے امریکیوں کی اکثریت سائنس کے اس دھوکے کو نہیں مانتی کہ موسمیاتی تبدیلیوں کا کوئی وجود ہے مگر اس کے باوجود پوری دنیا کا میڈیا تسلسل سے لوگو کو اس ڈر میں مبتلا رکھے ہوئے ہے کہ موسمیاتی تبدیلیاں اصل ہیں اور قدرتی آفات کا بڑھنا موسمیاتی تبدیلیوں کے سبب ہے جیسے حالیہ لاس اینجلس کے جنگلات کی آگ (اس پر میرا تفصیلی مضمون موجود ہے جس میں، میں نے ثابت کیا ہے کہ یہ آگ ابلیس کے ایجنٹوں امریکی حکومت نے خود لگائی کیونکہ ابلیس لوگو کو قتل کرنا ان کے جان ومال کی تباہی چاہتا ہے ایک یہودی بھی اسکا اتنا ہی دشمن ہے جتنا ایک مسلمان)

اصلا بڑھتی قدرتی آفات کا سبب ٹیکنالوجی ہے جسے ہارپ کہتے ہیں اس کے ذریعے لوگوں کے جان ومال تباہ کرنے کیلئے قدرتی آفات لائی جاتی ہیں (آپ کو کسی بھی قسم کے ماہرین کے ثبوت درکار ہیں ویڈیوزیاں کتب میں فراہم کرنے کا پابند ہوں) اور اس سارے دھوکے کا سبب دجال ہے وہ آزاد ابھی سامنے نہیں آیا اور جیسے آپ کے دجالی مولوی کہتے ہیں ابھی تو وہ ہزاروں سال بعد آئے گا یہ سب دھوکہ ہے

ٹرمپ سائنس کے دعوؤں کے برعکس فوسل فیولز کو اس لیئے کنٹرول کر رہا ہے کہ امریکی عوام اسے مسیحا سمجھیں (جو حقیقت میں نہیں ہے) دوسری تصویر مریم نواز کے بیان کی ہے کہ ہم نے فوسل فیولز کا استعمال ختم کر دیا ہے گویا جھوٹی سائنس کی بات مان کر دجال کا منصوبہ پورا کر دیا ہے اب میں ان پی ٹی آئی کے دوستوں سے پوچھنا چاہتا ہوں جو یہ سمجھتے ہیں کہ نواز اور عمران کی دشمنی ہے اور عمران خان جیل میں ہے (حقیقت میں نہیں ہے ناہی

کوئی دشمنی ہے یہ سب دجال کا دھوکہ ہے) کیا وہ اپنے لیڈران سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ مریم نواز کے اس اقدام کی مخالفت کریں کیونکہ عمران خان کا دوست ٹرمپ تو فوسل فیولز کو اپنا رہا ہے یا ان کے لیڈران میں سے کوئی ایک ہی مریم نواز کے بیان کر اپنے چاہنے والوں کو حقیقت بتا دے۔
کیا مذہبی اشرافیہ کے دجالوں میں سے کوئی آپ کو یہ حقیقت بتاتا ہے

https://www.facebook.com/share/p/193gHGamCD/

سیکولر مسیحا کا کردار (حصہ اول)

یقین کے سفر میں جس زاد راہ کی ضرورت ہے وہ دلیل ہے خبر کی تحقیق ہے، تنقیدی نگاہ کی ضرورت ہے، سچ جاننے کی جستجو کی ضرورت ہے اور اگر آپ مذہبی آدمی ہیں تو میڈیا کی خبروں سے پہلے آسمانی خبروں کو جاننے کی ضرورت ہے خبر کو بغیر تحقیق کے قبول کر لینے کو عمل کو پراپوگنڈا کے ذریعے انجام دیا گیا ہے اور میڈیا انسانی تاریخ میں پراپوگنڈا کا سب سے بڑا ہتھیار ہے میڈیا کی آمد کے بعد لوگوں نے دلیل طلب کرنا، تنقیدی نگاہ، ثبوت مانگنا اور خبر کی تحقیق کرنا چھوڑ دیا ہے یہ روش عالمی ہے یعنی اس میں مذہبی و غیر مذہبی آدمی کی کوئی تفریق نہیں ہے۔

اس مضمون میں ہر قسم کے ذہن کو اپیل کیا گیا ہے یعنی آٹھ بلین لوگوں کے اذہان کو

جب سیمپسن، ٹیرو کارڈ، اکانومسٹ میگزین کی پیشن گوئیاں، فلموں، ڈراموں، گانوں وغیرہ میں پیشن گوئیاں اور سب سے بڑھ کر اعداد میں پیشن گوئیوں کی بات ہوتی ہے تو عام ذہن ایک سوال پوچھتا ہے

اگر فری میسن یہ سب کر رہے ہیں تو وہ خود ہی بتاتے کیوں ہیں۔ یہ سوال اللہ کی ذات، اس کے اختیارات اور اس پر کامل بھروسہ نا ہونے کے سبب کیا جاتا ہے اگر اللہ چاہے تو فرعون کے گھر موسی علیہ السلام کی شہزادوں جیسی پرورش کرا دے اللہ باطل میں سے حق کے غلبے کے اسباب پیدا کرنے پر بھی قادر ہے اور اللہ ہی کی مرضی سے فری میسن ہمیں سچ بھی بتاتے ہیں مگر وہ سچ چیخ چیخ کر نہیں بتاتے جیسے حالیہ حماس کی طرف سے اسرائیل کی چار حواتین کی رہائی کا معاملہ پورے عالمی میڈیا نے رپورٹ کیا وہ ایسے پراپوگنڈا کی زبان میں سچ نہیں بتاتے بلکہ علامات، اشاروں اور اعداد کی صورت میں بتاتے ہیں دوسرا ابلیس نے مہلت تو مانگ لی اور اس سے فایدہ بھی اٹھا رہا ہے مگر وہ کرما کے عقیدے پر یقین رکھتا ہے یعنی جیسا کرو گے ویسا بھرو گے اس لئیے وہ اپنے زعم میں اپنے منصوبوں کے متعلق پہلے سے ہی آگاہ کر کے (چاہے وہ اشاروں کی زبان میں ہی کیوں نا ہوں) کرما کے عقیدے پر عمل کرتا ہے یعنی وہ سمجھتا ہے چونکہ اس زبان میں، میں سچ بتا کر لوگوں پر کرم کرتا ہوں اس لئیے روز حشر اللہ بھی مجھ پر رحم کرے گا

اب اہم سوال یہ ہے کہ ان علامات، اشاروں اور اعداد کو سمجھنے کون سب سے مشکل چیز اعداد ہیں، یہیں وجہ ہے کہ دور فتن کے حوالے سے حصول علم پر زیادہ زور دیا گیا ہے بجائے عبادات کے اور محدثین نے تو اس پر باب باندھے ہیں کہ علم کا درجہ عمل سے افضل ہے ان ابواب میں ایسی کوئی بات نہیں آئی کہ اگر عمل نہیں ہو گا تو علم بیکار ہے بلکہ وہ دوسرے ابواب کا موضوع ہے یہاں صرف علم کو موضوع بنایا گیا ہے کیونکہ دور فتن میں صرف علم ہی بچائے گا۔

کوئی بھی مذہبی صحیفہ ہو بائیبل میں بھی دور فتن کے متعلق اس کی آخری کتاب مکاشفہ میں حصول علم پر ہی زور دیا گیا ہے اور قرآن و سنت تو سارا بھرا ہی حصول علم کی فضیلت کے متعلق ہے۔ اگر آپ عالم ہیں ویسے تو اللہ کی ذات عالم ہے (یہاں عالم سے مراد پی ایچ ڈی ڈاکٹریاں مدرسہ سے درس نظامی کیا ہوا نہیں ہے ڈگری جاہلیت کی سند ہے دور دجالیت میں) تو آپ ان چیزوں کو اپنے علم کی مدد سے دیکھ سکتے ہیں جو نظر نہیں بھی آتی دوسری طرف بلاشبہ پوری انسانی آبادی اپنی جاہلیت یاں میڈیا پر ایمان لانے کی بدولت انہیں دیکھنے سے قاصر ہو۔

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے صحابی رسول کو وصیت کی تم صبح کرتے ہو اور دو رکعت نماز پڑھتے ہو (عبادات) وہ تمہارے دو رکوع قرآن (علم) پڑھنے سے افضل ہے، ایک وقت آئے گا تم صبح کرو گے اور دو رکعت قرآن پڑھو گے وہ تمہارے دو رکعت نماز سے بہتر ہو گا۔

آج ہم اس دور میں ہیں۔

گویا دور فتن اور اس بات کا ان لوگوں کو اندازہ ہے جو مدرسوں میں زیر تعلیم ہیں وہاں فتن کے متعلق کوئی بھی محصوص کتاب داحل نصاب نہیں ہے گویا مدرسوں کا نصاب تعلیم وقت کے تقاضوں سے میل نہیں کھاتا، کیا مدرسین کو اس بات کا اندازہ نہیں ہے ؟؟؟؟

بالکل ہے پھر کیا وہ ایسا جان بوجھ کر کرتے ہیں ؟؟؟

بالکل کرتے ہیں

کیوں ؟؟؟؟؟

کیونکہ وہ دجال کے ہاتھ پر بیعت ہیں (یہاں یہ آیت میں صرف شرم دلانے کیلیئے درج کر رہا ہوں کچھ تو روز حشر میں اللہ کی پوچھ گچھ کا احساس کرو اور بداخلاقی سے پیش نا آؤ

اور بے شک آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اخلاق کے بلند ترین مرتبہ پر فائز ہیں # القلم)

ٹرمپ مسیحا کا ٹیسٹ کیس ہے وہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ جس شخص کو ہم نے پوری دنیا کی نظروں میں مسیحا بنایا ہے اس شخص کو دنیا کس حد تک مسیحا سمجھتی ہے اور ٹرمپ کے وجود کے ہر ملک جی ہاں ہر ہر وطنی قومی ریاست کی اس سیاسی پارٹی سے جوڑا گیا ہے جس کو میڈیا کی سکرین سے پچھلے دو تین سال میں مظلوم بنا کر پیش کیا گیا ہے ٹرمپ فری میسن کا پروگرامنگ ہے اور اس سے انسانی ذہن کی پروگرامنگ میں کمی بیشی دور کرنا مقصود ہے یعنی پوری دنیا میں ایک جیسے نصاب تعلیم (یہ انسانی تاریخ میں پہلی بار ہوا ہے کیونکہ دجال چیزوں کو کنٹرول کر رہا ہے) اور میڈیا کی ایک جیسی خبروں کے ذریعے انہوں نے انسانی ذہن کی جو پروگرامنگ کی ہے وہ کس خد تک کامیاب ہے

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دجال کی آمد سے قبل پوری دنیا پر دھوکے کے چند سال آئیں گے

اس حدیث کے متن کو بغور پڑھ کر با آسانی اس بات کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ان دھوکے کے سالوں میں دیا جانے والا دھوکہ دجال کی ہدایت اس کی طرف سے دیئے گئے سکرپٹ کے مطابق دیا جائے گا آپ دجال کے جس بھی ورژن پر ایمان لاتے ہوں چاہے وہ تمیم داری ورژن ہو یاں ابن صیاد کا دجال آزاد ہو جانے صحابہ کے اس کے متعلق دجال ہونے کی قسمیں کھانے اور حضرت عمر کے دور میں اس کے اچانک غیب ہو جانے والے ورژن پر ایمان لاتے ہوں یاں پھر آپ سرے سے دجال کو وہم حیال کرتے ہوں ان تینوں صورتوں میں اس بات کو کوئی ایک شخص بھی نہیں جھٹلا سکتا (میں اس شخص کی بات کر رہا ہوں جس نے دس بیس بار بغیر کسی حارجی تفہیم کے خود قرآن کو سمجھ کر پڑھا ہے) کہ اس وقت دنیا میں موجود معاشی و معاشرتی و سیاسی و سماجی نظاموں کے ذریعے ان کے فایدہ مند ہونے کا دھوکہ دیا جا رہا ہے آپ کو دھوکے کے لفظ کے گہرے معنی کو سمجھنا چاہیے، ٹرمپ نے اپنی پہلی مدت صدارت میں کرووونا کو اسی وجہ سے دھوکہ کہا تھا تاکہ مسیحا کا وجود لوگ قبول کر لیں۔

لفظ دجال دجل سے نکلا ہے جس کا معنی ہے دھوکہ، ہمارے کھانے، پینے، آپ و ہوا، میڈیسن، تعلیم، مذہب اور تاریخ ہر ہر چیز کے متعلق ہمیں دھوکہ دیا جا رہا ہے اور یہ انسانی تاریخ میں میڈیا کی آمد سے قبل نہیں ہوا ان تمام موضوعات کے متعلق میں آپ کو عقلی و نقلی ثبوت، کتب اور ویڈیوز فراہم کر سکتا ہوں ہر موضوع کے متعلق دلائل کے علیحدہ علیحدہ دفتر۔اس کے باوجود اگر آپ کہیں کہ اس دھوکے کا تعلق دجال سے نہیں ہے اور وہ محض مذہبی کہانی ہے تو آپ کو اپنی جیب میں پڑا نوٹ نکال کر دیکھنا چاہیے اس پر لکھے عبارت حامل ھذا کو مطالبہ پر ادا کرے گا اس عبارت کا کسی سے مطلب پوچھنا چاہیے اس دھوکے کو سمجھنے کیلیئے میں آپ کو اور ہزاروں طریقے سمجھا سکتا ہوں سچ دلیل کا محتاج ہوتا ہے دلائل میں دوں گا اور جس چیز کو آپ مانتے ہیں اس کے متعلق اگر آپ دلیل دے دیں تو میں بھی مان لوں گا کیونکہ ہم انسانیت کا کنبہ ہیں اور ابلیس ہمارا مشترکہ دشمن ہے قرآن وسنت ہمارے لیئے

ہدایت ہے اور ہم نے نا صرف خود دھوکے سے بچنا ہے بلکہ پوری انسانیت کو بھی اس دھوکے سے آگاہ کرنا ہے اس کام کی ذمہ داری اللہ نے ہم پر عائد کی ہے۔

مسیحا کی آمد سے پہلے مذاہب کا خاتمہ جس حد تک ہو سکے اس حد تک کیا جاے گا یاں پھر ون ورلڈ ریلیجن لایا جائے گا تا کہ مسیحا کے وجود کو ثابت کرنے کیلئے کسی قسم کے مذہبی اختلاف کا سامنا نا کرنا پڑے۔

جنگیں مسیحا کے وجود کو ثابت کرنے کیلئے ضروری ہیں چاہے وہ مسیحا کا ٹیسٹ کیس (ٹرمپ) ہو یاں اصلی مسیحا، مسیحا کے ٹیسٹ کیس کیلئے نقلی جنگیں برپا کی گئی ہیں (حماس و اسرائیل جنگ اور روس و یوکرائن جنگ) یہ دونوں جنگوں انسانی برادری کی ذہن سازی کے حوالے سے (پروگرامنگ) باہم منسلک ہیں اصلی مسیحا کے وجود کو منوانے کیلئے دنیا بھر میں نقلی جہاد اور نقلی جہادی تنظیمیں بھی پلانٹ کی گئی ہیں۔گریٹر اسرائیل تو اسی وقت قائم ہو گیا تھا جب عیسائیت کا آخری مرکز روس فری میسن انقلاب کا شکار ہوا اور اسلام کا آخری مرکز ترکی (سلطنت عثمانیہ، مسلمانوں کے شخصی فطری نظام حکومت کی آخری علامت) تباہی سے دوچار ہوئی۔گریٹر اسرائیل قائم ہو جانے کے بعد یہودیوں کو مسلمانوں کے دل یعنی اس جگہ جہاں چاروں طرف مسلم آبادی ہو وہاں لانے کا مقصد یہودیوں کا کسی قسم کا مذہبی عقیدہ نہیں تھا (اسرائیل قائم کرنے والی قوتیں خالص سیکولر قوتیں ہیں ان کا تورات کے کسی ایک حکم پر بھی عمل نہیں اور اس بات کی گواہی میں سینکڑوں کتب موجود ہیں عقلی و نقلی شواہد موجود ہیں)

اصلی مسیحا کی آمد سے قبل بڑی اور اصلی جنگ کی ضرورت ہو گی (یہ نقلی جنگیں اسی اصلی جنگ کی ضرورت پیدا کرنے کیلئے ہیں) نقلی جنگوں کا میدان انسانوں کا ذہن ہے اور اصلی جنگ کا میدان کشت و خون سے لال ہو گا وہاں اصلی قتل ہونگے جن کی شہادت کیلئے ٹی وی خبر کی ضرورت نا ہو گی عیسائی اور مسلمان لشکر خود اس کا نظارہ کریں گے یہ آرماگیڈن ہو گی ملحمتہ الکبریٰ ہو گی۔پیشن گوئی کو پورا ہونا ہے چاہے وہ ابلیس کے سکرپٹ کے مطابق ہی کیوں نا ہو

نقلی مسیحا کا کردار سمجھنا آسان تر ہے کیونکہ یہ چھوٹا فتنہ ہے مگر اصلی کا کردار اور حالات اسرار کی طے میں لپٹے ہیں جب تک کہ زحیر اذہان ان اسرار کو قرآن و سنت کے ہتھیاروں سے لیس ہو کر کھوجنے کی کوشش نا کریں وہ لوگ جو جہنم کیطرف بلانے والے ہیں (علما، حدیث کے مطابق) ان کے فہم دین نے مذہبی پروگرامنگ (جو کارآمد) کو دجالی پروگرامنگ سے بدل دیا ہے ایسے ذہن کیلئے نقلی مسیحا کا کردار بھی اسرار سے پر ہے۔نقلی مسیحا کا کردار ایسا ہے کہ اس کو محض اپنے مطالعہ کی بدولت مغربی دنیا میں بھی بہت سارے اذہان سمجھ چکے ہیں۔فری میسن کے متعلق دجالیت کے ذیل میں معلومات کو وہ کسی بھی عیسائی یاں مسلمان سے زیادہ سمجھتے ہیں کیونکہ وہ دنیا کو مذہب (یہاں مذہب کو مذہبی کتب سے نہیں بلکہ جن کو مذہبی کتب تعلیمات کا ترجمان سمجھا جاتا ہے ان سے سمجھنے کی بات ہو رہی ہے یعنی مستعار فہم دین) سے نہیں بلکہ حارج میں پھیلے ہر قسم کے علمی ذخیرے سے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔مذہبی لوگوں کی جاہلیت انہیں مسیحا کے کردار کی مذہب میں پیشن گوئی اور اس پیش گوئی کے تناظر میں مذہب کو قبول کرنے پر آمادہ نہیں کرتی۔

یہاں پھر سے سوال اٹھتا ہے اسرائیل کے بطور مذہبی و نظریاتی ریاست ہونے کا دھوکہ کیوں دیا گیا (اس دھوکے میں دوسری نظریاتی ریاست کا دھوکہ بھی شامل ہے اور اس دھوکے کو پانی کیطرح سمجھنے کیلئے صرف نمبر ز ہی کافی ہیں فری میسن کے راز نمبر ز ہی تو ہیں اور جن کو فری میسن نے عالمی میڈیا کے ذریعے فری میسن کے نا ہونے کا یقین دلایا ہے ان کیلئے صرف ایک چیز راز ہے اور وہ علم ہے فری میسن نے یعنی ابلیس نے اپنی جماعت کے ذریعے دنیا کے اربوں باشندوں کو اپنے نا ہونے کا یقین دلایا ہے آپ محض انٹرٹینمنٹ مقاصد کیلئے ہالی ووڈ کی فلم nafarias دیکھیں لطف آئے گا سسپنس سے بھرپور اور اگر اللہ کا آپ کو ہدایت دینے کا ارادہ ہوا تو سچ سے بھرپور فلم ثابت ہو گی)

اسرائیل کے متعلق مذہبی ریاست ہونے کا دھوکہ دینے کی کیا ضرورت تھی اور اصلی مسیحا کے کردار اور وہ اصلی جنگ کور کو اکر کیسے اصلی مسیحا بنے گا اس پر اگلے مضمون میں بات ہو گی نیز نقلی مسیحا کیلیئے جنگیں کیوں سٹیج کی گئی ہیں اس پر بھی بات ہو گی
اگلے مضمون میں ہم مزید گہرائی میں جا کر معاملات کو سمجھنے کی کوشش کریں گے اسی مضمون کے باقی سات حصے اسی مضمون کے کمنٹ میں موجود ہیں

https://www.facebook.com/share/p/161sVa2VDw/

سیکولر مسیحا کا کردار (حصہ دوم)

اسرائیل کے مذہبی ریاست ہونے کا دھوکہ دینے کی کیا ضرورت تھی اس بات کو سمجھنے سے پہلے ہم مذہبی ٹیکسٹ کو سمجھ لیتے ہیں تا کہ تاریخ کا اصل رخ واضح ہوسکے (جو آپ کے سکول اور مدرسہ میں نہیں پڑھائی جاتی کیونکہ پوری دنیا کا ایک جیسا نصاب تعلیم دجال نے مرتب کیا ہے) 2030 میں عیسائیوں کے متعلق عیسی علیہ السلام کی قربانی کو 2000 سال مکمل ہونگے سمجھا جاتا ہے کہ 2030 میں مسیحا ڈیوڈ کا بیٹا پیدا ہو گا (یہ یہودیوں کا عقیدہ ہے مگر اس عقیدہ سے وہ اپنے اہل مذہب کو دھوکہ دیتے ہیں ہمارے اہل اسلام کے عقیدہ کے مطابق دجال کی پیدائش آدم کے وقت سے ہے اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور میں وہ آزاد ہو گیا)

تالمود (یہودیوں میں تورات کی شرح جو پوری تاریخ میں ان کے بزرگوں نے کی ہے جسے وہ تورات سے بھی زیادہ مقدس مانتے ہیں) اور کبالا مذہب کے مطابق دنیا کی عمر 6000 سال ہے اس کے بعد مسیحا (دجال) کا دور شروع ہو گا، یہ عقیدہ بھی اپنے اہل مذہب کو گمراہ کرنے کیلئے گھڑا گیا ہے تا کہ اسرائیل کا مذہبی وجود ثابت کیا جا سکے۔اور ان کے مطابق 2000 سالوں کے تین ادوار میں سے تیسرا حصہ یعنی 2000 سال مسیحا کے ہیں۔جو عیسی علیہ السلام کے آسمانوں پر تشریف لے جانے کے بعد شروع ہوئے (اسلامی عقیدہ) مگر ہم تاریخ کے مطالعہ سے اس بات کو درست نہیں گردانتے ہمارے نزدیک ان کا کنٹرول صلیبی جنگوں کے بعد یورپ کے عروج سے شروع ہوا اور اب مکمل ہے (ویسے دجال کے ہاتھ پر بیعت مسلمانوں کی مذہبی اشرافیہ نے ہمیں یقین دلا رکھا ہے کہ اسلام اب بھی موجود ہے کفر کیلئے خطرہ ہے اسی لیئے دجال اور اس کے میڈیا کی مدد سے دنیا بھر میں فیک اسلامی جہاد کا تاثر قائم رکھا گیا ہے)

جو برطانوی ریاست بالفور معاہدے سے اسرائیل کے قیام کی راہ ہموار کرتی ہے وہ بھی کوئی مذہبی ریاست نا تھی 1917 سے بہت پہلے 1689 میں برطانیہ میں فری میسن مذہب اور بادشاہت کے خلاف جمہوری انقلاب لے آئے تھے (اسکا سبب صلیبی جنگوں کے درمیان بینکاری کو فروغ دینے والے نائٹ ٹیمپلرز، فری میسن نے سب سے پہلے برطانوی بادشاہت کو قرضوں کے جال میں پھنسا کر کمزور کیا یہ جو چین سے بینکاری کا آغاز بتایا جاتا ہے اسکا کوئی تاریخی ثبوت نہیں ہے سوائے گمراہ کن پراپوگنڈا کے) بعد میں حکومتوں کے مذہبی ہونے کے تاثر کو اس وقت تک قائم رکھا گیا جب تک کہ انہوں نے اپنے فلاسفہ اور دانشوروں کے ذریعے لوگوں کو مذہب سے پھیر نہیں دیا۔

بعض اوقات لوگو کو مذہبی بنانا (جھوٹے مذہب کا پیروکار نا کہ مذہب کی درست تعلیمات) ان کو سیکولر بنانے سے بھی زیادہ کارگر ثابت ہوتا ہے (جیسا اب ہے عیسائیت، یہودیت اور اسلام تینوں میں) مذہبی ذہن جامد ہوتا ہے، مقلد ہوتا ہے کیونکہ وہ خود مذہب کو نہیں پڑھتے اور اس بات کی ضرورت بھی محسوس نہیں کرتے کہ ان کے مذہبی ترجمان درست مذہب پیش کر رہے ہیں یاں نہیں جبکہ سیکولر ذہن تقلید سے آزاد ہوتا ہے وہ ہر قسم کے علوم کا مطالعہ کرتا ہے اب مغربی معاشروں میں یہ روش فری میسن کیلئے درد سر ہے حتیٰ کے وہ ان کے نقلی مسیحا کو لانے والے منصوبے اور مذہبی جنگ کے تین سو سال قدیم منصوبے کو بھی سمجھ چکے ہیں سیکولر ذہن کو رام کرنے کا صرف ایک طریقہ ہے مذہبی ذہن کو (مذہبی اشرافیہ کے) ذریعے اس حد تک کنٹرول کرنا کہ سیکولر آواز (جو مذہب کے موجودہ ورژن کو نہیں مانتی مگر فری میسن کے دنیا پر کنٹرول کو سمجھتی ہے، یاد رہے جب میں سیکولرزم کی بات کرتا ہوں تو یہ مغربی سیکولرزم ہے نا کہ مشرقی یاں ہمارا پاکستانی یہ یاں تو فری میسن ہیں یاں مغربی سیکولرزم کی حقیقت کو جانے بغیر اسکے سحر میں گرفتار، اگر پورے معاشرے پر جاہلیت کا غلبہ ہے تو ظاہر ہے یہاں کا سیکولر ذہن بھی جاہل ہی ہو گا) وہ بالکل دب جائے اور فری میسن کے عالمی منصوبوں کی راہ میں رکاوٹ نا بنے۔

ٹرمپ امریکی ووٹوں سے صدر نہیں بنا، وہ فری میسن کے تین سو سالہ منصوبے کی تکمیل ہے یعنی تین عظیم جنگوں کا منصوبہ اس منصوبے کی تکمیل کیلئے مسلم خطے کے وسط میں اسرائیل قائم ہوا (تاکہ آخری صلیبی جنگ، تیسری بڑی جنگ اور مسیحا کو لانے کیلئے ایک مذہبی جنگ کا جواز پیدا کیا جاسکے اور اس کام کیلئے اسرائیل کو نظریاتی یاں مذہبی ریاست ظاہر کیا گیا جو شخص تھوڑا سا عاقل ہے اسے معلوم ہے اسرائیل کو فری میسن نے وجود بخشا پہلا برطانوی وزیر اعظم ہی فری میسن تھا میرے پاس اس بات کے تحریری ثبوت موجود ہیں تو وہیں اسرائیل کو وجود بخشے گا اور فری میسن کا کوئی مذہب نہیں پہلی ڈگریوں میں مذہب کی شرط دھوکہ ہے) مذہبی جنگ کو بھڑکانے کیلئے ہی عیسائی قومیت کو فروغ دیا جارہا ہے اور ٹرمپ اس مہم کا چہرہ ہے بہت سے امکانات ہیں ٹرمپ کا ایران کے ہاتھوں قتل (سٹیجڈ اصلی نہیں جیسے ہمارے ہاں کا کوئی بھی سیاسی قتل اصلی نہیں تھا نا ہی جان ایف کینڈی، ابراہیم لنکن، صدام، اسامہ، قذافی، اسماعیل ہانیہ، بے نظیر وغیرہ ان کا قتل بھی سٹیجڈ تھا اگر اس سیاسی نظام میں شہید ہیرو پیدا نا کیئے جائیں تو لوگوں کا اعتماد اٹھ جائے جب لوگوں کو یقین ہو جاتا ہے کہ ان کے لیڈر نے ان کیلئے باطل سے لڑتے جان دے دی تو وہ لیڈران پر جان چھڑکنے لگتے ہیں انہیں مسیحا سمجھنے لگتے ہیں موجودہ مسیحا عمران خان کے مقابل فری میسن ن لیگ کو کیوں لائے ہیں اس کی وجہ صرف یہیں ہے کہ منصوبے کے مطابق ان میں سے کسی کو سیاسی شہید نہیں بنایا گیا تاکہ مسیحا کا کردار چمکے)

لوگوکو دین کے نام پر دھوکہ دینے کیلئے ٹرمپ کا وزیر یہ تک کہہ دیتا ہے کہ خواتین کو فوج میں نہیں ہونا چاہیے (دوسری طرف اسرائیل کی فوج میں خواتین کی بہتات ہے حالیہ رہائی کے سٹیجڈ ڈرامے سے آپ آگاہ ہوں گے) اسلامی عقیدہ کے مطابق اسرائیل کا سیکولر ریاست ہونے کا دھوکہ سمجھنا بانسبت عیسائیت کے زیادہ آسان ہے کیونکہ ہم عیسائیت اور یہودیت دونوں کو مذہب کا ابلیسی ورژن سمجھتے ہیں ہماری مذہبی اشرافیہ نے بڑی جدوجہد سے اس بات کا یقین دلایا ہے (جو حقیقت بھی ہے) مگر اس کا فایدہ ہے یہ مذہبی جنگ کیلئے ضروری ہے کیونکہ عوام کو لڑانا ہے وہ عوام جن کو اس بات کا قطعی اندازہ نہیں کہ دجال چیزوں کو کنٹرول کر رہا ہے۔

مذہبی عقل کو (دجال کے ہاتھ پر بیعت مذہبی اشرافیہ) نے اتنا پسماندہ اور جاہل بنایا ہے کہ وہ بد اخلاقی، تہمت اور گالیاں دیتے ہوئے اللہ سے نہیں ڈرتی اور شکوہ کرتی ہے کہ تم ہمیں شیطان سے ڈرا رہے ہو بھلا جو اللہ سے نہیں ڈرتا وہ شیطان سے کیسے ڈرے گا ہاں وہ شیطان کے دھوکے کے جال میں ضرور پھنسے گا۔

اگر آپ تاریخ کے کتابی ورژن سے واقف ہوں (ناکہ یوٹیوب، میڈیائی اور نصابی ورژن سے گویا تاریخ کا تاریخی ورژن) تو آپ کو معلوم ہو گا صلیبی جنگوں اور نشاتہ ثانیہ سے پہلے دنیا پر صرف مذہبی عقیدہ ہی راج کرتا تھا کیونکہ اس وقت دھوکے کی حکومت نہیں تھی ابلیس مذاہب میں ابلیست کی پیوندکاری تو کرتا تھا مگر لوگ کسی نا کسی انداز میں خدا کے وجود کو مانتے تھے چاہے وہ شرک کیساتھ ہی کیوں نا ہو مگر چونکہ ابلیس کی پیدائش انسانوں سے پہلے کی ہے اس لیئے مشاہدے اور پوری انسانی تاریخ میں انسانوں نے اعمال سے باخبر رہتے انہیں سمجھتے ہوئے اس نے حل دریافت کر لیا۔نشاتہ ثانیہ کیساتھ خدا کے انکار کی تحریک شروع ہوئی (ابلیس کی کوششوں سے) گلیلو نے سچ کی نئی فلسفیانہ تعبیر پیش کی اور مذہب کو عقلا منسوخ کر دیا (اب سائنس کو عقلا نہیں بلکہ محض خبر کی بنیاد پر قبول کیا جاتا ہے گویا یہ سائنس کا پراپوگنڈا ورژن ہے ویسے تو ہر ہر چیز کا پراپوگنڈا ورژن ہی مقبول ہے کیونکہ کتاب کی جگہ فیس بک نے لے لی ہے)

نشاتہ ثانیہ سے چلنے والی خدا کے انکار کی تحریک اب تک ناکامیابی سے دوچار ہے کیونکہ جو دوچار سنے ہوئے دین کی بجائے دین نے پڑھے ہوئے ورژن کے قائل ہیں وہ ابلیس کی راہ میں حائل ہیں مگر ان میں سے بھی بہت سے میڈیا پر ایمان لا چکے ہیں کیونکہ میڈیا نظریہ سازی کی قوت ہے اور لوگوں کو

سوچنا سکھاتی ہے اس تحریک کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے ابلیس کو ایک مذہبی جنگ کی ضرورت ہے تاکہ یہ ثابت کیا جاسکے کہ مذہب تو نفرت کا درس دیتا ہے (911 سے لیکر ابتک سینکڑوں ہزاروں واقعات توہین رسالت کرنے والوں کے قتل کرنے کے سٹیجڈ ڈراموں سے لیکر دہشت گردانہ کارروائیوں تک وہ ہر لحاظ سے مذہبی کو متشدد ثابت کرنے میں کامیاب رہے ہیں مگر سب کچھ سٹیجڈ تھا منصوبہ کے تحت ایکٹرز کے ذریعے کیا گیا) مذہبی جنگ کے ذریعے ابلیس مذہب پر آخری وار کرے گا اور اس جنگ کا ایندھن مذہبی طبقات کی جاہلیت فراہم کرے گی۔

جس قدر عام مسلمانوں کو مذہبی اشرافیہ نے دین سے گمراہ رکھا ہوا ہے ایسی ہی یہودیوں کو ربیوں نے ان کے دینی احکام سے گمراہ رکھا ہوا ہے یہیں سبب ہے وہ دجال کو مسیحا سمجھتے ہیں اور باقی انسانیت کو بدتر مگر فری میسن اسرائیل کے موجد وہ یہودیوں سے بھی اتنی ہی نفرت رکھتے ہیں جتنی باقی انسانوں سے کیونکہ ابلیس پوری انسانیت کا دشمن ہے وہ یہودیوں کو صرف دجال کے منصوبے کیلئے استعمال کر رہے ہیں (اور اس کام کیلئے پوری دنیا کا میڈیا یا پوری انسانی آبادی کی ایک جیسی ذہن سازی کرتا ہے)

اسرائیل کے موجدین حکمرانوں کی تمام نسلوں اور موجودہ نسل کا اصل یہودی تعلیمات سے کوئی تعلق نہیں اس کو ثابت کرنے کیلئے بہت سی چیزیں ہیں مثلاً کرووونا کے درمیان پورے اسرائیل میں زبردستی کی ویکسینیشن اور لاک ڈاؤن کے خلاف یہودیوں نے احتجاج کیا (جیسا کہ تمام مغربی ممالک اور امریکہ میں سیکولر اور مذہبی دونوں قسم کے لوگوں سے تاریخی احتجاج کیئے میرے پاس تمام ثبوت ہیں اخباری تراشے ویڈیوز وغیرہ) تو اسرائیلی حکومت نے ان پر شدید تشدد کیا حتی کہ ترکی کی فری میسن پراڈکٹ ڈرامہ پایہ تخت سلطان عبد الحمید میں بھی یہ چیز دکھائی گئی ہے کہ اسرائیل بنانے والی کا یہودیت سے کوئی تعلق نہیں ہے اور اس ڈرامہ میں فری میسن کا بھی تذکرہ ہے حالانکہ ڈرامہ کے سارے ایکٹر پرڈیوسر خود اردگان فری میسن ہیں جیسے باقی دنیا کے تمام حکمران۔

مسلم آبادی کے قلب میں اسرائیل کے قیام کا صرف ایک مقصد تھا اور وہ آخری مذہبی جنگ جس کا سٹیج شویاں جس کیلئے تیاری و ذہن سازی ابھی حماس و اسرائیل جنگ کے سٹیج شو کا حصہ ہے دوسری طرف ٹرمپ عیسائی نیشنلزم کے نعرے کیساتھ اور پوٹن بھی عیسائی نیشنلزم کے نعرے کیساتھ موجود ہیں (امریکی عیسائی یہ سمجھتے ہیں کہ 2016 میں بھی ٹرمپ پوٹن کی مدد سے آیا وہاں کے میڈیا پر پورے چار سے سے یہ موضوع چھایا رہا اور وہ اب بھی پوٹن کا دوست ہے مگر یہ دھوکہ صرف ٹرمپ کو مسیحا ثابت کرنے کیلئے دیا جارہا ہے) اب ایک سوال کا جواب تلاش کرنا ضروری ہے

کیا ٹرمپ ہی عیسائی قومیت کو آگے بڑھاتے ہوئے مذہبی جنگ (مسلم، عیسائی) آگے بڑھائے گا یاں اس کے سٹیجڈ قتل کے بعد کوئی اور اعداد میں بہت کچھ ہے

https://www.facebook.com/share/p/1Ciz7AB5BB/

سیکولر مسیحا کا کردار (حصہ سوم)

ہم پہلے حصے میں چھوڑے گئے کچھ ادھورے مباحث کو پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں-اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دجال کی آمد سے قبل پوری دنیا پر دھوکے کے چند سال آئیں گے-میں اس دھوکے کو میڈیا سے تعبیر کرتا ہوں جو آپ کو ہر چیز کے متعلق دھوکہ دے رہا ہے یہ ایسے ہی ہے جیسے احادیث میں بیان ہوا ہے اس دور میں جب بھی آپ کو کسی چیز کے متعلق عقیدہ یاں نظریہ بنانا ہے تو خوب سوچ سمجھ کر تحقیق کر کے بنانا ہے-اگر ہم دین کی بات کریں اور دین کے پہلے مخاطبین کی حالت کا اندازہ لگائیں تو صحابہ کہتے ہیں جب اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دجال کا ذکر کرتے تو ہم ڈر جاتے کہیں وہ جھاڑیوں سے نکل آئے مگر آج عالمی جعلی جہاد کی دھول میں دجالیت کے اصلی معنی اس کی فتنہ گری اور دھوکہ دہی کی بھیانک تصویر دب گئی ہے لوگوں کو بالکل بھی اندازہ نہیں ہے کہ دجالیت کس چیز کا نام ہے اور اس کا سب سے بڑا سبب قرآن وسنت کی تعلیمات سے دوری۔

ہم مسیحا کے عنوان پر واپس آتے ہیں-امریکی سیاست کیسی ہے اس کا پاکستانی عوام کو کچھ علم نہیں وہاں دائیں اور بائیں بازو کی سیاست میں کیا رجانات ہیں، سائنس کو وہاں کیسے قبول کیا جاتا ہے ہمیں اس بات کا بھی اندازہ نہیں ٹرمپ کا عروج اس کے خالص عیسائی تشخص کیساتھ تھا اور اس نے دنیا کو امن دینے جنگیں ختم کرنے کا وعدہ کیا تھا آپ کو یاد ہوگا افغان جنگ کے خاتمے کا معاہدہ بھی قطر میں ٹرمپ کے دور حکومت میں ہوا تھا اس نے شمالی کوریا کیساتھ بھی تعلقات بہتر بنائے ایک چین ایسا ملک تھا جس کیساتھ اسکی دشمنی تھی اور اس کا بڑا سبب وہاں کا اشتراکی نظام ہے-اسی اشتراکی نظام کو جمہوریت اور سرمایہ داری کا دشمن قرار دینے کیلیئے افغانستان اور روس جنگ کا اور سرد جنگ کا ڈرامہ رچایا گیا تاکہ دنیا کو یقین دلایا جاسکے کہ اس وقت دنیا میں دو بلاک ہیں-روس یوکرائن جنگ اور حماس اسرائیل جنگ کا ڈرامہ بھی ٹرمپ کو مسیحا ثابت کرنے کیلیئے رچایا گیا ہے اس لیئے ٹرمپ کے آنے سے دو دن بعد ہی حماس اور اسرائیل میں معاہدہ ہو گیا اور جو کافی دنوں سے باتیں چل رہی تھی آپ میڈیا پر تذکرہ سنتے تھے اس کو پہلے سے شروع کرنے کا مقصد یہ تھا کہ جب میرے جیسا کوئی شخص حقیقت سے آگاہ کرے تو اعتراض کیا جاسکے کہ مذاکرات تو پہلے سے چل رہے تھے-

مسلمانوں سے ان کو کسی قسم کا خطرہ نہیں اور عالمی جہاد کا دھوکہ اسی لیئے دیا جاتا ہے کہ مسلمان یہ سمجھتے رہیں جیسے کفر کو ہم سے کوئی خطرہ ہے اور دوسرا مقصد ان جہادیوں کو امام مہدی کا ساتھی ظاہر کرنا ہے حقیقت تب کھلے گی جب اصلی امام مہدی کے ظہور پر یہ تمام جہادی ان کے خلاف چڑھائی کریں گے جس کا احادیث میں بالکل واضح ذکر موجود ہے اب چونکہ ہمیں یہ احادیث پڑھائی نہیں گئی اس لیئے علم نہیں ہے حالانکہ احادیث پڑھنے سے عالمی جہاد اور موجودہ عالمی حالات کی سمجھ بالکل آسانی سے آجاتی ہے-یہ میڈیائی سکرین کے ڈمی جہادی امام مہدی کا لشکر نہیں بلکہ ان کے خلاف جائیں گے جن کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا صحابہ نے پوچھا اگر ہمیں مجبور کیا گیا تو فرمایا تم روز حشر اپنی اپنی نیت کے حساب سے اٹھائے جاؤ گے-گویا دھوکے سے مسلمانوں کو اس لشکر کا حصہ بنایا جائے گا اور امام مہدی کا حقیقی لشکر وہ ہونگے جو اس عالمی دجالی جہاد کی حقیقت سے واقف ہیں اور انکی طرف سے امام مہدی کی دشمنی پر آمادگی دیکھ کر امام مہدی کی پہچان کر لیں گے-جیسے عالمی جہاد پر ہمارا یقین میڈیا پر ایمان لانے کی بدولت ہے ویسے ہی ایک طرف سے میڈیا امام مہدی کے دہشت گرد ہونے کا اعلان کرے گا دوسری طرف سے نام نہاد جہادی ان کی طرف مارچ کریں گے میڈیا جس کو عام فرد جہادیوں کا دشمن گردانتا ہے جب وہ ان جہادیوں کے عمل کی توثیق کرے گا تب عقلیں اس بات کو سمجھنے کی بجائے کہ سبب کیا ہے اور تندہی سے جہادیوں کی پشت پناہی پر آجائیں گی-یہ وہ صورتحال ہے جو ابلیس نے طے کی ہوئی ہے اللہ کا منصوبہ کیا ہے وہ اس کو علم نہیں ہے کیونکہ اللہ نے اپنے بندے بھیجنے کا وعدہ کیا ہے-ابلیس کو اس صورتحال کا اندازہ ہے مجھے لگتا ہے مذہبی جنگ چھیڑنے سے پہلے ہی یہ صورتحال برپا ہو جائے گی کیونکہ قیامت کی قریب تمام

علامات صغری پوری ہو چکی ہیں اور دنیا میں معاشی ظلم و ستم اتنا بڑھ چکا ہے کہ اب اللہ ان کا ہاتھ روکے گا کیونکہ بندے چاہے اس کی تابعداری کریں یاں نا کریں وہ رب ہے اور بندوں سے پیار کرتا ہے۔

دجال کا اقتدار عالمی ہو گا اور حدیث میں بھی یہیں آیا ہے کہ پوری دنیا میں دھوکے کے چند سال آئیں گے میں ان سالوں کو پیچھے تین سو سال تک لے جاتا ہوں جب دینا میں جمہوریت پھلی پھولی اور صنعتی انقلاب آیا جس سے انہوں نے یہ ظاہر کیا کہ سائنس لوگوں کیلیئے سہولتیں لا رہیں ہے اور یہ انسانی تاریخ کا سب سے سنہری دور ہے اسی سبب وہاں مادہ پرستی بڑھی اور لوگ مذہب سے دور ہوتے چلے گئے۔آہستہ آہستہ سب کچھ عالمی ہو تا گیا اسکی وجہ دجال کا اقتدار عالمی ہو گا اس سے قبل ہر بادشاہت کا اپنا قانون تھا اپنے طریقے تھے کچھ عالمی نا تھا مگر اب چونکہ ہم دور دجالیت میں داخل ہو گئے اس لیئے اب دنیا کا ایک ہی قانون ہے عالمی عدالت انصاف ہے عالمی فوجیں ہیں دنیا کو گلوبل ویلج کہا جاتا ہے اقوام متحدہ ہے صرف اسی ایک لفظ اقوام متحدہ کو سمجھ کر آپ دجال کے اقتدار کا اندازہ لگا سکتے ہیں یعنی دنیا کی ہونے چھ ہزار سالہ تاریخ میں جو کام نہیں ہوا وہ اب ہو گیا قومیں متحد ہو گئ گویا انہوں نے یقین دلایا کہ اس سے قبل تو چونکہ سائنس و ٹیکنالوجی نا تھی، صنعتی ترقی نا تھی جدیدیت نہیں تھی میڈیا نہیں تھا اس لیئے دنیا اجڈ اور جاہل تھی اب ہم انقلاب لائے ہیں اور دنیا اپنے سنہری دور میں داخل ہو چکی ہے۔

استعماری غلبے کا مقصد حقیقی غلبہ نہیں تھا بلکہ دھوکے سے وطنی قومی ریاستوں کا قیام تھا تا کہ لوگ یہ سمجھیں کہ پہلے تو ہم غلام تھے مگر اب آزاد ہیں اور وہ آزادی اقوام متحدہ کے تصور کیساتھ تھی یعنی ایک دم سے استعماری طاقتوں کو توبہ کی توفیق ملی اور انہوں نے بغیر کسی تلوار، نیزا اور بھالے کے بغیر ایک بھی گولی چلے پاکستان کو آزاد کر دیا حالانکہ اگر آپ نے تاریخ پڑھی ہو تو پوری انسانی تاریخ میں آج تک کبھی ایسا نہیں ہوا تھا کہ کسی قوت نے کوئی علاقہ بغیر جہاد یاں جنگ کے کسی نام نہاد معاہدے کے ذریعے آزاد کر دیا ہو دلیل یہ دی جاتی ہے چونکہ جنگ عظیم نے برطانیہ کی معیشت تباہ کر دی تھی اس لیئے برطانیہ برصغیر کو چھوڑنے پر مجبور ہوا۔آپ عقل کا استعمال کریں جب برطانیہ ہر لحاظ سے مالامال تھا صنعتی ترقی عروج پر تھی تو وہ برصغیر کو لوٹنے یہاں آیا اور جب وہ خود جنگ کے باعث کنگال ہو گیا تو وہ یہاں سے بغیر ایک گولی چلے کوچ کر گیا آپ پھر سے عقل پر زور دیں جب برطانیہ کنگال ہوا اسے یہاں کے وسائل کی تب زیادہ ضرورت تھی یاں جب وہ مال دار تھا تب۔

کہا جاتا ہے آزادی کیلیئے بڑی قربانیاں دی گئی۔عقل کا استعمال کریں قربانی کس نے دی کیا انگریزوں سے جہاد کرتے ہوئے کوئی مرا؟؟؟؟

غلام آپس میں کٹ مرے اور یہ سب اس لیئے کیا گیا تا کہ بعد میں اپنے نصاب تعلیم میں پڑھایا جا سکے کہ آزادی کیلیئے قربانیاں دی گئی۔آپ فرض کریں اگر کسی آقا کے دو غلام ہوں اور وہ آپس میں لڑتے رہیں تو آقا کیلیئے زیادہ بہتر ہے یاں اتحاد کر لیں تو وہ زیادہ بہتر ہے اگر لڑتے رہیں گے تو آقا کو ان سے کسی قسم کا خطرہ نہیں ہو گا کیونکہ وہ خود ایک دوسرے کیلیئے خطرہ بنے ہوئے ہیں اور جب وہ اتحاد کر لیں گے تو وہ آقا کے خلاف اٹھ کھڑے ہونگے۔برطانیہ آقا تھا اور دو قومیں غلام یہ آپس میں لڑتی رہی اور برطانیہ نے ان کو آزاد کر دیا کیا آپ کی عقل اس بات کو مانتی ہے۔

اب لبرلز کا طریقہ کار سمجھیں یہ فری میسن کے نفسیاتی حربے ہیں جو لوگ اخبار و کالم پڑھتے ہیں یاں جو ٹی وی پر تبصرے وغیرہ یاں تاریخ پاکستان پر کتب پڑھ رکھی ہیں ان کو معلوم ہو گا لبرلز دو قومی نظریہ پر تنقید کرتے ہیں اب آپ کو سمجھ آئے گی وہ ایسا کیوں کرتے ہیں وہ ایسا اس لیئے کرتے ہیں کہ یقین لایا جا سکے کہ واقع ہی قیام پاکستان کا فیصلہ درست تھا حالانکہ دونوں قوموں کے لیڈران نے اور خود برطانیہ نے اپنی کوششوں سے اس تفریق کو نفرت دی تا کہ بعد والے دھوکے کی تصویر میں رنگ بھرا جا سکے۔ https://www.facebook.com/share/p/14gJruMTAx/

سیکولر مسیحا کا کردار (حصہ چہارم)

آپ سپانسر کی اصطلاح سے واقف ہونگے، عالمی سطح پر دہشت گردی کا مقصد مسلمانوں کی کسی دوسری قوم سے نفرت نہیں ہے بلکہ اسکو جنگ کا سٹیج سجانے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے- یہاں کچھ باریکیاں ہیں آج ساری دنیا کا میڈیا نا صرف اسماعیل ہانیہ کی موت کی خبر دیتا ہے بلکہ پراپوگنڈا اسے اس کو ثابت بھی کرتا ہے گویا اب میڈیا مختلف خانوں میں نہیں بٹا ہوا اس نے دھوکے کو مجتمع کر دیا ہے-بہت سی اصطلاحات کو حفظ کرایا گیا ہے اور انہی کے گرد ہمارا تصور حقیقت گھومتا ہے-مذہبی لوگ (حقیقت میں ملحد) الحاد کو روتے ہیں کیونکہ مذہبی اشرافیہ (دجال کی جماعت) نے الحاد کو ان کے سامنے بطور دشمن پیش کیا ہے اور دوسری طرف جب ملحدین جہاد، عافیہ صدیقی، اسامہ بن لادن وغیرہ کا مذاق اڑاتے ہیں تو ہماری عقلی گھاس چرنے چلی جاتی ہیں ہمارے دماغ بند ہو جاتے ہیں حالانکہ نا ملحدین اور نا ہی عالمی میڈیا کسی ادنی سے ادنی جہاد کے سٹیج شو کو دکھانے اسکی خبر دینے سے چوکتا ہے-

عافیہ صدیقی کے کردار کو میڈیا نے ایسے ہی تسلیم کرالیا ہے جیسے ابلیس نے عیسی علیہ السلام کو خدا کا بیٹا تسلیم کرایا ہوا ہے جیسے ان کا عقیدہ بغیر تحقیق کے ہے ویسا ہی ہمارا تصور حقیقت-اسکی بنیادی وجہ قرآن وسنت اور تاریخ سے ناواقفیت-ہم یہ نہیں دیکھتے جو بات کہی جارہی ہے کہنے والا کیوں کہہ رہا ہے بلکہ ہم صرف یہ دیکھتے ہیں کہ وہ جو کہہ رہا ہے چونکہ میں اسے نہیں مانتا اس لیئے لازماً غلط کہہ رہا ہو گا-

فرض کریں میڈیا نا ہوتا تو ہمیں فلسطین کے جہاد کی خبر کیسے ملتی-کچھ صورتیں ہیں جو آج کی خبر کے مقابلے میں یقیناً درست ہیں یاں تو فلسطینی مجاہدین کا کوئی قاصد آتا اور یقیناً وہ مدد مانگنے کیلئے آتا، مگر کیا اس قاصد کا پیغام عوام تک پہنچتا، اس وقت (اگر میڈیا نا ہو) کوئی وزارت اطلاعات تو تھی نہیں، اگر آپ تاریخ کا مطالعہ کریں خود مطالعہ کریں تو معلوم ہوتا ہے وزارت اطلاعات وغیرہ کا شغل غیر ضروری ہے اب تو خیر سے ہر جماعت کے سیکٹری اطلاعات ہوتے ہیں اگر آپ سمجھیں تو یہ جماعتوں کے پراپوگنڈا ونگز ہیں-تو گویا قاصد پیغام دیتا اور لوٹ جاتا، حکمرانوں کی مرضی کے بغیر وہ کسی بھی عام شخص کو پیغام دینے یاں اپنا ساتھی بنانے سے قاصر رہتا اگر آپ تاریخ پڑھیں تو عثمانی سقوط غرناطہ کے وقت انکی مدد کو نہیں آئے اور وہ تاریخ کا اصل دور تھا اگر اس وقت میڈیا ہوتا بھی تب بھی وہ نا جاتے کیونکہ اللہ اسی سے حکومت چھینتا ہے جو اس کا اہل نا رہے عثمانی اس بات کو جانتے تھے دوسری طرف انہوں نے اپنی حکومت کو استحکام بخشا-

اگر آج گلوبل ولیج ہے مین سٹریم میڈیا اور سوشل میڈیا کے ذریعے انہوں نے (فری میسن) پوری دنیا کو باخبر رکھنے کا بندوبست کیا ہے تو وہ بے خبر رکھنے کا بندوبست ہے باخبر دنیا اس وقت تھی جب مذہب نظریہ سازی کرتا تھا-مسلمانوں کے ہاں نرسری میں قرآن حفظ کرایا جاتا تھا-اور آج اسی اسی سال عمر ہو جاتی اسی بار بھی مکمل قرآن پڑھنا نصیب نہیں ہوتا اگر ہم مسلمان ہوں تو ایک ماہ میں تو قرآن مکمل پڑھنا چاہیے مگر یہ مسلمانی کا دجالی ورژن ہے اس سب کے باوجود ہم سمجھتے ہیں اسلاموفوبیا بھی ہے توہین رسالت بھی ہے اور جہاد بھی ہے قادیانیت بھی خطرہ ہے اور ہم خود بھی ایک دوسرے کیلئے خطرہ ہیں اور جو اصل خطرہ ہے یعنی خبر ساز ادارہ میڈیا اس پر ہمارا ایسے ایمان ہے جیسے پوری انسانی تاریخ میں اللہ پر بھی لوگوں کا ایمان نہیں تھا ایمان کی دوسری جہت کا تعلق تصویر اور ویڈیو سے ہے جو اللہ کی نازل کردہ شریعت میں حرام ہے-

دوسری صورت کیا ہوتی کوئی تجارتی قافلہ وہاں سے آتا اور اطلاع دیتا مگر تجارتی قافلے کو جنگ زدہ علاقے میں کیا ضرورت تھی-تیسری صورت تب بنتی جب قاصد کی اطلاع پر آپ کی حکومت وہاں لشکر روانہ کرتی ان تین صورتوں کے علاوہ کوئی چوتھی صورت نا تھی-

مگر اب ابلیس ہوا کی لہروں پر سوار ہو کر آپ کو پورے جہان کی خبریں دے رہا ہے آپ ان خبروں پر ایمان لاتے ہیں یوں میڈیا کا مذہب سارے مذاہب کا نعم البدل بن چکا ہے اور دجال اس مذہب کا پیغمبر بھی ہو گا اور خدا بھی ساری دنیا کو علماء پر اعتماد کرتی ہے میڈیا پر ایمان لاتی ہے دجال پر بھی ایمان لے آئے گی۔

میڈیا وہ اس لیئے نہیں لائے کہ آپ کو باخبر رکھ سکیں تصویر سازی کیلئے کیمرہ کی ایجاد پھر اس سے میڈیا کی ترقی ٹی وی کا آنا یہ سب ابلیس کا منصوبہ تھا ان کا سارا دھو کہ تصویر کے سہارے کھڑا ہے آپ کے سامنے کوئی فوٹو شاپ تصویر یاں ایڈٹ ویڈیو پیش کی جاتی ہے اور آپ اس پر ایمان لے آتے ہیں اور جب یہ کام آپ کا ہم مذہب کر رہا ہوں پھر آپ اور جلدی ایمان لے آتے ہیں۔

میڈیا پر ایمان لانے کی بدولت جب آپ پر یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ دنیا کے کسی حصے میں غیر مسلم مسلمانوں پر ظلم کر رہے ہیں تو آپ کے دل میں غم و غصہ بڑھتا ہے مگر آپ یہ نہیں سوچتے کیا میڈیا کے فسق کے ہوتے ہوئے وہ ظلم پر آواز اٹھائے گا کوئی بھی شخص جب بات کر رہا ہوں تو یہ نہیں دیکھا جاتا کہ اس کی بات عقلا رد و قبول کے معیارات پر رکھنی چاہیے یاں نہیں بلکہ سب سے پہلے یہ دیکھنا چاہیے کہ وہ شخص مہتم بالکذاب تو نہیں اور میڈیا کے معاملہ میں تو یہ احتمال ہزار فیصد بڑھ جاتا ہے کہ وہ ایک ہزار فیصد جھوٹ بول سکتا ہے

آپ سات اکتوبر 2023 کی بات کریں جب حماس نے اسرائیل پر حملہ کیا تو پوری دنیا کے میڈیا نے بیک وقت یہ خبر بریک کی اور یہ خبر ایک ہفتے پر پوری دنیا کے ہزاروں نیوز چینلز پر چھائی رہی جس شخص نے قرآن و سنت پڑھا ہے کیا وہ ذرا سا بھی اس بات پر غور کرے گا کہ جو میڈیا وہاں کے ایک ایک لمحے کی خبر دیتا رہا کیا وہ صادق و امین ہے بھی یاں نہیں یاں پھر وہ جھوٹ پر لوگو کا عقیدہ مضبوط کرنا چاہتا ہے آپ ایک اور بات سوچیں میڈیا حق کا ساتھی ہے یاں باطل کا اگر وہ حق کا ساتھی ہے تو اسے اپنی سکرین سے پورا حق دکھانا چاہیے یعنی اسلام دکھانا چاہیے یہ کیسے ممکن ہے ایک گروہ (میڈیا) پوری تندہی سے بے حیائی کا پرچار بھی کرے اور آپ کے زعم میں وہیں گروہ حق کا پرچارک بھی ہو۔

عموماً سمجھا جاتا ہے کہ میڈیا ایڈز سے کمائی کرتا ہے اور ملازمین کو تنخواہیں وغیرہ دوسرے اخراجات پورا کرتا ہے آپ خود سوچیں کیا تیل اور شیمپوں کے اشتہارات سے اربوں کے خرچے نکل سکتے ہیں۔برطانیہ کا ادارہ BBC اسکی دنیا کی سب سے زیادہ زبانوں میں نشریات ہیں اور یہ وہ ادارہ ہے جس کے تمام اخراجات وہاں کی حکومت اٹھاتی ہے جیسے وائس آف امریکہ یاں دنیا کے دوسرے سرکاری نیوز نیٹ ورک ہیں۔اور جس نے تاریخ پڑھی ہے وہ جانتا ہے 1917 میں برطانیہ کے وزیر خارجہ بالفور نے یہودیوں کو فلسطین میں بسانے کیلئے پارلیمنٹ میں تحریک پیش کی تھی اور یورپ کا مشہور یہودی خاندان روتھ چائلڈ جنھوں نے بینکاری کی بنیاد رکھی ان کے برطانیہ میں جمہوریت آنے سے پہلے وہاں کے بادشاہوں سے تعلقات تھے وہ کئی انٹرویوز میں اس بات کا برملا اظہار بھی کر چکے ہیں کہ برطانیہ نے ان کے کہنے پر یہودیوں کو فلسطین میں بسایا۔

میں یہاں صرف ایک نیوز چینل کی مثال دوں گا باقیوں کے متعلق آپ خود سمجھ لینا وہ نیوز کس مقصد کیلئے دیتے ہیں۔آپ بی بی کی روز کی خبریں دیکھیں مثلاً کل انہوں نے حماس کے اس ونگ کے متعلق خبر دی جو یرغمالیوں کی حفاظت کرتا ہے یعنی نگہبانی

بی بی سی نے لکھا

اس پر سرار اور خفیہ دستے کے ارکین ءء روشنی سے دور نظروں سے اوجھل رہتے ہیں اور جب وہ گھر جاتے ہیں تو اپنے خاندان کے لوگوں کو کچھ نہیں بتاتے۔'

یہ خفیہ یونٹ ءء وخدۃ الظل،، یاں ءشیڈو یونٹ،، کہلاتا ہے جو یرغمالیوں کی حفاظت اور دیکھ بھال کا زمہ دار ہے۔

یہ BBC Urdu کی خبر کا متن تھا

اب آپ سمجھیں وہ لوگوں کے ذہن میں کیسا تصور مضبوط کرنا چاہتے ہیں اور یہ جان لیں برطانیہ ہر حال میں یہودیوں کا اسرائیل کا مددگار ہے اور یہ ادارہ BBC ہر حوالے سے برطانیہ کی حکومت کے اخراجات پر چلتا ہے یعنی اگر تو کوئی غیر سرکاری ٹی وی چینل ہو تو اس کے متعلق آپ گمان کر سکتے ہیں اسکی آزادانہ پالیسی ہے مگر یہ تو سرکاری چینل ہے۔اب آپ یہ سوچیں کہ BBC کو حماس کے متعلق غلط پراپوگنڈا کرنا چاہیے یاں ان کی ایڈورٹائزنگ کر کے انہیں مسلمانوں کی نظروں میں مقبول بنانا چاہتے سچے جہادی ثابت کرنا چاہیے ؟؟؟؟؟؟

ہونا تو یہ چاہیے BBC حماس کو بدنام کرے یہ ظاہر کرے کہ حماس ایک ظالم جماعت ہے مگر وہ تو حماس کو بڑا اچھا بنا کر پیش کر رہا ہے اور یقیناً وہ ایسا اس لئیے کر رہا ہے کہ مسلمان اسے اچھا سمجھیں اور یہ سمجھیں کہ وہ مسلمانوں کے ازلی دشمن اسرائیل سے جنگ لڑ رہی ہے قربانیاں دے رہی ہے

یہ اتنا بڑا سوال ہے اگر آپ اس پر قرآن وسنت کی روشنی اور میڈیا کے مقاصد کی روشنی میں غور کریں تو آپ فتنہ کا دجالیت کا سرا مل سکتا ہے۔میڈیا ایک ایک چیز کے متعلق گمراہ کرتا ہے چاہے وہ مذہب، سیاست، سائنس وٹیکنالوجی، تاریخ یاں کسی بھی چیز کے متعلق نظریات ہوں اور میں نے ان تمام گمراہیوں کے متعلق علیحدہ علیحدہ سینکڑوں مضامین حوالوں اور دلائل کیساتھ لکھے ہیں۔

ہم مسلمانوں میں صرف دو صفات پائی جاتی ہیں اول جذباتی پن اور دوم جاہلیت میڈیا ہمیں ہر وہ شو دکھاتا ہے جس سے ثابت ہو سکے کہ اسلام زندہ بھی ہے اور کفر کو اس سے خطرہ بھی لاحق ہے حالانکہ وہ ہمارے اسلام کو ہمارے سیاسی نظام کیساتھ ڈیڑھ سو سال پہلے ایسے لپیٹ چکے جیسے تاتاریوں نے عباسی خلیفہ کی لاش کو قالین میں لپیٹ کر اوپر گھوڑے دوڑائے تھے

اپنے میسنجر چیٹ گروپ میں، میں ان تمام دھوکوں کے متعلق جسے دجالیت کہا جاتا تک اب تک ہزاروں ویڈیوز بھیج چکا ہوں۔

https://www.facebook.com/share/p/14eZBkUv5x/

سیکولر مسیحا کا کردار (حصہ پنجم)

ہیگل کا فلسفہ کیا تھا

پرابلم، ری ایکشن، سلوشن انیسویں صدی کے مشہور جرمن فلاسفر ہیگل نے یہ ٹرم ایجاد کی تھی وہ فری میسن تھا اور اس نے اپنے فیلو بھائیوں کیلئے لوگوں کو کنٹرول کرنے کا بہترین طریقہ ایجاد کیا-پہلے مسئلہ کھڑا کرو، پھر لوگوں کا اس مسئلہ پر رد عمل دیکھوں لوگ یقیناً حکومت کیطرف دیکھیں گے اور تیسرے مرحلے میں حل پیش کر دوں-یہ بہترین طریقہ ہے ہر اس چیز کو قبول کرانے کا جو عام حالات میں عوام قبول نا کریں-

ہیگل کے بہت بعد میڈیا کو ترقی دی گئی اور اب یہ کام اور آسان ہو گیا کیونکہ پراپوگنڈا کے ذریعے اس چیز کو بھی مسئلہ بنا دیا گیا جس کا کبھی وجود ہی تھا اور جس شکل میں اسے لوگوں کے سامنے پیش کرنا مقصود تھا وہ میڈیا کے پراپوگنڈا کے ذریعے آسان تر ہو گیا-عام آدمی پیدا ہوتا ہے اور میڈیا کو خبر دینے والے ذریعہ کے طور پر دیکھنا سننا اور سمجھنا شروع کرتا ہے وہ دیکھتا ہے کہ اس کے گرد و پیش والے لوگ بھی میڈیا کے متعلق وہیں رائے رکھتے ہیں جو میں نے احذ کی ہے اسے سکول میں بھی یہیں بتاتا جاتا ہے کہ ٹی وی خبر رسانی کا ادارہ ہے سکول میں دین کا مختصر اور منتخب شدہ نصاب اس لئیے پڑھایا جاتا ہے تا کہ یہ یقین پیدا کیا جاسکے کہ ہم اسلامی ملک میں رہتے ہیں اور وہ لوگ جن کے بچے مدرسوں میں جاتے ہیں وہ بھی اپنے بچے سکولوں میں بھیجتے رہیں مگر یہاں پھر سے ایک حامی ہے سکولوں اور مدرسوں کے متعلق سمجھا جاتا ہے کہ وہاں الگ الگ قسم کے ذہن تیار ہو رہے ہیں-

سیکولر حضرات مدرسوں کے خلاف زبان طعن دراز کرتے پائے جاتے ہیں یہ سب وہ جان بوجھ کر کرتے ہیں یہ فری میسن کی وہ گرینڈ سکیم ہے جس سے عام ذہن واقف نہیں ہے کیونکہ اس نے سکولوں اور مدرسوں میں جو منتخب مختصر نصاب پڑھا ہے اس نے اس کا استاذہ پر اعتماد مضبوط کرا دیا ہے اور وہ کبھی بھی یہ جان نہیں پاتے کہ ہمارے استاذہ بھی ہمارے کتنے جاہل اس لئیے ہیں کہ وہ بھی اسی نظام تعلیم اور اسی نصاب کے پڑھے ہوئے ہیں اگر ہم گھروں میں بیٹھ کر صرف کتب احادیث کے باب الفتن پڑھیں دجال اور دجالیت کو سمجھیں اور اسکے ساتھ تاریخ پڑھیں اور حالات حاضرہ کا جائزہ لیں تو ان دونوں تعلیمی نظاموں یہاں کے منتخب اور مختصر نصاب تعلیم کی دجالیت بڑی آسانی سے سمجھ آسکتی ہے-فری میسن نفسیاتی حربے استعمال کرتے ہیں وہ دونوں طرف کے گروہوں کو کنٹرول کرتے ہیں وہ طبقہ جو سیکولرازم سے قربت محسوس کرکے مذہبی طبقہ سے نفرت کرتا ہے اور وہ مذہبی طبقہ جو سیکولر طبقہ کو گالیاں دیتا ہے ان دونوں کو نہیں معلوم کہ ہمارے حیالات واحساسات کو کنٹرول کیا جارہا ہے ان کو ہمارے اندر پلانٹ کیا جارہا ہے اور سب سے بڑا انجنئیر یعنی ابلیس یہ چاہتا ہے کہ ان کے درمیان اختلاف رہے کیونکہ اسی تفرقہ کو ہتھیار بنا کر وہ ورلڈ آرڈر کا نفاذ کریں گے-

اگر تو مذہبی طبقہ مدرسوں میں دین پڑھے اور ان کا کوئی ہمدرد ان پر نصاب تعلیم کی خامیاں واضح کر دے تو یہ خطرے کی بات ہے مثلاً میں نے ایک عالم دین سے پوچھا جو مدرسہ کے پڑھے ہوئے تھے کہ اس وقت امت کا بڑا مسئلہ کیا ہے تو انہوں نے کہا دجالیت میں خود بھی دجالیت پر تحقیق کرتا ہوں میں نے اگلا سوال کیا کیا دجالیت پر مدرسوں میں کوئی خاص کتاب پڑھائی جاتی ہے تو وہ سوچ میں پڑ گئے کیونکہ ان کو معلوم تھا اب یہ مدرسوں کو برا بھلا کہے گا -اب یہاں انسانی نفسیات اور خارجی ماحول کی بات کر لیں ایک ایسا شخص جس نے آٹھ دس سال مدرسہ میں پڑھا ہو اور اتنے ہی سال اسے آگے پڑھاتے گزر گئے ہوں وہ بھلا کیسے مان لے گا کہ میں نے جو پڑھا وہ بھی دجالیت تھی دین نا تھا اور جو پڑھا رہا ہوں وہ بھی دین نہیں ہے گویا وہ کیسے مان لے گا کہ میں نے زندگی کے پینتیس چالیس سال تباہ کر دیئے آج کی دنیا میں جہاں ہر طرف مادہ پرستی کا غلبہ ہے درس نظامی کیا ہوا شخص بھی روزی روٹی کے مارا پھرتا ہے اس کے اخراجات پورے نہیں ہوتے کیا اس کی اخلاقیات سے آپ توقع کر سکتے ہیں کہ وہ یہ بات قبول کر لے گا یاں اس کا نفس آڑھے آجائے گا

یہاں ہمارے نصاب تعلیم میں نفس کی تعلیم پر توزیرو توجہ نہیں دی جاتی اور جہاں نفس پر توجہ ہے وہاں علم نہیں ہے جب تک یہ دونوں چیزیں نہیں ملتی تب تک دجالیت کی سمجھ کہاں آئے گی۔

یہاں بنیادی طور پر فری میسن کا طریقہ کار پر بحث مقصود تھی کہ وہ کیسے ایک چیز کو مسئلہ بناتے ہیں اور پھر خود ہی اس کا حل پیش کرتے ہیں اور عالمی حالات و واقعات سے کچھ مثالیں پیش کرنا مقصود تھی مگر بیچ میں علما اور مدرسوں کی بحث آگئی تو اس مضمون میں اسی بحث کو سمیٹتے ہیں۔دجالیت زدہ دنیا وہ دنیا ہے جس میں خود دجالیت کو ہی اینٹی دجالیت تسلیم کیا جائے مختلف حیالات کے لوگ مختلف چیزوں کو گمراہی حیال کرتے ہیں اور خود کو درست سمجھتے ہیں جبکہ یہ فری میسن کا شیطان کے گروہ کا کیا دھرا ہے انہوں نے خود ہزاروں گروہ اور ہزاروں نظریات پیدا کیئے ہیں تاکہ کبھی بھی انسانیت ہمارے منصوبوں کو سمجھ کر ہمارے خلاف مجتمع نا ہو سکے۔علماء پر زبان طعن دراز کرنا دجالیت نہیں ہے بلکہ علما کا دفاع کرنا دجالیت ہے کیونکہ علم کو سینوں سے نہیں بلکہ علما کی روحیں قبض کرنے سے اٹھالیا گیا ہے اور میں نے جو دین میں قرآن اور حدیث کی چودہ کتب اور اگر اسلام کی بات کریں تو تاریخ یعقوبی و مسعودی وطبری والبدایہ والنہایہ والکامل ابن اثیر و تاریخ ابن خلدون پڑھی ہے اس سارے علم کی روشنی اور حالات حاضرہ کو دیکھ کر یہ سمجھتا ہوں کہ یہ علم اٹھائے جانے والی پیشن گوئی آج سے ڈیڑھ سو سال پہلے پوری ہو چکی ہے جب کفر کے فتووں کا بازار سجایا گیا دیوبندی، بریلوی اور اہلحدیث کی تفریق پیدا ہوئی اس سے پہلے جبتک مسلمانوں کے ہاں اہل سنت اور اہل تشیع کی تفریق تھی تب تک معاملات ٹھیک چل رہے تھے۔

کوئی بھی آدمی جاہل نہیں ہوتا اسے تعلیم سے جاہل بنایا جاتا ہے اور اگر آپ کو کم محنت اور مطالعہ سے دجالیت کو سمجھنا ہے تو میڈیا کی رپورٹنگ کو سٹڈی کرنا شروع کر دیں اور یہ جاننے کی کوششوں میں لگ جائیں کہ میڈیا کا ایک نکتی ایجنڈا کیا ہے۔اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دجال کی آمد سے قبل پوری دنیا پر دھوکے کے چند سال آئیں گے جب آپ سمجھ لیں گے کہ میڈیا وہ دھوکہ دے رہا ہے جس کا اس حدیث میں ذکر ہے تو آپ کیلئے باقی معاملات کو سمجھنا آسان ہو جائے گا کیونکہ تمام فرقہ کے نمایندہ علما میڈیا پر تو آتے ہیں اور جہادی ریاست سے نالاں ہیں وہ بھی سمجھ جائیں گے کہ میڈیا کس طرح سے عالمی جہاد کی پرموشن کرتا ہے لوگوں کو یہ یقین دلاتا ہے کہ جہاد ہو رہا ہے۔یعنی علما ہوں یاں جہاد کو درست سمجھنے والے ان دونوں کو اپنے نظریات کی حقیقت کا اندازہ میڈیا کو سمجھنے سے ہو جائے گا۔ہر فرقے کے نمائندہ علما اور جہاد کی پرموشن دونوں کا سبب میڈیا ہے۔اور دوسری طرف یہ دونوں طبقات یعنی جہادی ذہن اور علما دونوں سمجھتے ہیں کہ بے حیائی کے فروغ میں صرف اور صرف میڈیا کا ہاتھ ہے اب یہ کیسے ممکن ہو کہ برائی اور اچھائی ایک جگہ جمع ہو جائیں یعنی میڈیا علما کو بھی بلائے، جہاد کی پرموشن بھی کرے اور بے حیائی کو بھی فروغ دے یاں اگر ہم آسانی سے کسی نتیجے پر پہنچا چاہتے ہیں تو میڈیا یہ یقین دلانا چاہتا ہے کہ بے حیائی کے باوجود اب تک اسلام بھی موجود ہے اور جہاد بھی کسی نا کسی شکل میں موجود ہے اس لیئے دور دجالیت اور دجال دونوں ابھی دور کا قصہ ہیں۔

پوری انسانی تاریخ میں اور اب بھی عالمی سطح پر تمام واقعات ایک پیٹرن کی صورت میں ہوتے ہیں جو شخص اس پیٹرن کو سمجھ لیتا ہے پہلے ادوار میں وہ ابلیسیت کو سمجھ لیا کرتا تھا اور اب دجالیت کو سمجھنے کے قابل ہو جاتا ہے۔دجالیت سے بچنے کے دو طریقے ہیں آج کی دنیا میں وہ لوگ جن کے متعلق آپ سمجھتے ہیں کہ انہوں نے دجالیت کو سب سے زیادہ بیان کیا ہے وہ خود دجالیت کے سب سے بڑے مبلغ ہیں اور دوم نعیم بن حماد کی کتاب الفتن کی وہ روایت فتنہ کے زمانہ میں وہ شخص سب سے نیک بخت ہو گا جو غیر مشہور ہو گا اگر وہ باہر نکلتا ہے تو پہچانا نہیں جاتا گھر بیٹھا رہتا ہے تو کوئی اسے غیر حاضر نہیں سمجھتا۔اس حدیث کو کلید بنا جب آپ کسی سے دین لے رہے ہوں آج میڈیا کی بدولت ہم دین کے مشہور ورژن اور حقیقت کے مشہور ورژن پر ایمان لانے کے فتنہ میں مبتلا ہیں اب دیکھیں عالمی جہادی کوئی ڈھکی چھپی چیز نہیں ہے میں عموماً لوگوں سے میڈیا سکے متعلق رائے طلب کرتا ہوں ہر طبقہ

اور نظریہ کا آدمی منفی رائے دیتا ہے اس کے باوجود میڈیا کیطرف سے عالمی جہاد کی پرموشن کے باوجود اس کو حقیقی مانتا ہے گویا میڈیا کو گالی دے کر اس پر ایمان لانے کا رجحان ہی دجالیت ہے یعنی ایک چیز کا برا ہونا بھی ہمارے لاشعور میں پیوست ہے اور اس کے باوجود وہ بری چیز میڈیا ہی ہر چیز کے متعلق ہماری ذہن سازی بھی کر رہا ہے۔

میڈیا ایک مذہب ہے اور یہ آج کی دنیا کا واحد مذہب ہے کوئی یہودی ہو نصرانی ہو یاں مسلمان ہو اسی مذہب کا پیروکار ہے مگر اس مذہب کی مجبوری ہے کہ یہودی وعیسائی ومسلمان کی پہچان برقرار رکھے کیونکہ آخری مذہبی جنگ کیلئے یہ تفریق ان کی ضرورت ہے جبکہ آخری مذہبی جنگ کے بعد وہ تباہی کا چکیں گے تب دجال کے ون ورلڈ ریلیجن کا اعلان ہو گا یہ ان کا یعنی فری میسن کا منصوبہ ہے اور اس منصوبے کی تکمیل کیلئے عیسائیوں اور مسلمانوں کے درمیان نفرتوں کو فروغ دیا جارہا ہے پہلے ٹرمپ نے اپنی اور قسم کی شناخت بنائی اور اسی بات کو پختہ کرنے کیلئے ٹرمپ کو عمران خان کا دوست ظاہر کیا گیا فری میسن کا یہیں طریقہ کار ہے وہ صدیوں سے ایسا ہی کرتے چلے آرہے ہیں انہوں نے اپنے مقاصد کے حصول کیلئے جن کو دشمن بنانا ہو پہلے ان کو دوست ظاہر کرتے ہیں پاکستان اور امریکہ دونوں اگلی صلیبی جنگ میں اہم کردار ادا کریں گے پاکستان میں پی ٹی آئی کی حکومت ہو گی اور امریکہ میں ٹرمپ یاں اس کا نائب 2023 میں اپنے مضمون دجال آرہا کے عنوان سے میں نے ٹرمپ کے دوبارہ صدر منتخب ہونے کی پیشن گوئی کی تھی جو پوری ہوئی۔اب ممکن ہے ٹرمپ کے قتل کا ڈرامہ رچایا جائے اور اسکا الزام ایران پر لگایا جائے۔یہ جو ایران اور طالبان کی سطح پر اور سعودی عرب و ایران کی سطح پر اور جو ایران اور شامی انقلابیوں کے درمیان دشمنی کو ظاہر کیا جارہا ہے اس کا مقصد بھی وہیں ہے جو اوپر بیان کیا گیا ہے جن کو بعد میں انہوں نے اپنے مقاصد کیلئے دوست بنانا ہے انہیں پہلے دشمن ظاہر کیا جاتا ہے۔

جب پارچنار کے مقامی اور شامی انقلاب کے عالمی واقع کے تناظر میں اہل سنت اور اہل تشیع کے درمیان نفرتیں بڑھائی جاتی ہیں اور ہم ایسے لوگوں کو نفرتیں برتنے سے روکتے ہیں اس عمل کو بھی فری میسن اپنے کام میں لائیں گے بعد میں جب شامی مجاہدین اور ایران کا ٹرمپ کے سٹیجڈ قتل پر اتحاد ہو گا تو نفرتوں کے مارے دونوں فرقوں کے افراد سمجھیں گے چلوں ٹھیک ہو گیا پہلے ہی کچھ لوگ کہتے تھے یہ نفرتیں اسلام کیلئے نقصان دہ ہیں بہتر ہے اب اسلام کفر کے خلاف جمع ہو رہا ہے۔گویا پہلا ایک دوسرے کو کافر کہتے تھے اور اب خود تو مسلمان ہیں مگر کفر کے خلاف متحد ہو چکے ہیں گویا کوئی کافر ہے نا مسلمان جب ابلیس چاہتا ہے دونوں گروہ مسلمان کہلاتے ہیں اور جب وہ چاہتا ہے تب دونوں گروہ مسلمان کہلاتے ہیں۔

یہاں ہم بحث کے اگلے نکتہ کی یاد دہانی کیساتھ بحث کو روکیں گے جو اس بحث کو سمجھنے اور کڑیاں ملانے میں مددگار ہو گا کہ ٹرمپ نے شروع میں جنگیں ختم کرنے کا اعلان کیوں کیا اور اس نے کیوں وعدہ کیا کہ وہ یوکرائینی اور فلسطینی جنگ ختم کرادے گا۔

https://www.facebook.com/share/p/15Zg1Xpugg/

تحقیق اس دور کی ضد ہے

پوری دنیا پہلے ہی یہودیوں (یہ یہودی کا نام لیکر وہ دھوکہ دیتے ہیں اصل میں ابلیس کے کنٹرول میں ہے) کہیں زمین کا ایک انچ بھی ایسا نہیں ہے جہاں ابلیس کی حکمرانی نا ہو اور یہ اب نہیں ہوا یہ وطنی قومی ریاستوں کے قیام کے وقت سے ہو گیا تھا
عیسائیوں کے ہاں ابلیسی اثرات سے آزاد آخری ریاست روسی سلطنت تھی جہاں شخصی نظام حکومت تھا ناکہ (جمہوری غیر فطری دجالی نظام حکومت جس میں ابتک دنیا کا کوئی شخص بھلائی کا ایک ذرا بھی نہیں پاتا مگر چونکہ میڈیا نے بعض شیطان سیاستدانوں کو مقبول بنا رکھا ہے اس لیئے ان سے محبت پال کر ہر کوئی جہنم میں جانے کا سامان تیار کر رہا ہے) جمہوری نظام اور مسلمانوں کے ہاں آخری آزاد ریاست سلطنت عثمانیہ تھی (جو حدیث کی تمام کتب میں موجود حذیفہ بن یمان کی روایت کے مطابق مسلمانوں کی جماعت اور امیر کی آخری نشانی تھی اس کے بعد نا مسلمانوں کی جماعت رہی اور نا امیر اور تب سے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ حکم نافذ ہو گیا جو حذیفہ بن یمان کو دیا تھا کہ جب جماعت اور امیر نا رہیں تب بقیہ تمام جماعتوں سے الگ ہو جانا گویا بعد میں بھی دجال کے ہاتھ پر بیعت سیاسی واسلامی وجہادی جماعتیں حق والی جماعت ہونے کا دھوکہ دیتی رہیں گی)
استعماری طاقتوں کا عروج دجال اور ابلیس کی حکومت کا آغاز تھا انہوں نے دنیا کو قبضہ میں لیا آخری دو بادشاہتیں ختم کی وہ میڈیا (دجال کا پراپوگنڈا کا ہتھیار یعنی دجال کی کتاب جس پر ایمان لایا جانا تھا) لائے اور پھر دنیا کو آزاد کر گئے (حقیقت میں دنیا کی آزادی وہ دھوکہ تھا جو ابلیس کے پوری دنیا پر قبضہ کی حقیقت پر پردہ ڈالنے کیلئے دیا گیا)
اسلاموفوبیا، گریٹر اسرائیل، تیسرا ہیکل، مسیحا کا انتظار وغیرہ یہ سب کہانیاں اسی دھوکہ کو سچ ثابت کرنے کیلئے گھڑی گئی ہیں اس وقت سے لیکر آدم کی اس دنیا میں آبادی تک ابلیس کو صرف ایک فوبیا رہا ہے اور وہ ہے انسانیت فوبیا جب تک اسلامی خلافت رہی تب تک اسلاموفوبیا تھا خلافت کیساتھ مسلمانوں کی جماعت اور امیر دونوں رحصت ہو گئے پہلے جماعت کیساتھ رہنے کا حکم تھا اب جو جماعت سے جڑا ہے وہی گمراہی کی موت مرے گا کیونکہ اب جماعتوں سے کٹنے کا حکم ہے۔ان جماعتوں میں دوزخ کے دروازوں کی جانب بلانے والے ہیں۔
جس دن دنیا سے پہلی مذہبی ریاست کا خاتمہ کیا گیا یعنی برطانوی بادشاہت (اور عیسائیت کا ڈیڑھ ہزار سال سے چلنے والا فطری شخصی نظام حکومت) اسی دن گریٹر اسرائیل کی بنیاد پڑی تھی اور جس دن مسلمانوں کی آخری مذہبی ریاست کا خاتمہ کیا گیا اس دن گریٹر اسرائیل کا وجود مکمل ہو گیا ابھی سانپ ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے اور آج جب میں یہ مضمون لکھ رہا ہوں جان لیں چینی سانپ کے سال کا آغاز ہو چکا ہے نقلی مسیحا اقتدار میں ہے چین کا سب سے بڑا آرٹیفیشل انٹیلیجنس سرویلنس کا نظام، ٹرمپ کی آتے ہی آرٹیفیشل انٹیلیجنس میں سرمایہ کاری اور ڈیپ فیک کی آمد یہ تین الگ کہانیاں نہیں ہیں یہ اس نئے دور کا آغاز ہے جس کو نشاۃ ثانیہ سے یاد کیا جاتا ہے گمراہی کے ایک اور دور کا آغاز اس دنیا کا سب سے بڑا سچ پوری دنیا پر دھوکے کی حکومت ہے اور اس کا علاج آگاہی پھیلانا ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا فتنہ سے وہ محفوظ رہے گا جسے اللہ تعالیٰ علم کیساتھ زندہ رکھے۔
وہ ہر اس چیز پر لوگو کا یقین مضبوط کرانا چاہتے ہیں جو انسانیت کیلئے نقصان دہ ہے لوگ ذاتی فائدہ دیکھتے ہیں اجتماعی نقصان جائے بھاڑ میں۔یہیں احساس کی موت ہے یہیں ابلیس کی فتح ہے۔حالت یہ ہے خود سارے ملحد ہیں اور دجالی ذہن سازی کے باعث نعرے لگاتے پھرتے ہیں کہ الحاد کی موت واقع ہو گئی جو منہ میں ڈالا جاتا ہے اسی کی جگالی کرتے رہتے ہیں خود نا دین پڑھا نا عمل کیا مولوی کو خدا بنا کر اس کے دین پر عمل کرنا ضد، ہٹ دھرمی اور فیشن بنالیا ہے مولوی نے دین کے مطالعہ پر لگایا نہیں اور جو توجہ دلاتا ہے اس سے بداخلاقی۔ان جاہلوں کو یہ تک نہیں معلوم جب ملحد مولوی پر تنقید کرتا ہے تو وہ

اس لیئے نہیں کرتا کہ مولوی اسلام کا چوکیدار ہے بلکہ وہ اس لیئے کرتا ہے کہ تم اسے چوکیدار سمجھتے رہوں اور مولوی دجالیت پھیلاتا رہے تمہیں جہنم کی طرف بلاتا رہے تم خود کبھی دین کے مطالعہ کی طرف نا جاؤ۔

ویسے تو یہ Age of reason ہے مگر جو حقیقت چھپی ہے وہ Age of prapognda کا نہاں تصور ہے پراپوگنڈا کے ماہرین (اہل قلم، دانشور، علما اور سیاستدانوں) کو فری میسن کے حصوصی سکولوں میں تیار کیا جاتا ہے اور بعض کہانیاں تو ایسی ہوتی ہیں جن میں انتہائی بھدے ایکٹر بھی کام آجاتے ہیں جیسے جنگوں کے سٹیج شویاں سیاسی شحصیات کے قتلوں کے سٹیجڈ ڈرامے شامل ہیں۔

اجتماعی شعور میں یہ بات ودیعت کر دی گئی ہے (سب پراپوگنڈا سے ہوا ہے نا کہ تعلیم سے) کہ تمہارا مذہبی شعور غالب ہے تو اخلاقی شعور کی کوئی ضرورت نہیں حالانکہ نبوت کا خاصہ ہی اخلاقی شعور ہے اگر میں نبوت کے اجزا سے واقف ہوں تو چاہے میرے سامنے کوئی خدا کا ہی انکار کیوں نا کردے میں اپنے بھرپور علم سے اس شخص کو قائل کرنے کی کوشش کروں گا نا کہ بداخلاقی سے اس کو اس عقیدے پر قائل رکھنے کی وجہ دوں گا یعنی جب میں بداخلاق ہوں تو تصور خدا کی کیا وقعت۔ مگر پراپوگنڈا کی دنیا میں خدا کا انکار تو قبول ہے مگر وہ جو میڈیا کا مذہب ہے اس کا انکار کسی کو قبول نہیں میڈیا کے مذہب کا جز ہے عمران خان جیل میں ہے نواز شریف اسکا دشمن ہے حماس جنگ لڑ رہی ہے افغانستان میں اسلامی حکومت ہے، دجال نہیں آیا، زمین متحرک ہے وغیرہ وغیرہ ان مذاہبِ میں اکثریت ہم حیال ہے مگر کافی ساری شاخیں پھر بھی ہیں۔ ذہن میں اپنے تصورات پر شک پیدا ناہونا اندھی تقلید کی نہیں جامد ذہن اور نری جاہلیت کی علامت ہے ورنہ بڑھتے علم کیساتھ (اگر وہ قرآن وسنت کے مطالعہ سے ہو) خارجی دنیا کے متعلق شق پیدا ہونا ضرور ہے کیونکہ یہ ابلیس کی کنٹرولڈ دنیا ہے نظام اسکے ہیں ساری مذہبی وسیاسی وجہادی جماعتیں اسکی ہیں۔

جیسے ٹی وی سے جیمز بانڈ کی فلم نشر ہوتی ہے ایسے ہی 911، کرووونا، عالمی جہاد کے مظاہر نشر ہوتے ہیں ہیں مگر ہم خود بخود ہی (پراپوگنڈا کے باعث) ایک چیز کو فلم مانتے ہیں دوسری کو حقیقت حالانکہ سب ان تصویروں کا مجموعہ ہے (جو دین اور عیسائیت دونوں میں حرام تھی) مگر اب وہ ایک مکمل کہانی (عوام کی نظر میں حقیقت) بناتی ہیں۔ تھیوری کی تعمیر میں صرف ایک چیز کام کرتی ہے وہ ہے پراپوگنڈا روایت پرست، قرآن پرست یاں ملحد یہ اصطلاحات ہم نے من کو رازی رکھنے کیلیئے گھڑ رکھی ہیں ورنہ ہر قسم کے ایکٹرز ہی اپنے فن کا لوہا منوا رہے ہیں اور ہم سوائے حق کے ہر چیز کو مانتے ایمان لاتے ہیں اب یہ کہنا کہ ہم روایت کے وارث ہیں جو قابل فخر ہے سوائے منافقت کے کچھ نہیں۔ روایت کا معجزہ ہم پر بے اثر ہے کیونکہ ہم بندوں پر ایمان لا چکے ہیں اور میڈیا سب سے بڑا خدا ہے اس سے بڑھ کر تصویر اور ویڈیو کا دھوکہ ابھی اے آئی اور پروگرامز باقی ہیں جن کے مظاہر عقل کو زنجیروں کے باندھ دیں گے۔ ہماری کامن سینس اور نظریاتی رجحانات میں جو تضاد ہے ہم اس پر پہرا دینا ہی زندگی کا مقصد سمجھ لیتے ہیں حالانکہ زندگی کا مقصد حصول علم ہونا چاہیے عقیدہ یعنی فہم دین مستعار ہو تو باعث زحمت ہے تحقیقی ہو تو نبوی منہج کہلاتا ہے۔ ٹھیٹھ تجربی علوم میں بھی ہمیشہ تصور ہی زیادہ مکمل ہوتا ہے تصدیق کبھی کامل نہیں ہوتی یہ انسانی علم کا تقدیری المیہ ہے

ہم خبر کو تصور اور تصدیق دونوں قالبوں میں ایک ساتھ ڈھالنے والے دور میں زندہ ہیں بالخصوص مذہبی ذہن چاہے وہ یہودی ہو عیسائی یاں مسلمان تحقیق سے عاری ہے اسے صرف مادرزاد عقیدہ اور اسکی حارجی شہادتوں سے پیار ہے

شعور کے ارتقا کا عمل میڈیا کی آمد کیساتھ رک گیا اب اگر ہم کہیں سے شعور کی ترقی کا گمان کریں بھی تو وہ میڈیا کے ان ہزاروں نظریات میں سے کوئی ایک ہوتا ہے جس پر جا کر ہمارا دماغ منجمد ہو جاتا ہے

https://www.facebook.com/share/p/12CZoYQbr1s/

جہاز گرنا جھوٹ چار ویڈیو

میڈیا رپورٹ کر رہا ہے امریکہ میں طیارہ گرا ہے یہ خبر نہیں بے خبری ہے خبر کی تفصیل کمنٹس میں

https://www.facebook.com/share/p/14oiAa79t2n/

بد اخلاقی کا مذہب (حصہ ششم)

صحابہ ایک مشرک کو پکڑ کر لائے اسے مسجد نبوی کے ستون کیساتھ باندھ دیا گیا وہ کافر تھا اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں آئے تو اس کا حال احوال دریافت فرمایا (راویوں نے جو خبر دی وہ پورے واقع کی خبر دی وہ سند کے پہلے راوی تھے جن پر جرح نہیں کی جاتی انہوں نے واقع رپورٹ کرنے میں کوئی ڈنڈی نہیں ماری) اس نے کہا محمد میرے نزدیک تمہارے چہرے سے برا کوئی چہرہ نہیں ہے تمہارے دین سے بڑا کوئی دین نہیں ہے اور تمہارے شہر سے برا کوئی شہر نہیں ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرائے اور واپس چلے گئے (مگر یہ مسکراہٹ طنزیہ نا تھی بلکہ پیار بھری تھی)

دوسرے پھر اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حال احوال دریافت کیا تو اس کا جواب کل والا تھا تیسرے دن بھی اس کے رویہ میں کوئی فرق نا آیا۔

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اسے چھوڑ دو، وہ مدینہ سے باہر گیا غسل کیا اور واپس آکر اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ پر ایمان قبول کر لیا۔

محدثین نے یہ واقعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق کی دھاک بٹھانے کیلئے نہیں لکھا نا ہی اس واقع کو پڑھنے والا عام مسلمان آسانی سے اس میں اخلاقیات کے گہرے راز دریافت کر سکتا ہے محدثین نے یہ واقع آنے والے وقتوں کے مسلمانوں کیلئے لکھا ہے۔

وہ کافر تھا مسلمان نہیں تھا اس کا بس چلتا تو مسلمانوں میں سے جتنوں کو ہو سکتا قتل کر سکتا حتیٰ کے انتہائی قدم اٹھانے سے بھی نا چوکتا مگر جب اس کا پالا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تربیت یافتہ جماعت سے پڑا تو اس نے مسجد نبوی میں تین دن اخوت و مساوات اور اخلاق کے ایسے نمونے دیکھے جنہیں معاشرت کے معجزے سے تعبیر کیا جا سکتا آخری دن کا اس کا جواب ہے دھرمی نہیں تھی بلکہ کفر سے تائب ہونے کا اعلان تھا اور نور نبوت نے یہ آثار دیکھ لیئے تھے

سینکڑوں ہزاروں لوگ صحابہ کے ہاتھ پر ایمان لائے

نبی کے پاس تو معجزات تھے صحابہ کے پاس کیا تھا صرف اور صرف اخلاقیات اگر ہم میں سے کوئی بھی اس وقت کی مسلم جماعت کا حصہ ہوتا تو کسی ایک بھی اسلام قبول نا کرنے کا اکیلا سبب بنتا کیونکہ ہمارے اخلاق اسلام کی پوری عمارت گرانے والے ہیں اور جب ہم جیسے موجودہ معاشرے میں ہر کوئی بد اخلاقی ہو تو کوئی کعبہ کے پردوں کو بھی پکڑ کر کہے کہ یہ اسلامی معاشرہ ہے تو میں نہیں مانوں گا۔اخلاق اس وقت دل میں پختہ ہوتے ہیں جب دل میں خدا کا خوف ہو اور اللہ کی رحمت ہو یہاں دجالی علما نے تصویر کو حلال کیا اور ان کے عبادت گزار کہتے ہیں بس وہ علما ہیں انہوں نے تیرہ سو سال بعد اللہ کی خرام کردہ چیز کو حلال کر لیا (اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیشن گوئی فرمائی تھی اللہ کی خرام کردہ چیزوں کو خلال کر لیا جائے گا اور اسی دور کے متعلق فرمایا تھا کہ جہنم کے دروازوں کی جانب بلانے والے ہوں گے)۔

اب ہر گھر میں تصاویر ہیں اور جس گھر میں تصویر ہو وہاں رخمت کے فرشتے نہیں آتے اور جہاں سے رحمت کے فرشتوں کو مستقل طور پر رخصت کر دیا جائے کیا وہاں شیطان کے داخلے پر پابندی ہوگی اس کے باوجود اگر اس گھر میں عبادات کا اہتمام کیا جاتا ہے اور سمجھا جاتا ہے کہ عبادات دین کا مغز اور

سب کچھ ہیں تو کیا وہ واقع ہی عبادات کہلائیں گی عبادات تب دین کا مغز کہلاتی ہیں جب دین بطور نظام نافذ ہو یہاں تو زمین کے ایک چپے پر بھی دین نافذ نہیں ہے دنیا کا کونسا حصہ ہے جہاں خرام کاغذی کرنسی اور بینکاری کا وجود نہیں ہے۔

جو کہتا ہے کہ دین کی دو شکلیں بن گئی ہیں یاں تین شکلیں وہ غلط کہتا ہے دین صرف ایک اور وہ اللہ کا دین نہیں ہے اس وقت دنیا میں ڈیڑھ ارب مسلمان اور ساڑھے چھ ارب کافر نہیں بستے بلکہ آٹھ ارب کافر بستے ہیں مگر دجال کے ہاتھ پر بیعت مذہبی اشرافیہ نے ہمیں یقین دلایا ہے کہ دنیا میں سب بھی ساڑھے ایک ارب مسلمان بستے ہیں۔جب کوئی خود ہی مسلمان نا ہو تو اسے ہر اسلامی نام والا مسلمان لگے گا۔

کافر باہر کا دیں یاں کوئی الگ دین نہیں ہے وہ مذہبی اشرافیہ جو ہمارے جیسے دوسرے مسلمانوں کو دین سے نکال کر کافر کا سرٹیفکیٹ دیتی ہے وہ مذہبی اشرافیہ سارے کفر کا سبب ہے اور اسی مذہبی اشرافیہ کو ہم نے اللہ کے مقابل ٹھہرا لیا ہے وہ لوگ جو جہنم کے دروازوں کی جانب بلانے والے ہیں (حدیث) انہیں ہم نے اللہ کے دین کی جانب بلانے والا سمجھ لیا ہے کیونکہ ہم نے خود دین پڑھا نہیں اور جب کوئی دین پڑھنے کا کہہ دے تو ناصرف ہماری آنا کو ٹھیس پہنچتی ہے بلکہ ہم اسے ٹیسٹ کرنے کیلئے غسل کے فرائض پوچھنا شروع کر دیتے ہیں یعنی دجالی مولویوں نے دیں کے نام پر جو کچھ سکھایا ہے وہیں پوچھتے ہیں کوئی بھی دوسرے سے اسلام کے سیاسی، معاشی و معاشرتی نظام کے متعلق نہیں پوچھتا بھلا کیسے پوچھیں جنہوں نے بتانا تھا نا انہوں نے بتایا اور نا ہی ان کو خود معلوم ہے۔

کیونکہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نے فرمایا علم کو اللہ ایسے نہیں اٹھائے گا بلکہ جو علما ہیں ان کی روحیں قبض کر لے گا پیچھے جاہل رہ جائیں گے وہ خود بھی گمراہ ہونگے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔ہم سمجھتے ہیں مدرسوں میں دین پڑھایا جارہا ہے جب میں کہتا ہوں تم خود دین پڑھوں اور دیکھوں کیا واقع ہی وہیں دین ہے جو مدرسوں میں پڑھایا جارہا ہے یاں مدرسوں میں دجالیت پڑھائی جارہی ہے تو مجھے گالیاں پڑتی ہیں کیونکہ وہ یہ سمجھتے ہیں جس دجالی دین پر وہ کاربند ہیں میں اسکو گالی دے رہا ہوں گالی خاص ہجوں سے مل کر بنتی ہے جن کو میں تو ادا نہیں کر سکتا مگر دین مولوی پر ایمان لانے والے بلا جھجک برتتے ہیں کیونکہ ان کے دل سے اللہ کا ڈر نکل گیا ہے گالی اور بداخلاقی تو کسی کافر کیساتھ بھی جائز نہیں ہے۔

یہاں ایسے بھی دجالی مولوی ہیں جنہوں نے گالیوں کو دین سے ثابت کر رکھا ہے تاکہ ہر کوئی اس دین کے خلاف (جو سنا سنایا ہے) کسی کو بھی دیکھے تو اسکی گالیوں سے تواضع کرے۔

آج کا مقبول ترین دین میڈیا ہے نیوز چینل اس کے مندر اور نیوز اینکر پروہت ہم اپنے پیسوں سے ٹی وی موبائل خرید کر دوزانوں یاں چار زانوں بیٹھ کر لیٹ کر یاں کھڑے ہو کر دن رات ان پروہتوں کی باتیں سنتے اور ان پر ایمان لاتے ہیں اور میں زندگی میں ایسے اشحصاص کو بھی جانتا ہوں جنہوں نے فرمایا وہ چار کتابوں کے مصنف ہیں اور پوچھنے پر بغیر شرمندہ ہوئے بتایا کہ عمر ساٹھ سال اور پورا قرآن ایک بار بھی سمجھ کر نہیں پڑھا۔

جب آپ نے دینی میں زندگی کے پچاس سال برت لیں تب اگر کوئی آپ کے نظریہ پر انگلی اٹھائے تو لوگ اس کو گالی دیتے ہیں۔کسی ایک شخص کو بھی اللہ کا ڈر نہیں ہے کہ وقت اللہ کی امانت ہے میں اس کا درست استعمال کروں دین پڑھ لوں کیونکہ مولویوں کی اللہ نے سند نازل نہیں کی اور دین میں سوائے نبی کے کسی اور کی بات تب تک قبول نہیں جبتک کہ اس کا صادق و امین ہونا ثابت نا ہو جائے۔لوگ کہتے ہیں تمہاری بات کیوں قبول کریں میں کہتا ہوں تو قرآن پڑھو میں نے کونسا میری بات قبول کرنے کو کہا ہے ہاں جو تم کرسکتے ہو وہ میری کسی ایک بات کو قرآن وسنت کے خلاف ثابت کر دوں تاکہ میں اصلاح کر سکوں

https://www.facebook.com/share/p/15bLkFm7kx/

کونسا اسلام خطرے میں ہے

ریاست ہو، مذہب ہو کوئی فرد ہو یاں معاشرہ اس کے زوال کا آغاز ہمیشہ اس کے اندر سے ہوتا ہے۔ تاریخ کے ہر دور میں لوگوں کی اکثریت جاہل رہی ہے انہیں صرف پیٹ بھرنے کا دھیان رہتا ہے نظام کیا چیز ہے ریاست کیسے چلتی ہے وغیرہ وغیرہ اس سے ان کو کوئی سروکار نہیں ہوتا تھا۔اگر کوئی مذاغل سلطنت کا فرد ہے تو اس یہ جاننے میں کوئی دلچسپی نا تھی کہ روس میں کیا ہو رہا ہے اور ناہی حکمرانوں کی ان معاملات کی پرواہ تھی وہ بس اپنے پڑوسیوں کا حیال رکھتے تھے اور اگر کبھی دشمنی بڑھ جاتی تو پھر اور دوست تلاش کیئے جاتے مگر آج کی دنیا میں میڈیا آپ کو پورے عالم کی خبروں سے باخبر رکھے ہوئے ہے اور لوگ سمجھتے ہیں ہم تاریخ کے سب سے باخبر دور میں جی رہے ہیں۔

نصاب تعلیم میں سوائے ایک چیز کے باقی سب سکھایا جاتا ہے اور وہ ہے سوچنا، تنقیدی نگاہ ڈالنا اور تحقیق کرنا۔کیا کسی نے کبھی سوچا اس دور میں ہمیں باخبر رکھنے کا بندوبست کیوں کیا گیا ہے حالانکہ آج سے سو یاں دو سو سال پہلے یعنی جب اخبارات کا دور شروع ہوا_لیکن اگر آپ اخبارات کے دور سے پیچھے جائیں تو نا کسی ریاست کو لوگوں کو باخبر رکھنے کی ضرورت تھی اور ناہی کسی فرد، گروہ یاں جماعت کو ایسا حیال آیا۔فرض کریں باخبر ہونا آپ کیلئے کتنا مفید ہے یاں فیس بک سے آپ کتنا فایدہ اٹھا رہے ہیں۔اگر علم کی بات کرنی ہے تو آپ نے زندگی میں کتنی بار قرآن پڑھا ہوگا صحابہ اجازت مانگتے رہے ہمیں کم سے کم وقت میں پورا قرآن پڑھنے کی اجازت دیں مگر اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین دن کی خد مقرر فرمائی اگر اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اجازت دیتے تو شاید وہ لوگ ایک دن میں تین بار سے زیادہ قرآن پڑھتے۔یہ آسمانی خبریں ہیں میں ان لوگوں سے بھی واقف ہوں جو ساٹھ سال میں ہیں اور ایک بار قرآن مکمل نہیں پڑھا، ان حالات میں ہم یہ سمجھتے ہیں اچانک میڈیا کا ظہور ہوا ہے (جب انہوں نے ساڑھے پانچ ہزار سال سے بغیر تبدیل ہوئے چلے آنے والے تمام نظام اچانک بدل ڈالے معاشی و معاشرتی و سیاسی ہر قسم کا نظام) وہ میڈیا آپ کو خبر دیتا ہے کہ سویڈن میں قرآن کی توہین کرنے والے کو قتل کر دیا گیا ہے اور آپ خوشی کے شادیانے بجانے لگتے ہو۔

آپ یہ سوچیں بیک وقت سو نیوز چینل آپ کو دنیا بھر کی خبروں سے مستفید کر رہے ہیں آپ کو اس کا فایدہ کیا مل رہا ہے دنیا سے باخبر کر کے آپ گردو پیش میں کونسی تبدیلیاں برپا کر رہے ہیں 100 فیصد لوگوں کو دیکھا گیا ہے ان سے ذرا سا اختلاف کر لیں فورا بد اخلاقی پر گالیوں پر اتر آئیں گے آپ کو کافر اور قادیانی قرار دے ڈالیں گے یہ ہے وہ تبدیلی جس کا اسلام ہم سے تقاضا کرتا ہے اور ہم اپنی ذات میں لانے سے قاصر ہیں تو ہم عالمی خبروں یاں ملکی خبروں سے واقف ہو کر کیا کریں گے۔یہ باتیں میں اس لیئے نہیں کر رہا کہ آپ کو باخبر نہیں رہنا چاہیے بلکہ اس لیئے کر رہا ہوں کہ آپ کو باخبر رکھنے کا اتنا پرزور اہتمام کیوں کیا گیا ہے دنیا کی تاریخ میں جو کام نہیں ہوا وہ پچھلے ڈیڑھ سو سال سے اس قدر زیادہ کیوں ہو گیا ہے کہ اب ٹی وی موبائل اور سوشل میڈیا کے بغیر پانی کا گھونٹ تک ہمارے خلق سے نہیں اترتا۔

اکثر واقعات ہوتے ہیں میں لوگو کے میڈیا پر ایمان سے حیران ہوتا ہوں اور پوچھتا ہوں تمہارے پاس ثبوت کیا ہے فلاں جگہ پر ایسا ہوا ہے کیا تم نے تحقیق کی ہے تو فورا کہتے ہیں پکی خبر ہے تم گھبراؤ نہیں فلاں چینل نے بھی تصدیق کر دی ہے اور فلاں نے بھی اگر ان لوگوں سے کہاں جائے خلف اٹھاؤ تو یہ لوگ خلف بھی اٹھالیں گے حالانکہ یہ خبر ایسی چیز ہے جس کے معاملہ میں ایک صحابی دوسرے صحابی پر اعتبار نہیں کرتا تھا جبتک تصدیق نا کر لے صحیح بخاری باب العلم میں ہے ایک صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک قول کی تصدیق کرنے کیلئے مدینہ سے بصرہ دو ماہ کا کٹھن سفر کر کے گئے اور ہم گھر کے بیڈ روم میں بیٹھ کر تصدیق کر لیتے ہیں گویا تمام نیوز چینل کی سند قرآن میں آگئی ہے اور اللہ نے فرمادیا ہے BBC , CNN, جیو اور اے

آر وائی کو چلانے والے زمانے کے ولی ہونگے جن سے جھوٹ کا صدور ممکن ہی نہیں ہے اکثر ایسا ہوتا ہے میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث پیش کرتا ہوں لوگ نہیں مانتے مگر میڈیا کے معاملا میں کہتے ہیں ہاں بے فکر رہو فلاں چینل نے تصدیق کر دی ہے گویا میڈیا میاں رسول ہے جس کی خبریں جبرائیل علیہ السلام لیکر اترتے ہیں۔

مذہبی لوگوں کی یہ حالت ہے کہ وہ کہتے نہیں تھکتے ہاں فلاں چینل نے تصدیق کر دی ہے فلاں سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹوئٹر پر یاں ٹیلی گرام پر فلاں فلاں چینل نے بھی تصدیق کر دی ہے میں مطمئن ہوں۔یہ اسلاف کے قصے ہم نے صرف اپنی منافقت چھپانے اور مذہبی پن ظاہر کرنے کو رٹے ہوئے ہیں عمل کے اعتبار ہے ہمارا دین میڈیا پر ایمان ہے وہ جی امام بخآری نے ایک راوی سے خدیث اس لیئے نہیں لی کہ وہ گھوڑے کو دھوکہ دے رہا تھا۔تم سب گھوڑے نہیں خچر سے سے بھی بدتر ہو جو بغیر تحقیق کے میڈیا کی ہر خبر پر ایمان لے آتے ہو۔میں نے لوگو کو 9/11 والے دن کی عام لوگوں کی ریکارڈ کردہ ویڈیوز دکھائی ہیں جن میں بلڈنگوں سے کوئی طیارہ نہیں ٹکرا تا دھماکے اندر ہوئے اور بلڈنگیں گری مگر جس نے بیس تیس سال تک مسلسل ٹی وی پرست جہازوں کو بلڈنگوں سے ٹکراتے دیکھا ہو وہ کہاں سے مانے گا بھلے ٹی وی فوٹیج فوٹو شاپ ہی کیوں نا ہو۔

اگر میں کسی کو کہوں تصویر خرام ہے تو کہتے ہیں تم جاہل ہو علماء نے کیمرے والی تصویر کی اجازت دے دی ہے اور جب میں اپنی کسی بات کے حق میں ویڈیو دوں تب کہتے ہیں یہ ایڈٹ ہے کیا تم جس چیز پر ایمان لاتے ہو وہ ویڈیو ایڈٹ نہیں ہو سکتی اور ویڈیو و تصویر سے دھوکہ دینا ممکن ہی تبھی ہوا جب عیسائی علما اور مسلم علما دونوں نے اسکو حلال کیا تم خود سوچوں اللہ کو تصویر سے کیا دشمنی تھی جو اسے خرام قرار دیا کیونکہ اللہ ابلیس کا بھی خالق ہے وہ اس کے منصوبوں سے آگاہ تھا۔افغانستان اسلامی حکومت ہے اس بات کو ثابت کرنے کیلیئے BBC نے ان کے اسلامی اقدامات کی تشہیر میں کوئی کسر نہیں چھوڑی BBC خبر تو دیتا ہے چاہے تنقید ہی کرے مگر تمہارا تو اس بات پر یقین مضبوط ہوتا ہے کہ اسلامی حکومت اسلام کو نافذ کر رہی ہے گویا BBC کی خبر افغانستان کی اسلامی شناخت میں سب سے بڑا کردار ادا کر رہی ہے تم خود سوچوں BBC طالبان حکومت کا دوست ہے یاں دشمن ہے جو دنیا بھر کے مسلمانوں کے درمیان ان کی حکومت کا اسلامی تشخص ں بیدار کر رہا ہے کیا وہ سرکاری ادارہ BBC جس کی حکومت نے اسرائیل کی بنیاد رکھی اسے ایسا کرنا چاہیے؟؟؟

سویڈن میں قرآن جلانے والے کو ایک مجاہد نے گولی مار دی ہے اس خبر کی تصدیق کرنے سے بھلا BBC کو کیا فایدہ ہو گا BBC سرکاری ادارہ ہے اس کا خرچہ برطانوی حکومت چلاتی ہے گویا پوری دنیا کے مسلمانوں کے دلوں کو ٹھنڈا کرنے سے اسرائیل کی بنیاد رکھنے والی برطانوی حکومت کو کیا فایدہ ہو سکتا ہے کبھی تم نے اس چیز کے متعلق سوچا۔لازمی نہیں ہے تمہارے مدرسے کا استاد یہ بات بتائے یاں اس پر کوئی اخباری کالم شائع ہو یاں تمہارا محبوب یوٹیوبر اس جانب توجہ دلائے یاں پھر شام سے ٹیلی گرام پر کسی جہادی چینل کا واعظ تمہیں اس جانب توجہ دلائے تو تم سوچنا شروع کروں کہ BBC کو اس خبر کی تصدیق سے کیا فایدہ ملے گا۔

آخر کروڑوں اربوں ڈالر خرچہ کر کے دنیا کی سب سے زیادہ زبانوں میں مفت نشریات پیش کرنے والا BBC سی قرآن کو جلانے والے کی موت کی خبر دے کر تمہارے دلوں کو کیوں ٹھنڈا کرے گا اسے تو تمہارے دلوں میں آگ بھڑکانی چاہیے چلو فرض کروں وہ تمہیں غصہ بھی دلاتا ہے تو اس سے اس کو کیا فایدہ ملے گا مثلاً روز BBC فلسطینوں پر مظالم کی خبریں چلاتا ہے اس سے اسرائیل کو تو نقصان ہوتا ہے مسلمانوں کے اندر غصے کے جذبات بھڑکتے ہیں مگر برطانیہ کا BBC وہ کام کیوں کرتا ہے جس سے پوری دنیا کے مسلمانوں پر فلسطینوں کا مظلوم ہونا اور یہودیوں کا ظالم ہونا ثابت ہو۔

چلیں اپنے اسلامی میڈیا کی بات کر لیتے ہیں، جیو نیوز اور اے آر وائی کی نیوز اینکر (کیا تم یہ گوارا کر سکتے ہو تمہاری کوئی عزیز خاتون جیو نیوز کے دفتر میں نا محرموں سے گھری پوری دنیا کے سامنے ایک مرد سے میک اپ کرا کر نا محرم مرد کے ساتھ بیٹھ کر جو اس کے جسم کے ہر حصے کو تاڑنے کی پوری آزادی رکھتا ہوں خبریں پڑے، ذرا تصور کرو اور پھر سنو) اس نیوز اینکر کا بلندیوں کو چھوتا ہوا میک اپ لال ہونٹ، بکھرے بال، ٹائٹ لباس جس سے ہر وہ چیز واضح ہو جس کو چھپانے کا حکم اللہ نے دیا ہے اور تمہیں وہ حدیث بھی یاد ہو کہ جب تم میں حیا نا رہے تو جو چاہے کرو (یعنی پھر گناہوں کا دروازہ کھل گیا اب وہ آدمی کسی گناہ کو گناہ نا سمجھے گا) ان حالات میں وہ نیوز اینکر نا محرم مرد و عورت تمہیں فلسطینوں پر ظلم کے قصے سنائیں گے۔ تمہیں بتائیں گے کہ امریکہ چاند پر چلا گیا، 911 والے دن عمارتیں گر گئی اور یوگنڈا میں کرووونا کا ایک کیس آگیا، دو سیکنڈ بعد پھر بریکنگ نیوز تنزانیہ میں کرووونا کا تیسرا کیس آگیا ساڑھے پانچ منٹ بعد پھر بریکنگ نیوز مالٹا میں کرووونا کے کیسسز ایک سے بڑھ کر دو ہو گئے ءسیٹیاں، تیز آوازیں اونچے ساز ناظرین بریکنگ نیوز نیا وائرس آگیا ہے ماہرین ٹرمپ پر قاتلانہ حملہ ہوا ہے اور ساری دنیا کے نیوز چینل ہم آواز ہیں تم گھر سے باہر نکلتے ہو ہر جگہ یہیں باتیں اور ان سب میں سے کسی کے عزیز نے اسے امریکہ سے فون کر کے نہیں بتایا کہ میں تو ٹرمپ کی تقریر سننے مجمع میں اس سے دس بیس فٹ کی دوری پر بیٹھا تھا میری آنکھوں کے سامنے ٹرمپ کو گولی لگی۔

بھائی تم نے ٹی وی پر ویڈیو دیکھی ہے نا کیا تم پوری زندگی میں کسی ایسے شخص سے ملے ہو جس نے اپنی زندگی میں وزیر آباد میں عمران خان کو گولیاں لگتے دیکھی ہوں یاں جس نے اڈیالہ جیل میں خود عمران خان کو بند دیکھا ہو۔ تم نے ٹی وی سکرین پر ٹرمپ کو گولی لگتے دیکھی یہ وہیں سکرین ہے جس پر مچھلی آدمیوں کو کھا جاتی ہے ڈائنوسار لوگو کو نگل جاتا ہے لوگ جاجاتے ہیں، بچا ہوا میں اڑنے لگتا ہے یہ وہیں ٹی وی ہے جس پر تم سب کچھ دیکھتے ہو مگر خبروں کے ایڈیشن اور فلم میں فرق کیوں کرتے ہو تم کس وجہ سے سمجھتے ہو کہ بے حیا نیوز اینکر جس کی ایک ماہ تنخواہ شاید اتنی ہو کہ تم دو سو سال زندگی بھی پالو تب بھی اتنا نا کما سکوں تو یہ کیسے ممکن نہیں ہے کہ وہ جھوٹ نا بولے اور ہر صورت میں سچ ہی بولے۔

حدیث کی پچاس کتب میں موجود لاکھوں راویات کے پانچ لاکھ راویوں میں سے کوئی ایک بھی ایسا نہیں ہے جس نے قطر، لندن یاں واشنگٹن سے بیٹھ کر ٹی وی کی لہروں کے ذریعے الجزیرہ، bbc یاں CNN سے حدیث بیان کی ہے اور محدثین نے یہ کہہ کر کہ فلاں چینل پر بیان ہو گئی تصدیق ہو گئی اور اس حدیث کو لکھ دیا ہو ایسا نہیں ہوا میرے بھائیوں، امام بخاری بخارا سے چلے قطر، لندن اور واشنگٹن گئیے ان شیروں کے نواحی قصبوں، محلوں، گلیوں کوچوں میں ساری زندگی خرچ کی ان راہوں کے متعلق پوری تحقیق کی ان کے جاننے والوں سے رشتہ داروں سے جن کے ساتھ ان کا اٹھنا بیٹھنا حساب کتاب معاملات رہے سب سے پوچھا کہ یہ شخص کیسا ہے جب مکمل یقین ہو گیا تب اس سے خبر لی کیونکہ وہ جانتے تھے اللہ نے خبر کی تصدیق و تحقیق کا حکم ایسے ہی دیا ہے

وہ لوگ اللہ سے ڈرنے والے تھے وہ پوری دنیا کے میوزم میں پڑے ڈائنوں سار کے ڈھانچے دیکھ کریاں جریسک پارک فلمیں دیکھ کر ڈائنو سار کے وجود پر گواہی نا دیتے بلکہ ڈائنو سار کا اصل ڈھانچہ دیکھ کر

کس ایک شخص نے بھی radiometric dating, carbon dating اور biostratihraphy کے میتھڈ اپنا کر اگر کہیں ڈائنو سار کی اصل ہڈیاں موجود ہیں تو ان کے لاکھوں کروڑوں سال قدیم ہونے کا یاں کلی طور پر ہونے یاں محض کہانی ہونے کا یقین کر لیا ہے اور صرف ٹی وی کی خبر سن کر کون اندازہ لگا سکتا ہے کہ ایسا کوئی میتھڈ کام بھی کرتا ہے اور درست نتائج بھی دیتا ہے۔

اگر کسی ایک محدث کو معلوم ہو جاتا کہ زمین گول ہے تو وہ تب تک اس بات کا یقین نا کرتا جب تک زمین کے باہر کس مبینہ خلا کے اندر کھڑا ہو کر زمین کے گول ہونے کا مشاہدہ نا کرلیتا جبکہ یہاں تو زمین کے گول ہونے کی ایک بھی اصلی تصویر نہیں ہے سب کمپیوٹر کی بنائی گئی تصاویر ہیں۔

مجھے بتائیں جب دنیا کے پانچ ہزار نیوز چینلز اکھٹا بتاتے ہیں کہ جاپان کے وزیر اعظم کو انتخابی ریلی کے دوران گولی ماردی گئی اور وہ اسے گرتا بھی دکھاتے ہیں مگر شوٹر کو گولی مارتا نہیں دکھاتے حالانکہ سینکڑوں کیمرے اس وقت جاپانی وزیر اعظم پر زوم کیئے ہوتے ہیں وہ شوٹر کو فورا پانچ سکنڈ بعد گرا دکھاتے ہیں تب آپ ان دوہزار ٹی وی چینلز کے سچا ہونے کا یقین کر لیتے ہیں اور اگر یہیں دوہزار چینل کہہ دیں کہ عیسائیت سچا دین ہے تو کیا آپ مان لیں گے ؟؟؟؟ یاں سارے ٹی وی کہہ دیں کہ اسلام سچا دین ہے تو کیا عیسائی مان لیں گے۔ مگر آپ جانتے ہیں میڈیا ایسا نہیں کرے گا کیونکہ وہ مذہب پرست نہیں بلکہ مذاہب کا خاتمہ چاہتا ہے اور ہم ڈمی مسلمان میڈیا پر ایمان لاتے ہیں۔

اب ہم آخری بحث کیطرف آتے ہیں۔ آخر BBC کیوں قرآن جلانے والے کے قتل کی نوید سنا رہا ہے یاں کیوں پوری دنیا کا میڈیا سلیمان رشدی کے متعلق بڑھ چڑھ کر خبریں دیتا رہا حالانکہ اوپر میں نے آپ کو جس طرح سے میڈیا اینکرز کی اخلاقیات کے قصے بیان کیئے وہ کس کے ساتھی ثابت ہونگے کیا میڈیا BBC اور CNN سلیمان رشدی یاں تسلیمہ نسرین کی شیطانیت کی خبریں اس لیئے دیتے رہے کہ کوئی مسلمان اٹھے اور ان کو قتل کر کے امت کے سینے میں ٹھنڈ ڈال دے۔ چلیں ان دونوں خبیثوں نے کتب لکھ دی مگر میڈیا نے گیند اپنے کورٹ میں آنے کیوں دی جو میڈیا عراق میں کیمیکل ہتھیاروں کا پراپوگنڈا کر کے دس لاکھ لوگوں کا قتل کرا دیتا ہے وہ میڈیا سلیمان رشدی اور تسلیمہ نسرین کے قصے کو مکمل طور پر پی کیوں نہیں گیا اور یہ کیسے ممکن نہیں ہے کہ اسلامی ممالک کے میڈیا کو روکا جاتا تو وہ بھی اس خبر کو دینے سے رک جاتا۔ کتاب مارکیٹ میں پھیلا دی جاتی جو مقصد تھا مگر ان دونوں کا کسی کو پتا نا چلتا مگر کیا ہو رہا ہے اس دن کے بعد سے ابتک ان دونوں کے عالمی میڈیا پر انٹرویوز آتے ہیں تا کہ چنگاری دبی نا رہے اس کو ہوا دی جاتی رہے اب اگر اتنے سالوں کے بعد کوئی اٹھ کر ان کو قتل کر ڈالے تو قاتل امت کا ہیرو بھی بنے گا اور مسلمانوں کا سینہ بھی ٹھنڈا ہونا اور ساتھ اس قتل کی خبریں مہینوں تک چلا کر میڈیا مسلسل مسلمانوں کے دلوں کو تسکین پہنچاتا رہے گا۔

ذرا ایک لمحے کو سوچیں کیا یہ ممکن نہیں یہ سارا سٹیج پلے شروع سے لیکر آخر تک جان بوجھ کر سجایا گیا ہو چارلی ہیبڈو میں کارٹون اور اس گستاخ کی گستاخی کا واقع صرف اس وجہ سے سٹیج کیا گیا ہو تا کہ کوئی مسلمان انہیں قتل کرے مسلمان بغیر تحقیق کے میڈیا کی خبر پر یقین کریں اور یہ سمجھیں کہ چونکہ اسلام اب بھی ان کیلئے خطرہ ہے اس وجہ سے یہ کافر اسلام کی توہین سے باز نہیں آتے۔

بحث سمٹنے میں نہیں آرہی، اگر ہم اپنے دل سے پوچھیں تو اسلام کدھر ہے۔ کدھر ہے اسلام جس سے کافروں کو خطرہ ہے اسلام کا معاشی نظام سود سے پاک کیا جہاں شامی مجاہدین نے انقلاب برپا کیا ہے وہاں سودی بینک نہیں ہیں کیا طالبان کے افغانستان میں سودی بینک نہیں ہیں کیا افغانستان عالمی سودی بینکاری سے جڑ کر بیک وقت اللہ اور اسکے رسول سے حالت جنگ میں اور دوسری طرف عالمی میڈیا آپ کو یہ یقین دلانے میں کامیاب نہیں ہے کہ طالبان نے امریکہ کو دھول چٹا دی یعنی وہ افغان اسلامی عمارت جو سودی بینکاری کیساتھ جڑ کر اللہ اور رسول سے حالت جنگ میں نے اس نے اللہ کے دشمن امریکہ کو شکست دے ڈالی۔ کیا قرآن میں کہیں اللہ نے کافروں سے اتنی سختی کیساتھ اعلان جنگ کیا ہے جتنی سختی سے اللہ اس شخص کیساتھ جنگ میں اپنے ساتھ رسول کو بھی شریک کرتا ہے جو سود لیتا یاں دیتا ہو۔

کیا حماس کے کنٹرول یافتہ فلسطین اور غزہ میں بینک نہیں ہیں کیا وہاں کی کاغذی کرنسی بینک جاری نہیں کرتے یاں وہاں سونے اور چاندی کے سکے چلتے ہیں-جب ہر جہادی گروہ اللہ کے ساتھ حالت جنگ میں ہے پھر آپ میڈیا کے پراپوگنڈا اور خود ان جہادیوں کی پھیلائی ویڈیوز کی بنیاد پر کیسے فیصلہ کر لیتے ہیں کہ اللہ سے جنگ مول لینے والا کفر سے بھی حالت جنگ میں ہے

اب تصویر پر آجائیں چلیں ٹھیک ہے آپ دجالی مولویوں نے یقین دلایا ہے کہ کیمرے سے بننے والی تصویر حرام نہیں ہے پھر جو فرمایا گیا ہے جس گھر میں کتا اور تصویر ہو وہاں رحمت کے فرشتے داخل نہیں ہوتے اس حدیث کا کیا کرنا ہے اور وہ کلیہ جو فتنہ کے دور کے متعلق اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیا ہے آپ کیوں بھول جاتے ہیں کہ جو چیز شک میں ڈال دے اسے چھوڑ دوں

معاشرت کا سارا بگاڑ تصویر کے حلال کر لینے اور اس سے پھیلنے والی فحاشی وعریانی سے ہے

نیٹو کے قیام کے بعد سے فری میسن نے سوشلسٹ دھڑے اور جمہوری دھڑے کے درمیان دھوکہ دینے کے پروگرام پر کام شروع کیا کیونکہ آگے جا کر اسی دھوکے کو مستقبل کی آخری عالمی جنگ کے دو معماروں اسلام اور عیسائیت میں سے ایک کے حق میں استعمال کرنے کا دھوکہ دینا تھا یعنی کمیونزم شروع میں کمیونزم اور جمہوری سرمایہ دارانہ نظام کی علیحد گی اور ان کی آپس میں پچاس سالہ کشمکش بھی اصل میں دھوکہ تھا کیونکہ انہوں نے پہلے دن سے ہی دجال کی آمد سے پہلے کمیونزم کو عالمی نظام بنانے کا منصوبہ بنا رکھا تھا اس لئیے اگر شروع میں ہی کمیونزم کو نافذ کرتے تو لوگوں کو شک ہو سکتا تھا اس وجہ سے دہائیوں تک ان دونوں نظاموں میں باہمی لڑائی دکھائی گئی یعنی دو ایسے دوست جن کا مقصد ایک ہے انہیں شروع میں علیحدہ علیحدہ مقصد کے پیچھے پیچھے بھاگتے دکھایا گیا تا کہ دنیا ان میں سے لازمی کسی ایک طاقت ور کیساتھ ہو سکے اور پراپوگنڈا مشینری یعنی میڈیا تو شروع میں انہی دونوں دھڑوں کیساتھ تھا وہ انہیں آپس میں دشمن دکھاتے رہے

تاریخ کے مین سٹریم ورژن پر ایمان لے آنا اس لئیے درست نہیں ہے کہ دنیا بھر کے حالات معاشی و معاشرتی وسیاسی طور پر اور سب سے بڑھ کر اخلاقی طور پر بگڑتے جا رہے ہیں دنیا کو کنٹرول کرنے والی قوتیں انسانیت کو فطرت سے دور لے جا رہی ہیں آپ کے اپنے خطوں میں سے کوئی ملک ایسا نہیں ہے جو سود کی صورت میں اللہ اور رسول سے حالت جنگ میں نا ہو مجھے بتائیں اللہ اور اسکے رسول سے جنگ مول لے کر کونسا جہاد و قتال اور کونسی عبادات ہوتی ہیں آپ کو کیوں دھوکے کی سمجھ نہیں آرہی اس دھوکے کا بندوبست نشاۃ ثانیہ کے آغاز سے کیا گیا ہے - ان دونوں نظاموں کی کش مکش میں ایسے بہت سے پڑاؤ آئے جن میں انہوں نے آخری جنگ سے پہلے ایک لازمی دھڑے یعنی اسلام کے وجود کو ثابت کرنے کیلئے بھی جنگیں لڑی، مختلف مسلم ممالک میں اسلام کا درد رکھنے والے لیڈران نے (جن کو میڈیا نے اسلام پسند ظاہر کیا) سوشلزم کے حق میں آوازیں بھی بلند کی۔ مگر یہ سلسلہ آگے بڑھتا رہا جب روس نے کمیونزم کو چھوڑا تو چین نے اپنا لیا اور اب یہ دونوں طاقتیں اسلام کی حمایتی ہیں دوسری طرف امریکہ اور یورپ ہے اور وہ لندن ہے جہاں پر بیٹھ کر مارکس نے کمیونسٹ مینی فیسٹو لکھا تھا۔ لیکن اسکا عملی نفاذ اس علاقے میں کیا گیا جہاں انہیں آخری جنگ میں اسلام کا اتحادی پیدا کرنا کرنا تھا اسی وجہ سے آپ دیکھتے ہیں ایک طرف سنکیانگ کے مسلمانوں کی نسل کشی اور دوسری طرف وہاں کی مساجد کو کلبوں میں تبدیل کر دینے کے باوجود چین افغانستان کی فوج کو کھڑا بھی کرتا ہے اور حماس و الفتح کی صلح بھی کراتا ہے وہ اسرائیل کا تیسرا بڑا شراکتی پارٹنر بھی ہے اور اسرائیل کے خلاف بیانات بھی جاری کرتا ہے جب سویت یونین افغانستان کے مسلمانوں کو کاٹ رہی تھی اس وقت پوٹن کے جی بی کا ایجنٹ تھا اور اب وہ قرآن کو تھامنے والا مسلمانوں کا دوست (اس ساری تاریخ میں جو لوگ مانتے ہیں وہ منوایا گیا ہے نصاب تعلیم اور میڈیا کے پراپوگنڈا سے)

پروٹوکولز صیہونیوں کی بڑی اہم دستاویز ہے جس کا تذکرہ مذہبیوں کے ملاؤں نے بھی کیا ہے کیونکہ ہم سارے مسلمان اتنے سے اسلام پر ہی راضی ہو جاتے ہیں مگر مذہبی اشرافیہ نے تاریخ وحقیقت کا وہ رخ نہیں بتایا جسے اصل دجالیت اور منصوبہ بندی کہا جاتا ہے میڈیا کا لانا اور اس کی سکرین سے ملاؤں کو مقبول بنانا بھی اسی منصوبہ بندی کا حصہ تھا ورنہ، اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہر آنے والا سال پہلے سے برا ہو گا اور فرمایا لوگوں میں

سب سے ذلیل مومن ہو گا اگر یہ علما ذلیل ہوتے اور مومن ہوتے تو ان کے لاکھوں چاہنے والے نا ہوتے علامہ اقبال کا نام آج بھی گونج نا رہا ہوتا یہ میڈیا نے جس نے نظریات اور شخصیات کو زندہ رکھا ہوا ہے

فتنہ کے دور میں دین کس سے لینا ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا فتنہ کے دور میں نیک بخت وہ ہو گا جو غیر مشہور ہو گا اور فرمایا علم کو لوگوں سے نہیں بلکہ علما کی روحیں قبض کر کے اٹھالیا جائے گا پیچھے جاہل ہونگے جو دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے ہمارے لیئے یعنی (لوگوں) کیلیئے کتب اب بھی موجود ہیں اور ان میں علم بھی موجود ہے مگر ہم جاہلوں (جن کو علما سمجھا جاتا ہے) سے علم لینے اور انکو عالم سمجھنے پر اب بھی باضد ہیں فتنہ جو اس دور کی سب سے بڑی حقیقت ہے اس پر مدرسوں میں علیحدہ سے ایک بھی کتاب شامل نصاب نہیں ہے باقی سارے علوم شامل ہیں۔

جسے آپ clsh of civilization کہتے ہیں یعنی سیموئیل پی ہنگٹن کی 1993 کی کتاب یعنی اسلام اور عیسائیت کا ٹکراؤ وہ کہانی دھوکہ دینے کیلیئے گھڑی گئی تھی ورنہ ان دونوں تہذیبوں کے ٹکراؤ کا سوال تو 800 سال قبل ہی دم توڑ چکا تھا جب صلیبی جنگوں کے بعد پورا یورپ سیکولرزم کی گود میں چلا گیا گیا اسی وقت عیسائیت کی حیثیت نام کی رہ گئی جیسی حیثیت اسلام کی آخری سیاسی شناخت سلطنت عثمانیہ کے زوال کے بعد اسلام کی ہو گئی تھی اب یعنی دونوں مذاہب کا صفایا کر کے ان کے سیاسی و معاشی و معاشرتی و اخلاقی نظاموں کا صفایا کر کے وہ آپ کو clash of civilization کا سبق اس لیئے دیتے ہیں کہ وہ ایک مذہبی جنگ چاہتے ہیں

پروٹوکولز آف دی ایلڈرز آف زائن کا نام تو آپ نے سنا ہو گا اس میں لکھا ہے کہ کارل مارکس صیہونیوں کا اپنا بندہ تھا اور اب آپ کہتے ہیں سوشلزم کے روح رواں چین میں اسلام کیساتھ ہمدردی پائی جاتی ہے اور سوشلزم کا سابقہ مسکن اس نظام کو چھوڑ کر سرمایہ داریت کی آغوش میں نہیں گیا بلکہ پھر سے سوشلزم والے چین کا ہی دوست ہے آپ کو ان چیزوں کو سمجھنا چاہیے کیونکہ اوپری طبقات سے جنہیں مذہبی اشرافیہ کہا جاتا ہے وہاں سے یہ سمجھ نہیں ملے گی فتنہ کے دور میں مشہور ترین ذرائع ابلاغ سے صرف گمراہی پھیلتی ہے سمجھ نہیں۔یہ قیامت کا سا ہے یہاں ہر کسی کو خود اپنا فہم دین اور فہم تاریخ پیدا کرنا ہے۔

آپ دماغ پر زور توڈالیں کارل مارکس کی طنابیں کس نے ہاتھ میں تھی چلیں یونیورسٹی کا پڑھا لکھا نوجوان جس کو مین سٹریم تاریخ پڑھائی گئی ہے یاں جو یوٹیوب کے تبصرہ نگاروں پر جان چھڑکتا ہے وہ تو گمراہ ہو سکتا ہے مذہبی آدمی کہا بھٹک رہا ہے آپ کیوں نہیں سمجھتے کمیونسٹ مینی فیسٹو کے سابقہ اور حالیہ مسکن روس اور چین اسلام کے دوست کیوں ہیں کہیں یہ ظاہری اسلام تو نہیں۔جنگ کرانے اور تاریخ کی بدترین جنگ کرانے کیلیئے آبادی ختم کرنے کیلیئے مذہبی جنگ سے بہتر اور کونسا ہتھیار ہو سکتا ہے آپ یہ سمجھیں گے اسی سال تک خواب خرگوش کے مزے لینے والے اور کافروں کے ٹکروں پر پلنے والے ہمارے حکمران اچانک جاگ گئے اور ان کو اسرائیل کے مظالم نظر آنے لگے تو عزیزان من یہ سوچ آپ کی نہیں ہے بلکہ پیدا کی گئی ہے۔ابلیس کو سب سے زیادہ خوشی لوگوں کے قتل کے محسوس ہوتی ہے اور وہ یہ قتل پوری دنیا میں اپنے لے پاک ممالک اور ان دونوں دھڑوں کی قیادت سنبھالے مسلم اور عیسائی قیادت سے کرانا چاہتا ہے آپ صرف ایک دوسرے کو قتل کریں گے اور مقاصد ان کے پورے ہونگے پہلے آپ اپنے اپنے مذاہب کے اندر ابلیس کے منصوبے کے مطابق فرقہ وارانہ لڑائیوں میں ایک دوسرے کو قتل کرتے رہے اور اب مذاہب سے باہر نکل کر دوسرے مذاہب والوں کو قتل کریں گے

پروٹوکولز سے بھی پیچھے جائیں البرٹ پائیک 33 ڈگری فری میسن اور موورلز اینڈ ڈوگما کے مصنف (بارہ سو صفحات کی کتاب کون پڑھے) نے اپنے دوست میزانی کو سترہویں صدی میں خط لکھا تھا جس میں تین عالمی جنگوں کا منصوبہ زیر بحث لایا گیا ہے ان تین میں سے ہم آخری جنگ یعنی اسلام اور

عیسائیت کی جنگ کے دہانے پر ہیں آپ سمجھتے ہیں یہ جنگ وقت کی ضرورت ہے مگر نہیں حقیقت میں عالمی میڈیا نے دو تین صدیوں کی کدوکاوش سے اس جنگ کی ضرورت پیدا کی ہے آپ جو سوچتے ہیں وہ کسی تعلیم یاں تحقیق کا نتیجہ نہیں بلکہ آپ کے ذہنوں میں پیدا کیئے گئے حیالات کا عکس ہے میڈیا پر ایمان لانے والے دور میں سوچ پیدا نہیں ہوتی بلکہ پیدا کی جاتی ہے

سوشل میڈیا پر موجود سوچوں کے سارے دھارے اسی سوشل میڈیا (مین سٹریم میڈیا، نصاب تعلیم) سے پھوٹتے ہیں اس علم و عقل کے پیچھے مطالعہ و تحقیق کا کچھ دخل نہیں ہے ہم اپنا وقت بجائے علم بڑھانے کے جو جانتے ہیں اسکو منوانے پر صرف کرتے ہیں اور وقت کی بربادی کا یہ عذر انہوں نے خود فیس بک کی صورت میں فراہم کیا ہے تاکہ یہ سب خود کو صاحب الرائے سمجھ کر جاہلیت کے اکھاڑے میں سر پٹختے رہیں اور ہم اوپری سطح سے اپنے دانشوروں اور مذہبی اشرافیہ کے مہروں کے ذریعے ان کی عقلیں جدھر چاہے موڑتے رہیں۔

https://www.facebook.com/share/p/155h9SBN9w/

سر سید اصلی جہاد اور تاج برطانیہ

پروٹوکولز آف دی ایلڈرز آف زائن نامی کتاب میں لکھا ہے

پریس کی وجہ سے ہم خود پس پردہ رہ کر غیر یہود عوام پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

ہٹلر نے اپنے وزیر گوئبلز کو پراپوگنڈا کی وزارت کا نگران بنایا اور ہٹلر نے اپنی خودنوشت میں لکھا ہے لوگ کبھی بھی اس بات کو ماننے کو تیار نہیں ہونگے کہ اتنے بڑے پیمانے پر دھوکہ دیا جاسکتا ہے

یہ پریس ہی وہ واحد قوت ہے جس کی مدد سے ایک ہی وقت میں پوری دنیا کو دھوکہ دیا جاسکتا ہے بیوقوف بنایا جاسکتا ہے، ہمیں قرآن وسنت کی خبریں معلوم ہوں یاں ناہوں مگر میڈیا پر روز کیا کچھ آتا ہے یہ ضرور ہماری سماعتوں سے ٹکراتا ہے ذہن میں محفوظ ہوتا ہے پھر مذہب، تاریخ اور سائنس کے متعلق ہر قسم کی نظریہ سازی اور ذہن سازی کا باعث بنتا ہے میڈیا کی خبروں کے متعلق اگر ہم ایک چھوٹی سی تبدیلی کو اپنے ذہن کا حصہ بنالیں تو سچ کے سفر میں بڑی آسانیاں پیدا ہوسکتی ہے آپ حضرات نے آج سے میڈیا کے متعلق اپنا زاویہ نظر بدلنا ہے اور سوچنا ہے کہ

"میڈیا خبر دیتا نہیں بلکہ خبر چھپاتا ہے اور جو خبر دیتا ہے اسکا مقصد باخبر رکھنا نہیں بلکہ ذہن سازی کرنا ہوتا ہے"

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا دجال کی آمد سے پہلے پوری دنیا پر دھوکے کے چند سال آئیں گے۔

ان دھوکے کے سالوں کا آغاز پریس کی آمد سے ہوا جب پراپوگنڈا اور جھوٹ کے ذریعے کسی بھی چیز کو پوری قوم تک پہچایا اور منوایا جاسکتا تھا، شروع میں ہی تمام ممالک کی خبریں دنیا بھر میں پھیلنے لگی-1822 میں برصغیر میں پہلا اخبار چھپا اس اخبار میں زیادہ تر تاج برطانیہ کے اعلانات یاں مقامی خبریں بھی ہوا کرتی تھی مگر زبان فارسی تھی مگر اس کے علاوہ جو ذہن سازی کا ذریعہ تھا وہ دینی کتب ہی تھی ناول وافسانے بھی چھاپہ خانہ کی وجہ سے عام ہوچکے تھے مگر جب اخبارات کا سلسلہ چل نکلا تو گمراہی کے عام اوزار ہاتھ آگئے اخبار چونکہ نئی چیز تھی تازہ دستیاب ہوتے تھے اور خبریں بھی پڑھنے کو ملتی تھی اس لئیے لوگ ہاتھوں ہاتھ لیتے تھے

یہاں سے پورے عالمی کی ایک جیسی ذہن سازی کا سلسلہ شروع ہوا اور لوگوں نے اس طرح سے سوچنا شروع کیا جس طرح سے پریس ان کو سوچنا سکھاتا تھا، جب ہر ملک میں اخبارات کی کثرت ہوگئی تو نئی نسل کے دماغ میں اس سوال کا پیدا ہونا بھی ناممکن ہوگیا کہ پوری دنیا پریس ہر ملک کا مقامی اخبار بھی جھوٹ چھاپ سکتا ہے

آخر یہ کیسے ممکن ہے روزانہ دنیا میں چھپنے والے ہزاروں اخبار اور ٹیلی ویژن چینل جھوٹ بولیں ؟؟؟ مگر یہیں وہ فتنہ تھا جس سے ہر نبی نے اپنی اپنی امتوں کو ڈرایا، عالمی سطح پر دھوکے کا نیٹ ورک، دجال کا معنی دھوکہ دینا ہے۔

سترہویں صدی میں ہمارے ہاں چھپنے والے اخبارات کے حصول کیلئے تولائبریریوں میں جانا پڑے گا مگر کتب کے مطالعہ سے بھی بہت کچھ معلوم ہوجاتا ہے کہ اس دور میں لوگوں کی ذہن سازی کیسے کی جاتی تھی، آج کی دنیا میں جو مسلمان جیتے ہیں بلاشبہ ان کے نزدیک تو استعمار گالی جیسا لفظ ہے مگر اس وقت جب استعمار کا دنیا پر غلبہ تھا اس وقت یہ لفظ گالی ناتھا بلکہ اخبارات میں جہاں بھی لکھا جاتا تھا تاج برطانیہ کو ہماری حکومت لکھا جاتا تھا یہ کہیں نہیں لکھا جاتا تھا کہ غیروں کی حکومت۔

جس وقت ان کیلئے استعمار کا دھوکہ ضروری تھا اس وقت پریس کے ذریعے انہوں نے استعمار کے متعلق ہماری حکومت ہونے کا دھوکہ دیا کیونکہ اگر وہ ایسا نا کرتے تو مسلمان غیرت مند قوم تھے کبھی نا کبھی کہیں نا کہیں سے غیرت جاگ جاتی اور جاگتی بھی رہی اور مسلمان تاج برطانیہ کو الٹ دیتے مگر بے دینی آدمی کو بے غیرت بنا دیتی ہے یہیں کام عصری نظام تعلیم سے لیا گیا اور وطنی قومی ریاستوں کے قیام کے بعد یہیں کام دینی تعلیمی اداروں سے بھی لیا جانے لگا-

سترہویں صدی کے مسلمانان برصغیر کو کبھی یہ بات معلوم نا ہوتی کہ ہم اجڈ، جاہل اور گنوار ہیں اور یورپ سے آنے والے گورے تہذیب یافتہ ہیں اگر پریس موجود نا ہوتا- آپ سر سید احمد خان کے مکالمات پڑھیں یہ ان تمام مضامین کا مجموعہ ہیں جو اخبارات میں چھپتے رہے، مسلمانوں کو اجڈ، جاہل، گنوار اور بد تہذیب کہنا سر سید کا تکیہ کلام تھا اور آج مذہبی طبقہ جس لارڈ میکالے کو شیطان سمجھتا ہے اس کو سر سید نے حفظہ اللہ تعالیٰ لکھا ہے، شبلی نعمانی، سلیمان ندوی، الطاف حسین حالی، علامہ اقبال وغیرہ سبھی سر سید کے قصیدے گاتے رہے جو چھپا ہے ہمارے پاس موجود ہے وہ سب اس بات پر گواہ ہے-

جدید میڈیکل سائنس انسانیت کیلئے دجال کا کتنا بڑا تحفہ ہے اس کو جاننے کیلئے آپ صرف ٹرمپ کے نامزد کردہ نئے وزیر صحت کے بیانات ہی سن لیں، حکمران جو کچھ عوام چاہتے ہیں وہ بولتے ضرور ہیں مگر کرتے وہ ہیں جو ابلیس چاہتا ہے اس نے آتے ہی اعلانات کیئے ہیں کہ ہم اپنے محکمہ صحت کو پرانے طریقہ علاج کی جانب واپس لے کر جائیں گے، ٹرمپ نے الیکشن سے چار دن قبل جوئے روگن پوڈکاسٹ میں پولیو ویکسین کو زہر کہا تھا، یہاں عام پاکستانی کی سمجھ لیئے اتنا عرض ہے کہ ٹرمپ نے یہ بیان وہاں کی عوام کو حوش کرنے کیلئے دیا کیونکہ ان کا پولیو ویکسین سمیت دوسری تمام ویکسین کے متعلق یہ حیال ہے جدید میڈیکل سائنس نئی چیز ہے اور جدت کیسی ہی انسانیت کیلئے نفع بخش ہے یاں ضرر رساں یہ بات میرے حیال میں امریکی کسی بھی پاکستانی سے بہتر طور پر جانتے ہیں-

جس طرح آج بندوق کے زور پر پولیو کے قطرے پلائے جاتے ہیں ایسے ہی تاج برطانیہ کے دور میں بچوں کو مختلف بیماریوں کے انجیکشن لگائے جاتے تھے اور سر سید نے لکھا ہے مائیں اپنے بچوں کو چھپا لیتی حکومتی ہرکاروں کو ٹیکے نا لگانے کے عوض رشوت دیتی جس کے پاس کچھ نا ہوتا وہ مانگ تانگ کر کچھ دے دیتا، سر سید نے پرانے طریقہ علاج پر بھروسہ کرنے کے سبب ہندوستانی عوام کو اجڈ لکھا ہے اور آج جدید ترین امریکہ میں عوام کی آواز پر وہاں قدیم طریقہ علاج کو رواج دینے کی باتیں ہو رہی ہیں، کتب پڑھنا، جدید میڈیکل سائنس کی خباثت کو جاننا یہ ذرا مشکل کام ہے مگر میڈیا پر ایمان لانے والے اگر پوری طرح دنیا کے حالات سے باخبر رہیں تو بھی وہ کڑیاں ملا کر بہت کچھ جان سکتے ہیں-

اگر اس دور کے اخبارات میں سر سید سمیت دوسرے لوگ بار بار مسلمانوں کو انگریز حکومت کی آمد پر اللہ کا شکر ادا کرنے کا مشورہ نا دیتے، یہ اخبارات پورے ملک میں نا پھیلتے تو بھلا کیسے انگریز حکومت قائم رہتی بار بار اصلی جہاد کی چنگاریاں ابھرتی اس کام کو روکنے کیلئے دوسرا کام جدید تعلیم کے ذریعے مسلمانوں کو بے دین اور بے غیرت بنانا کا کیا گیا کیونکہ بے غیرت آدمی غلامی کو بھی تحفہ خداوندی سمجھتا ہے پریس کے ذریعے انسانوں کے اس فطری مزاج کو دبایا گیا کہ وہ اپنے ہی ہم قوم اپنا آقا مانتے تھے

دونوں طریقوں سے اصلی جہاد کو روکنے کیلئے بھرپور کوششیں ہوئی-

سید احمد شہید کا جہاد یہاں پہلا اخبار چھپنے سے چار سال بعد شروع ہوا مگر اخبارات کے ذریعے ذہن سازی کا عمل شروع ہو چکا تھا ہر طریقے سے لوگوں کے اذہان میں برطانوی راج کی خصوصیات بٹھانے کا کام ہو رہا تھا یہاں جو ادب لکھا جا رہا تھا وہ بھی اسی کام کیلئے وقف تھا آپ اردو کے پہلے ناول نگار ڈپٹی

نذیر احمد کے ناول پڑھیں ہر طریقے سے برطانوی حکومت کو عوام کا نجات دہندہ ثابت کیا گیا ہے اور جیسا کہ پہلے عرض کیا جب ان کو استعمار کے دھوکے کی ضرورت تھی تب استعمار کا دھوکہ دیا اور جب آزادیوں کے دھوکے کی ضرورت تھی تب خود کی آزادیوں کا دھوکہ دیا علامہ اقبال نے ڈپٹی نذیر احمد کے ترانے بھی گائے ہیں، جس جمہوریت کو حرام کہا اسی جمہوریت کے تحت الیکشن بھی لڑا ہے یعنی دونوں قسم کے نظریات اور گروہوں کو وہیں کنٹرول کرتے چلے آرہے تھے اور جب آزادیوں کا دھوکہ دیا جا چکا تب جمہوریت کہاں کی حرام مگر اس کے بعد بھی ایسی جماعتیں باقی رکھی گئی جو جمہوریت کو حرام کہتی رہیں کیونکہ قرآن وسنت کے الفاظ تو آٹھ نا گئے تھے آخر ذاتی مطالعہ کرنے والے لوگ موجود تھے۔

1857 والے جہاد کے بعد یہاں جہاد کے ضمن میں آخری کوشش 1868 میں ہوئی تھی اس کے بعد سے لیکر جب انقلاب ایران، افغان جہاد کا دھوکہ اور حماس والقاعدہ وغیرہ وداعش نہیں بنا کی گئی جہاد وغیرہ نہیں تھا اب اس فرضی جہاد کی ضرورت اس لیئے پیش آئی کہ آخری صلیبی جنگ مقصود تھی جس کا منصوبہ فری میسن نے تین سو سال قبل بنایا تھا

یکایک ایرانی بادشاہت بھی اسلامی ہو گئی، کیمونسٹ افغانستان بھی اسلامی ہو گیا، ملحد ترکی میں بھی اردگان آگیا اور کیمونسٹ روس میں بھی پوٹن ہے مگر کیمونزم کی بدترین شکل یعنی سوشل کریڈٹ سسٹم جس چین میں نافذ ہے وہ اب جہادیوں اور روس کا دوست ہے کیونکہ مسلم بلاک کیساتھ ان کو رکھنا ضروری تھا عالمی تباہی کیلئے دونوں طرف پلڑا ایک جیسا ہونا چاہیے-1689 میں برطانیہ، 1789 میں فرانس اور 1917 میں روس میں جمہوری سیکولر انقلاب لائے گئے ابلیس پیچھے تھا مگر دوسرا نظام رکھنا ضروری تھا تاکہ آخر میں اسے دھوکے کی مسلمان وطنی قومی ریاستوں کا اتحادی بنایا جا سکے ورنہ مارکس نے کمیونسٹ مینی فیسٹو لندن میں لکھا تھا اسی وقت وہاں کمیونزم کا نفاذ آسان تھا مگر چونکہ اسلام سمیت پوری دنیا کو لپیٹ میں لینا تھا اس لیئے پروگرام کو ایک دو صدی طول دیا گیا۔

اب وقت ہوا چاہتا ہے ایک ہی عالمی نظام کا جس سے پیشتر بڑی جنگ ضروری ہے

اگر آپ کی بادشاہت ٹھیک ہے تو عالمی جنگیں نظاموں کی تبدیلی کیلئے ہی برپا کی جاتی ہیں، حالات کی پیداوار نہیں ہوتی-اسرائیل کے قیام کا مقصد کوئی مذہبی عقیدہ نہیں تھا بلکہ اسلام کے قلب میں اسرائیل کے وجود کا مقصد آخری مذہبی جنگ کیلئے حالات پیدا کرنے کا دھوکہ دینا تھا اور اب دنیا یہ سمجھتی ہے کہ حالات پیدا ہو چکے ہیں-مغربی دنیا میں کرائے کے مولویوں نے وہاں کی مسلم عوام کو اس بات پر لگا رکھا ہے کہ مغرب میں شریعت نافذ کرنی ہے وہ وہاں مظاہرے کرتے ہیں جس سے وہاں کی عوام میں اسلام کے خلاف اور غصہ بھڑکتا ہے دوسری طرف نقلی جہادی اور نائیں الیوان جیسے دوچار اور ڈرامے ان جہادیوں کا ان ڈراموں کی ذمہ داری قبول کرنا آنے والی مذہبی جنگ کی راہ اور آسان کر دے گا، اب ایران اور سعودی عرب کی دشمنی کا ڈرامہ بہت ہوا اب اتحاد کا وقت ہے اور ٹرمپ کی ایران کے ہاتھوں موت کا ڈرامہ پوری اسلامی قوم کو مغربی عیسائیت وصیہونیت کیساتھ جنگ میں دھکیل دے گا، ابلیس کامیاب ہو گا مگر مذاہب کا خاتمہ ہو جائے گا، عالمی مالیاتی نظام کے ذریعے پہلے ہی دجال کا خزانوں پر کنٹرول ہے اب ون ورلڈ ریلیجن، ون ورلڈ کرنسی اور ایک ہی عالمی نظام ہو گا، اس دوران اگر امام مہدی آتے ہیں تو ان کا بندوبست بھی کیا گیا ہے

سوال یہ ہے میڈیا اور شخصیات پر ایمان لانے والے کس کی بات مانیں گے

https://www.facebook.com/share/p/1Fpj6yLKXs/

گریٹر اسرائیل کا ڈراوا

جب ہمارے ہمارے اسرائیلی مصنوعات کے بائیکاٹ کی بات ہوتی ہے تو اس عمل کو دینی فریضہ سمجھ کر سرانجام دیتے ہیں کہ شاید اس طرح سے اسرائیل تباہ ہو جائے حالانکہ انکا سیاسی نظام جمہوریت ہمارے ہاں رائج ہے وہ سودی بینکاری جس کا آغاز یہودیوں نے کیا تھا اس بینکاری کا افتتاح ہمارے ہمارے ہاں قائداعظم نے 1948 میں کیا، تاریخ کے قدیم ادوار سے یہودی ہمیشہ سودی لین دین کرتے آئے ہیں۔

لوگوں کو سمجھنا چاہیے اس سمجھ میں ان کا اپنا ہی فایدہ پوشیدہ ہے ضروری نہیں اسی سمجھ کو اپنا عقیدہ بنایا جائے جس کا مدعی ہر دوسرا شخص اور جو مقبول ہو حق جاننے والے تھوڑے ہوتے ہیں اس لیئے حق کو ہی قبول کرنا چاہیے۔

سونے چاندی کے سکوں کو قدیم زمانوں میں کیونکر زر حرید قرار دیا گیا تھا؟؟؟

ان دھاتوں میں ایسی کونسی بات تھی، وہ فطری ادوار تھے اور ان میں دھوکہ نہیں تھا، ناہی کوئی عالمی مالیاتی نظام تھا، عالمی مالیاتی نظام کو صرف ایک چیز سے سمجھا جا سکتا ہے کہ دجال کا کنٹرول اس کا فتنہ عالمی ہو گا اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دجال کا کنٹرول خزانوں پر ہو گا اس روایت پر آپ جتنا غور کریں گے آپ کو حقیقت حال سمجھ آتی جائے گی

دوسری جنگ عظیم کی صورت میں تباہی آئی (اس جنگ کا منصوبہ دوسو سال قبل خود فری میسن نے بنایا تھا) جب تباہی لائی جاتی ہے تو عوام حکومتوں کی طرف دیکھتے ہیں کہ حکومتیں کچھ ایسے اقدامات کریں کہ تباہی دوبارہ نا آئے اس لیئے دوسری جنگ عظیم کے بعد انہوں نے جتنے بھی قوانین، ادارے اور نئے نظام متعارف کرائے لوگوں نے ان کو اپنی بھلائی اور گورنمنٹ کی طرف سے عوام کی خیر خواہی سمجھا، لوگوں کو سمجھنا چاہیے پہلے تو تاریخ کے کسی دور میں عالمی جنگ نہیں ہوئی تھی اب کونسی وجوہات پیدا ہو گئی کہ دنیا عالمی جنگ کا شکار ہو گئی۔تو یہ کنٹرول کی علامت تھی کسی ایک قوت کی کنٹرول کی علامت، عالمی سیاسی نظام قائم ہو چکا تھا آپ اسے جمہوریت کہیں یاں اشتراکیت دونوں نظام انہی کے تھے آپ پروٹوکولز آف دی ایلڈرز آف زائن پڑھیں معلوم ہو جائے گا اور یہ دونوں نظام کوئی شیطانی قوت لائی ہو گی وہ ان نظاموں کے نتائج سے واضح ہے۔

پہلی جنگ عظیم عالمی سیاسی نظام کی راہ میں واحد رکاوٹ زاروں کے روس کو ختم کرنے کیلیئے تھی اور دوسری رکاوٹ خلافت عثمانیہ بھی ختم ہو گئی یہ دو ریاستیں ایک عیسائی اور دوسری مسلمان پرانے اور فطری نظام سیاست کی باقی بچی ہوئی دو علامتیں تھی جسے بادشاہت کہا جاتا ہے اس جنگ کے بعد عالمی سیاسی نظام قائم ہو گیا اور اگر آپ کو اس عالمی جنگ، عالمی سیاسی نظام میں دجال کے عالمی نقوش کے نشان نظر نہیں آتے تو آپ سوچنا چاہیے اس میں آپ کا ہی فایدہ ہے درست سوچنا آپ کے علم کو بڑھائے گا اور علم سے بڑھ کر انسان کا کوئی سرمایہ نہیں ہو سکتا۔

دوسری عالمگیر جنگ کے جہاں اور بہت سے مقاصد تھے وہیں ایک مقصد عالمی مالیاتی نظام کا قیام تھا جس کے بعد وہ پیشن گوئی پوری ہونی تھی کہ خزانوں پر دجال کا قبضہ ہو گا۔دوسری جنگ عظیم کے بعد بریٹن ووڈز کے مقام پر اس وقت کی 44 وطنی قومی ریاستوں کے نمائندے جمع ہوئے جو سبھی دجال کی مٹھی میں تھے وہاں پر نیا عالمی مالیاتی نظام تشکیل دیا اور سونے اور چاندی کے سکوں یعنی قدیم فطری کرنسی کے بطور کرنسی استعمال کو جرم قرار دیا گیا اس کے متبادل کے طور پر کاغذی کرنسی جاری کی گئی جس کی اپنی کوئی ویلیو نہیں تھی۔ساری کرنسیوں کو ڈالر سے لنک کیا گیا اور دنیا اپنا سونا (یعنی اصل زر) امریکہ کو دے کر ڈالر لیتی تھی اور امریکہ ڈالر چھاپتا تھا اب سب سے زیادہ سونا سلامتی کونسل کے پانچ مستقل ارکان کے پاس ہے اور پس پردہ کس کے اختیار میں اس کیلیئے آپ کو سوچنا چاہیے۔

مالیاتی اور سیاسی نظام کے ساتھ ساتھ ہی انہوں نے معاشرتی نظام کو بھی بدلنا شروع کیا صحیح بخاری میں موجود حدیث علم اٹھالیا جائے گا اس میں اگلی دو باتیں زنا اور شراب کا عام ہونا ہے اور یہ سب عام ہے گویا تینوں علامات پوری ہو چکی ہیں۔سے

پہلی اور دوسری عالمی جنگ کا مقصد گریٹر اسرائیل کا قیام تھا وہ تو اسی وقت عمل میں آگیا اس کے بعد گریٹر اسرائیل کے ڈراوے کا مقصد صرف ایک تھا اور وہ تیسری عالمگیر جنگ تھی جس میں انہوں نے اسلام اور عیسائیت کو مد مقابل لانا تھا تاکہ لوگ مذہب کو خونریزی کا سبب سمجھ کر مذہب اور خدا کو گالیاں دیں اور ابلیس کا عظیم خونریزی کا مقصد بھی پورا ہو جائے۔آپ یہ موجودہ اسلامی حکومتوں کو اسرائیل کے مظالم کا بدلہ لینے کیلئے یورپ اور امریکہ سے جنگ مول لینے کی ضرورت نہیں ہے مگر وہ ایسا کریں گے جیسے پہلی جنگ عظیم میں معمولی سرحدی جھڑپ کو عالمی جنگ میں بدلنے کی ضرورت نہیں تھی مگر انہوں نے اپنے منصوبوں کی تکمیل کیلئے یہ کام کیا اگر اسرائیل کے گرد آباد عرب اسرائیل کی طرف منہ کر کے پیشاب بھی کر دیں تو سارا اسرائیل اسکی آبادی بہہ کر سمندر میں غرقاب ہو جائے مگر انہوں نے اسرائیل کو نہیں دنیا کو غرقاب کرنا ہے

جیسے پہلی دو عظیم جنگیں عالمی نظاموں کی تبدیلی کیلئے تھی ایسے ہی تیسری عالمگیر جنگ کا بھی یہیں مقصد ہو گا اس کے بعد چین کے سوشل کریڈٹ سسٹم یعنی سوشلزم کو عالمی نظام قرار دیا جائے گا اور ڈیجیٹل کرنسی کو عالمی کرنسی جس کا سارا کنٹرول انٹرنیٹ پر ہو گا تب آپ کا پیسہ آپ کی جیب، گھر یا بینک میں نہیں ہو گا بلکہ عالمی حکومت کی ملکیت ہو گا اور ون ورلڈ ریلیجن آئے گا آپ پریشان نا ہوں وہ ذہن سازی سے آپ کو ان سب باتوں پر قائل کر لیں گے جیسے مسلمانوں کے قلب میں اسرائیل کے قیام سے، عالمی میڈیا کے پراپوگنڈا سے امریکہ کی سوشلزم سے پچاس سالہ جنگ وغیرہ کے ذریعے آپ کو کچھ چیزوں پر قائل کیا گیا ہے ذہن سازی کی گئی ہے۔

جب تک تیسری عالمگیر جنگ کا سٹیج شو سج نہیں جاتا تب تک آپ عالمگیر سپورٹس کے سٹیج شو کا مزا لیں، انٹرٹینمنٹ کا سٹیج شو بہت جلد عالمگیر جنگ کے سٹیج شو میں بدلنے والا ہے مگر اس کے بعد بھی آپ کو معلوم نہیں ہو گا کہ انٹرٹینمنٹ کا مقصد آپ کا دھیان کسی دوسری چیز سے عالمی سطح پر پوری انسانیت کو دھوکہ دینے والی باریک چالوں سے ہٹانا تھا۔

https://m.facebook.com/story.php?story_fbid=490175774136868&id=100094333476320&mibextid=UyTHkb

حق والی جماعت، گریٹر اسرائیل اور مسلمانوں کا وجود (حصہ اول)

حق والی جماعت، گریٹر اسرائیل اور مسلمانوں کا وجود

اس مضمون میں تین ابحاث ہیں اول حق والی جماعت جو قیامت تک رہے گی، دوم گریٹر اسرائیل کا ڈراوایاں دھوکہ اور سوم مسلمانوں کے وجود سے اسرائیل کو خطرے کی حقیقت ہم پہلی بحث آخر میں لائیں گے کیونکہ وہ زیادہ اہم ہے۔

گریٹر اسرائیل کا قیام مقصد نہیں ہے اور نا ہی مسلمانوں کا خاتمہ ان کا مقصد ہے ان کا مقصد تھا اسلام کا خاتمہ اور وہ ہو چکے ہیں اب کوئی بھی عالم اسلام بیان نہیں کرتا اسلامی کے معاشی و معاشرتی و سیاسی نظام کی بات نہیں کرتا یہ دین کا مین سٹریم و سوشل میڈیا ورژن ہے جس پر ایمان لانے کو لوگ اسلام سمجھتے ہیں

ہم گریٹر اسرائیل کی بات کرتے ہیں اور مسجد اقصیٰ کی بات کرتے ہیں، کیا مسجد اقصیٰ کو گرانا ان کے نزدیک کوئی مشکل امر ہے ؟؟؟؟

نہیں ہر گز نہیں وہ جب چاہیں بغیر کسی مزاحمت کے چند سیکنڈ میں مسجد اقصیٰ کو شہید کر سکتے ہیں مگر وہ انتظار کر رہے ہیں صحیح وقت کا لوہے کے گرم ہونے کا۔وہ وقت آنے سے پہلے وہ مسلمانوں کو غصہ دلا رہے ہیں تاکہ جب مسلمان حکمران میدان جہاد (جنگ) میں اتریں تب مسلمان اس چیز کو اپنے حکمرانوں کی غیرت کا ثبوت حیال کریں اور اس جنگ و جہاد میں اندھا دھند شریک ہو جائیں یہ سوچے بغیر کہ اس کا نتیجہ کیا بر آمد ہو گا۔

اس سے قبل ذہن سازی کا عمل ہے پوری دنیا کا میڈیا جس کو مذہبی ذہن بالخصوص دجالی حیال کرتا ہے یہ ذہن نہیں سوچتا کہ دجالی میڈیا فلسطینیوں کے غم میں کیوں مرے جا رہا ہے وہ روز کیوں مرنے والوں کی زخمیوں کی خبریں دیتا ہے اگر میڈیا دجالی ہے تو ایسا نا کرے مگر وہ تو ایسا کر رہا ہے کوئی دن ایسا نہیں جاتا جب غزا شہر سے مرنے والوں کی خبریں نا آئیں دجالی میڈیا پر روز بریکنگ نیوز چلتی ہیں اور ہر بریکنگ نیوز مسلمانوں کے غصہ کو مزید ابھارتی ہے اس غصہ کو ابھارنا اور مسلمانوں کو اشتعال دلانا ابلیس کے منصوبہ کا حصہ ہے وہ چاہتے ہیں مسلمانوں کو غصہ آئے تاکہ جو حالات وہ پیدا کرنے چاہتے ہیں وہ فرضی یا بناوٹی نا لگیں بلکہ حالات کی پیدوار اور حالات کا رد عمل لگیں۔

جس شخص نے خود سے قرآن و سنت پڑھا ہے وہ تو جانتا ہے کہ کفر کے موجودہ ظلم تعدی کا جواب اللہ امام مہدی اور عیسی علیہ السلام کی صورت میں دے گا کیونکہ اللہ کی امت کے نام پر ہم میں تو کچھ رہا نہیں وہ جو علم ہے جس سے فتنہ کی پہچان ہو گی وہ تو کسی کے پاس ہے نہیں مگر اللہ کو تو اپنا دین غالب کرنا ہے اس لئیے وہ امام مہدی کو کھڑا بھی کرے گا اور وہ اصلی جہاد بھی کریں گے۔

جان بوجھ کر اسرائیلی قیادت ان کے وزیر ایسے بیان دیتے ہیں جس سے مسلمانوں میں اشتعال پیدا ہو اور پھر پوری دنیا کا میڈیا ان بیانات کو اچھالتا ہے اب یہ تو عام عقل میں آنے والی بات ہے ایک طرف تو وہ ظلم کر رہے ہیں (جیسا کہ میڈیا پر ایمان لانے کی بدولت ہم جانتے ہیں) اور دوسری طرف ایسے بیانات دے کر جلتی پر تیل کا کام کرتے ہیں اور اپنی موت کا سامان کر رہے ہیں تیسری طرف ان کو اس بات کا حیال بھی نہیں کہ ساری دنیا ان کے مظالم پر سراپا احتجاج کے اقوام متحدہ کے روز اسرائیل کے خلاف بیان آتے ہیں عیسائیت کے گڑھ جرمنی اور فرانس میں اسرائیل کے بائیکاٹ کی مہم جاری ہے آج فرانس کا صدر فلسطین کے معاملہ پر سعودی عرب میں عالمی کانفرنس میں شرکت کر رہا ہے۔پوری دنیا بشمول امریکہ اور برطانیہ میں اسرائیلی مظالم کے خلاف مظاہرے ہو رہے ہیں اس سب کے باوجود اسرائیلی وزیر اشتعال انگیز بیان دینے سے باز نہیں آتے۔تو ہمیں سمجھنا چاہیے وہ ایسا کیوں

کر رہے ہیں بھائیوں وہ ایسا صرف مسلمانوں کو غصہ دلانے کو کر رہے ہیں تا کہ کل کو جب مسلمانوں کے حکمران انہی کے اشارے پر اسرائیل کے خلاف اعلان جہاد کریں گے تو مسلمان اس کو اصلی جہاد سمجھیں جیسے اب حماس کے جہاد کو اصلی جہاد سمجھ رہے ہیں۔

گریٹر اسرائیل کیا ہے

اول تو گریٹر اسرائیل ان کا کوئی مذہبی عقیدہ نہیں ہے دوم گریٹر اسرائیل قائم ہو چکا ہے پوری دنیا پر ان کی اجارہ داری ہے بہت سے لوگ اس بات کو سمجھتے ہوں گے قیام پاکستان کے وقت صرف ٹرانسفر آف پاور ہوا تھا حقیقت میں برطانیہ کے غلام ہی یہاں بر سر اقتدار آئے انہوں نے صرف ہمی میں سے ہم جیسے ناموں والے ہمارے عقیدے اور مذہب والے لوگوں کو اقتدار سونپ دیا تا کہ ہم یہ سمجھیں کہ آزادی کی نعمت مل گئی حقیقت میں کتنی آزادی تھی وہ سب کو معلوم ہے اور اگر شروع دن سے غلامی تھی اور اب وہ غلام اپنے آقاؤں کے خلاف مورچہ زن ہو جائینگے اور یہ سب کچھ اصلی غیرت ایمانی کا نتیجہ ہو گا تو میرا سوال یہ ہے آپ اتنی آسانی سے اس دھوکے میں کیوں آجاتے ہیں۔جیسے وہ آزادی دھوکہ تھا ایسے ہی ان وطنی قومی ریاستوں کے نتیجے میں ہی گریٹر اسرائیل کا قیام عمل میں آیا تب سے پوری دنیا پر اقوام متحدہ کا قانون چلتا ہے اور اقوام متحدہ کو کمیونسٹوں نے وجود بخشا تھا۔

لوگوں کو غصہ دلانے کیلئے ڈر پیدا کرنا ضروری ہوتا ہے اور یہ ڈر پیدا کرنے کیلئے انہوں نے گریٹر اسرائیل کا جھوٹ گھڑا ہوا ہے ڈر سب سے بڑا ہتھیار ہے۔اسی ڈر کے نتیجے میں ہی انہوں نے ساری دنیا کو ویکسین لگائی اور ویکسین کے نتیجے میں انہوں نے جو سب سے بڑا مقصد حاصل کیا ہے وہ ہماری ذہنی صلاحیتوں کو محدود کیا ہے تا کہ ہم میڈیا کے دھوکے کو سمجھ نا سکیں۔

اسلام کے معاشی و معاشرتی و سیاسی نظام کو ختم کر کے انہوں نے اسلام ختم کر دیا تھا اب بھلا ان کو مسلمانوں سے کیا خطرہ اگر کسی چیز سے خطرہ ہوتا ہے تو وہ نظام ہوتا ہے اور ہمارا نظام تو کہیں ہے نہیں ناہی حکمران مسلمان ہیں پھر یہ سب ڈرامہ رچانے کی کیا ضرورت ہے تو اسکا مقصد ہے تیسری عالمگیر جنگ کو ہوا دینا اور جنگ کیلئے سب سے بڑی وجہ مذہب بنتی ہے مذہب کے نام پر برپا کی گئی جنگ سب سے خونریز ہوتی ہے اس لئیے انہوں نے مذہبی فیکٹر پیدا کیا ہے یہاں کے مسلمان اسرائیلی یہودیوں کو اصل یہودی سمجھتے ہیں حالانکہ وہ اشکنازی یہود ہیں جو تورات کی ایک آیت پر بھی ایمان نہیں رکھتے یہ سارے فری میسن ہیں اور ابلیس کو اپنا خدا مانتے ہیں بالکل آپ کی مذہبی و سیاسی اشرافیہ کیطرح بشمول ان لوگوں کے جو اب جہاد کے فتوئے دے رہے ہیں آپ سوچیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور میں حلفہ راشدین، بنو امیہ و بنو عباس، صفوی و اسماعیلی ریاست، سلطنت اندلس اور عثمانی سلطنت میں کب جہاد کیلئے کسی فتوی کا انتظار کیا گیا تھا کوئی ایک مثال ہے تو بیان کر دیں

اور وہاں مغربی دنیا کے عیسائیوں اور یہودیوں کو انہوں نے یقین دلایا ہے کہ یہ مسلمان اور ان کے حکمران اصلی مسلمان ہیں حالانکہ یہ بھی غلط ہے ہمارے سارے عقائد تحریف شدہ ہیں ہمیں معلوم ہی نہیں اسلامی ریاست کیا ہوتی ہے اور اس کے تحت جہاد کیسے ہوتا ہے اور اسلام میں امیر اور جماعت سے کیا مراد ہے یہاں کون امیر ہے اور کونسی جماعت ہے کسی کو معلوم نہیں

وہ ایک روایت بیان کی جاتی ہے جہاد قیامت تک جاری رہے گا اور سمجھا جاتا ہے کہ یہ حماس والا جہاد اسی روایت کے تحت آتا ہے حالانکہ ایسا کچھ نہیں ہے اس روایت کا مطلب سیدھا ہے جب جہاد کی ضرورت پیش آئے گی تب وہ جماعت جہاد کرے گی اور اگر آپ نے حماس کو وہ جماعت ماننا ہے تو کچھ مسائل ہیں ان کا حل تلاش کرنا ضروری ہے حماس کا قیام تو 1987 میں عمل میں آیا تھا تو اس سے پہلے وہ جماعت کہاں تھی حالانکہ اگر جماعت کا ذکر کیا جائے تو حدیث میں ایک جماعت کا ذکر ہے اور وہ جماعت اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور سے ابتک ایک ہونی چاہیے وہ جماعت کونسی ہے

اور دین و شریعت میں جماعت کی تعریف کیا ہے اس کا ہمیں کچھ اندازہ نہیں ہے بس جس طرح سے مذہبی اشرافیہ نے ہماری ذہن سازی کی ہے اسی ذہن سازی کی بنیاد پر ہم بغیر سوچے سمجھیں باتیں کرتے جاتے ہیں-1987 میں ایک جماعت بن رہی ہے آپ کس بنیاد پر اس جماعت پر اس حدیث کا اطلاق کر رہے ہیں براہ کرم یہ بتادیں اور 1987 سے پہلے وہ جماعت کدھر تھی یہ بھی بتادیں کیونکہ آپ کے بقول اگر اس حدیث سے مراد یہ ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس حدیث کو بیان کرنے سے لیکر قیامت تک ایک دن کیلئے بھی جہاد نہیں رکا تو پھر 1987 سے پہلے بھی اس جماعت کا وجود کہیں نا کہیں لازماً ہونا چاہیے تو صرف اتنا بتادیں 1987 سے قبل یہ جماعت کہاں تھی اور اگر آپ نے 1987 میں ہوا سے تخلیق ہونے والی حماس پر اس جماعت کا اطلاق کرنا ہے تو وہ بھی بتادیں کہ کس بنیاد پر کرنا ہے-

اگر آپ نے اس حدیث کے حقیقی معنی سمجھے ہیں تو سب سے پہلے اسلام میں جماعت اور امیر سے کیا مراد ہے اس کو سمجھیں - یہ طویل حدیث ہے جو مشکوۃ کے باب الفتن اور صحیح بخاری و مسلم کی متفقہ علیہ روایت ہے حذیفہ بن یمان راوی ہیں انہوں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا جب مسلمانوں کی جماعت اور امیر نا ہو تب میرے لیئے کیا حکم ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تب تم تمام جماعتوں اور گروہوں سے الگ رہنا-

اب آپ اس حدیث کو سمجھیں-

دھوکہ دینے کیلئے جو مذہبی اشرافیہ وہ حدیث بیان کرتی ہے جس کا تمام لوگ بار بار ذکر کرتے ہیں یعنی قیامت تک حق پر قائم رہنے والی جماعت یہیں مذہبی اشرافیہ یہ والی حدیث بیان نہیں کرتی جس میں جماعت اور امام کے نا ہونے کا ذکر ہے اور وہ کیوں بیان نہیں کرتے میرے اتنے بیان سے ہی آپ کو سمجھ جانا چاہیے-کیونکہ اگر یہ حدیث بیان کر دے جائے تو پہلی حدیث ویسے ہی ساقط ہو جاتی ہے میں نے کئی علما سے بحث کے بعد ان کے منہ سے یہ بات منوائی ہے کہ حذیفہ بن یمان والی حدیث میں جماعت اور امیر سے مراد مسلمانوں کی خلافت یعنی سیاسی نظام اور امیر سے مراد خلیفہ ہے-اب سب کو معلوم ہے کہ خلافت 1923 میں ختم ہو چکی ہے گویا اب جماعت اور امیر کے وجود سے دنیا حالی ہے اور اس دور کے متعلق وہیں حکم ہے جو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حذیفہ بن یمان کو دیا کہ تمام جماعتوں اور گروہوں سے علیحدہ رہنا ہے-

مجھے علم ہے اس وقت پوری مسلم امہ میں لکھی گئی دجالیت سے متعلقہ کتب میں اور ان علما نے جن کو دجالیت پر بیان کرنے والا سمجھا جاتا ہے کسی ایک نے بھی اس جماعت اور امیر والی حدیث کا ذکر نہیں کیا کیونکہ اگر وہ اس حدیث کا ذکر کریں تو ان کی تمام جماعتوں اور گروہوں کا وجود ختم ہو جاتا ہے جن کے ذریعے وہ امت کو تقسیم کر رہے ہیں-وہ صرف قیامت تک حق پر رہنے والی جماعت کا ذکر کرتے ہیں تا کہ کشمیر، افغانستان، شام اور فلسطین کے جہاد کو اصلی جہاد قرار دیا جاسکے-کیونکہ جب ان معرکوں کو جن کا حقیقت سے کچھ تعلق نہیں ہے جہاد قرار دیا جائے گا تو لازمی طور پر لوگوں کا دھیان اس جماعت کیطرف جائے گا جو قیامت تک حق کیلئے لڑتی رہے گی-اور وہ ان میں سے ہر جماعت پر اس حدیث کو منطبق کریں گے جو اگرچہ صحیح تطبیق نا ہو گی مگر لوگ چونکہ علما کے بھیس میں جہلا میں گھرے ہوئے ہیں اس لیئے ان کا دھیان ایسی باتوں پر نہیں جاتا ان کے ذہن میں جو کچھ آتا ہے وہ اسے فرض کر لیتے ہیں اور پھر یہ ماننے کو تیار ہی نہیں ہوتے کہ وہ غلطی پر ہیں جہل ہمیشہ حق سے روگردانی کی روش اور ضد لاتا ہے اور علم عاجزی پیدا کرتا ہے -

آپ قیامت تک حق پر قائم رہنے والی جماعت کا اطلاق کس پر کریں گے کشمیر، فلسطین، شام، افغانستان، یمن وغیرہ کس جماعت پر اس حدیث کا اطلاق کریں گے ان میں سے ہر جماعت کا الگ امیر الگ الگ نائب امیر مکمل طور پر ایک دوسرے سے الگ تنظیمی ڈھانچہ ہے تمام الگ الگ ناموں سے جماعتیں

ہیں جبکہ حدیث میں ایک ہی جماعت کا ذکر ہوا ہے اور پھر حدیث میں آیا ہے کوئی نقصان کرنے والا ان کا کچھ نقصان نا کر سکے گا یعنی وہ کامیابیاں ہی سمیٹتے چلے جائیں گے اور یہاں کامیابیوں کا کہیں نشان تک نہیں ہے۔

ان سارے تضادات کو حل کرنے کا ایک ہی طریقہ ہے اور وہ ہے جہاد کیلئے امام اور جماعت کی شرط جو آج کی دنیا میں پوری نہیں ہو رہی کیونکہ خلافت عثمانیہ کا سقوط امام اور جماعت دونوں کا خاتمہ تھا اب مسلمانوں کا امام اور جماعت تبھی واپس آئیں گے جب امام مہدی دوبارہ سے خلافت کا قیام عمل میں لائیں گے اور جو لوگ ان کے ساتھ مل کر جہاد کریں گے وہ اس جماعت (قیامت تک ایک جماعت حق پر رہے گی) کا آخری سرا ہو گا۔

آخر میں وہ حدیث جس کے جاننے سے آپ ہر قسم کے میڈیائی پراپوگنڈا سے بچ سکتے ہیں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دجال کی آمد سے قبل پوری دنیا پر دھوکے کے چند سال آئیں گے۔

آج ہم انہی دھوکے کے سالوں میں زندہ ہیں اور میڈیا، نصاب تعلیم، مذہبی و سیاسی اشرافیہ کے ذریعے پوری دنیا میں مسلمان، عیسائی، یہودیوں سمیت ہر مذہب کے ماننے والوں اور ملحدین سبھی کو یہ دھوکہ دیا جا رہا ہے اور اس دھوکے کا ماسٹر مائنڈ خود دجال ہے

https://www.facebook.com/share/p/1A9hq4UBc8/

حق والی جماعت، گریٹر اسرائیل اور مسلمانوں کا وجود (حصہ دوم)

خبر کا نفسیاتی پہلو اور حماس اسرائیل جنگ

آپ آج سے پانچ سو سال پیچھے چلے جائیں پاکستان سے ہزاروں میل دور ایک شہر واقع ہے (اب کا غزا)

اب واقعتاً پانچ سو سال پیچھے چلتے ہیں اس وقت اہل کفر سے صرف ایک مسلمان سلطنت بر سر پیکار تھی اور وہ تھی سلطنت عثمانیہ کوئی جماعت یاں تنظیم جہاد نہیں کر رہی تھی۔مگر یہاں رک کر ہمیں پھر سے کچھ تضادات کا حل تلاش کرنا ہو گا۔

حدیث میں بار بار جماعت کا ذکر آتا ہے آج کی دجالی مذہبی پلید اشرافیہ نے حماس اسرائیل کے پراپوگنڈا کیلئے ہمیں جس جماعت کا تعارف کرایا ہے وہ ایک حدیث ہے یعنی ایک گروہ یاں جماعت قیامت تک جہاد کرتی رہے گی۔میں اس سے قبل اپنے مفصل مضمون میں اس جماعت کی وضاحت کر چکا ہوں اب مزید کچھ تشریح بیان کر دیتا ہوں جو نقلی اور عقلی دونوں پیمانوں پر پوری اترتی ہے جب اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جماعت کا ذکر فرمایا تو اس سے مراد کیا تھی۔آج کے دور کے مسلمان جو کتابوں سے زیادہ فیس بک اور یوٹیوب والے علم کے دلدادہ ہیں ان کیلئے جماعت کا تصور کچھ اور ہی ہے یعنی وہ آج کے دور کے تناظر میں حماس کو ہی وہ جماعت سمجھ لیتے ہیں اور حدیث میں جس جماعت کا ذکر ہے اس جماعت کا نا ان کے ذہن میں تصور ہی آتا ہے اور نا ہی اس کو سمجھنا چاہتے ہیں۔کیونکہ اگر وہ اس کو سمجھ لیں تو میڈیا پر ان کا ایمان تنزل کا شکار ہو جائے گا ڈگمگا جائے گا اور وہ کافر نہیں ہونا چاہتے یعنی مسلمان۔

صرف اس ایک حدیث میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جماعت کا ذکر نہیں فرمایا بلکہ متعدد احادیث میں جماعت کا ذکر آیا ہے مثلاً فرمایا جو شخص جماعت سے بالشت برابر الگ ہوا وہ گمراہی کی موت مرا۔یقینی بات ہے صرف اس حدیث کو بیان کر دینے سے لوگوں کو اس حدیث کی سمجھ نہیں آئے گی جاہل تو رہے ایک طرف علما جنہوں نے آٹھ دس سال مدرسوں میں وقت ضائع کیا ہے ان سے پوچھ کر دیکھ لیں ان کو بھی اس حدیث کی شرح معلوم نہیں ہو گی اور ان سے پوچھنے کے بعد امام ابن حجر عسقلانی کی شرح بخاری اور امام نوی کی شرح مسلم اٹھا کر دیکھیں گے تو آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ تواتر کے درجہ تک پہنچی ہوئی ان احادیث کا کیا مطلب ہے جن میں علم اٹھائے جانے کی بات ہوئی ہے تب آپ کو واقع ہی معلوم ہو جائے گا کہ علم اٹھایا جا چکا ہے اور یہ علما نامی مخلوق فقط جاہل ہے۔میری باتوں پر نا جائیں تحقیق کریں چلیں چندماہ نا سہی کچھ دن کیلئے ہی یوٹیوب، فیس بک، ٹک ٹاک اور وٹس اپ کا استعمال تھوڑا کم کر کے یہ ایک تجربہ کر لیں آپ کو خود حقیقت حال معلوم ہو جائے گی اور دوسروں پر بہتان لگانے اور برے گمانوں سے بھی بچ جائیں گے۔

اس حدیث کی شرح سے پہلے میں دوسری حدیث ذکر کرتا ہوں پھر تیسری اور مضمون پڑھنے کے بعد (اللہ آپ کو سارا مضمون پڑھنے کی توفیق دے فتنہ سے بچنے کیلئے اپنے دوست احباب کو بھی پڑھائیں بالخصوص اگر آپ کسی عالم کو جانتے ہیں اسے ضرور پڑھائیں وہ شاید مجھے لاجواب کر دے) آپ نے ان ساری احادیث کو علیحدہ لکھ لینا ہے پھر ان کے درمیان تعلق تلاش کرنا ہے آپ کو یہ ساری احادیث جڑی ہوئی باہم مربوط نظر آئیں گی اور آپ کو یہ بھی معلوم ہو جائے گا کہ مکمل قرآن وسنت پڑھے بغیر آدمی کیسے گمراہ ہو جاتا ہے ان احادیث کے بیان کیلئے مجھے کسی کتاب کو دیکھنا نہیں پڑا کیونکہ میں نے جو احادیث کی چودہ کتب پڑھی ہیں تاریخ پڑھی ہے اور حالات حاضرہ کو کسی بھی دوسرے شخص سے بڑھ کر جانتا ہوں مجھے معلوم ہے ان احادیث کا

اطلاق حالات حاضرہ پر کیسے کرنا ہے فتنہ کس حد تک ترقی پا چکا ہے اور موجودہ دور میں دجالیت کی اصل شکل کیا ہے (موجودہ دور میں دجالیت کا تعارف کرانے والی امہات کتب بذات خود دجالیت کا مرقع ہیں)

دوسری حدیث

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب ایک امیر کے مقابلے میں دوسرا امیر کھڑا ہو جائے تو اس کی گردن اڑا دو-میرا ارادہ تو نہیں تھا مگر دوسری احادیث بیان کرنا بھی ضروری ہیں تا کہ سمجھنے والوں کو بات سمجھ آجائے کوئی پڑھے نا پڑھے مجھے اس سے فرق نہیں پڑتا میں نے اپنی بساط بھر کوشش میں اللہ کا دین بیان کرنا ہے اور فتنہ سے آگاہی دینی ہے صحاح ستہ میں نے آج سے کوئی سولہ سال قبل پڑھی تھی اس وقت خالص فرقہ وارانہ تناظر میں پڑھی تھی شکر حوالوں سے مزین وہ ساری نوٹ بکس گم ہو گئی جن میں صرف ایک فرقہ کی طرف داری والی روایات موجود تھی ان میں بھی یہ حدیث موجود ہو گی مگر نعیم بن حماد کی کتاب الفتن کے مطالعہ کے دوران میرا دھیان اس حدیث پر گیا-

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اسلام میں قوم پرستی حرام ہے-اگر اسلام میں قوم پرستی حرام ہے تو اس وقت دنیا میں موجود مسلمانوں کی تمام ریاستوں کا ڈھانچہ کیسا ہے؟؟؟

جی ہاں تمام کی تمام قومی ریاستیں ہیں وطنی قومی ریاستیں اور اگر ان کا بنانا اسلام میں حرام ہے تو پھر اسلام کہاں ہے کیونکہ اس وقت دنیا میں جتنے بھی مسلمان ہیں وہ کسی نا کسی قومی ریاست کا حصہ ہیں اور جہاں بھی جہاد ہو رہا ہے کسی نا کسی قومی ریاست کا گروہ یاں جماعت جہاد کر رہی ہے ان تمام میں سے کبھی کسی نے نام لیکر نہیں کہا کہ میں فلاں قومی ریاست کو نہیں مانتا اور اس کا باشندہ نہیں ہوں عام مسلمان میڈیا پر ایمان لانے والا اس کے تو وہم و گمان میں بھی یہ بات نہیں ہے کہ اسلام میں قومیت حرام ہے

اب ایک سوال پیدا ہوتا ہے اور یہ سوال قرآن وسنت سے نکلا ہے میں نے نہیں گھڑا، اگر اسلام میں قوم پرستی حرام ہے تو فلسطینی قومی ریاست کی حماس اور الفتح کا جہاد کیسے حلال ہو سکتا ہے یعنی آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ ایک شخص کافر ہے مگر جب وہ نماز پڑھے گا تو اسے ثواب ملے گا-آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ ایک جماعت جو رسول اللہ کی پیشن گوئی کے عین مطابق حق والی جماعت ہے وہ حرام قومی ریاست کے تحت جہاد کر رہی ہے بھلا یہ کیونکر ممکن ہے کہ ایک ہی وقت میں ریاست تو حرام ہو مگر اس ریاست کے دفاع کیلئے لڑائی حلال ہو-

ایک امیر کے مقابل دوسرے امیر سے کیا مراد ہے-اس سے مراد ہے مسلمانوں کا خلیفہ اور حکمران اگر اس کے مقابلے میں کوئی اور شخص حکومت کا دعویٰ کر دے تو شرع میں اس کی گردن اڑانے کا ذکر ہے تا کہ امت مسلمہ میں اختلاف پیدا نا ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امت کو اختلاف سے بچانا چاہتے تھے-اور اس امیر کے تحت جتنے بھی مسلمان تھے وہ جماعت کے ذیل میں آتے تھے اسی جماعت کا حدیث میں بار بار ذکر آیا ہے فرمایا جو جماعت سے بالشت بھر الگ ہوا وہ جاہلیت کی موت مرا ایسے ہی بیعت کے متعلق ذکر ہے-ان تمام امور کا تعلق خلافت سے ہے جس میں پوری دنیا کے مسلمانوں کا ایک ہی امیر ہوتا ہے اور اسی کے حکم پر جہاد ہوتا ہے نا کہ جہاد کیلئے کسی قسم کا فتویٰ لیا جاتا ہے اور اگر پوری تاریخ میں سلطنت عثمانیہ سے لیکر رسول اللہ کے دور تک کبھی بھی جہاد کا فتویٰ دیا گیا یاں لیا گیا ہے تو مجھے ثبوت دکھا دیں ایسا کوئی ثبوت ہے ہی نہیں-اب جو جہاد کے فتوے دیئے جا رہے ہیں حرام وطنی قومی ریاستوں کے ملاں یہ فتوے دے رہے ہیں یہ دھوکہ دے رہے ہیں کیونکہ اس وقت نا ہی وہ جماعت دنیا میں موجود ہے جس کا حدیث میں ذکر آیا ہے نا ہی اسلامی ریاست موجود ہے اور نا ہی ریاست کا حکمران امیر موجود ہے-

چونکہ لوگ پہلی بار یہ احادیث پڑھ رہے ہیں یاں ان کے سامنے کسی نے ان احادیث کی شرح پیش نہیں کی یاں مذہبی اشرافیہ میں سے کوئی شخص یہ باتیں بیان نہیں کر رہا اس لیئے لوگوں کیلئے ان کو قبول کرنا مشکل ہوتا ہے ہم اس کو مزید آسان کرتے ہیں اور جاننے کی کوشش کرتے ہیں اب امیر اور جماعت کیوں نہیں ہے اور کیا یہ اب کے بعد کبھی نہیں ہوگی تو ایسا نہیں ہے یہ درمیان میں وقفہ ہے کیونکہ یہ دور دجالیت ہے-اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دجال کی آمد سے پہلے دھوکے کے چند سال آئیں گے جن میں سچے کو جھوٹا اور جھوٹے کو سچا کہا جائے گا امانت دار کو بد دیانت اور بد دیانت کو امانت دار کہا جائے گا اور رویبضہ لوگوں کے عام معاملات میں رائے دیں گے لوگوں نے پوچھا یار سول اللہ رویبضہ کون تو فرمایا وہ کمینہ شخص جسے اپنی حقیقت کا علم نا ہو-اب اصلی جہاد، امیر اور جماعت کیوں نہیں ہے اس کا سبب یہ دھوکے والے سال ہیں-اور وہ تمام احادیث جن میں فرمایا علمائے حق کی روحیں قبض کر کے علم کو اٹھالیا جائے گا پیچھے جاہل رہ جائیں گے وہ خود بھی گمراہ ہونگے اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے-اس حدیث میں یہ نہیں فرمایا گیا کہ کتاب و سنت کو اٹھالیا جائے گا بلکہ ان کو اٹھایا جائے گا جو ان کا علم رکھتے ہیں کیونکہ یہ علامت قیامت کی علامات صغری میں سے سب سے پہلے ہے اس کے بعد بھی جو لوگ علما کو چھوڑ کر خود قرآن و سنت کا مطالعہ کرتے رہیں گے وہ امام مہدی کو بھی پہچان لیں گے اور فتنہ دجال کو بھی-

تو اس ساری بحث کا حاصل یہ ہے کہ وہ گروہ جس کے متعلق کہا گیا ہے قیامت تک جہاد لڑتا رہے گا وہ اس دور میں موجود نہیں ہے ہاں امام مہدی آکر دوبارہ اس جماعت کی تشکیل کریں گے جو قیامت سے پہلے کفار سے آخری جہاد لڑے گی-

اس موضوع کی تکمیل کیلئے میں آخری حدیث کا زکر کرتا ہوں جس سے بات کافی خد تک واضح ہو جائے گی حذیفہ بن یمان نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا آپ آئے ہمارے پاس خیر آئی کیا آپ کے بعد پھر سے شر لوٹ آئے گا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں انہوں نے پھر دریافت کیا کیا اس شر کے بعد پھر سے خیر آئے گا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں مگر اس میں دھن ہو گا یعنی کمزوری ہو گی انہوں پوچھا کیا اس خیر کے بعد دوبارہ سے شر آئے گا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں اس دور میں جہنم کے دروازوں کی جانب بلانے والے ہونگے-

یہ وہ دور ہے دوبارہ شر والا اور اس دور کے علما جہنم کے دروازوں کی جانب بلانے والے ہیں-

حذیفہ بن یمان نے پوچھا اس دور میں، میں کیا کروں آپ نے فرمایا مسلمانوں کے امیر اور جماعت کو لازم پکڑے رہنا انہوں نے پوچھا اگر مسلمانوں کی جماعت اور امیر نا ہو تو فرمایا تمام جماعتوں اور گروہوں سے الگ ہو کر جنگلوں کی طرف نکل جانا چاہے تمہیں درختوں کی جڑیں چبانی پڑیں-

یہ وہ دور ہے جس میں سارا جہاد دھوکہ ہے مسلمانوں کا سیاسی نظام اور ریاست کی موجودہ شکل تمام چیزیں دجال کی آمد سے پہلے والے دھوکے کے سالوں میں شامل ہیں اور جیسا کہ حدیث میں آیا پوری دنیا کو اس دھوکہ میں میڈیا نے ڈال رکھا ہے وہ میڈیا جس کی تخلیق دجال نے کی ہے میڈیا پر مسلسل پراپوگنڈا کے ذریعے اس بات کی ذہن سازی کی گئی ہے کہ حماس نامی کوئی تنظیم اسرائیل سے جنگ لڑ رہی ہے حالانکہ شرع میں تنظیم یاں جماعت سے مراد تو مسلمانوں کی خلافت اور امیر ہوتا ہے اور تاریخ میں ایسا کب ہوا ہے کہ بغیر امیر کی اجازت اور مرضی کے کسی نے الگ جماعت بنا کر جہاد کیا ہو اب سرے سے امیر ہی نہیں ہے تو جہاد کیسا ہو گا چلیں ایک چیز نا ہو تب آپ مان لیں ناہی امیر ہے ناہی شرع کے مطابق جماعت ہے اور ناہی اسلامی ریاست ہے اور جس طرح پوری دنیا کا دجالی میڈیا اس جہاد کی تشہیر کر رہا ہے صرف وہیں بات اس جہاد کے دھوکہ ہونے کیلئے کافی ہے-

آپ اپنی عقل استعمال کریں اور سوچیں روز میڈیا پر اس نام نہاد جہاد کی خبریں ایسے آتی ہیں جیسے آٹے دال کا بھاؤ یاں موسم کا احوال ہو یعنی کوئی دن ایسا نہیں جاتا جب فلسطین میں لوگ نا مرتے ہوں مقصد کیا ہے اگر کسی دن لوگ نا کریں تو شاید اس مسئلہ کو بھلا دیا جائے اس لیئے میڈیا روز مرنے والوں کی خبریں دیتا ہے تاکہ اس مسئلہ کو لوگوں کے اذہان میں زندہ رکھا جا سکے-مجھے بتائیں اس سے قبل تاریخ میں خلافت کے تحت جتنے بھی جہاد ہوئے ہیں ان

سارے معرکوں میں کتنی بریکنگ نیوز بنی ہو نگی کونسے اخبار اور ان کے الیکٹرانک ورژن تھے جہاں پل پل کی خبریں ملتی تھی وہ دھوکے سے پاک دور تھا سالوں بعد جاکر کسی جنگ کا احوال معلوم ہوتا تھا یہاں آپ الجزیرہ کی ویب سائٹ کھولیں پراپوگنڈا کیلئے ہر تین منٹ بعد غزا کی کوئی خبر موجود ہوتی ہے وہ صحیح ہے یاں غلط جانے ہماری بلا ہم نے تو بس میڈیا پر ایمان لانا ہے۔

حماس اسرائیل کے سٹیج شو کو اصل جنگ ظاہر کرنے کیلئے فری میسن میڈیا نے ایسے ایسے نفسیاتی حربوں کا استعمال کیا ہے جن کا عام انسان تو رہا ایک طرف ایک مفتی و متقی شخص بھی تصور تک نہیں کر سکتا میں ان نفسیاتی حربوں سے واقف ہوں اور جو لوگ میرے میسنجر چیٹ گروپ میں موجود ہیں انہیں بھی روز کی خبروں کی حقیقت بتا کر واقفیت دلانے کی کوشش کرتا ہوں اللہ کے بندوں فیس بک اور یوٹیوب آپ کو فتنہ کی پہچان نا دلائیں گے خدارا قرآن وسنت پڑھیں تاکہ آپ کو یہ بھی معلوم ہو کہ علما جو دین بیان کر رہے ہیں وہ اصلی دین ہے بھی یاں نہیں کہیں یہ دھوکہ اور فریب تو نہیں دجالی دین تو نہیں۔

کسی بھی جنگ یاں واقع کی پل پل کی خبروں کا نفسیاتی پہلو کیا ہوتا ہے اس کے کس قسم کے نفسیاتی اثرات مرتب ہوتے ہیں کیا آپ نے کبھی اس کا تجزیہ کیا ہے اس سے آپ کو یقین ہو جاتا ہے کہ وہ جنگ واقع ہی ہو رہی ہے اور آپ اسکی تحقیقات کی ضرورت سے دست کش ہو جاتے ہیں آپ کے ذہن میں اس بات کا حیال تک نہیں گزرتا کہ تحقیق بھی کرنی چاہیے مثلا سیکولر بے دین اور دجالی میڈیا نے خبر دے دی کہ آج غزا میں 38 لوگ مرے ہیں تو آپ آنکھیں بند کر کے یقین کر لیتے ہیں کیونکہ آپ جانتے ہیں ایسا تو روز ہوتا ہے مگر اس روز کی خبر کی آپ نے کسی ایک دن بھی تحقیق نہیں کی ہوتی یعنی جو کچھ آپ کے بس میں ہوتا ہے آپ نے وہ بھی نہیں کیا ہوتا۔ کیا کبھی ایسا ہوتا ہے جیسے میں فرد واحد ہوں ایسے ہی سوشل میڈیا پر آپ کو کوئی فلسطینی ملا ہو اور اس نے اس جنگ کا درست احوال سنایا ہو؟؟؟

ایسا کبھی نہیں ہوتا کیونکہ اگر ایسا ہو جائے تو دجال کا سارا منصوبہ بگڑ جائے دھوکے کا پردہ گر جائے۔

اسی وجہ سے وطنی قومی ریاستیں بنائی گئی، بارڈر بنائے گئے پاس پورٹ اور ویزا سسٹم لایا گیا تاکہ مختلف خطوں کی اصل خبریں کوئی شخص اتنی آسانی سے چل کر دوسرے ممالک کے لوگوں کو نا دے سکے یہ کام صرف میڈیا کرے اور وہ اتنا پراپوگنڈا کرے کہ لوگ اس کے حق ہونے کا یقین کر لیں۔اس کام کیلئے دین میں حرام کردہ تصویر کو حلال کیا گیا تاکہ ان تصاویر اور ویڈیوز کو دیکھ کر بار بار دیکھ کر لوگ ظلم کا یقین کر لیں۔اسی وجہ سے سوشل میڈیا لایا گیا تاکہ ایک طرف مین سٹریم میڈیا اس جنگ کا پراپوگنڈا کرے دوسری لوگ بھی اپنی گفتگو اور پوسٹوں میں اسی جنگ کا تذکرہ کریں کیونکہ جس چیز کو میڈیا ٹرینڈ بناتا ہے لوگ بھی اسی ٹرینڈ کی پیروی کرتے ہیں اور یہ ٹرینڈ یعنی حماس اسرائیل جنگ کا سٹیج شو مذہبی طبقہ کیلئے ہاٹ کیک کی حیثیت رکھتا ہے وہ لوگ اس ٹرینڈ کی پیروی کرنا ثواب سمجھتے ہیں بغیر اسکی حقیقت جانے۔

لوگ اس بات کا تصور تک نہیں کر سکتے کہ پوری دنیا کے ہزاروں نیوز چینلز ایک ساتھ جھوٹ بول سکتے ہیں مگر اللہ کے بندوں یہیں وہ دجالیت اور دھوکہ ہے جس کی خبر ہر نبی نے دی تھی۔یہ دھوکہ اتنا سادہ نہیں ہے کہ آپ اصلی اور نقلی اشیا کی پہچان کر لیں یہ دجالیت کا دھوکہ ہے جس کو دہرائی، پراپوگنڈا اور بریکنگ نیوز سے کامیاب بنایا گیا ہے اور آپ کے دین کو نا پڑھنے کے سبب تاریخ کو نا پڑھنے کے سبب کامیاب بنایا گیا ہے۔یہ دھوکہ تصاویر اور ویڈیو سے ٹیکنالوجی کی مدد سے ایڈیٹنگ سے دیا جا رہا ہے مگر جب اس میں مذہبی ٹچ آجاتا ہے تب آپ اس کے نفسیاتی پہلو سے نظر ہٹا کر جذباتی پہلو کو اپنا لیتے ہیں۔آپ ممکن اور ناممکن کے امکان کو سرے سے رد کر دیتے ہیں۔

اس دھوکہ کی مدد سے فری میسن ابلیس کے گروہ نے دنیا کو تیسری عالمگیر جنگ میں دھکیلنا ہے اور ابلیس نے قتل و غارتگری کا اپنا محبوب مقصد حاصل کرنا ہے بڑے پیمانے پر انسانی قتل کیلئے مذہب کے نام پر دھوکہ دینے سے بڑھ کر کوئی اور طریقہ نہیں ہو سکتا کیونکہ مذہب جذباتیت جگانے کیلئے کام آتا ہے اور جب مسلسل پراپوگنڈا کے ذریعے ظالم اور مظلوم کی پہچان کرا دی جائے تب لوگ بالکل بھی تحقیق کی ضرورت محسوس نہیں کرتے اللہ کے بندوں جب ہزاروں نیوز چینلز اس جنگ کے اصلی ہونے ظالم اور مظلوم کی پہچان کرا رہے ہیں تو بھلا مجھے اس سارے کھیل کو دھوکہ کہنے کی کیا ضرورت ہے اس کی وجہ صرف ایک ہے میں نے قرآن وسنت اور تاریخ پڑھی ہے دجالیت اور فتنہ کو جانتا ہوں اور آپ کا خیر خواہ ہوں۔

https://www.facebook.com/share/p/1955D5CUvW/

تصویر کی حرمت

تصویر کا حرام ہونا

یہ مشکوتہ سے تصاویر کی حرمت کے متعلق مختلف صحابہ سے مروی چودہ احادیث ہیں ان تصاویر میں ہاتھ سے بنائی گئی اور کیمرا سے کھینچی گئی دونوں قسم کی تصاویر داخل ہیں شارخ نے اس بات کی تشریح کی ہے یہاں ایک سادہ سا اصول اپنا لیں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو چیز شک میں ڈال دے اسے چھوڑ دوں کسی شخص کی اتنی تحقیق اور مطالعہ نہیں ہے کہ وہ اس ضمن میں سارے مباحث پڑھ لے تو آدمی کو تصویر کو چھوڑ دینا چاہیے کیونکہ یہ محض گناہ نہیں حرام ہے

اگر تصویر حرام نے تو ویڈیو کا بنانا بدرجہ اولی حرام ہو گا اس وقت مذہبی اشرافیہ میں شاید ہی کوئی ہو جس کی تصویریاں ویڈیو نا ہو تو یہ سب دجال کے ایجنٹ ہیں جنھوں نے اللہ کی حرام کردہ تصویر کو حلال کر لیا اور انہوں نے تصویر کو تب حلال کیا جب علمائے حق کو اٹھا کر علم اٹھالیا گیا تصویر دجالیت کے فروغ کا سب سے بڑا ذریعہ ہے کیونکہ اس کے ذریعے دھوکہ دیا جاسکتا ہے بالخصوص ویڈیوز کے ذریعے۔

جس شخص نے بھی اپنی پروفائل پر تصویر لگائی ہے یاں بنائی ہے سب کو مٹا دے اور اللہ کے حکم کے سامنے گردن ڈال دے اگر دجالی علما نے آپ کو دین کے احکام نہیں بتائے تو میں بھی بتا نہیں رہا بلکہ آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں

کیمرہ کی تصویر

پہلے بنائی جانے والی تصویر میں محنت اور سرمایہ زیادہ لگتا تھا اور وقت بھی

وہ تصویر بھی انسان ہی بناتا تھا اپنے ہاتھ سے بناتا ہے اور یہ تصویر مشین بناتی ہے جو خود انسان کی بنائی ہوئی ہے

مجھے یہ بتائیں پھر فرق کیسا فرق تب پیدا ہوا جب دجالی پلید مذہبی اشرافیہ نے آپ کو دھوکہ دیا کہ پینٹنگ تو ناجائز ہے اور کیمرے کی تصویر جائز خدا کو حاضر ناظر جان کر سوچیں جب دین نے تصویر کو حرام قرار دیا تو اس میں کہیں اس بات کی گنجائش موجود تھی کہ کل کو جب مشین یہ تصویر پہلے کی نسبت زیادہ سہولت، تیزی اور آسانی سے بنالے گی جب یہ حلال ہو جائے گی اور ایسے شخص کو اللہ جہنم میں نہیں پھینکے گا

اگر آپ نے بات سمجھنی ہے تو اس میں آپ کا ہی بھلا ہے میرا کوئی فایدہ نہیں ہے

https://www.facebook.com/share/p/1BFSZzAhY1/

عالمی جنگوں کا تھیٹر (حصہ اول)

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دجال کی آمد سے پہلے پوری دنیا پر دھوکے کے چند سال آئیں گے

نیچے جو باتیں میں لکھنے جارہا ہوں یہ یونیورسٹی و مدرسہ نے نصاب تعلیم میں نہیں ہیں اور نا ہی میڈیا پر ان کو بیان کیا گیا ہے

یعنی دھوکہ اب کسی مخصوص علاقے، مذہب یاں قوم تک محدود نہیں ہو گا بلکہ یہ عالمی ہو گا۔یعنی اس دھوکے کا پھیلاو ایک ساتھ پوری دنیا پر ہو گا۔ ہمارے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چودہ سو سال پہلے ہمیں صرف اتنے ہی الفاظ میں نصیحت فرمائی، ان سالوں میں دنیا کے کیا حالات ہونگے اور کب معلوم ہو گا کہ یہ دھوکے کے سال شروع ہو گئے یہ بات قرآن وسنت کے مطالعہ تاریخ کے مطالعہ اور عالمی حالات و واقعات پر نظر رکھنے سے معلوم ہو گی نیز اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا فتنے ہونگے اور ان سے صرف وہیں محفوظ رہے گا جسے اللہ تعالیٰ علم کیساتھ زندہ رکھے۔

یقیناً یہ علم فیس بک اور یوٹیوب والا علم نہیں ہے اور نا ہی یہ علم مقبول شخصیات کا فہم دین ہے اور نا ہی میڈیا اور شخصیات پر ایمان لانے سے حاصل ہوتا ہے ہمارے اسلاف کے حالات میں لکھا ہے کہ ان کے پاس کھانا کھانے کا بھی وقت نہیں ہوتا تھا روٹی کے نوالے بھی کوئی دوسرا ان کے منہ میں ڈالتا تھا اور وہ مسلسل مطالعہ جاری رکھتے تھے۔کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحلت کے بعد وقت جوں جوں آگے بڑھتا گیا اسلام تنزلی کا شکار ہوتا گیا اور فتنے بڑھتے چلے گئے ان حالات میں جس شخص کو اللہ کے دین کی مدد کرنی تھی اور پہلے والوں سے زیادہ محنت کی ضرورت تھی۔

اس حدیث میں دھوکے کا عالمی ہونا بیان کیا گیا ہے۔آپ نے صرف اس جملہ پر توجہ دینی ہے اگر آپ اس بات کو سمجھ جائیں تو دجالیت میں مبتلا نہیں ہونگے بلکہ فتنے کو جاننے والے علم میں ہی ترقی کریں گے گمراہ نہیں ہونگے ہدایت پا جائیں گے۔

آپ دیکھیں عالمی کی اصطلاح دنیا میں پہلی بار کب مستعمل ہوئی۔حدیث میں پوری دنیا کو دھوکے میں مبتلا کرنے کی بات ہوئی ہے چونکہ اس دور کو دجال کی آمد سے پہلے والا دور بیان کیا گیا ہے تو لازم بات ہے یہ دھوکہ دجال کیلئے میدان سیٹ کرنے کیلئے دیا جائے گا دجالی نظام کے استحکام کیلئے دیا جائے گا۔ اگر میں ایک سوال پوچھوں کہ اس دور میں دھوکے کا سب سے بڑا ٹول، ذریعہ کونسا ہے اور اس ذریعہ سے کیا ایک ہی وقت میں ساری دنیا کو دھوکہ دینا ممکن ہے تو بہت سے لوگوں کو جواب معلوم ہو گا مگر وہ اس وجہ سے جواب نہیں دیں گے کہ اس شخص کے ساتھ ہمارے اختلافات ہیں اس لیئے ہم اسے جیتنے کا موقع کیوں دیں حالانکہ ان لوگوں کو معلوم نہیں کہ فتنہ کو جان جانا اور رسول رحمت کی پیشن گوئی کو سمجھ جانا جاہل ہونے کی نہیں عالم ہونے کی نشانی ہے اور اس سے میں نہیں آپ فتح یاب ہونگے۔

تو آپ جواب معلوم ہے براہ کرم اس جواب کو سامنے رکھیں اور اسی جواب کے تناظر میں میرے مضمون کو سمجھنے کی کوشش کریں، اگر میں تمام جماعتوں اور شخصیات سے کٹا ہوا ہوں تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرامین کی روشنی میں کٹا ہوا ہوں میں نے شریعت کے برخلاف اپنی کوئی نئی راہ نہیں نکالی۔

ہم عالمی کی اصطلاح پر غور کرتے ہیں اور دیکھتے ہیں اس کا پہلا استعمال کیا تھا۔سائنسی طریقہ کار (Scientific method) تجربہ، مشاہدہ اور دلیل پر مبنی علم کو کہتے ہیں۔مگر میڈیا کی بدولت ہم صرف تقلید اور سنی سنائی باتوں کو سچ جاننے والے علم کے مالک ہیں ہم میں سے نا کوئی مشاہدہ کرتا ہے اور نا ہی است مشاہدہ کرنے والے کے سچے ہونے کا علم ہوتا ہے ہم تو بس دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک ہزاروں نیوز چینلز کی سکرینوں سے نشر

ہونے والی بریکنگ نیوز کی بنیاد پر ہی فیصلہ صادر کرتے ہیں اسی کو اندھی تقلید کہتے ہیں مثلاً میں عمران خان کی قید کی اکثر مثال دیا کرتا ہوں اس ضمن میں ہمارے پاس تجربہ، مشاہدہ اور دلیل جیسی کوئی چیز نہیں بس ہزاروں نیوز چینلز اس کے جیل میں ہونے کی خبر دیتے ہیں اور ہم بغیر تجربہ و مشاہدہ کے بغیر کسی دلیل و تحقیق کے اس بات کو تسلیم کر لیتے ہیں۔

دجال وہ جس سے ہر نبی نے اپنی امت کو ڈرایا اور اسکا دھوکہ ایسی چیز ہو گی کہ اس دھوکے میں مبتلا شخص کو اس دھوکے کا یقین دلانا قریب ناممکن ہو گا حتیٰ کہ وہ خود دین کو ناپڑھ لے اور خود ہی دین کی دشمن سائنس کی فراہم کردہ تعریف کے مطابق چیزوں کا مشاہدہ، تجربہ اور دلیل فراہم نا کر لے۔میں لوگوں سے پوچھتا ہوں وہ میرے منہ پر کہتے ہیں ساری دنیا کہتی ہے اس لیئے ہم بھی جانتے ہیں حالانکہ یہ چیز دلیل میں ہم گز نہیں آتی۔

دجال کا دھوکہ عالمی ہو گا اور اس میں سب سے پہلے انہوں نے قدیم سیاسی نظام کو اکھاڑ پھینکنے کا دھوکہ دیا۔حضرت انس کہتے ہیں تم پر جو سال آئے گا وہ پہلے سال سے برا ہو گا یہ بات میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی (کتاب الفتن، نعیم بن حماد، مترجم رقم 47) وہ نظر جس سے ہماری آنکھیں فتنہ کو دیکھ سکیں ہم سے چھین لی گئی ہے اس نظام تعلیم (دینی و عصری) کے ذریعے اب ہماری آنکھیں اندھی ہیں اور ان کو بینا کرنے والی چیز صرف ایک ہے وہ ہے قرآن و سنت کا مطالعہ ذاتی نوعیت کا مطالعہ بغیر کسی قسم کے نظریہ کو ذہن میں رکھیں ہوئے یعنی آپ نے قرآن و سنت کے مطالعہ سے چودہ سو سال پہلے والا مدنی معاشرہ تلاش کرنا ہے نا کہ اپنے فرقہ و جماعت یاں جس شخصیت کے فہم دین پر آپ بھروسہ کرتے ہیں اس فہم دین کیلیئے دلائل تلاش کرنے ہیں بلکہ آپ نے قرآن و سنت کے مطالعہ سے شخصیات کے بیان کردہ دین کو پرکھنا ہے نا کہ شخصیات کو سن اور پڑھ کر دین کو پرکھنا ہے۔

آپ اگر صرف اسی ایک حدیث پر غور فرمائیں تو آپ کو معلوم ہو گا کہ جب ہر آنے والا سال پہلے سے برا ہو گا تو لازمی باتیں ہے علوم ترقی نا کریں گے بلکہ تنزلی کا شکار ہوتے جائیں گے احساس، مروت، احسان، حوش حلقی، صلح جوئی، رحم جیسے صفات انسانوں سے مٹتی چلتی جائیں گی سچ تھوڑا اور جھوٹ بڑھتا جائے گا دین کم اور بے دینی عام ہوتی جائے گی۔

حضرت معاذ بن جبل فرماتے ہیں بے شک تم دنیا میں مصیبتیں اور فتنے ہی دیکھوں گے اور معاملہ سختی ہی کا ہو گا تم ہر گز کسی ہولناک اور سخت مصیبت کو نہیں دیکھوں گے کہ اس کے بعد جو مصیبت آئے گی اس کے مقابلہ میں تمہیں سابقہ مصیبت معمولی لگے گی (نعیم بن حماد کتاب الفتن) یہ ساری حدیثیں آپس میں جڑی ہوئی ہمیں ایک ہی وقت کا پتہ دیتی ہیں یعنی فتنوں کے عروج والا وقت جس میں دجال کی آمد سے پہلے والے دھوکے کے سال ہونگے اور اس روایت میں ان لوگوں کا تزکرہ ہے جو مومنین ہونگے جنہیں اللہ امام مہدی کے لشکر کیلیئے منتخب کرے گا جو علم والے ہونگے جن کے متعلق اللہ کہتا ہے حقیقت میں اس سے علم والے ہی ڈرتے ہیں۔باقی دنیا جن عالمی تبدیلیوں (عالمی دھوکہ کو یاد رکھیں) کو معمولی سمجھے کی ایسے لوگ کے دل ان تبدیلیوں اور انقلابات کو دیکھ کر دہل جائیں گے کیونکہ انہیں اپنے علم سے ان کا فتنہ ہونا معلوم ہو گا انہیں معلوم ہو گا کہ یہ تبدیلیاں ہمارا دین چھیننے کیلیئے لائی گئی ہیں ان کا مقصد کسی بھی پہلو سے انسانیت کی بھلائی نہیں ہے۔

ابن مہدی کہتے ہیں تم پر کوئی معاملہ نہیں آئے گا کہ (یہاں بھی اہل علم مراد ہیں) تم اس کے متعلق چیخ و پکار کر رہے ہو گے (یعنی وہ خود بھی اس کو غیر معمولی غارت گر دین سمجھیں گے اور دوسروں کو بھی یہیں بات باور کرائیں گے) مگر اس کے بعد تمہارے پاس ایک اور معاملہ آجائے گا جو تمہاری توجہ پہلے معاملہ سے ہٹا دے گا (یعنی پہلے معاملہ بعد والے کے مقابلہ میں چھوٹا اور معمولی محسوس ہو گا)۔یہاں فتنوں کی بات ہو گی رہی ہے یعنی ہر فتنے کے بعد جو دوسرا فتنہ آئے گا وہ اسی قدر لوگوں سے ان کی عقلیں چھین لے گا ان کی عقلوں پر پردہ ڈال دے گا ان کے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت محدود کر

دے گا علم والے تو اس فتنہ کو جان لیں گے مگر جاہل اس فتنہ کا شکار ہو جائیں گے اور وہ ان تبدیلیوں کو نا صرف اتفاق، اور عالمی نظام میں ارتقائی تصور کریں گے بلکہ انسانیت کیلئے بہتر بھی سمجھیں گے ان کی اس سمجھ میں قرآن و سنت کی تعلیم کو کچھ دخل نا ہو گا۔

فتن کے باب میں سینکڑوں احادیث ہیں ان سب کا ذکر کرنا باعث طوالت ہو گا ہم اصل موضوع کی جانب لوٹتے ہیں اور سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ دجال کی آمد سے پہلے والے دھوکے کے سال کیسے ہونگے۔اور کیا ہم ان سالوں میں مبتلا ہیں اگر ایسا ہے تو یہ سال کب سے جاری ہیں۔جب ہم دھوکے کے سالوں کی بات کرتے ہیں تو دیکھنا یہ چاہیے کہ پوری دنیا کو دھوکہ دینے والی قوت آخر کامیاب کیسے ہو گی اس وقت علما کہاں ہونگے تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ علماء حق کی روحیں قبض کر کے علم کو اٹھالے گا پیچھے جاہل بچ جائیں گے وہ خود بھی گمراہ ہونگے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے ایک اور روایت میں ان عالم نما(دھوکے کے سالوں میں جن کو ساری دنیا عالم ہی سمجھتی ہو گی)جاہلوں کے متعلق بتایا کہ وہ جہنم کے دروازوں کی طرف بلانے والے ہونگے۔

دھوکے کے سال، عالمی سطح پر ان کا ظہور اور ساری اقوام و مذاہب اور سارے خطوں کے لوگوں کا ایک وقت میں اس دھوکے میں گرفتار ہونا بلکہ گرفتار کیا جانا اس میں پہلے نمبر پر علم کا اٹھایا جانا ہے تاکہ لوگوں کی حق کیطرف رہنمائی کرنے والے لوگ نا رہیں مگر یاد رہے امام مہدی کا ظہور اس کے بعد ہونا ہے اور امام مہدی کی پہچان لوگوں نے علم سے ہی کرنی ہے گویا علما کو اٹھایا جائے گا قرآن و سنت کی صورت میں علم کے ذرائع موجود رہیں گے جو شخص قرآن و سنت پڑھے گا وہ اس دھوکہ سے محفوظ رہے گا۔

لوگوں کو دھوکے کا علم نا ہو اس لیئے ہر تاریخی واقع و شخصیت کے متعلق فری میسن جان بوجھ کر کچھ نظریات عام کر دیتے ہیں تاکہ لوگ انہی نظریات میں سے کسی ایک کو گلے سے لگا کر اس کے حق یاں باطل ہونے پر دوسروں سے بحث و مباحثہ کرتے رہیں اور دلائل تلاش کرتے رہیں مثلاً اس کی ایک مثال آج بعض لوگ کہتے ہیں ہم تو پہلے دن سے غلام تھے بعض کہتے ہیں قائد اعظم انگریزوں کا پٹھو تھا اور یہ کہتے ہوئے علامہ اقبال ان کے ذہن سے بالکل نکل جاتا ہے، بعض کہتے ہیں ہم نے آزادی کی حفاظت نا کی اور بعض دوسرے کہتے ہیں قائد اعظم کی جیب میں کھوٹے سکے تھے ان سارے الگ الگ نظریات میں سے کہیں بھی کوئی بھی شخص اصل دھوکے کا سراغ نہیں لگا پاتا۔یاں پھر آپ انکار حدیث کو دیکھ لیں سر سید نے ساری احادیث کا انکار تو نہیں کیا مگر تقریباً بارہ سو سال سے امت کے تمام مشترکہ عقائد کا انکار کر دیا اور تاویل سے قرآن کو پہلی بار بالکل بدل ڈالا اس کے بعد غلام احمد پرویز آیا اس نے سرے سے حدیث کا بالکل انکار کر دیا اور اس کے بعد اب غامدی ہے یہ ساری احادیث کا انکار نہیں کرتا مگر ان تینوں شخصیات کی مدد سے انہوں نے جو بنیادی دھوکہ دینا ہے وہ اس میں کامیاب ہیں۔

ہم سب سے پہلے عالمی نظام کی تبدیلی پر بات کریں گے (دھوکے کے سال، پوری دنیا پر، عالمی دھوکہ)اور اس ضمن میں عالمی جنگ انسانی تاریخ چھ ہزار سالہ تاریخ کی پہلی عالمی جنگ ہم اس کی بات کریں گے اور جاننے کی کوشش کریں گے کہ کہیں یہ عالمی جنگ بھی تو انہی دھوکے کے سالوں کی آمد کا تو پتہ نہیں دے رہی۔پہلی عالمی جنگ، جنگ عظیم اول 1914 سے 1918 تک جاری رہی۔اگلے مضمون میں ہم اس پر تفصیل سے بات کریں گے نیز یہ جانیں گے کہ اس جنگ کو عالمی بنانے کیلئے کن ذرائع کا استعمال کیا گیا اور کیا ان ذرائع سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خبردار کیا تھا حتی کہ ان کو حرام قرار دیا تھا۔

https://www.facebook.com/share/p/16Qd1jwfQu/

عالمی جنگوں کا تھیٹر (حصہ دوم)

ان سارے مضامین کا تعلق اس حدیث کی شرح سے ہے-اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دجال کی آمد سے قبل پوری دنیا پر دھوکے کے چند سال آئیں گے-اور دوسرا بڑا مقصد تیسری عالمگیر جنگ کے اصل اسباب واضح کرنا، کیا وہ اصل ہیں یاں مصنوعی ہیں، کیا تیسری جنگ عظیم کے متعلق میڈیا کے ذریعے روز کی خبروں کے ذریعے ذہن سازی کی جارہی ہے یاں واقع ہی دنیا اس نہج پر پہنچ چکی ہے کہ حق و باطل کے خیمے الگ الگ ہو چکے ہیں-ہم یہ بھی جاننے کی کوشش کریں گے کہ شام اور القدس سے متعلق احادیث کا تعلق امام مہدی کے دور سے ہے یاں موجودہ جنگی تھیٹر سے جس کو اگر میڈیا کی آنکھ سے دیکھیں تو اصلی لگتا ہے اور اگر قرآن وسنت و تاریخ کے آئینے میں دیکھیں تو نقلی لگتا ہے-

ہم کمیونزم اور سرمایہ داری کی پچاس سالہ جنگ پر بھی نظر ڈالیں گے اور یہ بھی جاننے کی کوشش کریں گے کہ ان دونوں نظاموں کا ظہور کہاں سے ہوا، اطلاق کہاں ہوا اور ان کے ارتقا میں کونسے کونسے عوام شامل ہیں اور اس سارے عمل کے دوران دھوکے کو تلاش کرنے کی کوشش کریں گے تاکہ ہم جان سکیں کہ حدیث میں بیان کردہ دھوکے کے سالوں کا آغاز کب ہوا-اب جب فورتھ انڈسٹریل ریلولوشن کی بات چل رہی ہے ہمیں پیچھے مڑ کر صنعتی انقلاب اور کے انسانیت پر مرتب اثرات کو بھی دیکھنا ہوگا-

آج کے دور میں اصل جنگ ہتھیاروں کی ہے یاں دماغ کی، الفاظ، خبروں، ذہن سازی اور بریکنگ نیوز کی ہے یہ بھی بڑا سوال ہے جنگ زمین پر لڑی جا رہی ہے یاں ہمارے دماغوں کے اندر اور دماغ کو کنٹرول کرنے کیلئے کونسے حارجی عوامل (میڈیا، نصاب تعلیم) اور داخلی عوام (غذا، پانی) کام میں لائے جارہے ہیں ان سب کو دیکھنا ہوگا-

پروٹوکولز کا مصنف لکھتا ہے

"سیاسی آزادی محض ایک تصور کا نام ہے اسکی کوئی ٹھوس حیثیت نہیں ہے، اور ہمیں اس تصور کو بوقت اشد ضرورت استعمال کرنے کا طریقہ معلوم ہونا چاہیے"

اس تصور کو انہوں نے اس وقت استعمال کیا جب وطنی قومی ریاستوں (اسلام میں اور عیسائیت دونوں میں قومیت حرام ہے) کے قیام کے وقت سیاسی آزادی کے تصور کیساتھ آزادی کی تحریکیں چلی اور وہ استعماری طاقتیں جو پہلے سے کہیں زیادہ طاقت میں تھی انہوں نے حیرسگالی (تاریخ کا سیاہ جھوٹ) کمزور اقوام کو آزاد کر دیا-جبکہ کمزور عوام نے ان آزادیوں کیلئے استعماری طاقتوں پر ایک پتھر بھی نا پھینکا-اگر ہم تاریخ پڑھیں تو یہ چھ ہزار سالہ انسانی تاریخ کے انوکھے ترین واقعات تھے جب اس انداز میں اتنی فراخدلی سے تمام استعماری طاقتوں نے محض معاہدوں، کاغذ کے چند ٹکروں کے بدلے ریاستوں کو آزادی دے دی-

میڈیا پر بریکنگ نیوز کی دھاچوکڑی کا مقصد ہی یہیں ہوتا ہے کہ لوگوں کو مسلسل تیسری عالمگیر کیلئے تیار کیا جائے، ذہن سازی کی جائے مگر ان کو کبھی بھی ماضی میں جھانکنے نا دیا جائے، شخصیات کو مقبول بنایا جائے، جن کا بیان کردہ ہی لوگ سچ جانیں اور کسی بھی چیز پر تنقیدی نگاہ نا ڈالیں-میڈیا آپ کو حال میں رکھتا ہے کیونکہ اگر آپ بار بار ماضی میں جائیں گے تو میڈیا کا جھوٹ پکڑنا اور موجودہ سیاسی سٹیج کا ڈرامہ سمجھنا اور زیادہ آسان ہو جائے گا، نا ہی وطنی قومی ریاستوں کے قیام کے وقت کسی کو سیاسی آزادی حاصل تھی اور نا ہی اب مملکتیں سیاسی آزادی کے نعرے کیساتھ تیسری جنگ عظیم کے تھیٹر

میں اتریں گی، یہ تینوں عالمی جنگیں فری میسن کے جنگ کے گرینڈ تھیٹر کا حصہ ہیں اس بار وہ آخری عالمی نظام کی تکمیل چاہتے ہیں تا کہ ورلڈ آرڈر کی تکمیل ہو سکے۔

قدیم میں دو مشرکانہ تہذیبوں یونان اور روم کو آج تیسری مشرکانہ تہذیب یورپ کے علوم تہذیب یافتہ قرار دیتے ہیں اور پوری دنیا کے اہل علم (نام نہاد)اسی فکر کی جگالی کرتے رہتے ہیں۔عقلیں میڈیا کے کھونٹے سی بندی ہوئی ہیں ہم انسانی سطح پر آنے کو تیار نہیں ہیں۔اسی دور کے متعلق اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایالوگوں کی عقلیں چھن جائیں گی ہر کوئی اپنے آپ کو کسی مئوقف پر سمجھے گا حالانکہ وہ کسی چیز پر نا ہو گا (نعیم بن حماد کتاب الفتن)

قدیم مشرکانہ تہذیبوں اور یورپی مشرک تہذیب کے درمیان اسلام کی تہذیب ابھری جسے جدید علم میں دور تاریک سے تعبیر کیا جاتا ہے۔اور آج کے اسلام میں جاہل مذہبی اشرافیہ یورپی مصنفین کی کتب سے وہ اقوال ڈھونڈ ڈھونڈ کر نکالتی ہے جن سے اسلام کے روشن دور کو ثابت کیا جا سکے تا کہ یہ دین کیساتھ اپنی وفاداری کا یقین دلا سکیں حالانکہ اسی دجالی مذہبی اشرافیہ کی بدولت آج یورپ کا مہذب ہونا نونہالوں کے اذہان میں ڈالا گیا ہے۔وہ تہذیب جہاں قوم لوط کے عمل کو قانونی شکل دے دی گئی ہے اگر کوئی اسے مہذب سمجھ کر خود کو مسلمان سمجھتا ہے تو اسے اپنی عقل کا علاج کرانا چاہیے اور وہ جو تاریخ کا پہلا مبارک دور ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے علوم کی برکت سے نواز کر آدم علیہ السلام کو زمین پر اتارا اس مبارک دور کو جدید علمی اصطلاح میں پتھر کا دور کہا جاتا ہے۔اس قدر جھوٹ علم اٹھائے جانے کے باعث ہی رواج پا سکتا ہے۔

1914 میں انسانی تاریخ کی پہلی عالمی جنگ لڑی گئی اور ہمیں بتایا جاتا ہے وہ جنگ مہذب اقوام کے درمیان لڑی گئی وہ مہذب اقوام جنہوں نے سارے علوم کا دھارا بدل کر انہیں نئے رنگ پہنائے اور ان سارے رنگوں کو سینے کیساتھ لگا کر آج ہم فخر کرتے ہیں کیا یہ سارے علوم ان اقوام کو انسانی تاریخ کے بدترین قتل سے بھی نا روک سکے وہ کیسی تہذیب ہے جس میں آپ کتوں کی طرح لڑیں اور پھر بھی اسے مہذب معاشرہ کہیں۔

انہوں نے دنیا کے ہر نظام کو بدل ڈالا اور ہمارے ہاں کی شیطانی مذہبی اشرافیہ نے فوراً ان نظاموں کو مشرف با اسلام کر لیا اس کے ساتھ ساتھ یہ دجال اسلام کی حدمت بھی کرتے رہے دیکھیں کیسے دھوکے کے سال ہیں۔

گویم (یہودی اصطلاح میں جانور) میڈیا پر تمہارا ایمان تمہیں دنیا و آخرت دونوں میں رسوا کر دے گا تیسری عالمگیر جنگ انسانی تاریخ کا بڑا اسٹیج شو ہو گا جس کا پرڈیوسر ابلیس خود ہے۔

https://www.facebook.com/share/p/192MCGeddv/

عالمی جنگوں کا تھیٹر (حصہ سوم)

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دجال کی آمد سے قبل پوری دنیا پر دھوکے کے چند سال آئیں گے جنگوں کا یہ سٹیج شو انہی دھوکے کے سالوں میں سجایا گیا اور اب آخری جنگ کا سٹیج شو سجایا جائے گا جس میں جنگ کے دونوں فریق صرف ابلیس کے غلبہ کیلئے لڑیں گے۔

قدیم زمانوں سے دنیا فطری نظام حکومت کے تحت چلی آرہی تھی۔ساڑھے پانچ ہزار سال تک پوری دنیا میں ایک ہی سیاسی نظام رائج رہا جو دین اسلام کی روشنی میں فطری نظام حکومت ہے اس کے بعد جب فطرت سے چھیڑ چھاڑ ہوئی تو تھوڑے سے عرصہ میں ہر وہ قدیم نظام جڑ سے اکھاڑ پھینکا گیا جس کی عمر انسانیت کی کل عمر کے برابر تھی اور آج جس یورپ میں قوم لوط والے عمل کو قانون شکل دے دی گئی ہے اس یورپ کو مہذب کہا جاتا ہے اور مذہبی اشرافیہ کیطرف سے وہاں کی ہر گمراہی کو مشرف بااسلام کر لیا گیا ہے۔

آپ کو ڈیورانٹ کی کتاب نشاۃ ثانیہ پڑھیں آپ کو معلوم ہو گا بادشاہی نظام میں لوگوں کے حقوق کا زیادہ تحفظ تھا، مذہبی حقوق بھی موجود تھے (آج کے چینی کمیونسٹ ماڈل کیطرح مذہب پر پابندی نہیں تھی جو پوری دنیا میں عام کیا جارہا ہے) اور سب سے بڑھ کر سود حکومتی سطح پر جرم تھا۔یہ سود ہی ہے جو سارے معاشرتی فساد کی جڑ ہے اسی وجہ سے سود کا لین دین کرنے والے کے متعلق اللہ نے قرآن میں وہ رویہ اپنایا ہے جو کسی اور گناہ کے متعلق نہیں فرمایا حتی کے شرک کا گناہ بھی ایسی سزا کا حق دار نہیں قرار دیا گیا۔

غیر فطرت کیطرف سفر میں انہوں نے جس چیز کو سب سے پہلے اکھاڑ پھینکا وہ یہیں پانچ ہزار سال سے چلا آنے والا فطری نظام سیاست یعنی بادشاہت تھا اور پوری چھ ہزار سالہ انسانی تاریخ میں جو پہلی عالمی جنگ ہوئی اس کا ایک بڑا محرک قوم پرستی کا فروغ تھا یہ مین سٹریم تاریخ ہے آپ پڑھ سکتے ہیں، قوم پرستی کو جان بوجھ کر پروان چڑھایا گیا تاکہ انسان قومیت کے نام پر ایک دوسرے کو قتل کریں کیونکہ اس سے قبل پوری انسانی تاریخ میں کوئی عالمی جنگ نہیں ہوئی اس لیئے جب قوم پرستی کے نام پر فری میسن نے یہ جنگ کرائی تب قوم پرستی کو کوئی اچھی چیز نہیں کہا جائے گا کیونکہ انسانی قتل اور اس کی وجوہات کو کوئی شخص پسند نہیں کرتا سوائے ابلیس کے۔

آج پھر سے عالمی جنگ کو میڈیا نے ٹاپ ٹرینڈ بنایا ہوا ہے تاکہ لوگوں کی ذہن سازی ہو سکے یعنی جب اچانک یہ واقع رونما ہو گا تو لوگ یہ نا سمجھیں کہ یہ غیر معمولی چیز بغیر کسی سبب اور وجوہات کے رونما ہو گئی ہے اور اسے انسانیت کے خلاف سازش سمجھیں اس لیئے پہلے سے ذہن سازی کی جارہی ہے بالکل یہیں کام پہلی جنگ عظیم کے موقع پر پریس کے ذریعے کیا گیا اور اس جنگ سے بیس پچیس سال قبل پروٹوکولز آف دی ایلڈرز آف زائن آئے تھے جس میں انہوں نے اعتراف کیا تھا پریس کی طاقت ہمارے ہاتھ میں ہے۔ان حالات میں آپ کو میڈیا کی بریکنگ نیوز سے باہر نکل کر پہلی اور دوسری جنگ عظیم کی وجوہات کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

میڈیا روز موت کی اس قدر خبریں دیتا ہے کہ اب وہ لوگوں کیلئے عام بات بن گئی ہے فلاں جگہ اتنے مر گئے فلاں جگہ اتنے زخمی ہوئے ان واقعات کی تحقیق تو ایک طرف رہی اب لوگ اپنے پسندیدہ موضوعات سے ہٹ کر کسی اور بات پر غور تک نہیں کرتے ہمیں ہر انسانی قتل پر افسوس ہونا چاہیے مگر میڈیا نے ذہن سازی کے مسلسل عمل سے لوگوں کو جانوروں سے بدتر بنا دیا ہے جس قدر افسوس ہمیں فلسطین میں مرنے والوں پر ہوتا ہے اتنا ہی افسوس ہمیں نیویارک میں لگنے والی آگ کے سبب ہونے والی اموات پر ہونا چاہیے اور اگر انڈیا میں مندر میں بھگدڑ مچنے سے انسانی جانوں کا ضیاع ہوتا ہے

تب بھی بطور انسان ہمیں افسوس ہونا چاہیے۔مگر میڈیا نے ہمیں نفرت سے بھرے روبوٹس میں تقسیم کر دیا ہے اور آخری جنگ عظیم کیلئے فری میسن وہ ہتھیار استعمال کریں گے جس کی بنیاد پر سب سے زیادہ قتل ہو سکتا ہے یعنی مذہب کا ہتھیار۔

پہلی جنگ عظیم کے سلسلے میں دو بڑی وجوہات بیان کی جاتی ہے اول قوم پرستی اور دوم استعماری طاقتوں کی غلبے کی خواہش۔ہم صنعتی ترقی اور تہذیب کے عروج کے تناظر میں ان دونوں وجوہات پر غور کرتے ہیں اور سوچتے ہیں کیا انسانیت کی بلندی کیطرف بڑھتے قدم اچانک رک کر بدترین حیوانت کا شکار بھی ہو سکتے ہیں ایسی حیوانیت جس کی مثال پوری انسانی تاریخ میں نہیں ملتی یاں پھر جنگ کے اس سارے سٹیج شو کا مقصد کچھ اور تھا جس کی مین سٹریم تاریخ میں بیان نہیں کیا جاتا کیونکہ اگر لوگ پہلی دو عظیم جنگوں کی اصل وجوہات جان لیں تو وہ تیسری عالمگیر جنگ پر کیونکر آمادہ ہونگے اگر وہ جان لیں پہلی دونوں جنگوں کیلئے عوام کو پراپوگنڈا کے ذریعے تیار کیا گیا تو وہ تیسری عالمگیر جنگ کے پراپوگنڈا میں کیسے آئیں گے اس لیئے دھوکے کا پردہ ہٹنا نہیں چاہیے اور میڈیا کو حوف وہراس پھیلانے سے باز نہیں آنا چاہیے۔

میں مسلم، عیسائی اور یہودی ذہن تینوں کو متوجہ کرتا ہوں اور پوچھتا ہوں علم کی ترقی کا دور میں زیادہ تھی کیا اللہ نے آدم علیہ السلام کو جن چیزوں کا علم سکھایا تھا وہ علم آج کے دور میں نام نہاد علوم کی ترقی کے دور میں کسی ایک شخص کے پاس بھی ہے میں آپ کو متوجہ کرتا ہوں وہ جس کے پاس کتاب کا علم تھا جو پلک جھپکتے تخت دربار میں لے آیا کیا علوم کی نام نہاد ترقی کے دور میں وہ علم کسی کے پاس ہے حضرات میں آپ کے سامنے اللہ کے نازل کردہ علوم کا مقدمہ پیش کر رہا ہوں یہ مذہب کا مقدمہ نہیں ہے۔کیا انبیا کے دور میں زیادہ علم تھا یاں اب ہے حقیقی طور پر علوم کی ترقی کا دور کونسا تھا۔

انسانیت کی معراج علم ہے اور علم کے معاملے میں انسانیت آدم علیہ السلام کے وقت میں اپنی معراج پر تھی پھر جوں جوں وقت گزرتا گیا جاہلیت پھیلتی گئی جب کبھی کوئی نیا نبی آتا اللہ ایک بار پھر سے اس نبی کو چیزوں کا علم دیتا آخری نبی اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے اور انہوں نے بھی فرمایا علم اٹھالیا جائے گا صحابہ نے پوچھا کیسے تو فرمایا علمائے حق کی روحیں قبض کر کے، اس سارے تناظر کو سامنے رکھ کر سوچیں اصل علم کس کے پاس ہوتا ہے اور اس سب کے ہوتے ہوئے جب آپ کہتے ہیں کہ جو چیز انسانیت کی ساڑھے پانچ ہزار سالہ تاریخ میں انسانوں کو معلوم نہیں ہوئی وہ چیز 1543 میں کوپرنیکس کو پہلی بار معلوم ہوئی وہ شخص جس کے پاس وحی کا کچھ علم نہیں تھا وہ نظریہ جو قرآن اور بائیبل کی تعلیمات کے سریخ خلاف تھا(اس ضمن میں میرا تفصیلی مضمون موجود ہے)

اللہ کی تحلیق میں دو چیزیں سب سے اہم ہیں اول انسان اور دوم کائنات اس مغربی تہذیب جس نے ہر اخلاقی اصول کو روندتے ہوئے جس قدر ہو سکا فطری طریقہ بودوباش کو بدلنے کی کوشش کی انسانی تاریخ میں پہلی بار قوم لوط ہے عمل کو قانونی کر دیا اور آپ کی عقل کی مت ماری گئی ہے آپ مجھے کہہ رہے ہیں ساڑھے پانچ ہزار سال تک تو تمام انبیاء سمیت سارے انسان زمین کو ساکن سمجھتے رہے اور جس وقت کوپرنیکس پولینڈ میں پیدا ہوا جس معاشرے میں اس نے پرورش پائی وہ معاشرہ کس قدر اخلاقی انحلاط کا شکار تھا اس چیز کے ثبوت میں اس وقت کے پولینڈ میں لکھی گئی تاریخی کتب سے دوں گا۔

کائنات کے بعد انہوں نے انسان کے متعلق وہ نظریہ پیش کیا جس کو پوری انسانی تاریخ میں کوئی نہیں جانتا تھا یعنی انسان بندر کی ترقی یافتہ شکل تھی۔اب ہم جنگ کے تھیٹر پر آتے ہیں آپ اس ساری ترقی کو درست بھی مان لیں یعنی یورپ علوم کو ان کی معراج پر لے گیا اور تہذیب کی وہ بلندیاں چھوکی جن کے متعلق سوچا بھی نہیں جا سکتا تھا اس کے بعد وہ انسانی تاریخ کی سب سے خونریز جنگ میں کود پڑا کیا آپ کی عقل اس بات کو تقسیم کرتی ہے۔یاں پھر جیسے یہ علوم کی ترقی دھوکہ تھی ویسے ہی جنگ بھی دھوکہ تھی، پہلی بار ان کو چین نا ملا صرف بیس سال بعد دوسری عالمگیر جنگ چھیڑ دی گئی۔

دنیا بھر کے کروڑوں لوگ تیسری عالمگیر جنگ کی خبروں کو انٹرٹینمنٹ کے طور پر لے رہے ہیں ان کو معلوم ہے نہیں پہلی جنگ عظیم کا سبب کیا تھا۔کیا علوم کی ترقی کے دور میں بھی قوم پرستی جیسی جاہلیت کے متعلق سوچا جا سکتا ہے جس بنیاد پر یورپ نے جنگیں لڑی۔کیا ایک مہذب آدمی میں برداشت نہیں ہوتی کیا وہ دوسروں کے عقائد کا احترام نہیں کرتا ہم صرف مین سٹریم تاریخ کی بات کر رہے ہیں اگر دوسری جنگ عظیم کے بعد یورپ سدھر گیا تھا اس کی انسانیت جاگ گئی تھی اور اس نے ہمدردی کے طور پر اپنی کالونیوں کو آزادی دے دی تھی پھر نیٹو بنانے کا کیا مقصد تھا اگر سرمایہ داری ایک نظریہ تھا تو مہذب معاشرے کو کمیونزم سے کیا بیر تھا۔

پہلے تو کمیونزم کی مخالفت کی گئی مگر وہ سب دھوکہ تھا کیونکہ آخر میں فری میسن نے اسی کمیونزم کو عالمی نظام کے طور پر پوری دنیا پر مسلط کرنا تھا اور اسی نئے نظام کیلئے تیسری عالمگیر جنگ کی تیاری ہے کیونکہ پہلی دونوں عظیم جنگوں کے بعد عالمی نظام بدلے گئیے ان جنگوں کے یہیں اصل مقاصد ہوتے ہیں جو مین سٹریم تاریخ میں بیان نہیں کئیے جاتے۔اب یورپ کے مرکز میں موجود ورلڈ اکنامک فورم بھرپور طریقے سے کمیونزم کے حق میں ذہن سازی کر رہا ہے اور یہیں کام صیہونیت کا سب سے قدیم شمارا اکانومسٹ میگزین کر رہا ہے جس کی بنیاد یورپ کے سب سے بڑے اور دنیا کے سب سے بڑے یہودی بینکار خاندان روتھ چائلڈ نے رکھی۔آپ مجھے کہتے ہیں سویت یونین اور روس نے پچاس سال تک کمنویزم اور سرمایہ داری کیلئے جنگیں لڑی تو پھر یہ موجودہ طرف عمل کیا ہے کیا واقع ہی امریکہ اور روس میں اور امریکہ اور چین میں کوئی دشمنی ہے یاں یہ سب دھوکہ ہے۔

آپ کو کم از کم اتنا تو سوچنا چاہیے کہ انسانی تاریخ کی سب سے پہلی عالمی جنگ کیلئے وجہ بھی اتنی بڑی ہونی چاہیے

کیا وہ وجہ اتنی بڑی تھی؟؟؟

https://www.facebook.com/share/p/191zM7Qj7W/

پیارے دشمن عالمی معاشی نظام اور امریکہ وچین دشمنی کا دھوکہ

پیارے دشمن

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دجال کی آمد سے پہلے پوری دنیا پر دھوکے کے چند سال آئیں گے۔

یہ عالمی منظر نامہ ہے پوری دنیا اس عالمی منظر نامے نامے کو یاد رکھیں تا کہ آپ کو عالمی سیاست کے سٹیج شو پر اصل اور نقل دشمنوں کی پہچان ہو سکے نیز اس حدیث کی بھی سمجھ آسکے کہ اب وہ دھوکے کے سال آچکے ہیں یاں نہیں۔نیز آپ کڑیاں ملا کر فتنہ کو پہچان سکیں۔

امریکہ پوری دنیا میں چینی مصنوعات کا سب سے بڑا خریدار ہے اور امریکہ وچین پوری دنیا میں سب سے بڑے تجارتی پارٹنر بھی ہیں اس کے ساتھ ہی یہ دونوں سپر طاقتیں ایک دوسرے کی دشمن بھی ہیں۔یہ تو واضح تضاد ہے دشمن بھی اور سب سے بڑے تجارتی پارٹنر بھی۔ہم اس کو سادہ مثال سے سمجھتے ہیں تا کہ معلوم ہو کہ دھوکے کے سال کیا ہیں۔اگر میری پچھلی گلی کے دکاندار سے لڑائی ہو جائے تو وہ میرا دشمن بن جائے گا اس کے بعد میں اس سے کبھی خریداری نہیں کروں گا بھلے مجھے اس سے پچھلی گلی یاں دو تین گلیاں دور ہی کیوں نا جانا پڑے یاں بھلے میرے گاؤں و محلے میں وہ واحد دوکان ہو تو مجھے دوسرے محلے یاں گاؤں ہی کیوں نا جانا پڑے بھلے جس سے میری لڑائی ہوئی ہے اس کی چیز سستی ہی کیوں نا ہو مگر میں دوبارہ اس کے پاس نا جاؤں گا

-

یہ تو ہوئی ہم عام لوگوں کی زندگیاں جن میں دوستی اور دشمنی دونوں اصلی ہوتی ہیں مگر ابلیس کے ہاتھ پر بیعت عالمی طاقتوں کی دشمنیاں کیسے مصنوعی ہوتی ہے اس کا اندازہ اس مثال سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔

اب بات آجاتی ہے جو ہم سوچتے ہیں کیا ہم وہ خود سوچتے ہیں یاں میڈیا ہمیں سوچنا سکھاتا ہے اگر تو عام لوگوں کی بات کی جائے اور اپنی ذاتی سوچ کی بات کی جائے تب تو امریکہ اور چین کی دشمنی سمجھ نا آئے کیونکہ ایک ہی وقت میں دو سب سے بڑے دشمن دو سب سے بڑے تجارتی پارٹنر نہیں بن سکتے اور اگر بات کی جائے کہ جو ہم سوچتے ہیں وہ ہم خود نہیں سوچتے بلکہ ہمیں سوچنا سکھایا جاتا ہے وہ سوچ کوئی دوسرا ہمارے ذہن میں ڈالتا ہے پھر تو امریکہ اور چین کو دشمن مانا جاسکتا ہے کیونکہ وہ قوت جو ہمیں سوچنا سکھا رہی ہے ہمارے اذہان میں جھوٹے تصورات بٹھا رہی ہے وہ میڈیا ہے اور ہماری اس سوچ کا سبب میڈیا پر ایمان ہے کوئی شخص خود کو جتنا سیکولر، ملحد اور فری میسن سمجھے اس کو ماننا ہو گا کہ میڈیا اسکو سوچنا سکھا رہا ہے اور اللہ پر نا سہی اسکا میڈیا پر ایمان ضرور ہے اور یہیں معاملہ مذہبی لوگوں کا بھی ہے یعنی سبھی کا ایمان میڈیا پر ہی ہے مگر ہمیں اپنے اپنے مذاہب کی مذہبی اشرافیہ نے یقین دلا رکھا ہے کہ تم عیسائی ہو مسلم ہو یہودی ہو سکھ ہو اور ہندو ہو تا کہ میڈیا کے مذہب کو چھپایا جاسکے اور دھوکے کے ایمان پر لوگوں کو مطمئن رکھا جاسکے۔

ٹرمپ کیطرف سے ٹریڈ وار کے فسانے پر میں نے دو مضمون الگ سے لکھے ہیں جن کے لنک میری پن پوسٹ میں موجود ہیں اگر ان دونوں مضامین کو اس مضمون کیساتھ ملا کر حالی الذہن ہو کر پڑھا جائے تو بات سمجھنا قطعی مشکل نا ہو گا۔میں چونکہ میڈیا کے مذہب اور شخصیات پر ایمان نہیں لاتا اس لیئے اگر میرے تعلق سے آپ کو یہ بات سمجھ آجائے تو اس میں آپ کی کوئی ہزیمت، شکست یاں بدنامی نا ہو گی بلکہ آپ فتنہ کو سمجھیں گے اور جیت آپ ہی کی ہو گی میرا مقصد صرف فتنہ کی پہچان کرانا ہے بلاشبہ آپ مجھ دو گالیاں بھی دے لیں میں ناراض نہیں ہو نگا مگر بات سمجھ لیں۔

اس وقت چین کے پاس امریکہ کے سات سو ارب ڈالر کے بانڈ موجود ہیں ہیں جی ہاں سات سو ارب ڈالر کے بانڈ۔امریکہ چونکہ چینی مصنوعات کا سب سے بڑا خریدار ہے اس لیئے سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ ادائیگیاں کیسے کرتا ہو گا تو امریکہ چین کو ڈالر میں ادائیگی کرتا ہے اب ایک اور سوال پیدا ہوتا ہے

آخر امریکی ڈالر بنتا کیسے ہے یعنی ڈالر بنانے کیلئے خام مال کہاں سے آتا ہے تو خام مال ہے درخت اور امریکہ میں درختوں کی کمی نہیں ہے بلکہ اگر امریکہ میں درخت ختم بھی ہو جائیں تو وہ انہیں چین سے بھی مانگ لے تب چین جتنے وہ چاہے امریکہ کو دے ڈالے گا درخت کوئی قیمتی شے تو ہے نہیں قیمتی تو سچ ہے اور وہ ملتا نہیں کیونکہ ہم میڈیا سے سچ خریدنے کے چکر میں ہمیشہ گھاٹا اور دھوکہ کھاتے ہیں۔

جس طرح سے بینک ڈالر چھاپتے ہیں اس سکیم کو معیشت کی زبان میں ہوا سے پیسہ تخلیق کرنا کہتے ہیں out of thin air_

یعنی کچھ بھی نہیں ہے امریکہ ڈالر نکال لیتا ہے اس سطح کا جادو انسانی تاریخ میں پہلے کبھی نہیں دیکھا گیا اور نا دیکھا جائے گا کیونکہ یہ جادو امریکہ اور عالمی حکومتوں کو ابلیس نے سکھایا ہے۔آگے بڑھنے سے قبل ہم کچھ اور ضروری سوالوں کے جواب جان لیتے ہیں (براہ کرم بہت ساری چیزیں میرے ذہن سے نکل جائیں گی آپ سوال کیجئے گا تاکہ وہ مجھے یاد آجائیں کیونکہ ڈالر کی ایجاد کے متعلق بہت بہت ضروری بحث میں فلحال چھوڑ رہا ہوں جس سے اس دھوکے کی بہت بہتر انداز میں سمجھ آئے گی)۔امریکہ تو چین سے ساری مصنوعات فری خریدتا ہے یعنی مراد امریکی کمپنیاں جس پر وہ حکومت کو ٹیکس الگ دیتی ہیں اور چینی کمپنیاں الگ ٹیرف دیتی ہیں یعنی ان دونوں کے سرمایے کا کافی سارا حصہ بھی امریکی حکومت کھا جاتی ہے پھر ان کمپنیوں سے جو لوگ اشیا خریدتے ہیں وہ بھی پیسوں کی لیتے ہیں اور ان پیسوں کو کمانے کیلئے وہ پھر سے مختلف کمپنیوں کو اپنی محنت اور ہنر بیچتے ہیں۔اب اگر عالمی غربت کا گراف دیکھیں تو وہ مسلسل بڑھتا ہی جا رہا ہے۔

چینی مصنوعات کے عوض کو ڈالر چین کی حکومت کو ملتے ہیں ان ڈالروں کو بنانے میں تو امریکہ کی کسی قسم کی کوئی قوت صرف نہیں ہوئی یعنی ہوا سے تخلیق کیئے گئے ہیں گویا امریکہ چین سے مفت میں اشیا خریدتا ہے اس کے بعد چین ان ڈالروں کا کیا کرتا ہے ایک طرح کا فایدہ تو وہ امریکہ کو دے چکا چین پھر سے ان ڈالرز کے ذریعے امریکی بانڈ خرید کر امریکہ کو اور فایدہ دیتا ہے گویا امریکہ کے وہ ڈالر پھر سے امریکہ کے پاس واپس آجاتے ہیں۔

امریکہ تو چین سے ڈالر میں خریداری کرتا ہے مگر سوال یہ ہے کہ چین امریکہ سے کس کرنسی میں خریداری کرتا ہے تو جواب ہے یہاں بھی ڈالر کی استعمال ہوتا ہے۔اس تضاد کو میڈیا پر ایمان لانے والے یوں حل کرتے ہیں چونکہ ڈالر عالمی ریزوو کرنسی ہے اس لیئے چین کو ایسا کرنا پڑتا ہے ابھی وہ سوال باقی ہیں اگر یو آن ریزرو کرنسی بن جانے تو پھر ساری دنیا چین کو فایدہ دے گی اس سب میں انسانی مفاد کہاں گیا اور بڑھتی مہنگائی کیسے رکے گی۔ کوئی ایک فرد بھی ایسا نہیں ہے جو کہتا ہو چین اپنے مفاد کے خلاف جا کر کام کرتا ہے مگر یہاں پھر بھی تضاد ہی تضاد ہے۔

یہیں پر ایک اور سوال رکھ دیتے ہیں اس سارے پیچیدہ معاشی کھیل کے متعلق ہمارے تعلیمی نظام میں علما کیطرف سے یاں میڈیا کیوں کچھ نہیں بتاتا۔ کیوں کہیں لوگوں کو دھوکے کا علم نا ہو جائے۔مزے کی بات یہ ہے کہ 1971 تک پوری دنیا ڈالر کے بدلے امریکہ کو دیتی رہی وہ سونا جسے قرآن میں اصل زر کہا گیا ہے بریٹن ووڈز کے نظام کے بعد لوگوں کو بتایا گیا کہ ڈالر ریزرو کرنسی تو ہے مگر امریکہ جتنے ڈالر چھاپے گا انکی پشت پر اتنا ہی سونا ہو گا یعنی ایک ڈالر کے پیچھے 1/20 اونس سونا ہو گا مگر کیا حقیقت میں بھی ایسا ہی تھا نہیں یہ دھوکہ تھا دجال کا دھوکہ دجال کی آمد سے پہلے والے دھوکے کے سال جن کے متعلق ساری مذہبی اشرافیہ کو علم ہے مگر یہ دجال کے ہاتھ پر بیعت لوگوں کو نہیں بتاتے۔1971 میں فرانس کی طرف سے جان بوجھ کر یہ راز کھولا گیا تاکہ دھوکہ دیا جاسکے کہ واقع ہی ہر ملک کے اپنے اپنے مفادات ہیں اور وہ دھوکہ میں نہیں آتے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ پوری دنیا کی قیادتوں کو پہلے دن سے قائد اعظم سمیت یہ معلوم تھا کہ یہ دھوکہ ہے اور کسی ایک ڈالر کی پشت پر ایک اونس سونا بھی نہیں ہے۔

اب کوئی اسلامی معاشی نظام میں سونے وچاندی کے سکوں کی بات کرے یاں نا کرے وہ شخص جو میڈیا پر ایمان نہیں لاتا اس کو معلوم ہے اس دجالی دھوکے کے نظام کا توڑ یہیں ہے اور امام مہدی سے توڑ کریں گے۔

امریکہ کی اس دوستی نما دشمنی کو عالمی اصطلاح میں پیارے دشمن کہا جاتا ہے یعنی ایمان والوں کو سمجھنا چاہیے کہ یہ پیارے دشمن حقیقت میں صرف پیارے ہیں دشمن نہیں ہیں بلکہ دونوں دجال کیلئے کام کر رہے ہیں اور اگر چین امریکہ کی دشمنی میں افغانستان کی فوج کی مدد کرتا ہے یاں حماس اور الفتح کو اپنے پاس بلا کر انکی دوستی کراتا ہے تو وہ یہ اقدام امریکی دشمنی میں نہیں بلکہ دھوکے کے طور پر اٹھاتا ہے تاکہ جاہل مسلمانوں کو اس بات کا یقین دلایا جا سکے کہ آخری صلیبی جنگ میں ملحد ولادین چین اسلام کی سربلندی کیلئے اسلامی بلاک کا حصہ بنے گا-اور افغانستان و حماس والا جہاد اصلی ہے-حماس اور اسرائیل دونوں کے پاس سودی مالیاتی نظام ہے یہ دونوں بھی پیارے دشمن ہیں اور یہیں معاملہ افغانستان و امریکہ کا بھی ہے آپ اس پیارے دشمن کی اصطلاح کے دھوکے میں اصل دشمن دجال کو نا بھول جائیں جس کے ہاتھ پر یہ سب پیارے دشمن بیعت ہیں-

اب اس مصنوعی دھوکے کی کاغذی کرنسی کے حیال سے باہر نکلیں یہ یوآن اور یورو اور ریال میں تجارت کے دھوکے سے باہر آئیں ڈیجیٹل کرنسی آرہی ہے جس کا کنٹرول ایک عالمی بینک

(Bis (Bank of international settlement

کے پاس ہو گا (پوری دنیا پر دھوکے کے سال یعنی عالمی) یہ بینک بھی عالمی ہو گا دنیا عالمی دھوکے کے نظام سے جڑ جائے گی میڈیا پر ایمان لانے والوں تمہارے پاس سوچنے کو بہت کچھ ہے-imf, ورلڈ بینک، g20 اور ورلڈ اکنامک فورم پالیسی ڈیٹا اکٹھا کرنے اور نگرانی کا کردار ادا کریں گے پہلے یہ جونکیں انسانیت کا خون چوس رہی ہیں پھر سے انہی کے ہاتھ میں عالمی دجالی معاشی نظام کی باگ تھما کر انسانیت کا کونسا بھلا کیا جاے گا مجھے یہ سمجھا دیں اور یہ بھی کہ دجالی مذہبی اشرافیہ اس پر کیوں خاموش ہے وہ اس دھوکے کی خبر کیوں نہیں دیتی، ابولبابہ شاہ منصور اور مولانا عاصم عمر کو کیوں کیڑے پڑ گئے جو انہوں نے اس دھوکے کی خبر نا دی-

ہر مین سٹریم ادارہ اس نظام کو آزادی کا خاتمہ، مکمل نگرانی، ڈیجیٹل غلامی اور مالیاتی سینسر شپ کہتا ہے-

قرآن میں ابلیس کا دعویٰ

میں ان کے آگے پیچھے دائیں بائیں سے آوں گا

وہ آچکا ہے

دجال کہے گا میں تمہیں رزق دیتا ہوں، میں تمہیں پانی دوں گا، میں بارش برساوں گا (صحیح مسلم)

اس نظام کا مکمل کنٹرول ورلڈ اکنامک فورم کے پاس ہو گا آپ دیکھ لیں میڈیا پر ایمان ٹیسٹ کر لیں تحقیق کر لیں وہ ورلڈ اکنامک فورم جو LGBTQ کا سب سے بڑا اسپورٹر ہے یعنی پوری دنیا کو مرد و عورت کی بجاے تیسری جنس میں تبدیل کر دوں فری میسن کا خدا بیفومٹ آدھا مرد آدھا عورت آخر فطرت میں تبدیلی سے بڑھ کر ابلیس کا اور کیا منصوبہ ہو سکتا ہے کیا سونے اور چاندی کا کرنسی نظام فطری نظام نا تھا مگر تمہاری مذہبی اشرافیہ اس وقت دجال کے ہاتھ پر بیعت ہو چکی تھی اور اب یہ عام بات ہے انہوں نے تمہیں ان لایعنی مسائل میں الجھا رکھا ہے جن کا تمہاری دیں و دنیا سے کچھ تعلق نہیں ہے-

https://www.facebook.com/share/p/18xqyVVrJN/

دھوکے کے سال

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دجال کی آمد سے قبل پوری دنیا پر دھوکے کے چند سال آئیں گے یہ سنن ابن ماجہ کی صحیح الاسناد حدیث ہے باقی کتب میں بھی موجود ہے۔

یہ حدیث میرے لئیے دجالیت کو سمجھنے کی شاہ کلید ہے کیونکہ اس حدیث میں پوری دنیا کو دھوکہ دینے کا ثبوت ہے نا کہ صرف مسلمانوں کو یعنی اگر آپ سپیس کی بات کریں تو وہ اس ضمن میں ایک یہودی کو بھی اتنا ہی دھوکہ دیا جائے گا جتنا مسلمانوں کو دیا جاتا ہے

اگر آپ میڈیا کی آمد سے پہلے والے دور میں چلے جائیں تو کسی بھی طریقے سے ممکن نہیں تھا کہ پوری دنیا کو دھوکہ دیا جا سکتا مگر چونکہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیشن گوئی موجود تھی اس لئیے یہ دھوکے کے سال ضرور آنے تھے

اگر میں دجالیت پر کوئی کتاب لکھتا تو اس حدیث کو کتاب کے سرورق پر چھاپتا، یاں اگر میں کوئی تعلیمی ادارہ بناتا مدرسہ یاں یونیورسٹی تو اس کے استقبالی دروازے پر اس حدیث کو کنندہ کراتا کیونکہ اب جبکہ قیامت کی علامات صغری تقریباً مکمل ہو چکی ہیں تو کوئی وجہ نہیں یہ دھوکے کے سال جاری ہوں اگر آپ تھوڑا سا غور کریں تو جب قیامت کی علامات صغری تیزی سے پوری ہونی شروع ہوئی تب ہی ان دھوکے کے سالوں کا آغاز شروع ہو گیا تھا

اس ضمن میں سب سے پہلا کام جو ہوا وہ دینی اور عصری نظام تعلیم کی علیحدگی تھی جس کیلئے فری میسن نے ہمارے ہاں سرسید احمد خان کو لانچ کیا مگر اس دجالی چال کو چھپانے کیلئے بعد والوں میں سے جتنے بھی فرقوں کے علماء آئے تمام بڑے بڑے نام انہوں نے سرسید پر یہ الزام نہیں لگایا بلکہ اس کی تفسیر کے باعث جس میں اس نے بارہ سو سال پہلے والے تقریباً تمام اسلامی عقائد کا انکار کر دیا اس کے باعث صرف سرسید کو گمراہ قرار دیا اور اس کا اثر یہ ہوا کہ وہ گمراہی خاموشی سے پورے اسلامی معاشرے میں سرایت کرتی گئی اور بالآخر اس کفریہ معاشرہ بنا دیا۔

ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ دجال کے منصوبے میں رنگ بھرنے کیلئے پہلی کوشش یعنی عصری و دینی نظام تعلیم کی علیحدگی کو واضح کیا جاتا اور سرسید کو دجال کا ایجنٹ قرار دیا جاتا مگر حرام وطنی قومی ریاست میں (حدیث میں آیا ہے اسلام میں قوم پرستی حرام ہے) سرسید کو مسیحا کہلوایا گیا اور اسی دجال کو پاکستان وطنی قومی ریاست کا اولین خیال پیش کرنے والا کہا گیا۔ قومیت اسلام میں حرام تھی اور 1947 سے پہلے والے مسلمان اس بات کو کچھ کچھ جانتے تھے اسی لئیے اقبال کو بھی لانچ کیا گیا تا کہ وہ جو فری میسن نے کرنا ہے اس کے خلاف اقبال کی زبان سے ایسے کلمات کہلوائے جائیں جس سے لوگ سرسید کی طرح اسے بھی مسیحا سمجھیں۔اور یہ اشخاص جو کام کریں اپنے کلام میں اس کی مذمت کریں اس سے ہو گا یہ کہ ان کے کلام کی تو تشہیر کی جائے گی مگر جو کچھ انہوں نے عمل کیا وہ کسی کو نہیں بتایا جائے گا۔

اگر آپ سرسید اور علامہ اقبال دونوں کی بات کریں تو انہوں نے بالکل وہیں دھوکے کے طریقے اپنائے جن کے متعلق حدیث میں متنبہ کیا گیا تھا سرسید نے جس تفسیر میں اسلام کے بارہ سو سال کے متفقہ عقائد سے انکار کر دیا اسی تفسیر کے آغاز میں دھوکہ دینے کیلئے لکھ دیا کہ میں تاویل کو کفر سمجھتا ہوں حالانکہ ساری تفسیر میں اس نے ایک ایک سطر سطر میں تاویل کا سہارا لیا ہے علامہ اقبال نے نا صرف اپنی شاعری میں سرسید کی تعریفوں کے پل باندھے بلکہ بالکل اسی جیسا دھوکے کا انداز اپنایا اس نے اپنی نظم وطنیت میں کہا

دور حاضر کے بتوں میں بڑا سب سے وطن ہے

جو پیراہن ہے اس کا وہ مذہب کا کفن ہے

اور کہا

اس وطن سے

قومیت اسلام کی جڑ کٹتی ہے تو اسی سے

یعنی اسلام میں وطنیت کا تصور نہیں ہے نا قومیت کا بلکہ یہاں تو امہ کا ذکر ہے جس کا سربراہ ہمیشہ ایک ہی ہوگا- آج کے دور کے مفسرین اور کتب حدیث کے شارحین نے (بالخصوص جو شروخات مدرسوں میں پڑھائی جاتی ہیں) سر سید اور اقبال کیطرح تاویلات کے ذریعے ہیں اسلام کی تعلیم کو بدل دیا اور قرآن و سنت کی واضح نصوص کے خلاف تاویلات کی پراپوگنڈا اسے ان کا دیں ہونا مشہور کر دیا اور آج لوگ اسی تحریف شدہ دین کو اصل دین مانتے ہیں یہ سب دھوکے کے سالوں کی دین تھی- قومیت اور وطنیت پر تنقید کر کے علامہ اقبال نے خود ہی وطن کا تصور بھی پیش کر دیا چونکہ لوگوں کی ذہن سازی پہلے اقبال اور اسکی تعلیمات کے متعلق ہو چکی تھی اخبارات میں بھی اسے مسیحا ظاہر کیا جارہا تھا اس وجہ سے لوگوں کی توجہ اسلام کی صریح تعلیمات کے برعکس اقبال کے عمل پر نا گئی بالکل ایسے ہی جیسے سر سید کے متعلق اخبارات میں اس کے محسن قوم ہونے کا پراپوگنڈا کیا گیا اور اس کی کتاب اسباب بغاوت ہند نے اس پراپوگنڈا میں حاص حصہ ڈالا حالانکہ فری میسن نے خود پراپوگنڈا کیلئے اور سر سید کو ہیرو بنانے کیلئے یہ کتاب لکھوائی تھی
-

آج جب فری میسن اسلام پسند جمہوریت پر تنقید کرتے ہیں بشمول ڈاکٹر اسرار وغیرہ تو اقبال کی شاعری کا ہی سہارا لیتے ہیں اور ڈاکٹر علامہ محمد اقبال نے خود اسی کفریہ جمہوریت کے تحت تاج برطانیہ میں لاہور سے الیکشن لڑا مگر مذہبی اشرافیہ کے تمام علمی بونے لوگوں کو اپنے معتقدین، مریدین اور عبادت گزاروں کو یہ بات نہیں بتاتے کہ جس اقبال کے اشعار سے ہم جمہوریت پر تیشہ چلا رہے ہیں وہیں اقبال خود جمہوریت میں الیکشن لڑ چکا ہے یہ اشعار کہنے کے بعد-

https://www.facebook.com/share/p/1Amw3dzuTH/

پوپ کی ورلڈ سٹیج سے روانگی اور گولڈن ایج

ٹرمپ نے صدارت سنبھالتے ہی ایک جملہ بار بار دہرانا شروع کیا کہ اب گولڈ ایج کا دور ہے اور میں اسے واپس لیکر آؤں گا-20مارچ 2023 کو میں نے اپنے آخر الزماں والے فیس بک اکاؤنٹ سے ٹرمپ کے متعلق ایک طویل مضمون لکھا تھا جو وہاں اب بھی پن پوسٹ میں موجود ہے اس مضمون کا عنوان تھا دجال آرہاہے-دجال سے مراد ٹرمپ بذات خود نہیں ہے بلکہ وہ دجال کیلئے رستہ ہموار کرنے کیلئے لایا گیا ہے باقی بچے منصوبوں کی تکمیل کیلئے اور نمبرز کی زبان میں تمام اعداد ٹرمپ کیطرف اشارہ کرتے ہیں اسکا دجال سے تعلق ظاہر کرتے ہیں میرے اس مضمون میں ان تمام چیزوں کی تفصیلات موجود ہیں اسی مضمون میں جو 2023 میں لکھا گیا میں پاکستان میں واحد شخص ہوں جس نے ٹرمپ کے دوبارہ صدر بننے کی پیشن گوئی کی تھی-

ٹرمپ جو گولڈن ایج کی اصطلاح استعمال کرتا ہے وہ علامتی اصطلاح ہے جس سے فری میسن دجال کا سنہری دور مراد لیتے ہیں فری میسن چونکہ علامات، اشاروں اور اعداد کی زبان استعمال کرتے ہیں اس لیئے ٹرمپ بار بار گولڈن ایج کا نام لیتا ہے مگر اس سے مراد دجال کا دور حکومت ہے اس کا حروج یاں ظاہر ہونا ہے ایک ایسا شخص جو یہودیوں، عیسائیوں اور مسلمانوں تینوں کیلئے قابل قبول ہو گا-میرے حیال میں وہ ایسے شخص کو آخری صلیبی جنگ کے بعد ظاہر کریں گے جو آکر دنیا کے مسائل حل کرے گا امن پیدا کرے گا-

دنیا میں جو کچھ بھی ہو رہا ہے وہ مستقبل کی صورتحال کا علامتی اظہار ہے جس وقت پوپ مرا اس وقت پوپ کے ہی شہر روم میں امریکہ اور ایران کے ایٹمی ہتھیاروں کے متعلق مذاکرات ہو رہے تھے اور پوپ ہٹلر کی سالگرہ والے دن 88 سال کی عمر میں مرا یہ سب تیسری جنگ عظیم کی آمد کا علامتی اشارہ ہے جس کی منصوبہ بندی فری میسن نے دو سو سال سے کرر کھی ہے موجودہ تمام جنگوں کے سٹیج شو اسی مقصد کیلئے سجائے گئے ہیں

کیا ہر بار کی طرح پوپ کی موت کی پیشن گوئی موجود تھی تو جی ہاں سمپسن کارٹون میں 2025 میں پوپ کی موت ظاہر کی گئی تھی ویڈیو میں اپنے میسنجر چیٹ گروپ میں ارسال کر دوں گا-آپ کتنی چیزوں کو اتفاق کہہ سکتے ہیں-کیتھولک پوپ، پوپ ملیکی کی پیشن گوئی موجود تھی کہ 112 واں پوپ آخری پوپ ہو گا اور اس کے بعد دجال ظاہر ہو گا تو اب پوپ کی موت اس چیز کا علامتی اظہار ہے ایک نئے آغاز کی طرف اشارہ دی گریٹ ری سیٹ اور جس کو ٹرمپ گولڈن ایج کہتا ہے یعنی دجال کا دور-پوپ 88 سال کی عمر میں مرا اور اسی دن ورلڈ اکنامک فورم کا سی ای او کلاس شواب 88 سال کی عمر میں عہدہ چھوڑ گیا 8 نیومورولوجی میں تکمیل کا نمبر ہے اسی وجہ سے بیٹا کیلئے 8 کی علامت چنی گئی ہے یعنی ایک دور کا خاتمہ اور فری میسن کے نزدیک دجال کے سنہری دور کا آغاز جو یقیناً پوری انسانیت کیلئے تاریک دور ہو گا-جب پوپ کی موت ہوئی اس وقت بٹ کوائن 88 ہزار پر ٹریڈ کر رہا تھا یہ نئے معاشی نظام ڈیجیٹل کرنسی کی آمد کا علامتی اظہار ہے جو فری میسن کا منصوبہ ہے-ورلڈ اکنامک فورم کے قیام کی سالگرہ کے 88 ویں دن اس کے صدر نے عہدہ چھوڑا-

اگر گولڈن ایج کی بات کریں تو پوپ اپنی موت سے چند گھنٹے قبل امریکی نائب صدر جے ڈی وینس سے ملا جس نے گولڈن ٹائی پہن رکھی تھی یہیں گولڈن ٹائی پچھلے ہفتے ٹرمپ نے ایران سے نیوکلئیر مذاکرات کی بات کرتے ہوئے پہن رکھی تھی-پوپ کو ٹرمپ حکومت کا گہرا ناقد سمجھا جاتا تھا اور اس کی موت سے چند گھنٹے قبل ٹرمپ نے نائب سے اسکی ملاقات اتفاق تو نہیں ہے اس کی صرف ایک وجہ تھی اور وہ تھا کچھ چیزوں کا علامتی اظہار جن کے بیان کیلئے میں یہ مضمون لکھ رہا ہوں-

اس وقت اگلے پوپ کی فہرست میں ایک افریقن کارڈنل کا نام سر فہرست ہے اور ناسٹر اڈیمس فری میسن کی کالے پوپ کے متعلق پیشن گوئی مشہور ہے جس شخص کا نام سب سے اوپر ہے وہ بھی کالا کارڈنل ہے اور اسے سحت گیر رویے کیوجہ سے یاد رکھا جاتا ہے یعنی متشدد عیسائی کارڈنل پہلے والا پوپ اس کا

ذرا سیکولر ہونا ظاہر کیا گیا اسی وجہ سے وہ فلسطینیوں کے متعلق نیک تمناؤں کا اظہار کرتا رہتا تھا میرے الفاظ پر غور کریں اسے صرف صلح پسند ظاہر کیا گیا کیونکہ اس کو یہ کریکٹر دینے کی وجہ تھی اور وہ وجہ پرابلم ،ری ایکشن ،سلیوشن ہے جو فری میسن کا مشہور طریقہ کار ہے پہلے مسئلہ کھڑا کروں نسبتاً تحمل مزاج پوپ مسئلہ تھا، پھر اس کا رد عمل دیکھوں مسلمانوں کی زیادتیوں کی وجہ سے متشدد عیسائیوں کو وہ ناپسند تھا اور بعد میں اس کا حل پیش کر دوں اب یہ پوپ مسلمانوں کے خلاف ہو گا یوں آخری صلیبی جنگ بھڑکے گی کچھ لوگ جانتے ہوں گے پہلے والی صلیبی جنگوں کی وجہ بھی متشدد عیسائی مذہبی اشرافیہ تھی-آج ہی بی بی سی پر پوپ کا وہ بیان دوبارہ چھپا ہے جس میں اس نے کہا تھا مسلمانوں کو شدت پسند قرار دینا غلط ہے یہ ساری ذہن سازی عیسائیوں کے حوالے سے تھی-پوپ کی ورلڈ سٹیج سے علیحدگی اور ورلڈ اکنامک فورم کے سی ای او کلاس شواب کا اپنے عہدے کو چھوڑنا دنیا کے سیاسی اور معاشی نظام میں تبدیلی کا علامتی اظہار ہے ٹرمپ کا بطور ایک متشدد عیسائی کے اور اب اس کے بعد اسی طرح کے نظریات والے پوپ کا آنا کچھ اتفاق نہیں ہے یہ سب by design ہے-

پوپ نے نائب امریکی صدر جے ڈی وینس سے اپنی آخری ملاقات میں فری میسن کا مخصوص ہینڈ شیک کیا جس کی تصویر میں چیٹ گروپ میں بھیج دوں گا-البرٹ پائیک 33 ڈگری فری میسن نے اگرچہ اپنی کتاب مورلز اینڈ ڈوگما میں فری میسن کی کافی علامات کا ذکر کیا ہے مگر ہینڈ شیک راز سمجھا جاتا ہے اس لیئے اس طرف صرف اشارہ کیا ہے کافی سارے منحرف فری میسنز نے اپنی کتب میں ان ہینڈ شیکس کی علامات کا تذکرہ کیا ہے-ٹوئٹر پر فری میسن کے ایک اکاؤنٹ نے بڑے فخر سے اس ہنڈ شیک کا تذکرہ کیا اس کا سکرین شارٹ بھی چیٹ گروپ میں ارسال کر دوں گا-اس گروپ کو فری میسن کے ہاں grip of most excellent master کہا جاتا ہے جو پوپ نے جے ڈی وینس کو کی-یہ فری میسن دنیا کو نہیں چھوڑتے بلکہ ورلڈ سٹیج پر صرف اپنے کردار کو چھوڑتے ہیں اسی وجہ سے ایک مغربی اخبار نے لکھا پوپ ورلڈ سٹیج چھوڑ گیا ہے-

ویٹیکن میں پچھلے نو سو سال سے ایک کتاب موجود ہے جس کا نام ہے The prophecy of the popes نو سو سال قبل ہی اس کتاب میں آنے والے تمام 112 پوپس کے نام دے دیئے گئے تھے اور موجودہ پوپ کو قیامت سے پہلے آخری پوپ لکھا گیا تھا یہ کتاب آپ کو انٹرنیٹ سے پی ڈی ایف میں مل سکتی ہے-ظاہر ہے یہ فری میسن کا کام ہے انہوں نے ہی ہر ایک پوپ پہلے سے منتخب کر رکھا ہوتا ہے مگر اس کتاب کا مقصد اس بڑی جنگ کے حوالے سے ذہن سازی کرنا ہے جو لوگوں کے سروں پر منڈلا رہی ہے یعنی مسلمانوں اور عیسائیوں کی بڑی صلیبی جنگ جس کیلئے وجہ غزا کو بنایا جائے گا جس کا مقصد پورے طور پر دجالی نظام کا نفاذ ہے کیونکہ فری میسن کا مشہور طریقہ order out of chous ہے یعنی تباہی میں سے آرڈر برآمد کرنا اس کتاب سے ظاہر کیا گیا ہے کہ جیسے اگلی جنگ حالات کی پیداوار ہے اور پوری دنیا کی قیادتوں نے اسے باقاعدہ منصوبہ بندی سے شروع نہیں کیا-

ویٹیکن کی بڑی دیوار پر آنے والے پوپس کی تصاویر کیلئے بھی خالی جگہیں موجود تھی اب وہاں پوپ فرانسس کے بعد صرف ایک خالی جگہ بچی ہے

https://www.facebook.com/share/p/14vBiaqpG6o/

ٹریڈوار کا فسانہ (حصہ اول)

امریکہ میں ایک کتاب لکھی گئی تھی

Controlled damolation of amarcan empire from founding of federal reserve To 911 , to the coronavirus pandemic

آپ وہ کتاب پڑھیں، آپ کو اندازہ ہو گا امریکہ کے ہر حکمران نے امریکی معیشت و معاشرت و سیاست کو کیسے نقصان پہنچایا اور انہوں نے یہ سب جان بوجھ کر کیا ہے-اس سارے منصوبہ میں ٹرمپ آخری کھلاڑی ہے جس کو میدان میں اتارا گیا ہے مگر وہ اکیلے امریکہ کو نہیں پوری دنیا کو تباہی سے دوچار کرے گا-میرے پاس یہ کتاب موجود ہے اگر کسی کو درکار ہے تو فراہم کر سکتا ہوں-

دی اکانومسٹ میگزین روتھ چائلڈ خاندان (دنیا میں بینکاری کو فروغ دینے والا اور عالمی بینکاری نظام میں سب سے زیادہ بینکوں کا حامل) کا شمارا ہے یہ میگزین مستقبل کے حوالے سے پیشن گوئیوں کی بھی شہرت رکھتا ہے آٹھ مارچ کے میگزین کور میں ٹرمپ کو ڈالروں کے ڈھیر پر تیل کا کین اور لیٹر لیئے دکھایا گیا تھا یعنی ٹرمپ ڈالر کو آگ لگا رہا ہے اس وقت جب یہ میگزین کور آیا اس وقت ٹریڈ وار کا فسانہ شروع نہیں ہوا تھا یہ کام ٹرمپ نے بعد میں شروع کیا-گویا انہوں نے ظاہر کیا کہ ٹرمپ ڈالر کو تباہ کرے گا-یہ میگزین یہودیوں کا ہے آگے آپ خود سمجھ جائیں جب ڈالر تباہ ہو گا تب کون ابھرے گا اس سارے کھیل میں دوست کون ہے اور دشمن کون ہے فایدہ کون اٹھائے گا اور نقصان کس کو سہنا پڑے گا یہ سب تب واضح ہو گا جب پردہ گرے گا

ٹرمپ کو مسخرے کا کردار دیا گیا ہے جس کے ہاتھ میں ماچس ہے اور وہ دنیا کو جلانے پر تلا ہوا ہے یعنی اب ٹرمپ بمقابلہ ورلڈ ہے اور یہ یقیناً انسانی تاریخ میں پہلی بار ہوا ہے جب بھی فری میسن نے کوئی بڑی تبدیلی لانی ہوتی ہے وہ ایسا ہی کرتے ہیں مگر خبروں کے سیلاب میں کسی کو یہ سجھائی نہیں دیتا کہ سیاست کے عجائبات، ابہام، تناؤ اور تضادات کا سبب کیا ہے لوگ سوالوں کے جواب تلاش نہیں کرتے صرف اس لہر میں بہتے چلے جاتے ہیں جو لہر نیوز میڈیا اٹھاتا ہے-

آج کی دنیا میں چین اور امریکہ سب سے بڑے تجارتی پارٹنر ہیں چین سستی اشیا بناتا ہے اور امریکہ ان کا سب سے بڑا حریدار ہے اب آسان سا کلیہ ہے امریکہ خود پر وڈکشن ں ڑھائے اور چین کی اشیا کو حرید نا بند کر دے تو لازم بات ہے اس سے امریکہ کو ہر لحاظ سے فایدہ ملے گا مگر امریکہ نے ایسا کچھ بھی نہیں کیا الٹا ہر طرف سے تنزلی کا شکار ہے اور یہ سب کچھ by design ہے جیسا کہ اوپر ذکر کی گئی کتاب میں ثابت کیا گیا ہے-آپ سوشل میڈیا پر امریکی عوام کے تبصرے پڑھیں آپ کو محسوس ہو گا اس ٹریڈ وار کا فایدہ کون اٹھا رہا ہے اور نقصان کون اٹھا رہا ہے اور اس کا حتمی نتیجہ کیا بر آمد ہو گا-اور اگر آپ سمجھتے ہیں ہم نام نہاد ماہرین کی آرا پر بھروسہ کر کے صورتحال کا درست اندازہ لگا سکتے ہیں تو یہ خام خیالی ہے-

دوسری جنگ عظیم کے آغاز اور اسکی تباہی کا سبب بننے والا ہٹلر اس کو بھی مسخرہ قرار دیا جاتا ہے جس نے اپنے اتحادیوں کو بھی نہیں چھوڑا اب یہیں معاملہ ٹرمپ کا ہے حریف کون ہیں

ٹرمپ بمقابلہ پوری دنیا

مگر وہ خود کو تباہ نہیں کرے گا ساری دنیا کو تباہ کرے گا اور الزام اپنے سر لے گا-مگر اس مسخرے کو طے شدہ منصوبے کے مطابق لایا گیا ہے جیسا کہ 2023 میں پورے پاکستان سے میں وہ واحد شخص ہوں جس نے ٹرمپ کے 2025 میں دوبارہ صدر بننے کی پیشن گوئی کی تھی میری آخر الزماں والی آئی ڈی پر اب وہ وہ مضمون پن سیکشن میں موجود ہے-ساری تباہی فری میسن لائیں گے اور الزام کیلئے صرف ٹرمپ کو چنا گیا ہے اس ٹریڈ وار کا نتیجہ ڈالر کی

تباہی یعنی امریکی معیشت کی تباہی ہوگا اور آپ کیا سمجھتے ہیں اس سے عالمی معیشت بچ جائے گی نہیں ایسا ہرگز نہیں ہوگا یہاں بہت سے تضادات ہیں جن کی طرف میڈیا پر بیٹھے دانشور توجہ نہیں دلاتے۔

8 اپریل کو بالکل اسی دن جس دن سیمپسن کارٹون نے کے قتل کی ویڈیو نشر اسی دن اکانومسٹ میگزین نے ایک دوسرا کور چھاپا جس پر ٹرمپ کی مختلف تصاویر کیساتھ لکھا ہوا تھا

The age of chaos

آپ universal co masonary کی ویب سائٹ پر اس جملے کا مطلب دیکھ سکتے ہیں یہ فری میسن کا لوگو ہے یعنی انہوں نے بتایا ہے ٹرمپ ہمارے منصوبوں میں رنگ بھرے گا اور یہ سب کچھ چین اور امریکہ مل کر کریں گے۔

یعنی افراتفری بدامنی کا دور گویا افراتفری کا بڑے پیمانے پر آغاز ٹرمپ کی assassination سے ہوگا جس کے متعلق وہ بڑے عرصے سے ذہن سازی کر رہے ہیں یہ قتل اصلی نہیں ہوگا بلکہ نقلی ہوگا یہ منظر نامہ بالکل ویسا ہی ہے جیسے پہلی جنگ عظیم میں ہوا تھا وہ تو ایک معمولی سیاستدان تھا مگر ٹرمپ کو دنیا جانتی ہے اس کے سبب پوری دنیا میں ہلچل ہے حقیقت میں کچھ بھی نہیں مگر میڈیا کو رائی کا پہاڑ بنانے کیلئے ہی تخلیق کیا گیا ہے جب کچھ ہوگا تب سب کو معلوم ہو جائے گا کیونکہ تب ہر جگہ لاشیں ہونگی۔

آخری صلیبی جنگ میں اسلام (روس + چین) بمقابلہ امریکہ اور یورپ ہوگا کیونکہ اس بار انہوں نے پوری دنیا کو جنگ میں دھکیلنا ہے کوئی براعظم محفوظ نہیں رہے گا اب بین البراعظمی میزائل موجود ہیں فائٹر جیٹ ہوا کی سپیڈ سے کہیں بھی جاسکتے ہیں، ابلیس چونکہ سب کچھ کنٹرول کر رہا ہے اس لیئے وہ عالمی تاریخ کا سب سے بڑا قتل ارینج کرائے گا لوگ اس کو جہادیاں مقدس جنگ خیال کریں گے مگر اس جنگ کے بعد وہ کنٹرول کا آخری نظام دنیا پر مسلط کریں گے پہلی اور دوسری جنگ عظیم کے بعد انسانی تاریخ میں پہلی بار ہوا تھا کہ پوری دنیا مسائل کے حل کیلئے مل بیٹھی لیگ آف نیشنز بنی پھر اقوام متحدہ بنا مگر مسائل اس کے بعد سے جتنی رفتار سے بڑھے ہیں اس سے قبل کبھی نہیں بڑھے، جب پوری دنیا کی قیادت متحد ہوگی تب ان کے سر پر ابلیس کا ہاتھ تھا، ابلیس بڑے پیمانے پر انسانی قتل چاہتا ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر اللہ تعالیٰ نے ہر شخص کیساتھ حفاظتی فرشتہ مقرر نا کر رکھا ہو تو ابلیس انسان کو قتل کر ڈالے۔

فرمایا ہر آنے والا دور پہلے سے برا ہوگا گویا اگر پوری دنیا کے اتحاد کی صورت میں اقوام متحدہ بنا یعنی ساری دنیا تاریخ میں پہلی بار متحد ہوگئی تو وہ انسانیت کی بہتری کیلئے نہیں ہوئی بلکہ ابلیس نے دھوکے سے اس اتحاد کو ظاہر کیا اگر اس سے قبل ساڑھے پانچ ہزار سال کی تاریخ میں ریاستیں لڑتی رہی تو اب والا اتحاد انسانیت کے بہترین دور کی جانب اشارہ نہیں تھا یورپ کی اٹھان کیساتھ ہی قیامت کی علامات صغری تیزی سے پوری ہونی شروع ہوگئی یہ ساری ٹائم لائن ہر اس شخص پر واضح تھی جس نے قرآن وسنت کا مطالعہ کیا تھا پہلی دو جنگیں تو انہوں نے جیسے تیسے دھوکے سے لگوائی وہ سوشل میڈیا کا دور نہیں تھا مگر اب کی بار بڑا دھوکہ درکار ہے اور یہ دھوکہ حماس واسرائیل جنگ، روس یوکرین جنگ اور چین وویت نام تنازعہ کو اصل رنگ پہنا کر دیا جائے گا حقیقت میں ناہی ان قوتوں کے درمیان کوئی جنگ ہے ناہی یہ دشمن ہیں یہ تمام ممالک اقوام متحدہ، ورلڈ اکنامک فورم اور ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے پلیٹ فارم پر اکٹھے ہی اکٹھے ہی پوری دنیا پر ایک جیسی پالیسیاں نافذ کرتے ہیں مگر اب کی بار دو نظاموں کو ایک نظام میں بدلنے کی ضرورت ہے

